नया हिन्द

نیا ہند

जिल्द ७ जनवरी '४९ नम्बर १

جلد ۷ جنوری ۴۹ء

जात आदमी, प्रेम धर्म है, हिन्दुस्तानी बोली,
'नया हिन्द' पहुँचेगा घर घर लिये प्रेम की झोली.

جات آدمی، پریم دھرم ہے، ہندستانی بولی،
'نیا ہند' پہنچے گا گھر گھر لئے پریم کی جھولی۔

बापू की क़ुरबानी

(भाई प्रेम धवन)

धन्य धन्य ए गान्धी बापू ! धन्य तेरी क़ुरबानी
भूल नहीं सकती है दुनिया तेरी अमर कहानी
हम सब तेरे क़ातिल हैं, हम ख़ूनी तेरे बापू
दाग़ कभी यह धो न सकेंगे सारी क़ौम के आँसू
पाप कभी यह धो न सकेगा गंगा का भी पानी
धन्य धन्य ए गान्धी बापू !.........
यह तेरा ही ख़ून नहीं, यह ख़ून है मानवता का
ख़ून अमन का, आज़ादी का, दुखियारी जनता का

باپو کی قربانی

(بھائی پریم دھون)

دھنیہ دھنیہ اے گاندھی باپو! دھنیہ تیری قربانی
بھول نہیں سکتی ہے دنیا تیری امر کہانی
ہم سب تیرے قاتل ہیں، ہم خونی تیرے باپو
داغ کبھی یہ دھو نہ سکیں گے ساری قوم کے آنسو
پاپ کبھی یہ دھو نہ سکے گا گنگا کا بھی پانی
دھنیہ دھنیہ اے گاندھی باپو!......
تیرا ہی خون نہیں، یہ خون ہے مانوتا کا
[illegible]

सब की आँख में आँसू हैं सबके मुख पर वीरानी
धन्य धन्य ए गान्धी बापू !.........
तू अंधियारे भारत में उजियाला लेकर आया
घर घर जाकर तूने आज़ादी का दीप जगाया
तुझसे ही हमने अपनी यह क़ीमत पहिचानी
धन्य धन्य ए गान्धी बापू !.........
तूने सीना तान के शाही ताक़त को ललकारा
'छोड़ो भारत,' 'छोड़ो भारत,' गूंजा तेरा नारा
जेलों में बन गई बुढ़ापा तेरी वीर जवानी
धन्य धन्य ए गान्धी बापू !.........
तेरी क़ीमत पूछे कोई आज नोआखाली से
कैसा फूल है टूटा अपने गुलशन की डाली से
तूने सबका दुख सुख बाँटा, सबकी पीड़ा जानी
धन्य धन्य ए गान्धी बापू !.........
जलती आग में कूद के तूने फूट की आग बुझाई
अपनी जान गँवा के लाखों की है जान बचाई
आख़िर सच की जीत हुई, और झूठ हार ने मानी
धन्य धन्य ए गान्धी बापू !.........
अमर रहेगा अमर रहेगा, मौत से जो लड़ता है
आज़ादी के नाम पे मरने वाला कब मरता है
जब तक दुनिया है गूंजेगी तेरी अमृत बानी
धन्य धन्य ए गान्धी बापू !.........

سب کی آنکھ میں آنسو ہیں سب کے مکھ پر ویرانی
دھنیہ دھنیہ اے گاندھی باپو!.......
تو اندھیارے بھارت میں اُجیالا لے کر آیا
گھر گھر جا کر تو نے آزادی کا دیپ جگایا
تجھ سے ہی ہم نے اپنی یہ قیمت پہچانی
دھنیہ دھنیہ اے گاندھی باپو!.......
تو نے سینہ تان کے شاہی طاقت کو للکارا
'چھوڑو بھارت'، 'چھوڑو بھارت'، گونجا تیرا نعرا
جیلوں میں بن گئی بڑھاپا تیری ویر جوانی
دھنیہ دھنیہ اے گاندھی باپو!.......
تیری قیمت پوچھے کوئی آج نواکھالی سے
کیسا پھول ہے ٹوٹا اپنے گلشن کی ڈالی سے
تو نے سب کا دکھ سکھ بانٹا سب کی پیڑا جانی
دھنیہ دھنیہ اے گاندھی باپو!.......
جلتی آگ میں کود کے تو نے پھوٹ کی آگ بجھائی
اپنی جان گنوا کے لاکھوں کی ہے جان بچائی
آخر سچ کی جیت ہوئی، اور جھوٹ ہار نے مانی
دھنیہ دھنیہ اے گاندھی باپو!.......
امر رہے گا امر رہے گا موت سے جو لڑتا ہے
آزادی کے نام پہ مرنے والا کب مرتا ہے
جب تک دنیا ہے گونجے گی تیری امرت بانی
دھنیہ دھنیہ اے گاندھی باپو!.......

आपाशाही और बापू

कुछ लोग तो ऐसा समझते हैं कि बापू सिर से पांव तक आपाशाह थे. पर हमारा यह खयाल है कि आपाशाही, जिसे अंगरेज Autocracy कहकर पुकारते हैं, उनसे ऐसे ही कांपती थी जैसे उजाले से तारीकी. आपाशाही को कुचले बिना कोई आदमी बड़ा आदमी नहीं बन सकता. आपे को मारना यानी ख़ुदी को मारना, और ख़ुदी को मारना यानी ख़ुदा को पाना, या अपने में ही ख़ुदा को खोज निकालना. आपाशाही अंहकार का दूसरा नाम है. अहंकारी को ईश्वर कैसे दिखाई दे सकता है. यों तो देहधारी को न ही ईश्वर दिखाई दिया, न दिखाई देता है, न कभी दिखाई देगा. पर अहंकारी देहधारी तो उसके देखने का जतन भी नहीं करता. जो भीतर के राम को देखने का जतन करता है और जो सत्य की खोज में लगता है उसे तो आपा मारना ही पड़ता है. और आपा मारे पीछे आपाशाही कैसे बन सकती है. बापू ने कभी यह नहीं कहा कि सत्य या राम उन्हें मिल गया. पर यह भी कभी नहीं कहा कि वह सत्य की खोज में लगे हुए नहीं हैं. वह तो सदा यही कहते थे "सत्य ईश्वर है और ईश्वर सत्य है. वह है जरूर. मैं उसे खोजता रहूँगा. मैं जानता हूँ कि देह रहते वह मुझे नहीं मिलेगा पर खोजने वाले की हैसियत से मैं देह के रहने न रहने की बात भी क्यों सोचूं?" "'जिन खोजा तिन पाइयां' की कहावत के

آپاشاہی اور باپو

کچھ لوگ تو ایسا سمجھتے ہیں کہ باپو سر سے پاؤں تک آپاشاہی تھے۔ پر ہمارا یہ خیال ہے کہ آپاشاہی، جسے انگریز Autocracy کہہ کر پکارتے ہیں، اُن سے ایسے ہی کانپتی تھی جیسے اُجالے سے تاریکی۔ آپاشاہی کو کچلے بنا کوئی آدمی بڑا آدمی نہیں بن سکتا۔ آپے کو مارنا یعنی خودی کو مارنا، اور خودی کو مارنا یعنی خدا کو پانا، یا اپنے میں ہی خدا کو کھوج نکالنا۔ آپاشاہی اہنکار کا دوسرا نام ہے۔ اہنکاری کو ایشور کیسے دکھائی دے سکتا ہے۔ یوں تو دیہہ دھاری کو نہ ہی ایشور دکھائی دیا، نہ دکھائی دیتا ہے، نہ کبھی دکھائی دے گا۔ پر اہنکاری دیہہ دھاری تو اُس کے دیکھنے کا جتن ہی نہیں کرتا۔ جو بھیتر کے رام کو دیکھنے کا جتن کرتا ہے اور جو ستیہ کی کھوج میں لگتا ہے اُسے تو آپا مارنا ہی پڑتا ہے۔ اور آپا مارے پیچھے آپاشاہی کیسے بن سکتی ہے۔ باپو نے کبھی یہ نہیں کہا کہ ستیہ یا رام اُنھیں مل گیا ہے۔ پر یہ بھی کبھی نہیں کہا کہ وہ ستیہ کی کھوج میں لگے ہوئے نہیں ہیں۔ وہ تو سدا یہی کہتے تھے "ستیہ ایشور ہے اور ایشور ستیہ ہے۔ وہ ہے ضرور میں اُسے کھوجتا رہوں گا۔ میں جانتا ہوں کہ دیہہ رہتے وہ مجھے نہیں ملے گا پر کھوجنے والے کی حیثیت سے میں دیہہ کے رہنے نہ رہنے کی بات بھی کیوں سوچوں؟" "جن کھوجا تن پائیاں" کی کہاوت کے

अनुसार मैं तो सत्य को पा ही लूँगा, भले ही वह देह न रहने पर ही मिले." अब कहिये ऐसे विचार वाले के पास आपाशाही फटक सकती है. उसे कोई आपाशाह ही आपाशाह कहकर अपनी आपाशाही की जड़ को पानी देने का नाटक कर सकता है.

आइये अब आपको बापू के बारे में हम अपनी आपबीती सुनायें.

सन् १९३५ का जिक्र है. बिहार के भूकम्प के सिलसिले में मैं दरभंगा के एक गांव कमतौल में था, क्यों कि वहां के दुखियों की सहायता का काम मुझे भूकम्प सहायता कमेटी ने सौंपा था. कुछ दिनों के बाद बापू का बिहार में दौरा हुआ और वह उसी सिलसिले में कमतौल आए. और कमतौल गांव के या उसी नाते मेरे मेहमान हुए. उनके साथ थे तेइस आदमी. उनमें चार पांच बहनें भी शामिल थीं. सबसे पहले पहुँची सेठ जमनालाल बजाज की लड़की ओमवती, जो इतनी धूल धुलकड़ हो रही थी कि मैं उसे न पहचान सका. ध्यान न होने से उसकी आवाज ने भी मेरी मदद न की. उसने आते ही नहाने के लिए कमरा मांगा. नहाने का एक ही कमरा था, उसे दे दिया गया. इस तरह वह इकलौता कमरा घंटे डेढ़ घंटे के लिए बन्द हो गया. उसके बाद बापू की मोटर आई और उन्हीं के पीछे पीछे और सब मोटरें भी पन्द्रह मिनट के अरसे में पहुँच गईं. सबको एक ही मकान में ठहरा दिया गया. मुजफ्फरपुर से पहले ही सब हिदायतें आ चुकी थीं इसलिये कोई दिक्कत न हुई. वहां ज़ियादा ठहरना भी नहीं था. पांच घंटे से ज़ियादा लोग ठहरे भी नहीं. खैर.

انوسار میں تو ستیہ کو پا ہی لوں گا، بھلے ہی وہ دیہہ نہ رہنے پر ہی ملے۔" اب کہئے ایسے وچار والے کے پاس آپا شاہی پھٹک سکتی ہے۔ اُسے کوئی آپا شاہ ہی آپا شاہ کہہ کر اپنی آپا شاہی کی جڑ کو پانی دینے کا ناٹک کر سکتا ہے۔

آئیے اب آپ کو باپو کے بارے میں ہم اپنی آپ بیتی سنائیں۔

۱۹۳۵ء کا ذکر ہے، بہار کے بھونچال کے سلسلے میں میں دربھنگہ کے ایک گاؤں کمتول میں تھا، کیوں کہ وہاں کے دکھیوں کی سہایتا کا کام مجھے بھونچال سہایتا کمیٹی نے سونپا تھا۔ کچھ دنوں کے بعد باپو کا بہار میں دورہ ہوا اور وہ اسی سلسلے میں کمتول آئے۔ اور کمتول گاؤں کے یا اسی ناتے میرے مہمان ہوئے۔ ان کے ساتھ تھے تیئیس آدمی۔ ان میں چار پانچ بہنیں بھی شامل تھیں۔ سب سے پہلے پہنچیں سیٹھ جمنالال بجاج کی لڑکی اوم وتی، جو اتنی دھول دھکڑ ہو رہی تھی کہ میں اُسے نہ پہچان سکا۔ دھیان نہ ہونے سے اس کی آواز نے بھی میری مدد نہ کی۔ اس نے آتے ہی نہانے کے لئے کمرہ مانگا۔ نہانے کا ایک ہی کمرہ تھا، اُسے دے دیا گیا۔ اس طرح وہ اکلوتا کمرہ گھنٹے ڈیڑھ گھنٹے کے لئے بند ہو گیا۔ اس کے بعد باپو کی موٹر آئی اور انہیں کے پیچھے پیچھے اور سب موٹریں بھی پندرہ منٹ کے عرصے میں پہنچ گئیں۔ سب کو ایک ہی مکان میں ٹھہرا دیا گیا۔ مظفر پور سے پہلے ہی سب ہدایتیں آ چکی تھیں اس لئے کوئی دقت نہ ہوئی۔ وہاں زیادہ ٹھہرنا بھی نہیں تھا۔ پانچ گھنٹے سے زیادہ لوگ ٹھہرے بھی نہیں۔ خیر۔

बापू ने उतर कर कमरे में पहुँचते ही उस वालंटियर को, जो उनकी सेवा के लिये तैनात किया गया था, पहला हुकम यह दिया—"मैं जितना काम बताऊँ उतना ही करना, जियादा नहीं." यह हुकम सुनकर मेरे कान खड़े हुए. मैंने उसी वक़्त उस वालंटियर को हटा कर वालंटियर के एक जत्थेदार को तैनात कर दिया. और उसको बापू का हुकम समझा दिया, जिसे बापू सुन रहे थे. वह मुस्करा दिये. पांच मिनट भी न बीते थे कि मेरे कानों में यह आवाज आई "यह क्या बे अदबी, यह क्या बे अदबी." यह शब्द थे बापू के. मैं दौड़ा दौड़ा पहुंचा तो क्या देखता हूँ एक बुड्ढा, बापू से चार अंगल के फ़ासले पर बैठा हुआ, आंखें फाड़ फाड़ कर बापू को देख रहा है. मेरे पहुंचते ही जत्थेदार वालंटियर दौड़ा और उस बुड्ढे आदमी को वहां से खींच कर यह कहता हुआ 'बस दर्शन हो गए' बाहर ले गया. बापू ख़ामोश हो गए. अब मैंने जत्थेदार साहब को भी वहां से हटा दिया और वालंटियर का काम अपने सर ले लिया. यहां यह लिख देना बेजा न होगा कि वह दर्शनों का भूका बूढ़ा दर्शन से एक मिनट पहले तक बापू का कट्टर दुश्मन था. बापू और उनके सत्याग्रह की बुराई करना उसका धर्म बना हुआ था. बारह तेरह बरस से वह यही करता चला आरहा था. पर था वह जत्थेदार साहब का रिश्तेदार. इसलिये उनकी मदद से वह वहां तक पहुँच सका. जत्थेदार साहब ने भी इसी नियत से पहुँचाया कि जब यह कट्टर दुश्मन भगती में डूबकर दर्शन करना चाहता है, तो इसको क्यों न दर्शन करने दिये जायँ, और क्यों न इसके दिल से सारा ग़ुबार धुलवा दिया जाय. अब रही इतने पास पहुँचकर आंख फाड़ फाड़

باپو نے اُتر کر کمرے میں پہنچتے ہی اُس والنٹیر کو، جو اُن کی سیوا کے لئے تعینات کیا گیا تھا، پہلا حکم یہ دیا "میں جتنا کام بتاؤں اتنا ہی کرنا، زیادہ نہیں" یہ حکم سُن کر میرے کان کھڑے ہوئے۔ میں نے اُسی وقت اُس والنٹیر کو ہٹا کر والنٹیر کے ایک جتھے دار کو تعینات کر دیا۔ اور اُس کو باپو کا حکم سمجھا دیا، جسے باپو سن رہے تھے وہ مسکرا دئے۔ پانچ منٹ بھی نہ بیتے تھے کہ میرے کانوں میں یہ آواز آئی "یہ کیا بے ادبی، یہ کیا بے ادبی" یہ شبد تھے باپو کے۔ میں دوڑا دوڑا پہنچا تو کیا دیکھتا ہوں ایک بڈھا، باپو سے چار انگل کے فاصلے پر بیٹھا ہوا، آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر باپو کو دیکھ رہا ہے۔ میرے پہنچتے ہی جتھے دار والنٹیر دوڑا اور اُس بڈھے آدمی کو وہاں سے کھینچ کر یہ کہتا ہوا 'بس درشن ہو گئے' باہر لے گیا۔ باپو خاموش ہو گئے۔ اب میں نے جتھے دار صاحب کو بھی وہاں سے ہٹا دیا اور والنٹیر کا کام اپنے سر لے لیا۔ یہاں یہ لکھ دینا بے جا نہ ہوگا کہ وہ درشنوں کا بھوکا بڈھا درشن سے ایک منٹ پہلے تک باپو کا کٹر دشمن تھا۔ باپو اور اُن کے ستیاگرہ کی بُرائی کرنا اُس کا دھرم بنا ہوا تھا۔ بارہ تیرہ برس سے وہ یہی کرتا چلا آ رہا تھا۔ پر تھا وہ جتھے دار صاحب کا رشتے دار۔ اِس لئے اُن کی مدد سے وہ وہاں تک پہنچ سکا۔ جتھے دار صاحب نے بھی اسی نیت سے پہنچایا کہ جب یہ کٹر دشمن بھگتی میں ڈوب کر درشن کرنا چاہتا ہے، تو اس کو کیوں نہ درشن کرنے دئے جائیں، اور کیوں نہ اس کے دل سے سارا غبار دھلوا دیا جائے۔ اب رہی اتنے پاس پہنچ کر آنکھ پھاڑ پھاڑ

नया हिन्द आपाशाही और बापू जनवरी सन् '४८

कर देखने की बात. उसकी वजह यह थी कि उसकी निगाह बेहद कमज़ोर थी और बिना ऐसा किये वह अपनी तसल्ली कैसे कर सकता था. हां दर्शनों का नतीजा यह ज़रूर हुआ कि वह बूढ़ा हमेशा के लिए गांधी और गांधीवाद का भगत बन गया. और उसकी वजह से बीसियों और भी उसी मत के हो गए.

हां तो मेहमानदारी में सबसे पहला सवाल उठा नहाने का. हर भाई बहन नहाने के कमरे की मांग करता था, और मेरा साफ़ जवाब था, 'यह गांव है. मेरे पास सिर्फ़ एक कमरा है. उसमें एक बहन पहले ही से नहा रही हैं. मैं कोई इन्तज़ाम नहीं कर सकता. हाँ तालाब पास है. वहां जाइये और नहाइये.' शिकायत बापू तक पहुँची. बापू ने मुझे बुलाया और बोले—"किसी को नहाने का कमरा देने की ज़रूरत नहीं पर मीरा बहन को तो देना ही पड़ेगा. वह तो योरुप की बहन हैं, यहां की नहीं. वह यहां की तरह नहीं नहा सकती, और मैं, मैं तो बाहर चबूतरे पर नहा लूंगा." मैंने कहा—"ठीक, मीरा बहन के लिए मैं अपना दफ़्तर ख़ाली किए देता हूँ." और पांच मिनट में वैसा कर दिया गया. थोड़ी देर में जब राजेन्द्र बाबू को यह ख़बर मिली कि बापू बाहर के चबूतरे पर नहाने के लिए जा रहे हैं तो दौड़े दौड़े आए और बोले—"आप वहाँ कैसे नहा सकते हैं. वहां आपके दर्शन करने के लिए जो भीड़ इकट्ठी हो जायगी उसे कौन संभालेगा." बापू ने जवाब दिया—"तो मैं छत पर नहा लेता हूँ." राजेन्द्र बाबू ने इतमीनान की सांस ली और बोले—"हां यह ठीक है." राजेन्द्र बाबू चल दिये. मैं बाल्टी भर कर पानी लाऊं लाऊं कि बापू भरी बाल्टी लिए ऊपर छत पर अकेले पहुँच

کر دیکھنے کی بات۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ اُس کی نگاہ بے حد کمزور تھی اور بنا ایسا کئے وہ اپنی تسلّی کیسے کر سکتا تھا۔ ہاں درشنوں کا نتیجہ یہ ضرور ہوا کہ وہ بڈھا ہمیشہ کے لئے گاندھی اور گاندھی واد کا بھگت بن گیا۔ اور اُس کی وجہ سے بیسیوں اور بھی اُسی مت کے ہو گئے۔

ہاں تو مہمانداری میں سب سے پہلا سوال اٹھا نہانے کا۔ ہر بھائی بہن نہانے کے کمرے کی مانگ کرتا تھا، اور میرا صاف جواب تھا، "یہ گاؤں ہے۔ میرے پاس صرف ایک کمرا ہے۔ اس میں ایک بہن پہلے ہی سے نہا رہی ہیں۔ میں کوئی انتظام نہیں کر سکتا۔ ہاں تالاب پاس ہے۔ وہاں جائیے اور نہائیے۔" شکایت باپو تک پہونچی۔ باپو نے مجھے بلایا اور بولے "کسی کو نہانے کا کمرہ دینے کی ضرورت نہیں پر میرا بہن کو تو دینا ہی پڑے گا۔ وہ تو یورپ کی بہن ہے، یہاں کی نہیں۔ وہ یہاں کی طرح نہیں نہا سکتی، اور میں، میں تو باہر چبوترے پر نہا لوں گا۔" میں نے کہا: "ٹھیک، میرا بہن کے لئے میں اپنا دفتر خالی کئے دیتا ہوں۔" اور پانچ منٹ میں ویسا کر دیا گیا۔ تھوڑی دیر میں جب راجندر بابو کو یہ خبر ملی کہ باپو باہر کے چبوترے پر نہانے کے لئے جا رہے ہیں تو دوڑے دوڑے آئے اور بولے "آپ وہاں کیسے نہا سکتے ہیں۔ وہاں آپ کے درشن کرنے کے لئے جو بھیڑ اکٹھی ہو جائے گی اُسے کون سنبھالے گا۔" باپو نے جواب دیا۔ "تو میں چھت پر نہا لیتا ہوں۔" راجندر بابو نے اطمینان کی سانس لی اور بولے "ہاں یہ ٹھیک ہے۔" راجندر بابو چل دئے۔ میں بالٹی بھر کر پانی لاؤں لاؤں کہ باپو بھری بالٹی لئے اوپر چھت پر اکیلے پہونچ

गए और नहाने लगे. मैं अपनी बाल्टी भी उनके पास छोड़ आया. दोबारा जो ऊपर पहुँचा तो बापू नहाए धोए तय्यार मिले और अपने कपड़े धो निचोड़ चुके थे. मेरे लिए सिर्फ़ खाली बाल्टियां नीचे लाने का काम रह गया.

नीचे कमरे में पहुंचने में एक दो मिनट बाद ही मीरा बहन ने उनको बकरी का खोया खाने के लिए दे दिया. मैं यह देख कर दौड़ा दौड़ा पहुँचा और पूछा—"क्या खाना लाऊं?" बापू बोले—"हां, हां लाते क्यों नहीं." मैं फ़ौरन ही एक थाली में चार भाप में पके हुए बैंगन और थोड़ा सा नमक ले गया, और बापू के सामने रख दिया. बापू बोले—"मैं नमक नहीं खाता." मैंने कहा—"आप न खाइये, मुझे मालूम नहीं था." वह बैंगन छील छील कर खाने में लग गए और मैं धीरे धीरे और चीज़ें जैसे पपीता, केला, संगतरा, बकरी का दूध, बारी बारी से लाने लगा. बापू बहुत धीरे खाते थे. वह खाते भी रहे और खास खास आदमियों को बारी बारी से मुलाक़ात भी देते रहे. अगर मैं भूलता नहीं हूँ तो बीस मुलाक़ातों से कम नहीं हुई होंगी. और खाना खाने का काम भी ग्यारह बजे से दो बजे तक चलता रहा. बीच बीच में वह फ़िक़रे भी कसते जाते थे. बोले—"इस गांव में बे मौसम के पपीते और संगतरे कहां से आ गए?" मैं जवाब दे देता था—"भगती सब कुछ कर सकती है." खाने के सिलसिले में एक बात और लिखने के क़ाबिल है. खाते खाते बापू बोले कि अब यह सब संगतरे हटा लो. मैंने सबके सब हटा लिए. क्योंकि मेरे कान में वह फ़िक़रा गूंज रहा था "जितना मैं कहूँ उतना ही करना." मेरे हटाते हुए बापू मुस्करा कर

گئے اور نہانے لگے۔ میں اپنی بالٹی بھی اُن کے پاس چھوڑ آیا۔ دوبارہ جو اوپر پہنچا تو باپو نہائے دھوئے تیار ملے اور اپنے کپڑے دھو نچوڑ چکے تھے۔ میرے لئے صرف خالی بالٹیاں نیچے لانے کا کام رہ گیا۔

نیچے کمرے میں پہنچنے میں ایک دو منٹ بعد ہی میرا بہن نے اُن کو بکری کا کھویا کھانے کے لئے دیدیا۔ میں یہ دیکھ کر دوڑا دوڑا پہنچا اور پوچھا "کیا کھانا لاؤں؟" باپو بولے "ہاں۔ ہاں لاتے کیوں نہیں۔" میں فوراً ہی ایک تھالی میں چار بھاپ میں پکے ہوئے بیگن اور تھوڑا سا نمک لے گیا، اور باپو کے سامنے رکھ دیا۔ باپو بولے "میں نمک نہیں کھاتا۔" میں نے کہا "آپ نہ کھائیے، مجھے معلوم نہیں تھا۔" وہ بیگن چھیل چھیل کر کھانے میں لگ گئے اور میں دھیرے دھیرے اور چیزیں جیسے پپیتا، کیلا، سنگترہ، بکری کا دودھ، باری باری سے لانے لگا۔ باپو بہت دھیرے کھاتے تھے۔ وہ کھاتے بھی رہے اور خاص خاص آدمیوں کو باری باری سے ملاقات بھی دیتے رہے۔ اگر میں بھولتا نہیں ہوں تو بیس ملاقاتوں سے کم نہیں ہوئی ہونگی۔ اور کھانا کھانے کا کام بھی گیارہ بجے سے دو بجے تک چلتا رہا۔ بیچ بیچ میں وہ فقرے بھی کستے جاتے تھے۔ بولے "اس گاؤں میں بے موسم کے پپیتے اور سنگترے کہاں سے آگئے؟" میں جواب دیدیتا تھا "بھگتی سب کچھ کر سکتی ہے۔" کھانے کے سلسلے میں ایک بات اور لکھنے کے قابل ہے۔ کھاتے کھاتے باپو بولے کہ اب یہ سب سنگترے ہٹالو۔ میں نے سب کے سب ہٹالئے۔ کیونکہ میرے کان میں وہ فقرہ گونج رہا تھا "جتنا میں کہوں اتنا ہی کرنا۔" میرے ہٹاتے ہوئے باپو مسکرا کر

बोल उठे—"अच्छा दो संगतरे रहने दो." मैंने दो ही छोड़े, बाक़ी हटा दिए.

सब लोगों के लिए जो खाना बना था वह मामूली दाल, चावल, शाक, रोटी थी. शायद कोई एक मीठी चीज़ भी थी. बापू को छोड़ कर सभी को पत्तल दी गई थीं. दाल के लिए दोने थे. पानी के लिए मिट्टी के शकोरे थे. खाना शुरू होते ही कुछ भाई बहनों की चम्मच की मांग हुई. मैंने कहा—"घर में सिर्फ़ एक चम्मच है. पास पड़ौस से दो एक और भी मिल सकते हैं. पर बाईस चम्मच तो कैसे भी नहीं आ सकते." बापू झट बोल पड़े कि चम्मच किसी को न दिया जाय पर मीरा बहन और एक कोई और यूरपी बहन थीं जिनका नाम मुझे याद नहीं आ रहा, उन दो को तो मिलना ही चाहिये. मीरा बहन के कान में जैसे ही यह आवाज़ पड़ी, बोलीं—"मुझे चम्मच नहीं चाहिए, मैं तो चम्मच के बिना अब खाना सीख गई हूँ, वह एक चम्मच मेरी साथी यूरपी बहन को दे दिया जाय. और यूं एक चम्मच ही से काम चल जायगा." पर मीरा बहन के इनकार करने के बाद उन दूसरी यूरपी बहन ने भी चम्मच लेने से इनकार कर दिया और अपनी बात को आख़िर तक निभाया. आख़िर तक निभाने की बात मैं यूं लिख रहा हूँ कि सचमुच चम्मच के बिना खाना खाना उनके लिए सीधे पहाड़ पर चढ़ने जितना दूभर हो गया. कभी दाल गिरती थी तो कभी चावल क़ाबू में नहीं आते थे. रोटी पर शाक जमाने के लिए दोनों हाथों से काम लेना पड़ता था, और न जाने क्या क्या करना पड़ता था. उनको देखकर सभी को हंसी रोकनी पड़ती थी. पर मीरा बहन पर उसका कोई असर न था.

بول اٹھے "اچھا دو سنگترے رہنے دو۔" میں نے دو ہی چھوڑے، باقی ہٹا دئے۔

سب لوگوں کے لئے جو کھانا بنا تھا وہ معمولی دال، چاول، شاک، روٹی تھی۔ شاید کوئی ایک میٹھی چیز بھی تھی۔ باپو کو چھوڑ کر سبھی کو پتّل دی گئی تھی دال کے لئے دونے تھے۔ پانی کے لئے مٹی کے شکورے تھے۔ کھانا شروع ہوتے ہی کچھ بھائی بہنوں کی چمچ کی مانگ ہوئی۔ میں نے کہا "گھر میں صرف ایک چمچ ہے، پاس پڑوس سے دو ایک اور بھی مل سکتے ہیں۔ پر بائیس چمچ تو کیسے بھی نہیں آ سکتے۔" باپو جھٹ بول پڑے کہ چمچ کسی کو نہ دیا جائے پر میرا بہن اور ایک کوئی اور یورپی بہن تھیں جن کا نام مجھے یاد نہیں آ رہا، اُن دو کو تو ملنا ہی چاہئیے۔ میرا بہن کے کان میں جیسے ہی یہ آواز پڑی، بولیں "مجھے چمچ نہیں چاہیئے، میں چمچ کے بنا اب کھانا سیکھ گئی ہوں، وہ ایک چمچ میری ساتھی یورپی بہن کو دے دیا جائے اور یوں ایک چمچ ہی سے کام چل جائے گا۔" پر میرا بہن کے انکار کرنے کے بعد اُن دوسری یورپی بہن نے بھی چمچ لینے سے انکار کر دیا اور اپنی بات کو آخر تک نبھایا۔ آخر تک نبھانے کی بات میں یوں لکھ رہا ہوں کہ سچ مچ چمچ کے بنا کھانا اُن کے لئے سیدھے پہاڑ پر چڑھنے جتنا دوبھر ہو گیا۔ کبھی دال گرتی تھی تو کبھی چاول قابو میں نہیں آتے تھے۔ روٹی پر شاک جمانے کے لئے دونوں ہاتھوں سے کام لینا پڑتا تھا۔ اور نہ جانے کیا کیا کرنا پڑتا تھا۔ ان کو دیکھ کر سبھی کو ہنسی روکنی پڑتی تھی۔ پر میرا بہن پر اس کا کوئی اثر نہ تھا۔

इस तरह की बातें और भी लिखी जा सकती हैं. पर हांडी में से एक चावल देख कर ही सब चावलों का पता लग जाता है इस ख़याल से मैं इतना ही काफ़ी समझता हूँ. मैं नहीं चाहता कि मैं कुछ अपनी तरफ़ से कहूँ. मैं तो पढ़ने वालों से यही सवाल करता हूँ कि इसमें कहीं भी बापू आपाशाह दिखाई देते हैं ? या कहीं भी ऐसा मालूम देता है कि आपाशाही उनकी मुंह चढ़ी हुई है ? वह लोकशाही के पुजारी थे. आपाशाही लोकशाही के मंदिर में क़दम रखना शान के ख़िलाफ़ समझती है. लोकशाही आपाशाही को नहीं रोकती, आपाशाही को ही लोकशाही के पास जाते शरम लगती है.

बापू आपाशाह नहीं थे.

—भगवानदीन

اس طرح کی باتیں اور بھی لکھی جا سکتی ہیں. پر ہانڈی میں سے ایک چاول دیکھ کر ہی سب چاولوں کا پتہ لگ جاتا ہے اس خیال سے میں اتنا ہی کافی سمجھتا ہوں. میں نہیں چاہتا کہ میں کچھ اپنی طرف سے کہوں. میں تو پڑھنے والوں سے یہی سوال کرتا ہوں کہ اس میں کہیں بھی باپو آپاشاہ دکھائی دیتے ہیں؟ یا کہیں بھی ایسا معلوم دیتا ہے کہ آپاشاہی ان کی منہ چڑھی ہوئی ہے؟ وہ لوک شاہی کے پجاری تھے. آپاشاہی لوک شاہی کے مندر میں قدم رکھنا شان کے خلاف سمجھتی ہے. لوک شاہی آپاشاہی کو نہیں روکتی، آپاشاہی کو ہی لوک شاہی کے پاس جاتے شرم لگتی ہے.

باپو آپاشاہی نہیں تھے.

بھگوان دین

गांधी जी का सन्देसा

(भाई रामजी दर)

मैं गांधी जी के बिलकुल नजदीक कभी नहीं आया—यानी उनके पास कभी न रहा. हां, सिर्फ़ दो बार उनसे मिलने का मौक़ा ज़रूर मिला मगर वह भी कुछ मिनट के लिये. एक बार, जब मेरी उमर क़रीब २३ की होगी. गांधी जी आनन्द भवन में ठहरे थे. ऊपर के बरामदे में सुबह के वक्त़ वह टहल रहे थे.

मैंने उनसे कहा—"महात्मा जी, मैं आपसे अपनी एक मुश्किल हल करवाना चाहता हूँ."

बोले—"मैं सिर्फ़ दो मिनट दे सकता हूँ. ज़्यादा नहीं."

मैंने दो मिनट ही अपना सौभाग्य समझा. मैंने कहा—"महात्मा जी, मुझे यक़ीन नहीं आता कि भगवान भी कोई चीज़ है."

"हां, ऐसा बहुत लोगों का ख़याल है." गांधी जी ने फ़ौरन जवाब दिया.

"मगर बिना भगवान को माने मुझे शान्ति भी नहीं मिलती...... क्या कोई तरकीब नहीं है कि मैं भगवान को ईमानदारी से मानने लगूं ?" मैंने उनसे पूछा.

"न." टका सा उन्होंने जवाब दिया.

"आप भगवान को मानते हैं ?" मैंने गांधी जी से पछा.

گاندھی جی کا سندیسہ

(بھائی رام جی دَر)

میں گاندھی جی کے بالکل نزدیک کبھی نہیں آیا۔ یعنی ان کے پاس کبھی نہ رہا. ہاں، صرف دو بار اُن سے ملنے کا موقعہ ضرور ملا مگر وہ بھی کچھ منٹ کے لئے۔ ایک بار، جب میری عمر قریب ۲۳ کی ہوگی. گاندھی جی آنند بھون میں ٹھہرے تھے. اوپر کے برامدے میں صبح کے وقت وہ ٹہل رہے تھے۔

میں نے ان سے کہا: "مہاتما جی، میں آپ سے اپنی ایک مشکل حل کروانا چاہتا ہوں۔"

بولے: "میں صرف دو منٹ دے سکتا ہوں۔ زیادہ نہیں۔"

میں نے دو منٹ ہی اپنا سوبھاگیہ سمجھا. میں نے کہا: "مہاتما جی، مجھے یقین نہیں آتا کہ بھگوان بھی کوئی چیز ہے۔"

"ہاں، ایسا بہت لوگوں کا خیال ہے۔" گاندھی جی نے فوراً جواب دیا۔

"مگر بنا بھگوان کو مانے مجھے شانتی بھی نہیں ملتی...... کیا کوئی ترکیب نہیں ہے کہ میں بھگوان کو ایمانداری سے ماننے لگوں؟" میں نے ان سے پوچھا۔

"نا." ٹکا سا انھوں نے جواب دیا۔

"آپ بھگوان کو مانتے ہیں؟" میں نے گاندھی جی سے پوچھا۔

"ہاں، ضرور."

"आपके पास सबूत क्या है?"

"मेरे लिये भगवान वैसे ही हैं जैसे यह मेरी नाक." गांधी जी ने अपनी नाक पर उंगली रखकर बड़े दृढ़ कंठ से कहा.

मैं कुछ और कहने वाला था कि उन्होंने अपनी घड़ी, जो उनकी कमर में लटक रही थी, देख कर कहा—"बस अब मैं जाऊँगा." और लम्बे लम्बे क़दम बढ़ाकर दोनों हाथों को जोड़ कर वह एक कमरे में घुस गये.

यह मेरी पहली मुलाक़ात थी. बात तो मैंने बहुत छोटी सी की मगर गांधी जी के जवाब ने मेरे दिल व दिमाग़ पर गहरा असर डाला. मैंने उनके जवाब के यह मानी लिये कि भगवान का विश्वास
(११) कोई बड़े से बड़ा साधू भी दूसरे को नहीं दे सकता. यह निजी कमाई है. दान या ख़ैरात की चीज़ नहीं. इसके अलावा मुझे एक सबक़ भी मिला कि समय की कितनी क़द्र करनी चाहिये. मैंने महसूस किया कि गांधी जी वक़्त का सही इस्तेमाल करने को भी धर्म का ही एक अंश समझते थे.

दूसरी बार मैं अपनी स्त्री के साथ गया था. वह भी आनन्द भवन में. उस वक़्त वह स्वर्गीय लाला लाजपत राय से किसी गहरे विषय पर बहस कर रहे थे. मेरी स्त्री की गोद में एक छोटा बच्चा भी था.

मैं आज्ञा लेकर कमरे के अंदर घुस गया.

गांधी जी से मैंने कहा कि मेरी स्त्री उनके दर्शन करना चाहती हैं. उन्होंने उत्तर दिया—"आ आयें, मगर दर्शन करके फ़ौरन चली आयें."

मैंने शर्त मंज़ूर की. नमस्कार कर हम तीनों उनके पास गये

"آپ کے پاس ثبوت کیا ہے؟"

"میرے لئے بھگوان ویسے ہی ہیں جیسے یہ میری ناک." گاندھی جی نے اپنی ناک پر انگلی رکھ کر بڑے دِرڑھ کنٹھ سے کہا۔

میں کچھ اور کہنے والا تھا کہ انھوں نے اپنی گھڑی، جو ان کی کمر میں لٹک رہی تھی، دیکھ کر کہا "بس اب میں جاؤں گا." اور لمبے لمبے قدم بڑھا کر دونوں ہاتھوں کو جوڑ کر وہ ایک کمرے میں گھس گئے.

یہ میری پہلی ملاقات تھی. بات تو میں نے بہت چھوٹی سی کی مگر گاندھی جی کے جواب نے میرے دل و دماغ پر گہرا اثر ڈالا. میں نے ان کے جواب کے یہ معنی لئے کہ بھگوان کا وِشواس کوئی بڑے سے بڑا سادھو بھی دوسرے کو نہیں دے سکتا. یہ نجی کمائی ہے. دان یا خیرات کی چیز نہیں. اس کے علاوہ مجھے ایک ۱۱
سبق بھی ملا کہ سمئے کی کتنی قدر کرنی چاہیئے. میں نے محسوس کیا کہ گاندھی جی وقت کا صحیح استعمال کرنے کو بھی دھرم کا ہی ایک انش سمجھتے تھے.

دوسری بار میں اپنی استری کے ساتھ گیا تھا. وہ بھی آنند بھون میں. اس وقت وہ سورگیہ لالہ لاجپت رائے سے کسی گہرے وِشے پر بحث کر رہے تھے. میری استری کی گود میں ایک چھوٹا بچہ بھی تھا.

میں آگیا لے کر کمرے کے اندر گھس گیا.

گاندھی جی سے میں نے کہا کہ میری استری ان کے درشن کرنا چاہتی ہیں. انھوں نے اتر دیا "آجائیں، مگر درشن کرکے فوراً چلی جائیں."

میں نے شرط منظور کی. نمسکار کر کے ہم تینوں انکے پاس گئے

और बैठ गये. गांधी जी ने पूछा—"यह आपका बच्चा है ?" और उसको प्यार किया. हमें वहाँ बैठे मुश्किल से एक मिनट हुआ होगा मगर हम अपना वादा भूल गये थे—या जान के भुला दिया था. दो घड़ी तो गांधी जी चुप रहे, फिर उनसे रहा न गया, बोले—"अच्छा अब आप लोग जायँ."

हमें लाचार हो, मरज़ी के ख़िलाफ़, वहाँ से आना पड़ा.

यह बात भी छोटी सी थी मगर माने से भरी. यहाँ मुझे महात्मा जी की दो बड़ी ख़ूबियाँ एक साथ दिखाई दीं. बेहद मशग़ूल होते हुए भी उन्होंने हमारे जज़्बात का ख़याल करके हमें दर्शनों की इजाज़त दे दी लेकिन साथ ही उन्होंने यह भी ज़ाहिर कर दिया कि वह अपने दूसरे कामों की तरफ़ से भी ग़ाफ़िल नहीं हो सकते.

(१२)

तीसरी बार मैं चाहता था कि मैं उनके हाथ की रेखाओं के दर्शन करूं, क्योंकि मुझे हाथों की लकीरों को देखने का शौक़ था, और अब भी है. मगर गांधी जी ने हाथ दिखाने से साफ़ इनकार कर दिया. आज भी मेरे कानों में उनके शब्द गूँज रहे हैं—"मुझे न इसमें (हस्तरेखा में) रुचि (दिलचस्पी) है और न हाथ दिखाना मुनासिब समझता हूँ." और मैं सोचता हूँ कि उनका जैसा अमली आदमी जो एक एक पल काम में लगा रहता था और काम में विश्वास रखता था, हाथ की लकीरों या तक़दीर के लिखे पर कैसे विश्वास कर सकता था.

इसके अलावा मैंने एक बार उनको एक ख़त भेजा था. इसको

اور بیٹھ گئے۔ گاندھی جی نے پوچھا: "یہ آپ کا بچہ ہے؟" اور اس کو پیار کیا۔ ہمیں وہاں بیٹھے مشکل سے ایک منٹ ہوا ہوگا مگر ہم اپنا وعدہ بھول گئے تھے۔ یا جان کے بھلا دیا تھا۔ دو گھڑی تو گاندھی جی چپ رہے، پھر اُن سے رہا نہ گیا، بولے۔ "اچھا اب آپ لوگ جائیں۔"

ہمیں لاچار ہو، مرضی کے خلاف، وہاں سے آنا پڑا۔

یہ بات بھی چھوٹی سی تھی مگر معنے سے بھری۔ یہاں مجھے مہاتما جی کی دو بڑی خوبیاں ایک ساتھ دکھائی دیں۔ بے حد مشغول ہوتے ہوئے بھی انھوں نے ہمارے جذبات کا خیال کر کے ہمیں درشنوں کی اجازت دے دی لیکن ساتھ ہی انھوں نے یہ بھی ظاہر کر دیا کہ وہ اپنے دوسرے کاموں کی طرف سے بھی غافل نہیں ہو سکتے۔

(۱۲)

تیسری بار میں چاہتا تھا کہ میں اُن کے ہاتھ کی ریکھاؤں کے درشن کروں، کیوں کہ مجھے ہاتھوں کی لکیروں کو دیکھنے کا شوق تھا، اور اب بھی ہے۔ مگر گاندھی جی نے ہاتھ دکھانے سے صاف انکار کر دیا۔ آج بھی میرے کانوں میں اُن کے شبد گونج رہے ہیں: "مجھے نہ اس میں (ہست ریکھا میں) رُچی (دلچسپی) ہے اور نہ ہاتھ دکھانا مناسب سمجھتا ہوں۔" اور میں سوچتا ہوں کہ اُن کا جیسا عملی آدمی جو ایک ایک پل کام میں لگا رہتا تھا اور کام میں وشواس رکھتا تھا، ہاتھ کی لکیروں یا تقدیر کے لکھے پر کیسے وشواس کر سکتا تھا۔

اِس کے علاوہ میں نے ایک بار اُن کو ایک خط بھیجا تھا۔ اِس کو کافی عرصہ ہوا۔ ... وقت کی بات ہے جب پنڈت جواہر لال

नेहरू रूस से पहली बार लौटे थे और कम्यूनिज़्म के बड़े भारी पुजारी थे. उस ज़माने में पंडित जी के ख़यालों और पुरानी बातों में और गांधी जी के विचारों और तरीक़ों में ज़मीन आसमान का फ़र्क़ मुझे दिखता था.

मैंने गांधी जी को लिखा कि जब आपके विचारों और जवाहर लाल जी के विचारों में इतना बड़ा अन्तर है तो आप जवाहरलाल जी से विरोध होने पर भी लोगों के सामने उनकी हिमायत क्यों करते हैं ?

मेरा भाव व नीयत सिर्फ़ बात समझने की थी—किसी की शान के खिलाफ़ कोई हमला न था.

गांधी जी का छोटा सा जवाब आया. उन्होंने लिखा कि यह सही है कि एक मानी में हम दोनों की राय में फ़र्क़ है मगर फिर भी हम दोनों के रिश्तों में कभी फ़र्क़ नहीं पड़ता. यह कहना कि मेरा दृष्टिकोन सिर्फ़ आध्यात्मिक (रूहानी) है, आर्थिक नहीं, और जवाहर लाल का कोई रूहानी दृष्टिकोन है ही नहीं, ग़लत है. हम दोनों में फ़र्क़ सिर्फ़ इतना है कि मैं आध्यात्मिकता पर ज़्यादा ज़ोर देता हूँ और जवाहर लाल आर्थिकता पर. मैं मानता हूँ कि जवाहर लाल का दृष्टिकोन भी आध्यात्मिक है.

गांधी जी के जवाब से मैं बिलकुल संतुष्ट हो गया. उनकी बात मेरी समझ में आ गई.

मेरा तो ज़ाती ख़याल यह है कि गांधी जी असली माने में एक फ़क़ीर थे, एक साधू थे, एक योगी थे, एक ख़ुदा परस्त आदमी थे. उनका सबसे बड़ा हथियार उनका भगवान में भरोसा और यक़ीन था.

نہرو روس سے پہلی بار لوٹے تھے اور کمیونزم کے بڑے بھاری پجاری تھے۔ اُس زمانے میں پنڈت جی کے خیالوں اور پرانی باتوں میں اور گاندھی جی کے وچاروں اور طریقوں میں زمین آسمان کا فرق مجھے دکھتا تھا۔

میں نے گاندھی جی کو لکھا کہ جب آپ کے وچاروں اور جواہر لال جی کے وچاروں میں اتنا بڑا انتر ہے تو آپ جواہر لال جی سے ورودھ ہونے پر بھی لوگوں کے سامنے اُن کی حمایت کیوں کرتے ہیں؟

میرا بھاؤ و نیت صرف بات سمجھنے کی تھی۔ کسی کی شان کے خلاف کوئی حملہ نہ تھا۔

گاندھی جی کا چھوٹا سا جواب آیا۔ انھوں نے لکھا کہ یہ صحیح ہے کہ ایک معنی میں ہم دونوں کی رائے میں فرق ہے مگر پھر بھی ہم دونوں کے رشتوں میں کبھی فرق نہیں پڑتا۔ یہ کہنا کہ میرا درشٹی کون صرف آدھیاتمک (رُوحانی) ہے، آرتھک نہیں، اور جواہر لال کا کوئی روحانی درشٹی کون ہے ہی نہیں، غلط ہے۔ ہم دونوں میں فرق صرف اتنا ہے کہ میں آدھیاتمکتا پر زیادہ زور دیتا ہوں اور جواہر لال آرتھکتا پر۔ میں مانتا ہوں کہ جواہر لال کا درشٹی کون بھی آدھیاتمک ہے۔

گاندھی جی کے جواب سے میں بالکل سنتشٹ ہو گیا۔ اُن کی بات میری سمجھ میں آ گئی۔

میرا تو ذاتی خیال یہ ہے کہ گاندھی جی اصلی معنے میں ایک فقیر تھے، ایک سادھو تھے، ایک یوگی تھے، ایک خدا پرست آدمی تھے۔ اُن کا سب سے بڑا ہتھیار اُن کا بھگوان میں بھروسا اور یقین تھا۔

जनवरी सन् '४९

उनके तीन खास हथियार थे—श्रद्धा, प्रार्थना और व्रत. मेरे खयाल में इन्हीं तीनों के सहारे वह जिये और मरे भी.

जिस वक्त कुल हिन्दुस्तान में भाई भाई का खून बहा रहा था, और चारों ओर अंधकार छा रहा था, ऐन उस समय गांधी जी राम नाम की धूनी रमा रहे थे.

हिंसा की बढ़ती हुई लपटों में कूद कर, निडर मगर मन में शान्त रहकर, एक ईश्वर पर पूरा भरोसा कर वह गाते—

"ईश्वर अल्लाह तेरे नाम, सबको संमति दे भगवान"

और यही गाते गाते उनका अंत हुआ.

गांधी जी ने जीकर और मरकर हमें बतलाया कि भगवान की पूजा कैसे की जाती है.

मेरा जाती खयाल है कि गांधी जी इन्सान के सेवक थे, चाहे वह किसी भी रंग का या धर्म का क्यों न हो. मगर इसमें कोई शक नहीं कि उनकी मौत मुसलमानों की हिफाजत करने में हुई.

ऐसी मौत से उन्होंने मुसलमानों के दिलों में जगह पाली और हिन्दू धर्म का नाम और भी चमका दिया. अब हम दोनों का फ़र्ज़ है कि हम उनके सबक़ को न भूलें. अगर हिन्दू भूलते हैं तो मुसलमानों को चाहिये कि उनको ठीक रास्ते पर लाएं.

मगर मेरी राय में गांधी जी का सच्चा भक्त वही हो सकता है जो खुदा या परमेश्वर को मानता है. जो भगवान को नहीं मानता वह गांधी जी का भक्त तो दूर रहा—उनके संदेसे को समझ भी नहीं सकता, चाहे वह कितना ही बड़ा विद्वान क्यों न हो.

गांधी जी के मरने के बाद इस बात का डर है कि उनके चेलों

اُن کے تین خاص ہتھیار تھے۔ شردّھا، پرارتھنا اور برت۔ میرے خیال میں انھیں تینوں کے سہارے وہ جئے اور مرے بھی۔

جس وقت کُل ہندستان میں بھائی بھائی کا خون بہا رہا تھا، اور چاروں اور اندھکار چھا رہا تھا، عین اس سمے گاندھی جی رام نام کی دھونی رما رہے تھے۔

ہنسا کی بڑھتی ہوئی لپٹوں میں کود کر، نِڈر مگر من میں شانت رہ کر، ایک ایشور پر پورا بھروسا کر وہ گاتے ——

"ایشور اللہ تیرے نام۔ سب کو سمتی دے بھگوان"

اور یہی گاتے گاتے ان کا اَنت ہوا۔

گاندھی جی نے جی کر اور مر کر ہمیں بتلایا کہ بھگوان کی پوجا کیسے کی جاتی ہے۔

میرا ذاتی خیال ہے کہ گاندھی جی انسان کے سیوک تھے، چاہے وہ کسی بھی رنگ کا یا دھرم کا کیوں نہ ہو۔ مگر اس میں کوئی شک نہیں کہ اُن کی موت مسلمانوں کی حفاظت کرنے میں ہوئی۔

ایسی موت سے انھوں نے مسلمانوں کے دلوں میں جگہ پالی اور ہندو دھرم کا نام اور بھی چمکا دیا۔ اب ہم دونوں کا فرض ہے کہ ہم اُن کے سبق کو نہ بھولیں۔ اگر ہندو بھولتے ہیں تو مسلمانوں کو چاہیئے کہ اُن کو ٹھیک راستے پر لائیں۔

مگر میری رائے میں گاندھی جی کا سچّا بھکت وہی ہو سکتا ہے جو خدا یا پرمیشور کو مانتا ہے۔ جو بھگوان کو نہیں مانتا وہ گاندھی جی کا بھکت تو دور رہا۔ اُن کے سندیسے کو سمجھ بھی نہیں سکتا۔ چاہے وہ کتنا ہی بڑا ودوان کیوں نہ ہو۔

گاندھی جی کے مرنے کے بعد اِس بات کا ڈر ہے کہ اُن کے چیلوں

या उनकी तारीफ करने वालों में गुरू की शिक्षा की व्याख्या के सम्बंध में झगड़े पैदा हों. मेरी राय में इस से बचने का एक ही इलाज है. वह यह कि हम यह याद रक्खें कि गांधी जी का दिमाग़ स्थिर नहीं था बल्कि ज़ोरों के साथ चलता था. वह ज़माने के साथ अपने आदर्शों, विचारों और सिद्धान्तों के बरतने में बराबर तबदीली करते थे. मसलन अगर वह आज ज़िन्दा होते तो यक़ीनन वह जात पात के तरीक़ों पर एक सीधा और गहरा घूंसा लगाते. इसी तरह शायद वह एक मानी में साम्यवाद को भी अपने तरीक़े पर अपनाते.

(१५) गांधी की एक ऊपर उठती हुई हस्ती थी. वह एक वैज्ञानिक और खोज करनेवाला था. वह ग़लतियां करता और उन्हें स्वीकार करके उनको दूर करता और उनसे फ़ायदा उठाता था.

गांधी के लफ़्ज़ों को महज़ दोहराने से अब काम नहीं चलेगा. इसमें झगड़े का डर है.

एक क्रान्तिकारी और सुधारक होते हुए भी गांधी हिन्दुस्तानी था. शकल में, लिबास में, बोली में, रहन सहन में, ज़हनियत में, तहज़ीब में, अपने धर्म में, दुश्मन से मुक़ाबला करने में.

उसकी प्रतिभा हिन्दुस्तानी थी. वह ख़ुद अपने आपको हिन्दू कहता था, मगर ऐसा हिन्दू जो सबको प्यारा था.

मेरी राय में उसके अपने ढंग के अकेले नेता होने का एक ज़बरदस्त राज़ यह था कि वह दिल और दिमाग़ से हिन्दुस्तानी था. यह एक याद रखने वाली बात है—ख़ास कर हमारे उन नेताओं को जिनके हाथ में आज हुकूमत की बागडोर है.

یا اُن کی تعریف کرنے والوں میں گرو کی شِکشا کی ویاکھیا کے سمبندھ میں جھگڑے پیدا ہوں۔ میری رائے میں اس سے بچنے کا ایک ہی علاج ہے۔ وہ یہ کہ ہم یہ یاد رکھیں کہ گاندھی جی کا دماغ سِتھر نہیں تھا بلکہ زوروں کے ساتھ چلتا تھا۔ وہ زمانے کے ساتھ اپنے آدرشوں، وچاروں اور سدھانتوں کے برتنے میں برابر تبدیلی کرتے تھے۔ مثلاً اگر وہ آج زندہ ہوتے تو یقیناً وہ جات پات کے طریقوں پر ایک سیدھا اور گہرا گھونسا لگاتے۔ اسی طرح شاید وہ ایک معنی میں سامیہ واد کو بھی اپنے طریقے پر اپناتے۔

گاندھی کی ایک اوپر اٹھتی ہوئی ہستی تھی۔ وہ ایک ویگیانک اور کھوج کرنے والا تھا۔ وہ غلطیاں کرتا اور انھیں سویکار کر کے ان کو دور کرتا اور اُن سے فائدہ اٹھاتا تھا۔ (۱۵)

گاندھی کے لفظوں کو محض دُہرانے سے اب کام نہیں چلے گا۔ اس میں جھگڑے کا ڈر ہے۔

ایک کرانتکاری اور سدھارک ہوتے ہوئے بھی گاندھی ہندستانی تھا۔ شکل میں، لباس میں، بولی میں، رہن سہن میں، ذہنیت میں، تہذیب میں، اپنے دھرم میں، دشمن سے مقابلہ کرنے میں۔

اس کی پرتبھا ہندستانی تھی۔ وہ خود اپنے آپ کو ہندو کہتا تھا، مگر ایسا ہندو جو سب کو پیارا تھا۔

میری رائے میں اس کے اپنے ڈھنگ کے اکیلے نیتا ہونے کا ایک زبردست راز یہ تھا کہ وہ دل اور دماغ سے ہندستانی تھا۔ یہ ایک یاد رکھنے والی بات ہے۔ خاص کر ہمارے اُن نیتاؤں کو جن کے ہاتھ میں آج حکومت کی باگ ڈور ہے۔

नया हिन्द — गांधी जी का सन्देसा — जनवरी सन् '४९

हिन्द के लिये गांधी की सबसे बड़ी देन यह है कि उसने हिन्द को बताया कि वह शरीर से और फ़ौजी तरीक़ों से कमज़ोर होते हुए भी और क़ौमों के हमले से, जो इन मानी में आगे बढ़ी हुई हैं, कैसे अपने आप को बचा सकता है. गांधी इस तकनीक को और बढ़ाता अगर उसकी मौत न हुई होती. अभी तो उसको दुनिया भर के तरीक़ों पर अपनी अहिंसा और सत्याग्रह की शक्ति को काम में लाना था. मगर यह काम अधूरा रह गया.

गांधी की दुनिया को यह देन है कि उसने जो कुछ हिन्दुस्तान को अहिंसा के हथियार से दिलवाया, उससे और क़ौमें अगर चाहें तो फ़ायदा उठा सकती हैं.

मेरी राय में गांधी का बताया हुआ मार्ग बड़ा कठिन है. शायद अभी हम उस पर न चल सकें. शायद कुछ अरसे के लिये हमें रूस से कुछ उधार लेना हो. मगर एक न एक दिन हम सब को गांधी-वाद ही को अपनाना होगा—अगर हम इन्सान बन कर जिन्दा रहना चाहते हैं. फ़िलहाल हमारी प्रार्थना है.

ईशवर-अल्लाह तेरे नाम
सब को संमति दे भगवान

نیا ہند — گاندھی جی کا سندیسہ — جنوری ۴۹ء

ہند کے لئے گاندھی کی سب سے بڑی دین یہ ہے کہ اُس نے ہند کو بتایا کہ وہ شریر سے اور فوجی طریقوں سے کمزور ہوتے ہوئے قوموں کے حملے سے، جو اِن معنی میں آگے بڑھی ہوئی ہیں کیسے اپنے آپ کو بچا سکتا ہے۔ گاندھی اس تکنیک کو اور بڑھاتا اگر اس کی موت نہ ہوئی ہوتی۔ ابھی تو اُس کو دنیا بھر کے طریقوں پر اپنی اہنسا اور ستیاگرہ کی شکتی کو کام میں لانا تھا۔ مگر یہ کام ادھورا رہ گیا۔

گاندھی کی دنیا کو یہ دین ہے کہ اس نے جو کچھ ہندستان کو اہنسا کے ہتھیار سے دلوایا، اُس سے اور قومیں اگر چاہیں تو فائدہ اٹھا سکتی ہیں۔

میری رائے میں گاندھی کا بتایا ہوا مارگ بڑا کٹھن ہے۔ شاید ابھی ہم اس پر نہ چل سکیں۔ شاید کچھ عرصے کے لئے ہمیں روس سے کچھ ادھار لینا ہو۔ مگر ایک نہ ایک دن ہم سب کو گاندھی واد ہی کو اپنانا ہوگا۔ اگر ہم انسان بن کر زندہ رہنا چاہتے ہیں۔ فی الحال ہماری پرارتھنا ہے۔

ایشور-اللہ تیرے نام
سب کو سنمتی دے بھگوان

गांधी जी एक मुसलमान की नज़र में

(प्रोफ़ेसर मुहम्मद मुजीब)

महात्मा जी का दर्शन मुझे पहली बार जून १९२६ में हुआ. मैं कुछ ऊपर छै साल के बाद योरोप से तालीम पाकर वापस आया था. आखिरी तीन साल ज़ाकिर हुसैन साहब के साथ बीते थे. जी यह चाहता था कि उन्हीं के साथ काम करूँ. वह समझाते और मना करते रहे पर मेरा जी न माना और मैं भी जामिया मिल्लिया में आ गया. जामिया के लिये यह बड़ा कठिन ज़माना था. वह लोग जो इसे क़ायम करने में शरीक थे, अब इस राय के हो गये थे कि इसे बन्द कर देना चाहिये. बस महात्मा जी और हकीम अजमल ख़ाँ साहब इसरार कर रहे थे कि इसे चलाना चाहिये और जामिया के उस्तादों और विद्यार्थियों ने कह दिया था कि वह जामिया को बन्द न होने देंगे. यह सब हमें जर्मनी में मालूम हुआ था और डाक्टर ज़ाकिर हुसैन साहब, डाक्टर आबिद हुसैन साहब और मैंने वहीं से हकीम अजमल ख़ाँ को तार दिया था कि हम जामिया की सेवा करने को तैयार हैं, इसे बन्द न किया जाय. जामिया तो बिना हमारे भी चल सकती थी, लेकिन महात्मा जी और हकीम साहब दोनों ख़ुश थे कि हमने इस काम को अपने ज़िम्मे लेने का वादा किया है. मार्च में हम जामिया आ गये और छुट्टियों में महात्मा जी से मिलने गये. तीनों साथियों में मैं ही अकेला ऐसा था कि

گاندھی جی ایک مسلمان کی نظر میں

(پروفیسر محمد مجیب)

مہاتما جی کا درشن مجھے پہلی بار جون ۱۹۲۶ء میں ہوا۔ میں کچھ اوپر چھ سال کے بعد یورپ سے تعلیم پاکر واپس آیا تھا۔ آخری تین سال ذاکر حسین صاحب کے ساتھ بیتے تھے۔ جی یہ چاہتا تھا کہ انھیں کے ساتھ کام کروں۔ وہ سمجھاتے اور منع کرتے رہے پر میرا جی نہ مانا اور میں بھی جامعہ ملیہ میں آگیا۔ جامعہ کے لئے یہ بڑا کٹھن زمانہ تھا۔ وہ لوگ جو اسے قائم کرنے میں شریک تھے، اب اس رائے کے ہو گئے تھے کہ اسے بند کر دینا چاہیے۔ بس مہاتما جی اور حکیم اجمل خاں صاحب اصرار کر رہے تھے کہ اسے چلانا چاہیے اور جامعہ کے استادوں اور ودیارتھیوں نے کہہ دیا تھا کہ وہ جامعہ کو بند نہ ہونے دیں گے۔ یہ سب ہمیں جرمنی میں معلوم ہوا تھا اور ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب، ڈاکٹر عابد حسین صاحب اور میں نے وہیں سے حکیم اجمل خاں کو تار دیا تھا کہ ہم جامعہ کی سیوا کرنے کو تیار ہیں، اسے بند نہ کیا جائے۔ جامعہ تو بنا ہمارے بھی چل سکتی تھی، لیکن مہاتما جی اور حکیم صاحب دونوں خوش تھے کہ ہم نے اس کام کو اپنے ذمہ لینے کا وعدہ کیا ہے۔ مارچ میں ہم جامعہ آ گئے اور چھٹیوں میں مہاتما جی سے ملنے گئے۔ تینوں ساتھیوں میں میں ہی اکیلا ایسا تھا

जिन्होंने महात्मा जी का उस वक़्त तक सिर्फ़ नाम सुना था, उन्हें अपनी आँखों से देखा नहीं था.

हम लोग अहमदाबाद शाम को पहुँचे थे. साबरमती आश्रम पहुँचते पहुँचते अच्छी ख़ासी रात हो गई. उस वक़्त हमने महात्मा जी से मिलने की प्रार्थना नहीं की और एक ग़लतफ़हमी के कारन उनको हमारे आने की ख़बर नहीं की गई. सुबह हम 'बा' के यहाँ नाश्ता करने के लिये बुलाये गये. महात्मा जी शायद टहलने के लिये गये हुए थे और हम नाश्ते में जुटे हुए थे, जब पीछे से आवाज़ आई—"How Lovely" हमने मुड़कर देखा तो महात्मा जी हँसते हुए आ रहे थे. सूरज की किरनों में उनका बदन पुराने सोने की तरह चमक रहा था. चाल ऐसी थी कि मालूम होता था हवा पर चल रहे हैं. वह आये और हमारे पास बैठ गये. दुनिया में बड़े आदमियों को रसाई (पहुँच) की बहुत सी शर्तें, अदब और आदर के बहुत से बंधन घेरे रहते हैं. बड़े आदमी चाहते हैं कि उन्हें जो देखे वह एक ख़ास तरह की ऐनक लगाकर देखे. यहाँ बस महात्मा जी की बेतकल्लुफ़ी थी और हमारे चेहरों पर ख़ुशी की दमक और आँखों में आनन्द के आँसू.

मैंने आश्रम के जीवन को भी पहली बार उसी वक़्त देखा. साबरमती आश्रम सारी दुनिया में मशहूर हो चुका था और सारी दुनिया में समझा जाता था कि जो महात्मा जी के तरीक़े को सच्चा मानता हो उसे उन्हीं की तरह आश्रम में रहना चाहिये. कुछ लोग यह भी समझते थे कि जो उसूल आश्रम के जीवन में बरते जाते

جس نے مہاتما جی کا اس وقت تک صرف نام سنا تھا، انھیں اپنی آنکھوں سے دیکھا نہیں تھا.

ہم لوگ احمدآباد شام کو پہنچے تھے. سابرمتی آشرم پہنچتے پہنچتے اچھی خاصی رات ہو گئی. اس وقت ہم نے مہاتما جی سے ملنے کی پرارتھنا نہیں کی اور ایک غلط فہمی کے کارن ان کو ہمارے آنے کی خبر نہیں کی گئی. صبح ہم 'با' کے یہاں ناشتہ کرنے کے لئے بلائے گئے. مہاتما جی شاید ٹہلنے کے لئے گئے ہوئے تھے اور ہم ناشتے میں جٹے ہوئے تھے، جب پیچھے سے آواز آئی — "HOW LOVELY" ہم نے مڑ کر دیکھا تو مہاتما جی ہنستے ہوئے آ رہے تھے. سورج کی کرنوں میں ان کا بدن پرانے سونے کی طرح چمک رہا تھا. چال ایسی تھی کہ معلوم ہوتا تھا ہوا پر چل رہے ہیں. وہ آئے اور ہمارے پاس بیٹھ گئے. دنیا میں بڑے آدمیوں کو رسائی (پہنچ) کی بہت سی شرطیں، ادب اور آدر کے بہت سے بندھن گھیرے رہتے ہیں. بڑے آدمی چاہتے ہیں کہ انھیں جو دیکھے وہ ایک خاص طرح کی عینک لگا کر دیکھے. یہاں بس مہاتما جی کی بے تکلفی تھی اور ہمارے چہروں پر خوشی کی دمک آنکھوں میں آنند کے آنسو.

میں نے آشرم کے جیون کو بھی پہلی بار اسی وقت دیکھا. سابرمتی آشرم ساری دنیا میں مشہور ہو چکا تھا اور ساری دنیا میں سمجھا جاتا تھا کہ جو مہاتما جی کے طریقے کو سچا مانتا ہو اسے انھیں کی طرح آشرم میں رہنا چاہیئے. کچھ لوگ یہ بھی سمجھتے تھے کہ جو اصول آشرم کے جیون میں برتے جاتے ہیں وہ مہاتما جی کی شکشا کا نچوڑ ہیں اور جو ان اصولوں کو

मानता न हो या उन्हें बरतने में कमी करता हो वह उनका अच्छा अनुयायी यानी पैरो नहीं है. मुसलमान की हैसियत से मुझे सबसे पहले इस सवाल का जवाब सोचना था कि आश्रम में जीवन बिताना ठीक है या नहीं. जवाब देना कुछ ऐसा आसान न था. मुसलमान सूफ़ी ख़ानक़ाहों में रहते थे और जहाँ ख़ानक़ाहें या दरगाहें न होतीं वहाँ भी सूफ़ियों और दरवेशों की ज़िन्दगी और आम ज़िन्दगी के बीच एक परदा ज़रूर डाल दिया जाता जिसमें कि दुनिया के मामलों से अलग होकर इबादत की जा सके. पर इस्लामी शरीअत में इस तरह दुनिया से अलग हो जाना अच्छा नहीं माना गया है. एक सूफ़ी ने कहा है कि 'मर्द ऐसा होना चाहिये कि बाज़ार में रहकर ख़ुदा के साथ ऐसी लौ लगाये कि उससे (बाज़ार से) कभी ग़ायब न हो.' और शायद ज़्यादातर सूफ़ी इसी विचार के थे. इसमें कोई शक नहीं कि अगर एक तरफ़ यह ख़तरा है कि आदमी दुनिया के धन्धों में ख़ुदा को भूल जायगा तो दूसरी तरफ़ यह ख़तरा है कि आदमी दुनिया से नफ़रत करने में ख़ुदा से और आदमीयत से प्रेम करना भूल जायगा और उसके मन में वह तंगी पैदा हो जायगी जो ईश्वर की उपासना को खोटा कर देती है. मुझे मालूम है कि अधिकतर मुसलमान आश्रम में रहना उसूल से ग़लत समझते थे और अब भी समझते हैं और उनके नज़दीक महात्मा जी के तरीक़े में यह बड़ी कमज़ोरी थी कि वह आश्रम में रहते थे. मुझे यह भी मालूम हुआ कि बहुतेरे हिन्दू महात्मा जी की बड़ाई इसी में समझते थे कि उन्होंने दुनिया को तज दिया था और अब अपने आप को हर आराम से महरूम करके नफ़्स (इन्द्रियों)

مانتا نہ ہو یا انھیں برتنے میں کمی کرتا ہو وہ اُن کا اچھا انویائی یعنی پیرو نہیں ہے۔ مسلمان کی حیثیت سے مجھے سب سے پہلے اِس سوال کا جواب سوچنا تھا کہ آشرم میں جیون بتانا ٹھیک ہے یا نہیں۔ جواب دینا کچھ ایسا آسان نہ تھا۔ مسلمان صوفی خانقاہوں میں رہتے تھے اور جہاں خانقاہیں یا درگاہیں نہ ہوتیں وہاں بھی صوفیوں اور درویشوں کی زندگی اور عام زندگی کے بیچ ایک پردہ ضرور ڈال دیا جاتا جس میں کہ دنیا کے معاملوں سے الگ ہو کر عبادت کی جا سکے۔ پر اسلامی شریعت میں اس طرح دنیا سے الگ ہو جانا اچھا نہیں مانا گیا ہے۔ ایک صوفی نے کہا ہے کہ "مرد ایسا ہونا چاہیئے کہ بازار میں رہ کر خدا کے ساتھ ایسی لَو لگائے کہ اس سے (بازار سے) کبھی غائب نہ ہو"۔ اور شاید زیادہ تر صوفی اسی وچار کے تھے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اگر ایک طرف یہ خطرہ ہے کہ آدمی دنیا کے دھندوں میں خدا کو بھول جائے گا تو دوسری طرف یہ خطرہ ہے کہ آدمی دنیا سے نفرت کرنے میں خدا سے اور آدمیت سے پریم کرنا بھول جائے گا اور اُس کے من میں وہ تنگی پیدا ہو جائے گی جو ایشور کی اُپاسنا کو کھوٹا کر دیتی ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ ادھِک تر مسلمان آشرم میں رہنا اصول سے غلط سمجھتے تھے اور اب بھی سمجھتے ہیں اور اُن کے نزدیک مہاتما جی کے طریقے میں یہ بڑی کمزوری تھی کہ وہ آشرم میں رہتے تھے۔ مجھے یہ بھی معلوم ہوا کہ بہتیرے ہندو مہاتما جی کی بڑائی اسی میں سمجھتے تھے کہ انھوں نے دنیا کو تج دیا تھا اور اب اپنے آپ کو ہر آرام سے محروم کر کے نفس (اِندریوں)

की हर ख़ाहिश को मार कर आश्रम में रहते थे. लेकिन यह दोनों रायें ग़लत थीं और बहुत आसानी से ग़लत की जा सकती थीं. मुसलमानों से बहस की जाती तो यह फ़ौरन ज़ाहिर हो जाता था कि उन्हें असिल एतराज़ इसपर है कि महात्मा जी अच्छा खाने और अच्छा पहिनने और तकल्लुफ़ और तहज़ीब की उन बातों की परवाह नहीं करते जिनका मुसलमानों की तहज़ीब में बड़ा दरजा है. यह एतराज़ बेजा नहीं था. पुरानी तहज़ीब को छोड़ने का हक़ उसी को हो सकता है जो नई तहज़ीब की बुनियाद रख सके. मुसलमानों की भूल यह थी कि उन्होंने इस नई तहज़ीब को देखने और परखने का जतन नहीं किया जिसकी नीव महात्मा जी रख रहे थे. इसकी कोशिश हिन्दुओं ने भी नहीं की. उनकी नज़र भी ज़्यादा तर ज़ाहिरी बातों पर रही—सादगी पर, पवित्र भोजन पर, गाय के घी पर. मैं आश्रम में कभी दो चार दिन से ज़्यादा नहीं रहा. कभी लिबास, खाने-पीने और ज़िन्दगी के मामलों पर महात्मा जी से बात नहीं की. लेकिन मेरा दिल बराबर गवाही देता रहा कि महात्मा जी के तरीक़े की छोटी से छोटी बात भी मतलब से ख़ाली नहीं. उनमें वह ख़ास सलाहियत या योग्यता है, जिससे आदमी अपने हर विचार और हर काम को परखता है और वह हिम्मत है जो किसी भूल को छिपाना अपनी शान के ख़िलाफ़ समझती है. उनका आश्रम उनके लिये उस तहज़ीब का कारख़ाना था, जिसका नमूना उनके ज़ेहन, उनकी कल्पना में था. उस कारख़ाने और उस निज़ाम (व्यवस्था) को क़ायम करने और काम को चलाने में उन्होंने बड़ी मेहनत की और उसपर बड़ा ध्यान रक्खा. लेकिन उसे सख़्ती से जाँचते भी

(۲۰)

کی ہر خواہش کو مار کر آشرم میں رہتے تھے۔ لیکن یہ دونوں رائیں غلط تھیں اور بہت آسانی سے غلط کی جا سکتی تھیں۔ مسلمانوں سے بحث کی جاتی تو یہ فوراً ظاہر ہو جاتا تھا کہ اُنھیں اصل اعتراض اس پر ہے کہ مہاتما جی اچھا کھانے اور اچھا پہننے اور تکلف اور تہذیب کی اُن باتوں کی پرواہ نہیں کرتے جن کا مسلمانوں کی تہذیب میں بڑا درجہ ہے۔ یہ اعتراض بے جا نہیں تھا۔ پرانی تہذیب کو چھوڑنے کا حق اُسی کو ہو سکتا ہے جو نئی تہذیب کی بنیاد رکھ سکے۔ مسلمانوں کی بھول یہ تھی کہ انھوں نے اس نئی تہذیب کو دیکھنے اور پرکھنے کا جتن نہیں کیا جس کی نیو مہاتما جی رکھ رہے تھے۔ اس کی کوشش ہندوؤں نے بھی نہیں کی۔ ان کی نظر بھی زیادہ تر ظاہری باتوں پر رہی۔ سادگی پر، پوتر بھوجن پر، گائے کے گھی پر۔ میں آشرم میں کبھی دو چار دن سے زیادہ نہیں رہا۔ کبھی لباس، کھانے پینے اور زندگی کے معاملوں پر مہاتما جی سے بات نہیں کی۔ لیکن میرا دل برابر گواہی دیتا رہا کہ مہاتما جی کے طریقے کی چھوٹی سے چھوٹی بات بھی مطلب سے خالی نہیں۔ ان میں وہ خاص صلاحیت یا یوگتا ہے، جس سے آدمی اپنے ہر وچار اور ہر کام کو پرکھتا ہے اور وہ ہمت ہے جو کسی بھول کو چھپانا اپنی شان کے خلاف سمجھتی ہے۔ اُن کا آشرم اُن کے لئے اُس تہذیب کا کارخانہ تھا، جس کا نمونہ اُن کے ذہن یا ان کی کلپنا میں تھا۔ اُس کارخانے اور اُس نظام (ویوستھا) کو قائم کرنے اور کام کو چلانے میں انھوں نے بڑی محنت کی اور اس پر بڑا دھیان رکھا۔ لیکن اُسے سختی سے جانچتے بھی

रहे. मैंने उनकी मुहब्बत का रंग भी देखा और उनकी सख़्ती के क़िस्से भी सुने. उनकी नज़र ईश्वर पर थी, आश्रम पर न थी. ख़ुदा पर थी, तहज़ीब पर न थी. वह जानते थे कि सुन्दर जीवन, सच्ची सभ्यता वही है जिसमें ईश्वर की लगन के सिवा कुछ न हो. कोई इस लगन में दुनिया को भूल जाता है, महात्मा जी को इसी लगन ने अपने देश का सेवक और पालनहार बना दिया. वह ऐसे सेवक बनना चाहते थे, जिसकी शक्ति कभी जवाब न दे, जिसका नफ़्स (इन्द्रियाँ) कभी यह न कहे कि राष्ट्र को उसका हक़ दे चुके हो, अब मुझे मेरा हक़ दो. अपने आप पर और दूसरों पर उन्होंने जो तजरबे किये, अपने और अपने साथियों के लिये उन्होंने जो आश्रम बनाये उनमें बस यही एक बड़ा मतलब था कि सेवा की पूरी योग्यता पैदा हो जाय. यह योग्यता उनमें पैदा हो गई और उसी ने उनको हिन्द की जनता का पालन हार बना दिया.

मैंने स्कूल में इंजील और भगवद् गीता का अनुवाद पढ़ा, इंजील की कई किताबें और गीता का क़रीब क़रीब सारा तरजुमा मुझे ज़बानी याद था. आक्सफ़ोर्ड में मैंने उपनिषदों का अनुवाद पढ़ा, और जो हिस्से ख़ास तौर पर पसन्द आये उन्हें याद भी कर लिया. महात्मा जी ज़िन्दगी और राजकाज के मामलों पर अपनी ज़बान में बहस नहीं करते थे. उनका मतलब वह भी बहुत अच्छी तरह समझ सकता था जो हिन्दू धर्म के बारे में पूरी जानकारी न रखता हो. लेकिन उनकी एख़लाक़ी तालीम यानी नैतिक शिक्षा हिन्दू धर्म के रंग में डूबी हुई थी और बहुत से मुसलमानों के लिये उनके विचार ज़्यादा जाने पहचाने नहीं थे, जो महात्मा जी की तालीम की

(२१)

رہے۔ میں نے اُن کی محبت کا رنگ بھی دیکھا اور اُن کی سختی کے قصے بھی سُنے۔ اُن کی نظر ایشور پر تھی، آشرم پر نہ تھی۔ خدا پر تھی، تہذیب پر نہ تھی۔ وہ جانتے تھے کہ سندر جیون، سچی سبھیتا وہی ہے جس میں ایشور کی لگن کے سوا کچھ نہ ہو۔ کوئی اس لگن میں دنیا کو بھول جاتا ہے، مہاتما جی کو اسی لگن نے اپنے دیش کا سیوک اور پالن ہار بنا دیا۔ وہ ایسے سیوک بننا چاہتے تھے، جس کی شکتی کبھی جواب نہ دے، جس کا نفس (اندریاں) کبھی یہ نہ کہے کہ راشٹر کو اس کا حق دے چکے ہو، اب مجھے میرا حق دو۔ اپنے آپ پر اور دوسروں پر انھوں نے جو تجربے کئے، اپنے اور اپنے ساتھیوں کے لئے انھوں نے جو آشرم بنائے ان میں بس یہی ایک بڑا مطلب تھا کہ سیوا کی پوری یوگتا پیدا ہو جائے۔ یہ یوگتا اُن میں پیدا ہو گئی اور اسی نے ان کو ہند کی جنتا کا پالن ہار بنا دیا۔

میں نے اسکول میں انجیل اور بھگوت گیتا کا انواد پڑھا، انجیل کی کئی کتابیں اور گیتا کا قریب قریب سارا ترجمہ مجھے زبانی یاد تھا۔ آکسفورڈ میں میں نے اپنشدوں کا انواد پڑھا، اور جو حصے خاص طور پر پسند آئے انھیں یاد بھی کر لیا۔ مہاتما جی زندگی اور راج کاج کے معاملوں پر اپنی زبان میں بحث نہیں کرتے تھے۔ ان کا مطلب وہ بھی بہت اچھی طرح سمجھ سکتا تھا جو ہندو دھرم کے بارے میں پوری جانکاری نہ رکھتا ہو۔ لیکن ان کی اخلاقی تعلیم یعنی نیتک شکشا ہندو دھرم کے رنگ میں ڈوبی ہوئی تھی اور بہت سے مسلمانوں کے لئے اُن کے وچار زیادہ جانے پہچانے نہیں تھے، جو مہاتما جی کی تعلیم کی

(۲۱)

बुनियाद थे. मुझे उनके विचारों में, बयान के तरीक़े में, उन कुछ परिभाषाओं (इस्तिलाहों) में जो बयान में होती थीं, कभी कोई अजनबी पन नहीं मालूम हुआ. मैं इसका दावा बिलकुल नहीं करता कि महात्मा जी की जो तालीम थी वह पूरी तरह मेरी समझ में आ गई है. लेकिन वह तअस्सुब या पक्षपात जो रुकावटें पैदा करता है, मेरे दिल में बिलकुल नहीं है और न मेरे दिल में यह ख़ाहिश है कि असलियत को उसी तरीक़े से देखा जाय जिसे मैं ठीक समझता हूँ. मैं अगर यह कहूँ कि महात्मा जी पूरे हिन्दू थे तो मुझे यह ख़याल नहीं होता कि वह मुझसे या मैं उनसे अलग हो जाऊँगा. और अगर मैं कहूँ कि वह पूरे मुसलमान थे तो मुझे यह डर नहीं होता कि मुझ पर दूसरों का हक़ छीनने का इलज़ाम लगाया जायगा. मैं अगर यह कहता हूँ कि सब धर्मों की बुनियाद एक है तो इसलिये नहीं कि महात्मा जी का विश्वास भी यही था, या इससे कुछ हिन्दू भाई ख़ुश हो जायँगे या कुछ मुसलमान भाई, जिनके विचारों को मैं पसन्द नहीं करता, नाराज़ होंगे, मेरा अपना तजरबा और अपना विश्वास भी यही है और महात्मा जी की शख़्सियत मेरे लिये धर्मों की इस एकता का आदर्श है.

(२४)

महात्मा जी की शिक्षा का जौहर सत्याग्रह का उसूल है. इसी की भगवद् गीता में हिदायत की गई है, इसी को इस्लाम में 'ख़ुदा की राह में जेहाद' कहा गया है और यही दीन की निशानी और दीनदारी को पूरन करती है. सत्याग्रह का दूसरा रुख़ अहिंसा थी और महात्मा जी इसरार करते थे कि एक दूसरे से जो सम्बन्ध है

بنیاد تھے۔ مجھے اُن کے وچاروں میں، بیان کے طریقے میں، اُن کچھ پربھاشاؤں (اصطلاحوں) میں جو بیان میں ہوتی تھیں، کبھی کوئی اجنبی پن نہیں معلوم ہوا۔ میں اس کا دعوا بالکل نہیں کرتا کہ مہاتما جی کی جو تعلیم تھی وہ پوری طرح میری سمجھ میں آ گئی ہے۔ لیکن وہ تعصب یا پکشپات جو رکاوٹیں پیدا کرتا ہے، میرے دل میں بالکل نہیں ہے اور نہ میرے دل میں یہ خواہش ہے کہ اصلیت کو اسی طریقے سے دیکھا جائے جسے میں ٹھیک سمجھتا ہوں۔ میں اگر یہ کہوں کہ مہاتما جی پورے ہندو تھے تو مجھے یہ خیال نہیں ہوتا کہ وہ مجھ سے یا میں اُن سے الگ ہو جاؤں گا۔ اور اگر میں کہوں کہ وہ پورے مسلمان تھے تو مجھے یہ ڈر نہیں ہوتا کہ مجھ پر دوسروں کا حق چھیننے کا الزام لگایا جائے گا۔ میں اگر یہ کہتا ہوں کہ سب دھرموں کی بنیاد ایک ہے تو اس لئے نہیں کہ مہاتما جی کا وشواس بھی یہی تھا، یا اس سے کچھ ہندو بھائی خوش ہو جائیں گے یا کچھ مسلمان بھائی، جن کے وچاروں کو میں پسند نہیں کرتا، ناراض ہوں گے۔ میرا اپنا تجربہ اور اپنا وشواس بھی یہی ہے اور مہاتما جی کی شخصیت میرے لئے دھرموں کی اس ایکتا کا آدرش ہے۔

(٢٤)

مہاتما جی کی شکشا کا جوہر ستیاگرہ کا اصول ہے۔ اسی کی بھگود گیتا میں ہدایت کی گئی ہے، اسی کو اسلام میں "خدا کی راہ میں جہاد" کہا گیا ہے اور یہی دین کی نشانی اور دین داری کو پورن کرتی ہے۔ ستیاگرہ کا دوسرا رُخ اہنسا تھی اور مہاتما جی اصرار کرتے تھے کہ ایک دوسرے سے جو سمبندھ ہے

उसे बयान करें और अमल से तर्क की पाबन्दी कराएँ. महात्मा जी उन माने हुए लोगों में से थे जिनका विश्वास खुद एक सनद और खुद एक सबूत होता है. अहिंसा की जो तारीफ़ पहले की जाती थी उसे महात्मा जी ने सही माना पर उन्होंने उसके ऐसे मानी भी निकाले जो पहले किसी ने नहीं निकाले थे और इन नये मानों में अहिंसा सिर्फ़ बौद्ध मत वालों और जैनियों या हिन्दुओं का विश्वास नहीं रहा बल्कि सारी इन्सानी दुनिया के लिये एक अख़लाक़ी और समाजी उसूल बन गया. महात्मा जी का दावा था कि भगवद् गीता में भी अहिंसा की तालीम दी गई है. फ़ौज, हथियार, लड़ाई, क़त्ल यह सब इस्तेमारे (उपमाएँ) हैं. यह दावा सही है, अगर हम याद रक्खें कि लड़ाई की हिदायत के साथ श्री कृष्ण ने यह शिक्षा भी दी कि उनके पुजारी को उनमें समा जाना चाहिये. जो ईश्वर में गुम हो जाय उसका हाथ, उसका अपना हाथ नहीं रहता, उसका इरादा उसका अपना इरादा नहीं होता. उसके लिये फ़ौज, हथियार, लड़ाई, क़त्ल सब उपमाएँ बन जाते हैं और जो तलवार को तलवार और दुश्मन को अपना दुश्मन समझे, अपने इरादे से लड़े और मारे वह अपना काम करता है, ईश्वर का काम नहीं करता. उसको यह हक़ ही नहीं है कि गीता को अपने व्योहार के प्रमान में पेश करे. महात्मा जी चाहते तो यह भी कह सकते थे कि इस्लाम में भी अहिंसा की ही शिक्षा दी गई है. जो आदमी इस्लाम को मान ले वह अपनी इच्छा और अमल को खुदा की मर्ज़ी पर छोड़ देता है. और अगर वह अपनी नीयत को और अमल को उतनी ही सच्चाई से सौंपे जैसे कि महात्मा जी सौंपते थे

اُسے بیان کریں اور عمل سے ترک کی پابندی کرائیں۔ مہاتما جی اُن مانے ہوئے لوگوں میں سے تھے جن کا وشواس خود ایک سند اور خود ایک ثبوت ہوتا ہے۔ اہنسا کی جو تعریف پہلے کی جاتی تھی اُسے مہاتما جی نے صحیح مانا پر انھوں نے اس کے ایسے معنی بھی نکالے جو پہلے کسی نے نہیں نکالے تھے اور ان نئے معنوں میں اہنسا صرف بودھ مت والوں اور جینیوں یا ہندوؤں کا وشواس نہیں رہا بلکہ ساری انسانی دنیا کے لئے ایک اخلاقی اور سماجی اصول بن گیا۔ مہاتما جی کا دعوا تھا کہ بھگود گیتا میں بھی اہنسا کی تعلیم دی گئی ہے۔ فوج، ہتھیار، لڑائی، قتل یہ سب استعارے (اپمائیں) ہیں۔ یہ دعوا صحیح ہے، اگر ہم یاد رکھیں کہ لڑائی کی ہدایت کے ساتھ شری کرشن نے یہ شکشا بھی دی کہ اُن کے پجاری کو اُن میں سما جانا چاہیئے۔ جو ایشور میں گم ہو جائے اس کا ہاتھ، اس کا اپنا ہاتھ نہیں رہتا، اُس کا ارادہ اس کا اپنا ارادہ نہیں ہوتا۔ اس کے لئے فوج، ہتھیار، لڑائی، قتل سب اُپمائیں بن جاتے ہیں اور جو تلوار کو تلوار اور دشمن کو اپنا دشمن سمجھے، اپنے ارادے سے لڑے اور مارے وہ اپنا کام کرتا ہے، ایشور کا کام نہیں کرتا۔ اُس کو یہ حق ہی نہیں ہے کہ گیتا کو اپنے بیوہار کے پرمان میں پیش کرے۔ مہاتما جی چاہتے تو یہ بھی کہہ سکتے تھے کہ اسلام میں بھی اہنسا کی ہی شکشا دی گئی ہے۔ جو آدمی اسلام کو مان لے وہ اپنی اچھا اور عمل کو خدا کی مرضی پر چھوڑ دیتا ہے۔ اور اگر وہ اپنی نیت کو اور عمل کو اتنی ہی سچائی سے جانچے جیسے کہ مہاتما جی جانچتے تھے

استعارے

तो उसकी आत्मा को सिर्फ़ इसी तरह संतोष हो सकता है कि वह महात्मा जी के तरीक़े को अपनाए. मौलवियों और बादशाहों के कारनामों को, बयान करने वाले इतिहासकारों ने, कुछ इस तरह बयान किया है कि अब मुसलमानों के लिये जेहाद का मतलब सिर्फ़ दुश्मनों से लड़ना है. और 'ख़ुदा की राह में' के मानी पर कोई ग़ौर नहीं करता. दर असल जेहाद की कई क़िस्में, कई हालतें हैं और तलवार से जेहाद करने को बस एक आख़िरी तदबीर की हैसियत दी गई है. मुझे इस वक़्त बहुत से आलिमों और सूफ़ियों के क़ौल याद आ रहे हैं जिनमें सच बात कहने और करने की ख़ातिर हर तरह का नुक़सान उठाने का रूहानी मरतबा या आध्यात्मिक स्थान बयान किया गया है. लेकिन दिल यह कहता है कि महात्मा जी ने 'ख़ुदा की राह में जेहाद' का मतलब जिस तरह समझा और बतलाया है वैसे अब तक कोई मुसलमान आलिम या सूफ़ी नहीं बयान कर सका. बेशक उनके विचारों में सब धर्म मिलकर एक हो गये थे और उनका अमल हर धर्म के लोगों के लिये एक सच्चा और पूरा नमूना था. मेरा यह इरादा नहीं था कि इस लेख में महात्मा जी के राज काजी और समाजी कामों का ज़िक्र करूँ और न मैंने उनका ज़िक्र किया है. काम की जान और उसकी आबरू ख़ुद काम करने वाला होता है. हमारी तीस बरस की तारीख़ में जो रचनात्मक काम हुए हैं वह उस जेहाद का अक्स है जो एक बेमिसाल इन्सान ने अपनी तामीर के लिये किया था. और महात्मा जी का आज़ाद होना और पूर्ण होना हिन्द की आज़ादी से कहीं ज़्यादा अहम घटना है. हमको उनके कामों को जारी रखना और फैलाना

تو اُن کی آتما کو صرف اسی طرح سنتوش ہو سکتا ہے کہ وہ مہاتما جی کے طریقے کو اپنائے۔ مولویوں اور بادشاہوں کے کارناموں کو، بیان کرنے والے اتہاسکاروں نے، کچھ اس طرح بیان کیا ہے کہ اب مسلمانوں کے لئے جہاد کا مطلب صرف دشمنوں سے لڑنا ہے۔ اور 'خدا کی راہ میں' کے معنی پر کوئی غور نہیں کرتا۔ دراصل جہاد کی کئی قسمیں، کئی حالتیں ہیں اور تلوار سے جہاد کرنے کو بس ایک آخری تدبیر کی حیثیت دی گئی ہے۔ مجھے اس وقت بہت سے عالموں اور صوفیوں کے قول یاد آ رہے ہیں جن میں سچ بات کہنے اور کرنے کی خاطر ہر طرح کا نقصان اٹھانے کا روحانی مرتبہ یا آدھیاتمک استھان بیان کیا گیا ہے۔ لیکن دل یہ کہتا ہے کہ مہاتما جی نے 'خدا کی راہ میں جہاد' کا مطلب جس طرح سمجھا اور بتلایا ہے ویسے اب تک کوئی مسلمان عالم یا صوفی نہیں بیان کر سکا۔ بے شک اُن کے وچاروں میں سب دھرم مل کر ایک ہو گئے تھے اور اُن کا عمل ہر دھرم کے لوگوں کے لئے ایک سچا اور پورا نمونہ تھا۔ میرا یہ ارادہ نہیں تھا کہ اس لیکھ میں مہاتما جی کے راج کاجی اور سماجی کاموں کا ذکر کروں اور نہ میں نے اُن کا ذکر کیا ہے۔ کام کی جان اور اس کی آبرو خود کام کرنے والا ہوتا ہے۔ ہماری تیس برس کی تاریخ میں جو رچناتمک کام ہوئے ہیں وہ اس جہاد کا عکس ہے جو ایک بےمثال انسان نے اپنی تعمیر کے لئے کیا تھا۔ اور مہاتما جی کا آزاد ہونا اور پورن ہونا ہند کی آزادی سے کہیں زیادہ اہم گھٹنا ہے۔ ہم کو ان کے کاموں کو جاری رکھنا اور پھیلانا

है और जहाँ तक हो सके उस राह पर चलना है जो उन्होंने बताई है. लेकिन हमारा और हमारे देश का फ़ायदा इसी में है कि हम महात्मा जी की मिसाल को सामने रखकर अपने अन्दर ईश्वर लगन और सेवा करने की शक्ति पैदा करें. अपनी नियत को और अपने काम को उसी बेदर्दी के साथ जाँचते रहें जैसे कि महात्मा जी का दस्तूर था और अपने पूरे देश को ऐसा आश्रम बना दें जैसा कि महात्मा जी के ज़ेहन में था.

एकला चलो रे

(बापू का प्यारा भजन)

अगर तेरी पुकार पर कोई तेरे साथ न आये,
तब भी, तू अकेला चल.
अकेला चल, अकेला चल, अकेला चल रे.
अगर किसी के मुँह से बात न निकले, अरे ओ अभागे !
अगर सभी मुँह मोड़ लें, सभी डर जायँ,
तब तू आप अपने प्रानों को छोड़, अकेला ही अपनी तान छेड़ दे
अकेला ही तान छेड़ दे !
अगर तेरे संगी साथी लौट आयँ, अरे ओ अभागे !
अगर कठिन राह में कोई तेरा साथ न देना चाहे,
काँटों भरी राह में,
ख़ून से रंगे चरनों से, ओ भाई, तू अकेला ही चल.
अगर प्रकाश के लिये कोई दीप नहीं रखता,
अगर घटाटोप अँधेरी रात में कोई घर का द्वार बन्द कर देता है,
तब बिजली बनकर, तू अकेला ही सबका दीप बनकर जल.

—रवीन्द्र नाथ टैगोर

ہے اور جہاں تک ہو سکے اس راہ پر چلنا ہے جو انھوں نے بتائی ہے۔ لیکن ہمارا اور ہمارے دیش کا فائدہ اسی میں ہے کہ ہم مہاتما جی کی مثال کو سامنے رکھ کر اپنے اندر ایشور لگن اور سیوا کرنے کی شکتی پیدا کریں۔ اپنی نیت کو اور اپنے کام کو اسی بیدردی کے ساتھ جانچتے رہیں جیسے کہ مہاتما جی کا دستور تھا اور اپنے پورے دیش کو ایسا آشرم بنا دیں جیسا کہ مہاتما جی کے ذہن میں تھا۔

ایکلا چلو رے

(باپو کا پیارا بھجن)

اگر تیری پکار پر کوئی تیرے ساتھ نہ آئے،
تب بھی، تو اکیلا چل۔
اکیلا چل، اکیلا چل، اکیلا چل رے۔
اگر کسی کے منھ سے بات نہ نکلے، ارے او ابھاگے!
اگر سبھی منہ موڑ لیں، سبھی ڈر جائیں،
تب تو آپ اپنے پرانوں کو چھوڑ، اکیلا ہی اپنی تان چھیڑ دے
اکیلا ہی تان چھیڑ دے!
اگر تیرے سنگی ساتھی لوٹ جائیں، ارے ابھاگے!
اگر کٹھن راہ میں کوئی تیرا ساتھ نہ دینا چاہے،
کانٹوں بھری راہ میں،
خون سے رنگے چرنوں سے، او بھائی، تو اکیلا ہی چل۔
اگر پرکاش کے لئے کوئی دیپ نہیں رکھتا،
اگر گھٹاٹوپ اندھیری رات میں کوئی گھر کا دوار بند کر دیتا ہے،
تب، بجلی بن کر، تو اکیلا ہی سب کا دیپ بن کر جل

رویندر ناتھ ٹیگور

आख़िरी श्रद्धांजलि

[पंडित जवाहरलाल नेहरू का वह तारीख़ी भाषण जो उन्होंने १२ फ़रवरी '४८ को इलाहाबाद में संगम पर दिया था.]

आख़िरी सफ़र ख़तम हो गया है और इस पवित्र सफ़र की आख़िरी मंज़िल भी तय हो चुकी है. देश की इस लम्बी चौड़ी धरती पर गांधी जी पचास साल तक घूमते रहे. उन्होंने हिमालय पर्वत, उत्तरी-पच्छिमी सरहदी सूबा और उत्तर व पूरब में ब्रह्मपुत्र नदी से लेकर दक्खिन में कन्या कुमारी तक सफ़र किया और वह इस देश के एक-एक भाग और एक-एक कोने में गये. एक यात्री और यात्रा का आनन्द लेने वाले के रूप में नहीं बल्कि इस देश के निवासियों की हालत और मुशकिलों को समझने और उनकी सेवा करने के लिये. शायद इतिहास किसी ऐसे व्यक्ति का नाम नहीं पेश कर सकता जिसने गांधी जी की तरह इस देश के कोने-कोने का सफ़र किया हो, जनता की हालत को उनकी तरह समझा हो और उनकी तरह लगातार सेवा करता रहा हो. लेकिन अब इस दुनिया में उनका सफ़र ख़तम हो गया है. हालाँकि हमें अभी कुछ दिनों और सफ़र करना है. बहुत से लोग रंज और मातम कर रहे हैं और यह मुनासिब और क़ुदरती बात भी है. लेकिन सवाल यह है कि आख़िर हम मातम क्यों करें ? क्या हम गांधी जी का दुख मना रहे हैं, या किसी और चीज़ का ? उनके जीवन की तरह उनकी मौत में भी एक ऐसी चमक मौजूद है जो आने वाले ज़माने में

آخری شردھانجلی

[پنڈت جواہر لال نہرو کا وہ تاریخی بھاشن جو انھوں نے ۱۲ فروری ۴۸ء کو الٰہ آباد میں سنگم پر دیا تھا]

آخری سفر ختم ہوگیا ہے اور اس پوتر سفر کی آخری منزل بھی طے ہو چکی ہے۔ دیش کی اس لمبی چوڑی دھرتی پر گاندھی جی پچاس سال تک گھومتے رہے۔ انھوں نے ہمالیہ پربت، اتری-پچھمی سرحدی صوبہ اور اتر و پورب میں برہمپتر ندی سے لے کر دکھن میں کنیا کماری تک سفر کیا اور وہ اس دیش کے ایک ایک بھاگ اور ایک ایک کونے میں گئے، ایک یاتری اور یاترا کا آنند لینے والے کے روپ میں نہیں بلکہ اس دیش کے نواسیوں کی حالت اور مشکلوں کو سمجھنے اور ان کی سیوا کرنے کے لئے۔ شاید اتہاس کسی ایسے ویکتی کا نام نہیں پیش کر سکتا جس نے گاندھی جی کی طرح اس دیش کے کونے کونے کا سفر کیا ہو، جنتا کی حالت کو اُن کی طرح سمجھا ہو اور اُن کی طرح لگاتار سیوا کرتا رہا ہو۔ لیکن اب اس دنیا میں ان کا سفر ختم ہوگیا ہے۔ حالانکہ ہمیں ابھی کچھ دنوں اور سفر کرنا ہے۔ بہت سے لوگ رنج اور ماتم کر رہے ہیں اور یہ مناسب اور قدرتی بات بھی ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ آخر ہم ماتم کیوں کریں؟ کیا ہم گاندھی جی کا دکھ منا رہے ہیں، یا کسی اور چیز کا؟ اُن کے جیون کی طرح ان کی موت میں بھی ایک ایسی چمک موجود ہے جو آنے والے زمانوں میں

सदियों तक हमारे देश को रोशन करती रहेगी. फिर हम गांधी जी के लिये शोक क्यों मनायें ? हमें तो अपने लिये रोना चाहिये. अपनी कमज़ोरियों पर शोक मनाना चाहिये. हमें अपनी छाती तो अपने दिलों की सियाही, अपने मतभेदों, अपने झगड़ों के लिये पीटनी चाहिये. याद रखिये कि गांधी जी ने हमारी इन्हीं बुराइयों को दूर करने के लिये अपनी जान दी है और पिछले कुछ महीनों में उन्होंने पूरा ध्यान और सारी शक्ति इसी पर लगाई है. अगर हम उनकी इज़्ज़त करते हैं तो मैं पूछता हूँ कि यह इज़्ज़त उनके नाम की होनी चाहिये या उन सिद्धान्तों की जिनकी गांधी जी वकालत करते रहे हैं, उन तालीमों और सलाहों की जो वह देते रहे हैं और ख़ास तौर पर उस बात की जिसके लिये गांधी जी ने अपनी जान दी है.

आज गंगा के किनारे पर खड़े हुए हमें अपने दिलों को टटोलना और अपने आप से यह सवाल करना चाहिये कि हम गांधी जी के बताये हुए रास्ते पर कहाँ तक चले हैं और हमने दूसरों के साथ शान्ति और सहयोग के साथ जीवन बिताने की किस हद तक कोशिश की है ? अगर आज भी हम सीधा रास्ता अपना लें तो यह चीज़ हमारे देश के लिये बहुत ही अच्छी होगी.

हमारे देश ने एक महान इन्सान को जन्म दिया था और यह व्यक्ति हिन्दुस्तान ही के लिये नहीं बल्कि सारी दुनिया के लिये रोशनी की हैसियत रखता था. लेकिन उसे हमारे भाइयों और हमारे देश वासियों ने मौत के घाट उतार दिया. ऐसा क्यों हुआ ? आप कहेंगे कि यह एक पागलपन का काम था लेकिन इससे

صدیوں تک ہمارے دیش کو روشن کرتی رہے گی۔ پھر ہم گاندھی جی کے لئے شوک کیوں منائیں؟ ہمیں تو اپنے لئے رونا چاہیے۔ اپنی کمزوریوں پر شوک منانا چاہیے۔ ہمیں اپنی چھاتی تو اپنے دلوں کی سیاہی، اپنے مت بھیدوں، اپنے جھگڑوں کے لئے پیٹنی چاہیے۔ یاد رکھئے کہ گاندھی نے ہماری انھیں برائیوں کو دور کرنے کے لئے اپنی جان دی ہے اور پچھلے کچھ مہینوں میں انھوں نے پورا دھیان اور ساری شکتی اسی پر لگائی ہے۔ اگر ہم اُن کی عزت کرتے ہیں تو میں پوچھتا ہوں کہ یہ عزت ان کے نام کی ہونی چاہیے یا ان سدھانتوں کی جن کی گاندھی جی وکالت کرتے رہے ہیں، ان تعلیموں اور صلاحوں کی جو وہ دیتے رہے ہیں اور خاص طور پر اس بات کی جس کے لئے گاندھی جی نے اپنی جان دی ہے۔

آج گنگا کے کنارے پر کھڑے ہوئے ہمیں اپنے دلوں کو ٹٹولنا اور اپنے آپ سے یہ سوال کرنا چاہیئے کہ ہم گاندھی جی کے بتائے ہوئے راستے پر کہاں تک چلے ہیں اور ہم نے دوسروں کے ساتھ شانتی اور سہیوگ کے ساتھ جیون بتانے کی کس حد تک کوشش کی ہے؟ اگر آج بھی ہم سیدھا راستہ اپنا لیں تو یہ چیز ہمارے دیش کے لئے بہت ہی اچھی ہوگی۔

ہمارے دیش نے ایک مہان انسان کو جنم دیا تھا اور یہ ویکتی ہندوستان ہی کیلئے نہیں بلکہ ساری دنیا کیلئے روشنی کی حیثیت رکھتا تھا۔ لیکن اُسے ہمارے بھائیوں اور ہمارے دیش واسیوں نے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ ایسا کیوں ہوا؟ آپ کہیں گے کہ یہ ایک پاگل پن کا کام تھا لیکن اس سے

इस दुर्घटना की व्याख्या नहीं हो सकती. बल्कि यह दुर्घटना सिर्फ इसलिये हो सकी कि इसका बीज नफ़रत और दुश्मनी के जहर में बोया गया था. फिर उस पेड़ की जड़ें सारे देश में फैल गईं और इससे हमारी क़ौम के बेशुमार लोगों पर असर पड़ा. इसी बीज से यह जहरीला पौधा पैदा हुआ. इसलिये हमारा फ़र्ज़ है कि हम नफ़रत और अविश्वास के इस जहर का मुक़ाबला करें. अगर हमने गांधी जी से कोई सबक़ लिया है तो हमें अपने दिल में किसी व्यक्ति की तरफ़ से भी नफ़रत और दुशमनी नहीं रखनी चाहिये. हमारा दुशमन कोई एक व्यक्ति नहीं बल्कि हमारा दुशमन तो वह जहर है जो लोगों के अन्दर मौजूद है. हम उसी का मुक़ाबला करते हैं और हमें उसी को खतम करना चाहिये. हम निर्बल और कमज़ोर हैं लेकिन एक हद तक गांधी जी की शक्ति भी हमारे साथ शामिल हो गई है. उनकी जीत और फ़तेह की परछाइयाँ हमारी शारीरिक शक्ति बढ़ाने का कारन भी बनी हैं. ताक़त और बड़ाई उन्हीं की थी और वह रास्ता भी जो उन्होंने हमें दिखाया था, उन्हीं का रास्ता था. हम उस रास्ते पर चलते और गांधी जी की ख़ाहिश के अनुसार अपने देशवासियों की सेवा करने की कोशिश करते हुए बार-बार डगमगाये और अकसर गिर भी पड़े.

अब हमारी ताक़त का सहारा मौजूद नहीं. लेकिन मुझे यह बात नहीं कहनी चाहिये. आज यहाँ जो दस लाख आदमी मौजूद हैं उनके दिल में गांधी जी की मूर्ती रक्खी हुई है और हमारे वह करोड़ों देश वासी भी जो यहाँ मौजूद नहीं हैं उन्हें कभी भूल नहीं सकते. फिर आने वाली वह पीढ़ियाँ भी, जिन्होंने न तो उन्हें देखा

اس دُرگھٹنا کی وباکھیا نہیں ہوسکتی۔ بلکہ یہ دُرگھٹنا صرف اس لئے ہوسکی کہ اس کا بیج نفرت اور دشمنی کے زہر میں بویا گیا تھا۔ پھر اُس پیڑ کی جڑیں سارے دیش میں پھیل گئیں اور اس سے ہماری قوم کے بے شمار لوگوں پر اثر پڑا۔ اسی بیج سے یہ زہریلا پودہ پیدا ہوا۔ اس لئے ہمارا فرض ہے کہ ہم نفرت اور اوشواس کے اس زہر کا مقابلہ کریں۔ اگر ہم نے گاندھی جی سے کوئی سبق لیا ہے تو ہمیں اپنے دل میں کسی ویکتی کی طرف سے بھی نفرت اور دشمنی نہیں رکھنی چاہیئے۔ ہمارا دشمن کوئی ایک ویکتی نہیں بلکہ ہمارا دشمن تو وہ زہر ہے جو لوگوں کے اندر موجود ہے ہم اسی کا مقابلہ کرتے ہیں اور ہمیں اسی کو ختم کرنا چاہیئے۔ ہم نربل اور کمزور ہیں لیکن ایک حد تک گاندھی جی کی شکتی بھی ہمارے ساتھ شامل ہو گئی ہے۔ ان کی جیت اور فتح کی پرچھائیاں ہماری شاریرک شکتی بڑھانے کا کارن بھی بنی ہیں طاقت اور بڑائی انھیں کی تھی اور وہ راستہ بھی جو انھوں نے ہمیں دکھایا تھا، انھیں کا راستہ تھا۔ ہم اس راستے پر چلتے اور گاندھی جی کی خواہش کے انوسار اپنے دیش واسیوں کی سیوا کرنے کی کوشش کرتے ہوئے بار بار ڈگمگائے اور اکثر گر بھی پڑے۔

اب ہماری طاقت کا سہارا موجود نہیں۔ لیکن مجھے یہ بات نہیں کہنی چاہیئے۔ آج یہاں جو دس لاکھ آدمی موجود ہیں ان کے دل میں گاندھی جی کی مورتی رکھی ہوئی ہے اور ہمارے وہ کروڑوں دیش واسی جو یہاں موجود نہیں ہیں انھیں کبھی بھول نہیں سکتے۔ پھر آنے والی وہ پیڑھیاں بھی، جنھوں نے نہ تو انھیں دیکھا

है और न अभी तक उनके बारे में कुछ सुना है, इस मूर्ती को अपने दिल में जगह देंगी क्योंकि अब यह मूर्ती हिन्दुस्तान की विरासत और तारीख़ का एक अंश बन गई है. आज से तीस या चालीस साल पहले वह जमाना शुरू हुआ था जिसे 'गांधी युग' के नाम से याद किया जाता है और आज यह युग ख़तम होगया... लेकिन नहीं, मैंने यह बात ग़लत कही है क्योंकि यह युग ख़तम नहीं हुआ बल्कि शायद यह युग सच्चे मानी में अब शुरू हुआ है. लेकिन किसी हद तक बदले हुए रूप में. उस वक़्त तक हम सलाह और सहायता के लिये उनकी तरफ़ देखते रहते थे लेकिन अब आगे हमें अपने पैरों पर खड़ा होना और अपनी जान पर भरोसा करना पड़ेगा. हमारी ख़ाहिश है कि उनकी याद हमारे अन्दर अमल का जज़्बा पैदा करे और उनकी तालीम हमारे रास्ते को रोशन करती रहे. हमें उनके इस बार-बार दिये हुए संदेश को याद रखना चाहिये कि—अपने दिलों से डर और झगड़े फ़साद के भाव को निकाल दो, हिंसा को ख़तम कर दो और आपस के झगड़ों को सदा के लिये भुला कर अपने देश की आज़ादी को बनाये रक्खो.

गांधी जी हमें आज़ादी की मंज़िल तक लाये और इस मंज़िल तक पहुँचने के लिये जो रास्ता अपनाया, दुनिया उसे देख कर हैरान रह गई. लेकिन आज़ादी मिलने के बाद उसी छन हमने अपने गुरू की शिक्षा को भुला दिया. हैवानियत और बरबरियत की एक लहर ने हमारी क़ौम पर क़ाबू पा लिया और सारी दुनिया में हिन्दुस्तान के उजले और ख़ूबसूरत नाम को बट्टा लग गया. हमारे बहुत से नौजवान बहक कर ग़लत रास्ते पर पड़ गये. क्या हमें

ہے اور نہ ابھی تک ان کے بارے میں کچھ سنا ہے، اس مورتی کو اپنے دل میں جگہ دیں گی۔ کیونکہ اب یہ مورتی ہندوستان کی وراثت اور تاریخ کا ایک انش بن گئی ہے۔ آج سے تیس یا چالیس سال پہلے وہ زمانہ شروع ہوا تھا جسے "گاندھی یگ" نام سے یاد کیا جاتا ہے اور آج یہ یگ ختم ہوگیا......... لیکن نہیں، میں نے یہ بات غلط کہی ہے کیونکہ یہ یگ ختم نہیں ہوا بلکہ شاید یہ یگ سچے معنی میں اب شروع ہوا ہے۔ لیکن کسی حد تک بدلے ہوئے روپ میں۔ اُس وقت تک ہم صلاح اور سہایتا کے لئے ان کی طرف دیکھتے رہتے تھے لیکن اب آگے ہمیں اپنے پیروں پر کھڑا ہونا اور اپنی جان پر بھروسہ کرنا پڑے گا۔ ہماری خواہش ہے کہ ان کی یاد ہمارے اندر عمل کا جذبہ پیدا کرے اور ان کی تعلیم ہمارے راستے کو روشن کرتی رہے۔ ہمیں اُن کے اس بار بار دئے ہوئے سندیش کو یاد رکھنا چاہئے کہ اپنے دلوں سے ڈر اور جھگڑے فساد کے بھاؤ کو نکال دو۔ ہنسا کو ختم کردو اور آپس کے جھگڑوں کو سدا کے لئے بھلا کر اپنے دیش کی آزادی کو بنائے رکھو۔

گاندھی جی ہمیں آزادی کی منزل تک لائے اور اس منزل تک پہنچنے کے لئے جو راستہ اپنایا، دنیا اُسے دیکھ کر حیران رہ گئی۔ لیکن آزادی ملنے کے بعد اسی چھن ہم نے اپنے گرو کی شکشا کو بھلا دیا۔ حیوانیت اور بربریت کی ایک لہر نے ہمارے قوم پر قابو پا لیا اور۔ ساری دنیا میں ہندوستان کے اُجلے اور خوبصورت نام کو بٹہ لگ گیا۔ ہمارے بہت سے نوجوان بہک کر غلط راستے پر پڑ گئے۔ کیا ہمیں

उन्हें अपने दायरे से निकाल देना या कुचल डालना चाहिये ? नहीं ! वह हमारी ही क़ौम के लोग हैं. हमें उनके ग़लत विचारों को बदल कर उन्हें सही विचारों के साँचे में ढालना और उनको सही शिक्षा देनी चाहिये.

अगर हम होशियार न रहे और हमने वक़्त पर सही क़दम न उठाया तो फ़िरक़ापरस्ती का वह ज़हर, जो हमारी मौजूदा तबाही का कारन बना है, हमारी आज़ादी को ही ख़तम कर देगा. दो तीन हफ़्ता पहले गांधी जी ने आख़िरी बार जो व्रत शुरू किया था उसका मक़सद यही था कि हम ग़फ़लत की नींद से जाग कर उस ख़तरे को देख सकें जो हमारे सरों पर मँडरा रहा है. उनकी इस अपनी मर्ज़ी से की हुई सरफ़रोशी ने क़ौम की आत्मा को जगा दिया था और हमने उनके सामने इस बात का वचन दिया था कि अब हम अच्छे रास्ते पर चलेंगे और हमारे इस यक़ीन दिलाने के बाद ही वह व्रत तोड़ने पर राज़ी हुए थे.

गांधी जी हफ़्ते में एक दिन ख़ामोश रहा करते थे. लेकिन अब वह आवाज़ हमेशा के लिये ख़ामोश हो गई और यह मौन सदा के लिये रहेगा. लेकिन फिर भी वह आवाज़ इस वक़्त भी हमारे कानों में आ रही है और हमारे दिल उसे सुन रहे हैं. हमारे देश-वासी हमेशा दिल के कानों से इस आवाज़ को सुनते रहेंगे. इतना ही नहीं, बल्कि यह आवाज़ हज़ारों साल तक हिन्दुस्तान की सरहद के पार भी गूंजती रहेगी. क्यों ? इस लिये कि यह आवाज़ सचाई की थी और अगरचे कभी कभी सचाई की आवाज़ को दबा भी

انھیں اپنے دائرے سے نکال دینا یا کچل ڈالنا چاہیئے؟ نہیں! وہ ہماری ہی قوم کے لوگ ہیں۔ ہمیں ان کے غلط وچاروں کو بدل کر انھیں صحیح وچاروں کے سانچے میں ڈھالنا اور ان کو صحیح شکشا دینی چاہیئے۔

اگر ہم ہوشیار نہ رہے اور ہم نے وقت پر صحیح قدم نہ اٹھایا تو فرقہ پرستی کا وہ زہر، جو ہماری موجودہ تباہی کا رن بنا ہے، ہماری آزادی کو ہی ختم کر دے گا۔ دو تین ہفتہ پہلے گاندھی جی نے آخری بار جو برت شروع کیا تھا اس کا مقصد یہی تھا کہ ہم غفلت کی نیند سے جاگ کر اُس خطرے کو دیکھ سکیں جو ہمارے سروں پر منڈلا رہا ہے۔ ان کی اس اپنی مرضی سے کی ہوئی سرفروشی نے قوم کی آتما کو جگا دیا تھا اور ہم نے ان کے سامنے اس بات کا بچن دیا تھا کہ اب ہم اچھے راستے پر چلیں گے اور ہمارے اس یقین دلانے کے بعد ہی وہ برت توڑنے پر راضی ہوئے تھے۔

گاندھی جی ہفتے میں ایک دن خاموش رہا کرتے تھے لیکن اب وہ آواز ہمیشہ کے لئے خاموش ہو گئی اور یہ مون سدا کے لئے رہے گا۔ لیکن پھر بھی وہ آواز اس وقت بھی ہمارے کانوں میں آ رہی ہے اور ہمارے دل اسے سُن رہے ہیں۔ ہمارے دیش واسی ہمیشہ دل کے کانوں سے اس آواز کو سنتے رہیں گے۔ اتنا ہی نہیں، بلکہ یہ آواز ہزاروں سال تک ہندوستان کی سرحد کے پار بھی گونجتی رہیگی۔ کیوں؟ اس لئے کہ یہ آواز سچائی کی تھی اور اگرچہ کبھی کبھی سچائی کی آواز کو دبا

के नज़दीक हिन्सा सच्चाई के उलटे रूप की हैसियत रखती थी इसलिये उन्हों ने हमारे सामने अमली हिन्सा की ही नहीं बल्कि दिल और दिमाग़ में हिन्सा का ख़याल लाने के ख़िलाफ़ भी प्रचार किया. अगर हम अपने बीच ज़ाहिर होने वाली हिन्सा को बन्द न करेंगे, एक दूसरे के मुक़ाबले में इन्तहाई सब्र व बरदाश्त और दोस्ती का सबूत न देंगे तो एक क़ौम की हैसियत से हमारा भविष्य बिलकुल तारीक हो जायगा. हिन्सा के रास्ते में मुसीबतें हैं और जहाँ हिन्सा काम करती है वहाँ आज़ादी की देवी आम तौर से बहुत दिनों तक नहीं टिकती. अगर हमारे बीच हिन्सा का जज़्बा और आपसी झगड़े मौजूद हैं तो स्वराज्य और जनता की आज़ादी का ज़िक्र एक बेमानी बात है.

इस मजमे में मुझे हिन्दुस्तानी फ़ौज के बहुत से सिपाही भी नज़र आरहे हैं. उनके लिये इस मुल्क की सरहदों और इज़्ज़त की हिफ़ाज़त करना एक गौरव का काम है. लेकिन वह यह काम उसी वक़्त कर सकते हैं जब वह एक होकर काम करें. अगर ख़ुद उनके बीच मतभेद पैदा हो गया तो फिर उनकी ताक़त की क्या क़द्र व क़ीमत बाक़ी रह सकती है, और वह किस तरह अपने देश की सेवा कर सकते हैं.

लोकशाही आपस में संगठन, संयम और एक दूसरे का लेहाज़ रखने की माँग करती है और आज़ादी का तक़ाज़ा यह है कि दूसरों की आज़ादी का भी आदर किया जाय. लोकशाही सरकारों के मातहत जो तबदीलियाँ की जाती हैं वह आपस की बात चीत और रज़ामंदी के तरीक़े पर की जाती हैं. हिंसा के साधन इस्तेमाल

کے نزدیک ہنسا سچائی کے اُلٹے روپ کی حیثیت رکھتی تھی اس لئے انھوں نے ہمارے سامنے عملی ہنسا کی ہی نہیں بلکہ دل اور دماغ میں ہنسا کا خیال لانے کے خلاف بھی پرچار کیا۔ اگر ہم اپنے بیچ ظاہر ہونے والی ہنسا کو بند نہ کریں گے، ایک دوسرے کے مقابلے میں انتہائی صبر و برداشت اور دوستی کا ثبوت نہ دیں گے تو ایک قوم کی حیثیت سے ہمارا بھوشیہ بالکل تاریک ہو جائے گا۔ ہنسا کے راستے میں مصیبتیں ہیں اور جہاں ہنسا کام کرتی ہے وہاں آزادی کی دیوی عام طور سے بہت دنوں تک نہیں ٹکتی۔ اگر ہمارے بیچ ہنسا کا جذبہ اور آپسی جھگڑے موجود ہیں تو سوراجیہ اور جنتا کی آزادی کا ذکر ایک بے معنی بات ہے۔

اس مجمع میں مجھے ہندوستانی فوج کے بہت سے سپاہی بھی نظر آرہے ہیں۔ ان کے لئے اس ملک کی سرحدوں اور عزت کی حفاظت کرنا ایک گورو کا کام ہے۔ لیکن وہ یہ کام اسی وقت کر سکتے ہیں جب وہ ایک ہوکر کام کریں۔ اگر خود ان کے بیچ مت بھید پیدا ہو گیا تو پھر ان کی طاقت کی کیا قدر و قیمت باقی رہ سکتی ہے، اور وہ کس طرح اپنے دیش کی سیوا کر سکتے ہیں۔

لوک شاہی آپس میں سنگٹھن، سنیم اور ایک دوسرے کا لحاظ رکھنے کی مانگ کرتی ہے اور آزادی کا تقاضا یہ ہے کہ دوسروں کی آزادی کا بھی آدر کیا جائے۔ لوک شاہی سرکاروں کے ماتحت جو تبدیلیاں کی جاتی ہیں وہ آپس کی بات چیت اور رضامندی کے طریقے پر کی جاتی ہیں۔ ہنسا کے سادھن استعمال

करके नहीं की जातीं. अगर किसी सरकार को जनता की हिमायत हासिल नहीं होती तो दूसरी सरकार जिसे यह हिमायत हासिल होती है, उसकी जगह ले लेती है. हाँ कुछ छोटी-छोटी पार्टियाँ, जिन्हें जनता का समर्थन और हिमायत हासिल नहीं होती, वह हिंसा की कारवाइयाँ करने पर उतर आती हैं और अपनी हिमाक़त के कारन यह समझती हैं कि इस तरह वह अपने मक़सद को हासिल कर लेंगी. उनका यह ख़याल सिर्फ़ ग़लत ही नहीं बल्कि बेवक़ूफ़ी से भी भरा होता है, क्योंकि इन थोड़े से लोगों की इस हिंसा का जिससे वह ज़्यादा लोगों को डराने की कोशिश करती हैं, यह नतीजा होता है कि ज़्यादा लोग भी जोश में आकर हिंसा पर उतर आते हैं.

इस ज़बरदस्त दुर्घटना के होने का कारन यह है कि बहुत से लोगों ने, जिनमें कुछ बड़ी हैसियत के लोग भी हैं, हमारे देश की हवा को ज़हरीला बना दिया है. सरकार और जनता का फ़र्ज़ है कि वह इस ज़हर के असर की जड़ तक उखाड़ कर फेंक दे. हमने यह सबक़ इतनी क़ीमत अदा करने के बाद हासिल किया है जिसकी कल्पना भी नहीं की जा सकती. क्या इस वक़्त भी यहाँ हमारे बीच कोई ऐसा व्यक्ति मौजूद है जो गांधी जी के बाद भी उनका मिशन पूरा करने के लिये प्रतिज्ञा न करेगा ? उस मिशन को पूरा करने की प्रतिज्ञा, जिसके लिये हमारे देश की ही सबसे बड़ी हस्ती नहीं बल्कि दुनिया की सबसे बड़ी हस्ती ने अपनी जान क़ुरबान कर दी.

आप, मैं ग़रज़ कि हम सब अपने देश की इस पवित्र जमुना नदी

کرکے نہیں کی جاتیں۔ اگر کسی سرکار کو جنتا کی حمایت حاصل نہیں ہوتی تو دوسری سرکار جسے یہ حمایت حاصل ہوتی ہے اس کی جگہ لے لیتی ہے۔ ہاں کچھ چھوٹی چھوٹی پارٹیاں، جنھیں جنتا کا سمرتھن اور حمایت حاصل نہیں ہوتی، وہ ہنسا کی کارروائیاں کرنے پر اتر آتی ہیں اور اپنی حماقت کے کارن یہ سمجھتی ہیں کہ اس طرح وہ اپنے مقصد کو حاصل کرلیں گی۔ ان کا یہ خیال صرف غلط ہی نہیں بلکہ بے وقوفی سے بھی بھرا ہوتا ہے، کیونکہ ان تھوڑے سے لوگوں کی اس ہنسا کا جس سے وہ زیادہ لوگوں کو ڈرانے کی کوشش کرتی ہیں، یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ زیادہ لوگ بھی جوش میں آکر ہنسا پر اتر آتے ہیں۔

اس زبردست دُرگھٹنا کے ہونے کا کارن یہ ہے کہ بہت سے لوگوں نے جن میں کچھ بڑی حیثیت کے لوگ بھی ہیں، ہمارے دیش کی ہوا کو زہریلا بنا دیا ہے۔ سرکار اور جنتا کا فرض ہے کہ وہ اس زہر کے اثر کی جڑ تک اکھاڑ کر پھینک دے۔ ہم نے یہ سبق اتنی قیمت ادا کرنے کے بعد حاصل کیا ہے جس کی کلپنا بھی نہیں کی جا سکتی۔ کیا اس وقت بھی یہاں ہمارے بیچ کوئی ایسا ویکتی موجود ہے جو گاندھی جی کے بعد بھی ان کا مشن پورا کرنے کے لئے پرتگیا نہ کرے گا؟ اس مشن کو پورا کرنے کی پرتگیا، جس کے لئے ہمارے دیش کی ہی سب سے بڑی ہستی نہیں بلکہ دنیا کی سب سے بڑی ہستی نے اپنی جان قربان کر دی۔

آپ، میں غرض کہ ہم سب اپنے دیش کی اس پوتر جمنا ندی

के रेतीले मैदान से अपने अपने घर चले आयेंगे, हमें तनहाई और उदासी महसूस होगी और अब हम फिर कभी गांधी जी को न देख सकेंगे. जब कभी हमारे सामने कोई अहम सवाल आ जाता था, जब किसी मामले में कोई शक व शुबह पैदा हो जाता था तो हम सलाह और रहनुमाई हासिल करने के लिये गांधी जी के पास चले जाते थे, लेकिन अब हमें सलाह देने और हमारे बोझ को हलका करने के लिये कोई हस्ती मौजूद नहीं. फिर अकेला मैं या चन्द लोग ही गांधी जी की मदद हासिल करने के लिये उनकी तरफ़ नहीं देखते थे बल्कि इस देश के हज़ारों नहीं बल्कि लाखों आदमी उन्हें अपना दोस्त और सलाहकार समझते थे. हम लोग महसूस करते हैं कि उनके सामने हमारी हैसियत बच्चों जैसी थी. वह सही तौर पर क़ौम के बाप कहलाते थे और आज करोड़ों घरों में इसी तरह शोक मनाया जा रहा है जिस तरह अपने प्यारे बाप की मौत पर मनाया जाता है.

हाँ, तो हम नदी के इस किनारे से उदास और ग़मगीन वापस जायेंगे लेकिन हम इस बात पर फ़ख़ भी करेंगे कि हमें अपने सरदार, अपने रहनुमा, अपने दोस्त और उस महा पुरुष को देखने, उसके साथ रहने, उससे बात करने और उसे उसकी आख़िरी मंज़िल तक पहुँचाने का गौरव प्राप्त हुआ है जिसने हमें आज़ादी और सचाई के रास्ते की इन्तिहाई ऊँचाई पर पहुंचाया था. संघर्ष और जद्दोजेहद का रास्ता भी, जो गांधी जी ने हमें बताया था, सचाई का ही रास्ता था. इस बात को भूलना नहीं चाहिये कि उन्होंने हमें जो राह दिखाई थी, वह हिमालय की चोटियों पर ख़ामोशी के साथ

ندی کے ریتیلے میدان سے اپنے اپنے گھر چلے جائیں گے، ہمیں تنہائی اور اداسی محسوس ہوگی اور اب ہم پھر کبھی گاندھی جی کو نہ دیکھ سکیں گے. جب کبھی ہمارے سامنے کوئی اہم سوال آجاتا تھا، جب کسی معاملے میں کوئی شک وشبہ پیدا ہو جاتا تھا تو ہم صلاح اور رہنمائی حاصل کرنے کے لئے گاندھی جی کے پاس چلے جاتے تھے، لیکن اب ہمیں صلاح دینے اور ہمارے بوجھ کو ہلکا کرنے کے لئے کوئی ہستی موجود نہیں. پھر اکیلا میں یا چند لوگ ہی گاندھی جی کی مدد حاصل کرنے کے لئے ان کی طرف نہیں دیکھتے تھے بلکہ اس دیش کے ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں آدمی انھیں اپنا دوست اور صلاح کار سمجھتے تھے. ہم لوگ محسوس کرتے ہیں کہ اُن کے سامنے ہماری حیثیت بچّوں جیسی تھی. وہ صحیح طور پر قوم کے باپ کہلاتے تھے اور آج کروڑوں گھروں میں اسی طرح شوک منایا جا رہا ہے جس طرح اپنے پیارے باپ کی موت پر منایا جاتا ہے.

ہاں، تو ہم ندی کے اس کنارے سے اُداس اور غمگین واپس جائیں گے لیکن ہم اس بات پر فخر بھی کریں گے کہ ہمیں اپنے سردار، اپنے رہنما، اپنے دوست اور اُس مہا پرش کو دیکھنے اس کے ساتھ رہنے، اس سے بات کرنے اور اسے اس کی آخری منزل تک پہنچانے کا گورو پراپت ہوا ہے جس نے ہمیں آزادی اور سچائی کے راستے کی انتہائی اونچائی پر پہنچایا تھا. اور جد و جہد کا راستہ بھی، جو گاندھی جی نے ہمیں بتایا تھا، سچائی کا ہی راستہ تھا. اس بات کو بھولنا نہیں چاہیئے کہ انھوں نے ہمیں جو راہ دکھائی تھی، وہ ہمالہ کی چوٹیوں پر خاموشی کے ساتھ

बैठने की राह नहीं बल्कि नेकी के लिये बुराई के साथ जंग करने की राह थी. इसलिये हमें मैदान से बच निकलने और आराम करने की राहें तलाश करने के बजाय लड़ते रहना चाहिये. हमें अपना फ़र्ज़ अदा करना और उस अहद को पूरा करना है जो हमने गांधी जी के सामने किया था. हमें सचाई और धर्म के रास्ते पर चलना चाहिये और हिन्दुस्तान को एक ऐसा महान देश बना देना चाहिये जहाँ विश्वास और शान्ति की हवा मौजूद हो और धर्म व जाति के भेद भाव के बग़ैर हर मर्द और औरत इज़्ज़त और आज़ादी का जीवन बिता सके.

हम कितनी बार महात्मा जी की जय का नारा बलन्द करते हैं और यह नारा लगाकर हम ख़याल कर लेते हैं कि हमने अपना फ़र्ज़ अदा कर दिया है. गांधी जी को इस शोर गुल से हमेशा तकलीफ़ महसूस होती थी क्योंकि वह जानते थे कि यह नारा बेहक़ीक़त है और कभी कभी काम करने और सोच विचार करने की जगह भी नारों को ही दी जाती थी. महात्मा जी की जय का मतलब है महात्मा जी की जीत हो. लेकिन हम गांधी जी के लिये किस जीत की तमन्ना कर सकते हैं? उन्हें तो ज़िन्दगी और मौत दोनों में जीत हासिल हुई. अब तो आपको, मुझे और इस बदनसीब मुल्क को विजय हासिल करने के लिये संघर्ष की ज़रूरत है.

ज़िन्दगी भर गांधी जी हिन्दुस्तान को ग़रीबों और दबी कुचली हुई जनता की निगाह से देखते रहे. उनकी ज़िन्दगी का मिशन उनको ऊँचा उठाना और आज़ाद कराना था. उन्होंने अपनी ज़िन्दगी को उन्हीं जैसा बना लिया और उन्हीं जैसा लिबास पहनने लगे, जिसमें

بیٹھنے کی راہ نہیں بلکہ نیکی کے لئے برائی کے ساتھ جنگ کرنے کی راہ تھی۔ اس لئے ہمیں میدان سے بچ نکلنے اور آرام کرنے کی راہیں تلاش کرنے کے بجائے لڑتے رہنا چاہیئے۔ ہمیں اپنا فرض ادا کرنا اور اس عہد کو پورا کرنا ہے جو ہم نے گاندھی جی کے سامنے کیا تھا۔ ہمیں سچائی اور دھرم کے راستے پر چلنا چاہیئے اور ہندستان کو ایک ایسا مہان دیش بنا دینا چاہیئے جہاں وشواس اور شانتی کی ہوا موجود ہو اور دھرم و جاتی کے بھید بھاؤ کے بغیر ہر مرد اور عورت عزّت اور آزادی کا جیون بتا سکے۔

ہم کتنی بار مہاتما جی کی جے کا نعرہ بلند کرتے ہیں اور یہ نعرہ لگا کر ہم خیال کر لیتے ہیں کہ ہم نے اپنا فرض ادا کر دیا ہے۔ گاندھی جی کو اس شور غل سے ہمیشہ تکلیف محسوس ہوتی تھی کیوں کہ وہ جانتے تھے کہ یہ نعرہ بے حقیقت ہے اور کبھی کبھی کام کرنے اور سوچ وچار کرنے کی جگہ بھی نعروں کو ہی دی جاتی تھی۔ مہاتما جی کی جے کا مطلب ہے مہاتما جی کی جیت ہو۔ لیکن ہم گاندھی جی کے لئے کس جیت کی تمنّا کر سکتے ہیں؟ انھیں تو زندگی اور موت دونوں میں جیت حاصل ہوئی۔ اب تو آپ کو، مجھے اور اس بدنصیب ملک کو جے حاصل کرنے کے لئے سنگھرش کی ضرورت ہے۔

زندگی بھر گاندھی جی ہندستان کو غریبوں اور دبی کچلی ہوئی جنتا کی نگاہ سے دیکھتے رہے۔ ان کی زندگی کا مشن ان کو اونچا اٹھانا اور آزاد کرانا تھا۔ انھوں نے اپنی زندگی کو انھیں جیسا بنا لیا اور انھیں جیسا لباس پہننے لگے، جس میں

कि मुल्क से छोटे बड़े का भेद उठ जाय. गांधी जी की जय का मतलब दर असल उन लोगों की आज़ादी और तरक़्क़ी ही है.

गांधी जी हमारे लिये किस तरह की जीत और कामयाबी चाहते थे ? वह जीत और कामयाबी नहीं जिसे हासिल करने के लिये बहुत सी क़ौमें और देश हिंसा, धोका व फ़रेब और बुराइयों के ज़रिये इख़्तियार कर रहे हैं. इस तरह की जीत टिकाऊ नहीं होती. टिकाऊ जीत और विजय की बुनियाद तो सच्चाई की चट्टान पर ही रक्खी जा सकती है. गांधी जी ने हमें आज़ादी की लड़ाई के ढंग, और डिपलोमेसी की नई राह दिखाई है और उन्होंने राजनीति में सच्चाई, आपस का विश्वास और अहिंसा का इस्तेमाल करके दुनिया को अपने तजरबे की कामयाबी दिखलादी है. उन्होंने हमें सियासी और मज़हबी विश्वासों के अलग अलग होने के बावजूद एक हिन्दुस्तानी और शहरी होने के नाते हर इन्सान की इज़्ज़त करने और उसके साथ सहयोग करने का सबक़ दिया है. हम सब भारत माता के बेटे हैं और हमें इसी देश में जीना और यहीं मरना है. हमने जो आज़ादी हासिल की है उसमें हम सब बराबर के शरीक हैं और आज़ाद हिन्दुस्तान तरक़्क़ी की जो सुविधायें पहुँचा सकता है और आज़ादी के कारन जो फ़ायदे हो सकते हैं, हमारे देश के सारे निवासियों का उनपर बराबर का हक़ है. गांधी जी ने कुछ चुने हुए लोगों के फ़ायदे के लिये ही यह लड़ाई नहीं लड़ी थी और न उनके जान देने का मक़सद ही यह है. हमें गांधी जी के ही बताये हुए रास्ते पर चलकर उन्हीं के मक़सदों को पूरा करने की कोशिश करनी चाहिये. उस समय हम अपने को 'गान्धी जी की जय' का नारा लगाने का सही अधिकारी साबित कर सकेंगे.

کہ ملک سے چھوٹے بڑے کا بھید اٹھ جائے۔ گاندھی جی کی جے کا مطلب در اصل ان لوگوں کی آزادی اور ترقی ہی ہے۔

گاندھی جی ہمارے لئے کس طرح کی جیت اور کامیابی چاہتے تھے؟ وہ جیت اور کامیابی نہیں جسے حاصل کرنے کے لئے بہت سی قومیں اور دیش ہنسا، دھوکا و فریب اور برائیوں کے ذریعے اختیار کر رہے ہیں۔ اس طرح کی جیت ٹکاؤ نہیں ہوتی۔ ٹکاؤ جیت اور وجے کی بنیاد تو سچائی کی چٹان پر ہی رکھی جا سکتی ہے۔ گاندھی جی نے ہمیں آزادی کی لڑائی کے ڈھنگ، اور ڈپلومیسی کی نئی راہ دکھائی ہے اور انھوں نے راج نیتی میں سچائی، آپس کا وشواس اور اہنسا کا استعمال کرکے دنیا کو اپنے تجربے کی کامیابی دکھلا دی ہے۔ انھوں نے ہمیں سیاسی اور مذہبی وشواسوں کے الگ الگ ہونے کے باوجود ایک ہندستانی اور شہری ہونے کے ناتے ہر انسان کی عزت کرنے اور اس کے ساتھ سہیوگ کرنے کا سبق دیا ہے۔ ہم سب بھارت ماتا کے بیٹے ہیں اور ہمیں اسی دیش میں جینا اور یہیں مرنا ہے۔ ہم نے جو آزادی حاصل کی ہے اس میں ہم سب برابر کے شریک ہیں اور آزاد ہندستان ترقی کی جو سودھائیں پہنچا سکتا ہے اور آزادی کے کارن جو فائدے ہو سکتے ہیں، ہمارے دیش کے سارے نواسیوں کا ان پر برابر کا حق ہے۔ گاندھی جی نے کچھ چنے ہوئے لوگوں کے فائدے کے لئے ہی یہ لڑائی نہیں لڑی تھی اور نہ ان کے جان دینے کا مقصد ہی یہ ہے۔ ہمیں گاندھی جی کے ہی بتائے ہوئے راستے پر چل کر انھیں کے مقصدوں کو پورا کرنے کی کوشش کرنی چاہئیے۔ اس سمے ہم اپنے کو 'گاندھی جی کی جے' کا نعرہ لگانے کا صحیح ادھیکاری ثابت کر سکیں گے۔

بابو

(ڈاکٹر مسعود حسین خاں)

کس نے زہر پیا!
تجھ کو جلانے ، مجھکو جلانے
دوڑ پڑا وہ بات نبھانے
جیون دان دیا
یہ کس نے زہر پیا!
بکھرے جاتے تھے دیوانے
بیچ میں آیا سب کو بچانے
ہنس ہنس گھاؤ لیا
یہ کس نے زہر پیا!
جس کی ہتیا میں بھی تھا ہت
شاعر کی آنکھوں نے امرت
اس کو نذر کیا
یہ کس نے زہر پیا!

बापू

(डाक्टर मसऊद हुसैन ख़ाँ)

यह किसने ज़हर पिया!
तुझको जिलाने, मुझको जिलाने
दौड़ पड़ा वह बात निभाने
जीवन दान दिया
यह किसने ज़हर पिया!
बिखरे जाते थे दीवाने
बीच में आया सबको बचाने
हँस हँस घाव लिया
यह किसने ज़हर पिया!
जिसकी हत्या में भी था हित
शायर की आँखों ने अमृत
उसको नज़्र किया
यह किसने ज़हर पिया!

"वह डबडबाई आँखों से देखता रहा......"

(भाई अली अब्बास हुसैनी)

सारी जनता ने एक साथ कहा—"हम आपका कहा मानेंगे, प्यारों की सौगंध खाकर के कहते हैं, हम ज़रूर मानेंगे ! बस आप इन विदेशियों की ग़ुलामी से छुटकारा पाने के उपाय बताइये !"

उसने कहा—"मैं तुम्हें आज़ादी दिलाकर रहूँगा. बस सच बोलो, सच का प्रचार करो, सच बात पर अड़े रहो, डटे रहो. सच्चे सत्याग्रही बनो !"

उन्होंने अचंभे से पूछा—"सच से और आज़ादी से क्या नाता ?"

उसने कहा—"अन्याय की नींव झूठ है, न्याय की जड़ सच है !"

किसी की समझ में कुछ न आया. वह एक दूसरे का मुँह देख कर सर खुजाने लगे. वह बुद्ध, कृष्ण, ईसा और मोहम्मद की सी बातें किया करता था. बीसवीं सदी के लोगों की समझ से यह बातें ऊँची थीं.

उसने समझाया—"अंगरेज़ दूसरे देश के रहने वाले हैं. उन्होंने तुम पर राज करके अन्याय किया है. दूसरे देश पर राज करना ही अन्याय है. इसलिये अगर तुम सत्याग्रही बनोगे तो तुम उनकी अन्याय की दीवार ढा दोगे, उस पिंजड़े को तोड़ दोगे जिसमें उन्होंने तुमको बन्द कर रक्खा है. तुम आज़ाद हो जाओगे !"

"وہ ڈبڈبائی آنکھوں سے دیکھتا رہا......"

(بھائی علی عباس حسینی)

ساری جنتا نے ایک ساتھ کہا: "ہم آپ کا کہا مانیں گے، پیاروں کی سوگندھ کھا کر کے کہتے ہیں، ہم ضرور مانیں گے، بس آپ اِن ودیشیوں کی غلامی سے چھٹکارا پانے کے اپائے بتائیے!"

اُس نے کہا: "میں تمہیں آزادی دلا کر رہوں گا۔ بس سچ بولو، سچ کا پرچار کرو، سچ بات پر اڑے رہو، ڈٹے رہو۔ سچے ستیاگرہی بنو!"

انھوں نے اچنبھے سے پوچھا: "سچ سے اور آزادی سے کیا ناتا؟"

اُس نے کہا: "انیائے کی نیو جھوٹ ہے، نیائے کی جڑ سچ ہے!"

کسی کی سمجھ میں کچھ نہ آیا۔ وہ ایک دوسرے کا منھ دیکھ کر سر کھجانے لگے۔ وہ بدھ، کرشن، عیسیٰ اور محمد کی سی باتیں کیا کرتا تھا۔ بیسویں صدی کے لوگوں کی سمجھ سے یہ باتیں اونچی تھیں۔

اُس نے سمجھایا: "انگریز دوسرے دیش کے رہنے والے ہیں۔ انھوں نے تم پر راج کر کے انیائے کیا ہے۔ دوسرے دیش پر راج کرنا ہی انیائے ہے۔ اس لئے اگر تم ستیاگرہی بنوگے تو تم اُن کی انیائے کی دیوار ڈھا دو گے، اس پنجرے کو توڑ دو گے جس میں انھوں نے تم کو بند کر رکھا ہے۔ تم آزاد ہو جاؤ گے!"

उनके कंठ के नीचे यह बात न उतरती थी. उन्होंने कहा—"अंगरेजी राज हथियार के बल पर क़ायम है. हम निहत्थे हैं. हम ज़रा सा भी अकड़े, टर्राये तो वह हमको भून डालेंगे !"

उसने कहा—"उनके हथियार टूट सकते हैं, बिगड़ सकते हैं, कम पड़ सकते हैं. मैं तुमको ऐसा हथियार देता हूँ जो सदा एक तरह रहेगा. न टूट फूट सकता है, न बिगड़ सकता है, न कम पड़ सकता है. उसका नाम है अहिंसा !"

वह फिर घबराकर उसका मुँह देखने लगे.

उसके चेहरे पर मीठी मुस्कुराहट दौड़ गई. उसने कहा—"घबराओ नहीं इस अहिंसा में अगरेज़ों की बन्दूक़ और तोप से भी अधिक शक्ति है. तुम बस इतना करो कि अंगरेजी सरकार तुम्हें जो हुकम दे उसे न मानो. पर टर्राओ नहीं. शोर न करो. अपनी बात मधुर शब्दों में धीरज से कहो. वह बहुत से बहुत यह कर सकते हैं कि तुमको मारें पीटें. वह गोली नहीं चला सकते. कोई भी शान्ति से काम करने वालों और काम लेने वालों पर गोली चला कर दुनिया को मुँह नहीं दिखा सकता. उनको सारी दुनिया में अपने को बदनामी से बचाने का भी ख़याल रखना होगा, इसलिये वह बहुत झल्लायेंगे तो यह करेंगे कि अपने अन्यायी क़ानून का नाम लेकर तुम्हें जेल में भर देंगे. पर सोचो तो कि कितनों को भरेंगे. हजार, दो हजार, लाख दो लाख ! पर हमारा देश तो चालीस करोड़ की बस्ती है."

اُن کے کنٹھ کے نیچے یہ بات نہ اُترتی تھی۔ انھوں نے کہا: "انگریزی راج ہتھیار کے بل پر قائم ہے۔ ہم نہتّے ہیں۔ ہم ذرا سا بھی اکڑے، ٹرّائے تو وہ ہم کو بھون ڈالیں گے!"

اُس نے کہا: "اُن کے ہتھیار ٹوٹ سکتے ہیں، بگڑ سکتے ہیں، کم پڑ سکتے ہیں۔ میں تم کو ایسا ہتھیار دیتا ہوں جو سدا ایک طرح رہے گا۔ نہ ٹوٹ پھوٹ سکتا ہے، نہ بگڑ سکتا ہے، نہ کم پڑ سکتا ہے۔ اُس کا نام ہے اہنسا!"

وہ پھر گھبرا کر اس کا مُنہ دیکھنے لگے۔

اس کے چہرے پر میٹھی مُسکراہٹ دوڑ گئی۔ اس نے کہا: "گھبراؤ نہیں اِس اہنسا میں انگریزوں کی بندوق اور توپ سے بھی اَدھِک شکتی ہے۔ تم بس اِتنا کرو کہ انگریزی سرکار تمہیں جو حکم دے اُسے نہ مانو۔ پر ٹرّاؤ نہیں۔ شور نہ کرو۔ اپنی بات مدھر شبدوں میں دھیرج سے کہو۔ وہ بہت سے بہت یہ کر سکتے ہیں کہ تم کو ماریں پیٹیں۔ وہ گولی نہیں چلا سکتے۔ کوئی بھی شانتی سے کام کرنے والوں اور کام لینے والوں پر گولی چلا کر دنیا کو مُنہ نہیں دکھا سکتا۔ اُن کو ساری دنیا میں اپنے کو بدنامی سے بچانے کا بھی خیال رکھنا ہوگا، اس لئے وہ بہت جھلّائیں گے تو یہ کریں گے کہ اپنے اَنیائی قانون کا نام لے کر تمہیں جیل میں بھر دیں گے۔ پر سوچو تو کتنوں کو بھریں گے۔ ہزار، دو ہزار، لاکھ دو لاکھ! پر ہمارا دیش تو چالیس کروڑ کی بستی ہے۔"

उसने कहा—"क्या तुमने यह भी सोचा कि यह चोर उचक्के क्यों बने ? यह पेट के मारे हैं, हमारे ही भाई हैं. इनका पेट भर दो. इनका उचक्कापन छूट जाय...पर यह तो राम राज़ में होगा... पहले तो हमें यहाँ से इन अंगरेज़ों को निकालना है. सो इसके लिये तो जेल जाना ही पड़ेगा."

उन्होंने फिर दबी ज़बान से कहा—"लोग हँसेंगे."

उसका चेहरा तमतमा उठा—"मूर्खो ! जब देश में विदेशी राज है तो यहाँ की सारी जनता क़ैदी है, दास है. चोर उचक्कों से भी नीच, कायर ! हम जेल जाकर यह कायर पन खो देंगे. वीर बन जायँगे. मन की बात बेधड़क कहने वाले, दुश्मन से आँख मिलाकर उसको अन्याय पर टोकने वाले. हम आज छोटे हैं, कल बड़े बन जायँगे."

वह उसकी कड़ुवी बातें भी नीम के रस की तरह पी गये. जनता के शरीर में नया लहू दौड़ने लगा.

उसने कहा—"रोलट बिल तोड़ो !"

डरने वाले बिलों में छिप रहे. वीर निकल खड़े हुए. उन्होंने कहा—"तन मन धन सब तेरा है, जिस रास्ते जो चाहे ले चल."

उसने उनके हाथ में अहिंसा की लाठी दे दी और वह उसे अपनी कमज़ोरियों का सहारा बनाये हुए बढ़ने लगे. ठाठें मारते हुए सागर की तरह बढ़ने लगे. उन्होंने राज महल की दीवारें हिला दीं. उन्होंने लोहे की चादरों में छेद कर दिये. उन्होंने अंगरेज़ों के पहाड़ों जैसे जमे हुए पाँव उखाड़ डाले.

उसके कहे पर एक एक करके राज के अन्याई क़ानून तोड़ डाले

اُس نے کہا "کبھی تم نے یہ بھی سوچا کہ یہ چور اُچکّے کیوں بنے؟ یہ پیٹ کے مارے ہیں، ہمارے ہی بھائی ہیں۔ اِن کا پیٹ بھر دو۔ اِن کا اُچکّا پن چھوٹ جائے.... پر یہ تو رام راج میں ہوگا.... پہلے تو ہمیں یہاں سے ان انگریزوں کو نکالنا ہے۔ سو اس کے لئے تو جیل جانا ہی پڑیگا۔"

اُنھوں نے پھر دبی زبان سے کہا "لوگ ہنسیں گے۔"

اس کا چہرہ تمتما اٹھا "مورکھو! جب دیش میں ودیشی راج ہے تو یہاں کی ساری جنتا قیدی ہے، داس ہے۔ چور اُچکّوں سے بھی نیچ۔ کائر! ہم جیل جاکر یہ کائر پن کھودیں گے۔ ویر بن جائیں گے۔ من کی بات بے دھڑک کہنے والے، دشمن سے آنکھ ملاکر اس کو انیائے پر ٹوکنے والے۔ ہم آج چھوٹے ہیں، کل بڑے بن جائیں گے۔"

(۳۹)

وہ اس کی کڑوی باتیں بھی نیم کے رس کی طرح پی گئے۔ جنتا کے شریر میں نیا لہو دوڑنے لگا۔

اس نے کہا "رولٹ بل توڑ دو!"

ڈرنے والے بلوں میں چھپ رہے۔ ویر نکل کھڑے ہوئے۔ انھوں نے کہا "تن من دھن سب تیرا ہے، جس راستے جی چاہے لے چل۔"

اس نے اُن کے ہاتھ میں اہنسا کی لاٹھی دے دی اور وہ اُسے اپنی کمزوریوں کا سہارا بنائے ہوئے بڑھنے لگے۔ ٹھاٹھیں مارتے ہوئے ساگر کی طرح بڑھنے لگے۔ انھوں نے راج محل کی دیواریں ہلا دیں۔ انھوں نے لوہے کی چادروں میں چھید کر دیئے۔ انھوں نے انگریزوں کے پہاڑوں جیسے جمے ہوئے پاؤں اکھاڑ ڈالے۔

اس کے کہنے پر ایک ایک کرکے راج کے انیائی قانون توڑ ڈالے

गये. दुश्मन इन निहत्थों की वीरता से घबरा गया. उसने अपने जासूसों से काम लेकर जनता में फूट डाल दी. ऊँच नीच का सवाल और हिन्दू मुसलिम सवाल खड़ा कर दिया.

उसने व्रत रखकर ऊँच नीच का सवाल मिटा दिया. भंगी बस्ती में रहकर, उनका भोजन खाकर, उनका जल पीकर अछूतों को हरिजन बना दिया.

पर मुसलमानों पर अंगरेज़ों ने ऐसा रंग चढ़ाया कि उनकी समझ मारी गई. वह देशी होकर विदेशी बनने लगे. अपने होकर पराए बनने लगे. भाई होकर बैरी बन गए. मुट्ठी भर साथ रहे बाक़ी सब अलग हो गये. सड़ा हुआ अंग काटकर फेंक दिया गया. देश को आज़ादी मिल गई.

पर जैसे सड़े हुए अंग को काटने पर भी थोड़ा बहुत ज़हर शरीर में रह जाता है तो बहुत दुख पहुँचाता है उसी तरह अंगरेज़ों का छोड़ा हुआ ज़हर रंग लाया. झगड़े होने लगे. मुसलमान, हिन्दू, सिक्ख एक दूसरे को मारने लगे और पागल कुत्तों की तरह एक दूसरे के गले नोचने लगे.

उसने हिन्दुओं को डांटा—"अन्याय का जवाब अन्याय नहीं. बुराई के बदले में भलाई करके बैरी को शरमाओ. बुराई के बदले में अगर तुमने भी बुराई की तो तुम फिर कायर बन जाओगे. तुम सत्याग्रही हो, तुम से बढ़कर कोई वीर नहीं हो सकता. तुमने अहिंसा को मनमंदिर में रक्खा है. अहिंसा के पुजारी के मन में खोट, क्रोध और नफ़रत के लिये कोई जगह नहीं."

इतना उसका कहा मानने में हिचकिचाई तो उसने व्रत रख

گئے۔ دشمن ان نہتھوں کی ویرتا سے گھبرا گیا۔ اس نے اپنے جاسوسوں سے کام لیکر جنتا میں پھوٹ ڈال دی۔ اونچ نیچ کا سوال اور ہندو مسلم سوال کھڑا کر دیا۔

اس نے برت رکھ کر اونچ نیچ کا سوال مٹا دیا۔ بھنگی بستی میں رہ کر، ان کا بھوجن کھا کر، اُن کا جل پی کر اچھوتوں کو ہریجن بنا دیا۔

پر مسلمانوں پر انگریزوں نے ایسا رنگ چڑھایا کہ ان کی سمجھ ماری گئی۔ وہ دیشی ہو کر ودیشی بننے لگے۔ اپنے ہو کر پرائے بننے لگے۔ بھائی ہو کر بیری بن گئے۔ مٹھی بھر ساتھ رہے باقی سب الگ ہو گئے۔ سڑا ہوا انگ کاٹ کر پھینک دیا گیا۔ دیش کو آزادی مل گئی۔

پر جیسے سڑے ہوئے انگ کو کاٹنے پر بھی تھوڑا بہت زہر شریر میں رہ جاتا ہے تو بہت دکھ پہنچاتا ہے اسی طرح انگریزوں کا چھوڑا ہوا زہر رنگ لایا۔ جھگڑے ہونے لگے۔ مسلمان، ہندو، سکھ ایک دوسرے کو مارنے لگے اور پاگل کتوں کی طرح ایک دوسرے کے گلے نوچنے لگے۔

اس نے ہندوؤں کو ڈانٹا: "انیائے کا جواب انیائے نہیں۔ برائی کے بدلے میں بھلائی کرکے بیری کو شرماؤ۔ برائی کے بدلے میں اگر تم نے بھی برائی کی تو تم پھر کائر بن جاؤ گے۔ تم ستیاگرہی ہو، تم سے بڑھ کر کوئی ویر نہیں ہو سکتا۔ تم نے اہنسا کو من مندر میں رکھا ہے۔ اہنسا کے پجاری کے من میں کھوٹ، کرودھ اور نفرت کے لئے کوئی جگہ نہیں۔"

جنتا اس کا کہا ماننے میں ہچکچائی تو اس نے برت رکھ

लिया. अब तो सब दौड़े. आजादी का देवता रूठ गया था. उसका मनाना ज़रूरी था.

उसने कहा—"वह तुमको ढेला मारते हैं, तुम उन पर फूल फेंको !"

सबने मान लिया.

उसने कहा—"वह तुमको लूटते हैं. तुम उन्हें पचपन करोड़ रुपया दे दो."

लोग चुप रहे. पर उसका सबसे बड़ा चेला आगे बढ़ आया "जान का सदक़ा माल" कहकर उसने थैलियाँ खोल दीं. खनाखन रुपए गिन दिये.

वह मुसकरा दिया. उसने कहा—"वह तुमको बेघर बनाते हैं, तुम उनको घरों से न निकालो.

सब ने ख़ुशी ख़ुशी मान लिया.

उसने भी व्रत तोड़ कर सब को मुसकराती आँखों से देखा. सबकी जान में जान आ गई.

उसने आशीर्वाद दिया—"फूलो, फलो ! परवान चढ़ो !"........ फिर कुछ सोच कर बोला—"हिन्दुस्तान का सबसे बड़ा रोग आपस की फूट है, मेरे तेरे का झगड़ा है, मन का खोट है ! इसकी एक दवा है—एकता !"

सबने उसकी आवाज़ पर कान धरा.

उसने कहा—"एक जीवन धारन करो."

सबने सर हिला कर हामी भर ली.

उसने कहा—"एक दिल होकर काम करो."

لیا۔ اب تو سب دوڑے۔ آزادی کا دیوتا روٹھ گیا تھا۔ اس کا منانا ضروری تھا۔

اس نے کہا۔ "وہ تم کو ڈھیلا مارتے ہیں، تم اُن پہ پھول پھینکو۔"

سب نے مان لیا۔

اس نے کہا۔ "وہ تم کو لوٹتے ہیں۔ تم اُنھیں پچپن کروڑ روپیہ دے دو۔"

لوگ چپ رہے۔ پر اس کا سب سے بڑا چیلا آگے بڑھ آیا "جان کا صدقہ مال" کہہ کر اس نے تھیلیاں کھول دیں۔ کھناکھن روپئے گن دئے۔

وہ مسکرا دیا۔ اس نے کہا۔ "وہ تم کو بے گھر بناتے ہیں، تم ان کو گھروں سے نہ نکالو۔"

سب نے خوشی خوشی مان لیا۔

اس نے بھی برت توڑ کر سب کو مسکراتی آنکھوں سے دیکھا سب کی جان میں جان آگئی۔

اس نے آشیرواد دیا۔ "پھولو! پھلو! پروان چڑھو!" .... پھر کچھ سوچ کر بولا۔ "ہندستان کا سب سے بڑا روگ آپس کی پھوٹ ہے، میرے تیرے کا جھگڑا ہے، من کا کھوٹ ہے! اس کی ایک دوا ہے۔ ایکتا!"

سب نے اس کی آواز پر کان دھرا۔

اس نے کہا۔ "ایک جیون دھارن کرو۔"

سب نے سر ہلا کر حامی بھر لی۔

اس نے کہا۔ "ایک دل ہو کر کام کرو۔"

नया हिन्द "वह डबडबाई आँखों से........"   जनवरी सन् '४९

[illegible] ने घबरा कर एक दूसरे का मुँह देखा. कुछ लोगों के मन में खोट था. वह खुसर फुसर करने लगे.

उसने कहा—"एक ज़बान बोलो !"

बस कांव कांव होने [illegible]ई गुजराती बोला। कोई मराठी, किसी ने कन्नड़ी [illegible] किसी ने उड़िया में, कोई बंगाली में चहका तो कोई हिन्दी में भाषण देने लगा.

उसने कहा—"यह सब अपनी जगह पर ठीक है. पर ऐसे स्थान पर जहाँ देश के कोने कोने के लोग इकट्ठा हों, ऐसे समय जब एक सूबे वाला दूसरे सूबे वाले से बात चीत करे, बस एक ही भाषा हो सकती है और वह है देश की जनता की भाषा—हिन्दुस्तानी."

सभों ने एक साथ ठट्ठा मारा और उसकी तरफ़ से मुँह मोड़ कर उसका साथ छोड़ कर उसकी सभा से उठकर चले आये और वह उन्हें डबडबाई आँखों से देखता ही रह गया.

"وہ ڈبڈباتی آنکھوں سے......"   جنوری ۴۹ء

لوگوں نے گھبرا کر ایک دوسرے کا منھ دیکھا۔ کچھ لوگوں کے من میں کھوٹ تھا۔ وہ کھسر پھسر کرنے لگے۔

اس نے کہا۔ "ایک زبان بولو!"

بس بھاؤں ماؤں ہونے لگی۔ کوئی گجراتی بولا کوئی مراٹھی، کسی نے کنڑی میں کچھ کہا کسی نے اڑیا میں، کوئی بنگالی میں چہکا تو کوئی ہندی میں بھاشن دینے لگا۔

اس نے کہا۔ "یہ سب اپنی جگہ پر ٹھیک ہے۔ پر ایسے استھان پر جہاں دیش کے کونے کونے کے لوگ اکٹھا ہوں، ایسے سمے جب ایک صوبے والا دوسرے سے بات چیت کرے، بس ایک ہی بھاشا ہو سکتی ہے اور وہ ہے دیش کی جنتا کی بھاشا۔ ہندوستانی۔"

سبھوں نے ایک ساتھ ٹھٹھا مارا اور اس کی طرف سے منھ موڑ کر اس کا ساتھ چھوڑ کر اس کی سبھا سے اٹھ کر چلے آئے اور وہ انھیں ڈبڈبائی آنکھوں سے دیکھتا ہی رہ گیا۔

महात्मा गांधी और हिन्दी-हिन्दुस्तानी

(भाई गणेश प्रसाद द्विवेदी)

हिन्दी और हिन्दुस्तानी का बेकार और बेमानी झगड़ा इस वक़्त इतना ज़ोर पकड़ गया है कि जिस पर किसी भी देश को, जो अपने को सुलझे दिमाग़ का समझता है, शर्म आनी चाहिये. हम आज इन सतरों में अमर बापू के इस प्रश्न पर विचार करना और उन्होंने इसका जो हल देश के सामने रखा था, उसे रखना चाहते हैं और यह दिखाने की कोशिश करेंगे कि सब बातों को देखते हुए झगड़े का निबटारा इससे अच्छे ढंग से करना संभव नहीं है.

लोगों का कहना है कि विचार नहीं मरते, उनके पैदा करने वाले आदमी चाहे इस दुनिया से कूच कर जायँ. पर क्या बापू सचमुच कूच कर गये ? जब तक उनके विचार हमारे सामने हैं, और जब तक क़द्र के साथ उन विचारों पर अमल करने वाले रहेंगे तब तक बापू हर वक़्त हमारे साथ हैं. और भाषा का सवाल तो उन बड़े बड़े संसारव्यापी प्रश्नों के सामने एक बहुत मामूली सा सवाल है जिनसे आज सारी दुनिया यहाँ तक परीशान है कि उन्हीं के पीछे सारी वर्तमान सभ्यता का नाश तो हो ही जायगा. (अगर बापू का सुझाया हुआ रास्ता दुनिया ने नहीं अपनाया) साथ ही प्रलय भी हो जाय तो कोई ताज्जुब नहीं. स्वार्थों के संघर्ष में पिस कर आज की महान् शक्तियाँ अगर कल के मैदाने जंग में

مہاتما گاندھی اور ہندی۔ہندستانی

(بھائی گنیش پرساد دویدی)

ہندی اور ہندستانی کا بیکار اور بے معنی جھگڑا اس وقت اتنا زور پکڑ گیا ہے کہ جس پر کسی بھی دیش کو، جو اپنے کو سلجھے دماغ کا سمجھتا ہے، شرم آنی چاہیئے۔ ہم آج ان سطروں میں امر باپو کے اس پرشن پر وچار کرنا اور انھوں نے اس کا جو حل دیش کے سامنے رکھا تھا، اُسے رکھنا چاہتے ہیں اور یہ دکھانے کی کوشش کریں گے کہ سب باتوں کو دیکھتے ہوئے جھگڑے کا نبٹارا اس سے اچھے ڈھنگ سے کرنا سمبھو نہیں ہے۔

لوگوں کا کہنا ہے کہ وچار نہیں مرتے، ان کے پیدا کرنے والے آدمی چاہے اس دنیا سے کوچ کر جائیں۔ پر کیا باپو سچ مچ کوچ کر گئے؟ جب تک ان کے وچار ہمارے سامنے ہیں، اور جب تک قدر کے ساتھ ان وچاروں پر عمل کرنے والے رہیں گے تب تک باپو ہر وقت ہمارے ساتھ ہیں۔ اور بھاشا کا سوال تو ان بڑے بڑے سنسار ویاپی پرشنوں کے سامنے ایک بہت معمولی سا سوال ہے جن سے آج ساری دنیا یہاں تک پریشان ہے کہ انھیں کے پیچھے ساری ورتمان سبھیتا کا ناش تو ہو ہی جائے گا۔(اگر باپو کا سُجھایا ہوا راستہ دنیا نے نہیں اپنایا) ساتھ ہی پرلے بھی ہو جائے تو کوئی تعجب نہیں۔ سوارتھوں کے سنگھرش میں پس کر آج کی مہان شکتیاں اگر کل کے میدان جنگ میں

ऐटम बम लेकर उतर पड़ेंगी तो प्रलय हो जाने में शुबहा ही क्या ? और फिर कहा यही जायगा कि 'नई' दुनिया की सभ्यता और साइन्स की उन्नति ही इसे खा गई. बापू इस खतरे को अरसे से देख रहे थे और इससे दुनिया को बचाने की बात सोच रहे थे, और आखिर में वह हल भी उन्होंने निकाला, और भारत में अंगरेजों जैसी महाशक्ति के खिलाफ इसका इस्तेमाल कर उसमें वह फतहयाब भी हुए. दुनिया ने आँखें फाड़ कर देखा कि नफ़रत और डर को प्रेम से ही जीता जा सकता है. दुनिया ने समझा कि राष्ट्रों के आपसी झगड़े तय करने का तरीक़ा—जङ्ग या लड़ाई पुराना और बर्बर या वहशियाना तरीक़ा है. उसका शानदार नया तरीक़ा शांतिपूर्ण सत्याग्रह और असहयोग है. नफ़रत पाप से करो, पापी से नहीं. उससे तो हर हालत में मुहब्बत ही करो. दुनिया अच्छी तरह समझ गई है कि इसके सिवा और कोई तरकीब हो ही नहीं सकती, मौजूदा संसार की सब बीमारियों को जड़ से आराम करने के लिये. और सारी दुनिया उनके तरीक़ों की कामयाबी का लोहा मानकर उनको अपना नेता मान चुकी थी पर इसी बीच वह इस दुनिया से स्वर्ग की ओर कूच कर गये.

(४४)

गांधी स्मारक की ज़रूरत नहीं है उनकी याद को ताज़ा रखने के लिये. राम और कृष्ण की याद ताज़ा रखने को स्मारक बनाने के लिये चंदे नहीं बटोरे गये थे. उनके काम ही उनकी यादगार हैं और रहेंगे. यह तो उनका एक तरह से अपमान है.

बापू ने दुनिया, ख़ासकर हिन्दुस्तान की सभी मुश्किलों के हल हमारे सामने रख दिये थे, अब उनको मानना न मानना हमारे

اٹم بم لے کر اتر پڑیں گی تو پرلے ہو جانے میں شبہہ ہی کیا ؟ اور پھر کہا یہی جائے گا کہ 'نئی' دنیا کی سبھیتا اور سائنس کی اُنتی ہی اسے کھا گئی۔ باپو اس خطرے کو عرصے سے دیکھ رہے تھے اور اس سے دنیا کو بچانے کی بات سوچ رہے تھے، اور آخر میں وہ حل بھی انھوں نے نکالا، اور بھارت میں انگریزوں جیسی مہاشکتی کے خلاف اس کا استعمال کر اس میں وہ فتحیاب بھی ہوئے۔ دنیا نے آنکھیں پھاڑ کر دیکھا کہ نفرت اور ڈر کو پریم سے ہی جیتا جا سکتا ہے۔ دنیا نے سمجھا کہ راشٹروں کے آپسی جھگڑے طے کرنے کا طریقہ ـ جنگ یا لڑائی پرانا اور بربر یا وحشیانہ طریقہ ہے۔ اس کا شاندار نیا طریقہ شانتی پورن ستیاگرہ اور اسہیوگ ہے۔ نفرت پاپ سے کرو، پاپی سے نہیں۔ اس سے تو ہر حالت میں محبت ہی کرو۔ دنیا اچھی طرح سمجھ گئی ہے کہ اس کے سوا اور کوئی ترکیب ہو ہی نہیں سکتی موجودہ سنسار کی سب بیماریوں کو جڑ سے آرام کرنے کے لئے۔ اور ساری دنیا ان کے طریقوں کی کامیابی کا لوہا مان کر ان کو اپنا نیتا مان چکی تھی پر اسی بیچ وہ اس دنیا سے سورگ کی اُور کوچ کر گئے۔

(۴۴)

گاندھی سمارک کی ضرورت نہیں ہے ان کی یاد کو تازہ رکھنے کے لئے۔ رام اور کرشن کی یاد تازہ رکھنے کو سمارک بنانے کے لئے چندے نہیں بٹورے گئے تھے۔ ان کے کام ہی ان کی یادگار ہیں اور رہیں گے۔ یہ تو ان کا ایک طرح سے اپمان ہے۔

باپو نے دنیا، خاص کر ہندستان کی سبھی مشکلوں کے حل ہمارے سامنے رکھ دئے تھے، اب ان کو ماننا نہ ماننا ہمارے

ऊपर है. हिन्दू-मुस्लिम या हिन्दी, उर्दू, हिन्दुस्तानी वाले मसले ने ही उनको आख़िरी दिनों में बेहद मशग़ूल कर रखा था, और इस कठिन समस्या को भी उन्होंने सुलझा ही लिया था कि उनको हिन्द को यतीम बनाकर छोड़ जाना पड़ा.

अगर हम ध्यान से देखें तो तुरंत मालूम हो जायगा कि प्रेम, अहिंसा, और सहनशीलता या रवादारी उनके हर हल की जड़ में थी. दुश्मन को, अगर कोई दुश्मन है, तो उसे प्रेम से जीतो. यही उसूल हम भाषा के झगड़े में भी पाते हैं. हम उर्दू को ग़ैर क्यों समझें ? हम मुसलमान को ही ग़ैर क्यों समझें ? और फिर उर्दू को मुसलमानों की भाषा क्यों समझें ? क्या फ़ारसी लिपि में लिखी जाने की वजह से ही वह हिंदी से अलग कोई दूसरी ज़बान हो गई ? हिन्दी ही अगर रोमन लिखावट में लिखी जाय तो क्या उसे अंग्रेज़ी कहेंगे ?

भाषा शास्त्र या भाषा विज्ञान हमें बताता है कि लिखावट या लिपि की वजह से भाषा नहीं बदलती और शब्द भंडार की वजह से भी भाषा नहीं बदलती. भाषा बदलती है व्याकरण या क़वायद का फ़र्क़ होने से. चूँकि उर्दू में अरबी, फ़ारसी से आये हुए शब्द ज़्यादा हैं और वह फ़ारसी लिपि में लिखी जाती है इस लिये वह हिन्दी या हिन्दुस्तानी से अलग कोई विदेशी भाषा है इस को महात्मा गांधी कभी मानने को तैयार न थे और न कोई भाषा वैज्ञानिक या भाषा का पंडित ही इस बात को मानेगा. भाषा विज्ञान तो हमेशा हमें यही बतायेगा कि उर्दू हिन्दी का एक रूप, या ज़्यादा से ज़्यादा एक 'स्टाइल' है, जिसे कुछ लोग

اوپر ہے۔ ہندو مسلم یا ہندی، اردو، ہندوستانی والے مسئلے نے ہی ان کو آخری دنوں میں بے حد مشغول کر رکھا تھا، اور اس کٹھن سمسیا کو بھی انھوں نے سلجھا ہی لیا تھا کہ ان کو ہند کو یتیم بنا کر چھوڑ جانا پڑا۔

اگر ہم دھیان سے دیکھیں تو ترنت معلوم ہو جائے گا کہ پریم، اہنسا، اور سہن شیلتا یا رواداری ان کے ہر حل کی جڑ میں تھی۔ دشمن کو، اگر کوئی دشمن ہے، تو اُسے پریم سے جیتو۔ یہی اصول ہم بھاشا کے جھگڑے میں بھی پاتے ہیں۔ ہم اردو کو غیر کیوں سمجھیں؟ ہم مسلمان کو ہی غیر کیوں سمجھیں؟ اور پھر اردو کو مسلمانوں کی بھاشا کیوں سمجھیں؟ کیا فارسی لپی میں لکھی جانے کی وجہ سے ہی وہ ہندی سے الگ کوئی دوسری زبان ہو گئی؟ ہندی ہی اگر رومن لکھاوٹ میں لکھی جائے تو کیا اسے انگریزی کہیں گے؟

بھاشا شاستر یا بھاشا وگیان ہمیں بتاتا ہے کہ لکھاوٹ یا لپی کی وجہ سے بھاشا نہیں بدلتی اور شبد بھنڈار کی وجہ سے بھی بھاشا نہیں بدلتی۔ بھاشا بدلتی ہے ویاکرن یا قواعد کا فرق ہونے سے۔ چونکہ اردو میں عربی، فارسی سے آئے ہوئے شبد زیادہ ہیں اور وہ فارسی لپی میں لکھی جاتی ہے اس لئے وہ ہندی یا ہندوستانی سے الگ کوئی بدیشی بھاشا ہے اس کو مہاتما گاندھی کبھی ماننے کو تیار نہ تھے اور نہ کوئی بھاشا وگیانک یا بھاشا کا پنڈت ہی اس بات کو مانے گا۔ بھاشا وِگیان تو ہمیشہ ہمیں یہی بتائے گا کہ اردو ہندی کا ایک روپ یا زیادہ سے زیادہ ایک 'اسٹائل' ہے، جسے کچھ لوگ

۳۱ تاریخ کی شام کو ایک بار پانچ پھر بجے۔ پر آج باپو جی اپنی دونوں پیاری لڑکیوں کا سہارا لئے پرارتھنا ستھل پر نہیں جا رہے تھے۔ آج ایک ہاتھ ان کو اپنے سر اور کندھوں پر اٹھائے چندن کی لکڑیوں پر رکھ رہے تھے۔ چاروں اور سے لاکھوں کنٹھوں سے جیکارے نکل رہے تھے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ کرون کرندن بھی۔

تختہ چِتا پر رکھ دیا گیا۔ اپنے باپو کے چاروں اور کھڑے ہوکر ساتھیوں نے انتم پرارتھنا کی اور پھولوں سے بھی کومل اس پیارے شریر کو لکڑیوں سے ڈھک دیا۔ وہ تیجسوی روپ سدا کے لئے آنکھوں سے اوجھل ہوگیا۔

رام داس بھائی نے کپور جلا کر چتا سلگائی۔ تھوڑی ہی دیر میں چندن کی لکڑیوں نے پرچنڈ جوالاؤں کا روپ دھارن کرلیا اور اس دویہ مورتی کو جو چالیس کروڑ کے ہردے میں وِراجتی تھی، سدا کے لئے اپنے میں سمیٹ لیا۔

باپو جی چلے گئے۔ کیا سچ مچ وہ اب نہیں ہیں؟ نہیں مجھے یہ کہنا ذرا بھی اچھا نہیں لگتا کہ اب وہ نہیں ہیں۔ وہ شریروان تھے، اب بے شریر ہوگئے، وہ ظاہر تھے، اب ظاہر نہیں ہیں۔ وہ مر کیسے سکتے ہیں؟ یہ بھی کیسے کہوں کہ وہ اب یہاں موجود نہیں ہیں؟ ہند کا ذرہ ذرہ ان کی یاد سے بھرا

पड़ा है. पहले वह हमसे जुदा हस्ती थे, अब हममें भी समा गए हैं. हमारे और उनके बीच का अन्तर मिट गया है. वह अब तक एक शरीर से हमारी सेवा और रखवाली करते थे, अब वह अनेक प्रकार से हमारी रखवाली कर रहे हैं. क्या ईश्वर के शरीर है? क्या उसको हमने कभी देखा है? मगर वह तो चौबीस घंटे बिना थके हमारी रखवाली कर रहा है. बापू जी की ज्योति उस एकात्मा से ही निकली थी, वह उसी में विलीन हो गई. वह सदा हमें सही रास्ता दिखावेगी.

फिर भी न मालूम क्यों दिल को तसल्ली नहीं होती. आज अनाथ सा बैठा-बैठा मैं यही सोचा करता हूँ–"उनके साथ का मेरा यह ३० वर्ष का सम्पर्क स्वप्न था या हक़ीक़त?" क्या कोई ज्ञानी इसका जवाब देगा?

अँधेरा बढ़ता जायगा

(भाई इन्द्र प्रताप तिवारी)

तीस जनवरी की शाम से
चले अँधेरे में
बुझा के अपनी रोशनी,
चिराग़ जो सँजोया
मादरे वतन ने,
गुल किये, चले मगर,
मगर न राह पा सके
अँधेरा बढ़ता आ रहा है

پڑا ہے۔ پہلے وہ ہم سے جدا ہستی تھے، اب ہم میں بھی سما گئے ہیں۔ ہمارے اور ان کے بیچ کا انتر مٹ گیا ہے۔ وہ اب تک ایک شریر سے ہماری سیوا اور رکھوالی کرتے تھے، اب وہ انیک پرکار سے ہماری رکھوالی کر رہے ہیں۔ کیا ایشور کے شریر ہے؟ کیا اس کو ہم نے کبھی دیکھا ہے؟ مگر وہ تو چوبیس گھنٹے بنا تھکے ہماری رکھوالی کر رہا ہے۔ باپو جی کی جیوتی اُس ایکاتما سے ہی نکلی تھی، وہ اُسی میں ولین ہو گئی۔ وہ سدا ہمیں صحیح راستہ دکھاوے گی۔

پھر بھی نہ معلوم کیوں دل کو تسلّی نہیں ہوتی۔ آج اناتھ سا بیٹھا بیٹھا میں یہی سوچا کرتا ہوں۔ "ان کے ساتھ کا میرا یہ ۳۰ ورش کا سمپرک سوپن تھا یا حقیقت؟" کیا کوئی گیانی اس کا جواب دے گا؟

اندھیرا بڑھتا جائے گا

(بھائی اندر پرتاپ تیواری)

تیس جنوری کی شام سے
چلے اندھیرے میں
بجھا کے اپنی روشنی،
چراغ جو سنجویا
مادرِ وطن نے
گل کئے، چلے مگر،
مگر نہ راہ پا سکے
اندھیرا بڑھتا جا رہا ہے۔

और बढ़ता जायगा
न अब मिटेंगी कजलियाँ
जो छा गई हैं ख़ून की ललाई ले
हमारे आसमान पर,
हमारी राह में अभी तो और
जाने और कितनी कजलियाँ घिरेंगी
कुफ़्र पितृघात का
अभी कहाँ !
अभी तो सर पे नाचेगा
फटेगा आसमाँ
गिरेंगी बिजलियाँ
ज़मीन के कलेजे के फफोले फूट बह चलेंगे
ज़लज़ले हिलायेंगे
हमारी नींव
हम खड़े तकेंगे
और मिट चलेंगे
पाप के अँधेरे में
अँधेरा बढ़ता आ रहा है
और बढ़ता जायगा
न अब मिटेंगी कजलियाँ
जो छा गई हैं, ख़ून की ललाई ले
हमारे आसमान पर !

———

اور بڑھتا جائے گا
نہ اب مٹیں گی کجلیاں
جو چھا گئی ہے خون کی للائی سے
ہمارے آسمان پر،
ہماری راہ میں ابھی تو اور
جانے اور کتنی کجلیاں
کفرِ پتر گھات کا
ابھی کہاں!
ابھی تو سر پہ ناچے گا
پھٹے گا آسمان
گریں گی بجلیاں
زمیں کے کلیجے کے پھپھولے پھوٹ بہ چلیں گے
زلزلے ہلائیں گے
ہماری نیو
ہم کھڑے تکیں گے
اور مٹ چلیں گے
پاپ کے اندھیرے میں
اندھیرا بڑھتا آرہا ہے
اور بڑھتا جائے گا
نہ اب مٹیں گی کجلیاں
جو چھا گئی ہیں خون کی للائی سے
ہمارے آسمان پر

आयेंगे. गांधी जी का ख़याल बिलाशुबह इससे बलंद था. उनका कहना था कि आदमी जिस जिस्म को पैदा नहीं कर सकता, उसको वह ख़तम भी नहीं कर सकता. उसे उसको मार डालने का भी अधिकार नहीं है. आदमी अगर अपने दुश्मन को मार डाले तो उसकी यह जीत हैवानी जीत है. इसमें इन्सानियत का क्या तक़ाज़ा है ? आदमी में जो आदमीयत है उसमें और जानवरों की हैवानियत में वह साफ़ साफ़ एक फ़र्क़ देखते थे. जानवर के सामने जो भी गया वह उसको समझा बुझा तो सकता नहीं न वह उसे सही रास्ते पर ला सकता है, उसके पास जिस्मानी क़ुव्वत भी आदमी से ज़्यादा है, वह उसे मार डालता है. इस तरह वह अपने दुश्मन को ख़तम करके अपने को विजयी समझता है. फ़ारसी में एक कहावत है कि सर दर्द का इलाज सर को ख़तम करना ही नहीं है. उसी तरह दुश्मन को ख़तम कर देना ही दुश्मन पर विजय पाना नहीं है; यह गांधी जी का साफ़ साफ़ मत था.

(६)

गांधी जी अहिंसा को कमज़ोरों का हथियार भी नहीं मानते थे. कोई आदमी किसी कमज़ोर को मारे और वह मार खाता चला जाय और बिना हरकत के पड़ा रहे, यह भी गांधी जी की नज़र में अहिंसा न थी. ऐसा करना और ज़ुल्म को दरगुज़र करना गांधी जी की नज़र में हिंसा और पाप था. गांधी जी का कहना था, ज़ुल्म करने वाले से ज़्यादा ज़ुल्म सहने वाला ज़ुल्म फैलाने के लिए पापी है. वह तो अहिंसा को ताक़तवरों का एक हथियार मानते थे. उनका ख़याल था कि मार खाकर मारने की कोशिश करना तो हमारी हैवानी आदत में बहुत पुरानी है. उसमें उस आदमी के मनोबल

جانیگو گاندھی جی کا خیال بلاشبہ اس سے بلند تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ آدمی جس جسم کو پیدا نہیں کرسکتا اس کو وہ ختم بھی نہیں کرسکتا۔ اسے اس کو مار ڈالنے کا بھی ادھیکار نہیں ہے۔ آدمی اگر اپنے دشمن کو مار ڈالے تو اس کی یہ جیت حیوانی جیت ہے۔ اس میں انسانیت کا کیا تقاضہ ہے ؟ آدمی میں جو آدمیت ہے اس میں اور جانوروں کی حیوانیت میں وہ صاف صاف ایک فرق دیکھتے تھے۔ جانور کے سامنے جو بھی گیا وہ اس کو سمجھا بجھا تو سکتا نہیں نہ وہ اسے صحیح راستے پر لا سکتا ہے۔ اس کے پاس جسمانی قوت بھی آدمی سے زیادہ ہے، وہ اسے مار ڈالتا ہے۔ اس طرح وہ اپنے دشمن کو ختم کرکے اپنے کو وجئی سمجھتا ہے۔ فارسی میں ایک کہاوت ہے کہ سردرد کا علاج سر کو ختم کرنا ہی نہیں ہے۔ اسی طرح دشمن کو ختم کر دینا ہی دشمن پر وجے پانا نہیں ہے۔ یہ گاندھی جی کا صاف صاف مت تھا۔ (۶)

گاندھی جی اہنسا کو کمزوروں کا ہتھیار بھی نہیں مانتے تھے۔ کوئی آدمی کسی کمزور کو مارے اور وہ مار کھاتا چلا جائے اور بنا حرکت کے پڑا رہے، یہ بھی گاندھی جی کی نظر میں اہنسا نہ تھی۔ ایسا کرنا اور ظلم کو درگزر کرنا گاندھی جی کی نظر میں ہنسا اور پاپ تھا۔ گاندھی جی کا کہنا تھا، ظلم کرنے والے سے زیادہ ظلم سہنے والا ظلم پھیلانے کے لئے پاپی ہے۔ وہ تو اہنسا کو طاقتوروں کا ایک ہتھیار مانتے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ مار کھاکر مارنے کی کوشش کرنا تو ہماری حیوانی عادت میں بہت پرانی ہے۔ اس میں اس آدمی کے منوبل

यानी आदमीयत को कहाँ जगह है. जिस तरह कमजोर का बेहद लाचारी में मार खा लेना स्वाभाविक है, उसी तरह आदमी का मार खाते वक़्त चाहे दस पर एक ही थप्पड़ क्यों न हो मार देना भी बहुत स्वाभाविक है. अगर वह मारे नहीं तो अपने मन में भी गाली देना बहुत स्वाभाविक है. पर ऐसी गाली देना भी हिंसा है जिसे दुनिया चाहे न सुने पर वह आदत उसकी आत्मा पर असर ज़रूर डालती है और वह आदमी नैतिक दृष्टि से कमजोर हो जाता है. उनका कहना था कि मार खाने पर मारने वाले पर तरस खाना और उसके इस उतावलेपन और हैवानियत पर हँसना, उसे मारने से या गाली देने से कहीं ज्यादा बहादुरी है.

गांधी जी मारने वाले को मजबूरन मार खा लेने को बहुत बड़ा पाप समझते थे और इसी लिए उन्होंने जब जर्मनी ने हालैण्ड पर चढ़ाई की और हालैण्ड वाले लड़ने के लिए उतर आये तो उसे अहिंसा ही कहा. मैंने ऊपर कृष्ण और अर्जुन का जिक्र किया है पर अर्जुन की लड़ाई को भी गांधी जी इसी उसूल पर अहिंसात्मक कहते थे, और राम व रावन की लड़ाइयों को वह उसी वजह से धर्म की लड़ाई मानते थे और राम के मनोबल के इतने उपासक थे कि मरते दम भी उन्होंने राम का ही नाम लिया.

देखने में गांधी जी की अहिंसा बहुत आसान थी. उन्होंने जो आन्दोलन चलाये उनमें कम से कम नुक़सान में ज्यादा से ज्यादा फ़ायदे की उम्मीद थी इसीलिये शायद बहुत से लोग उधर झुके भी पर लोगों ने यह मरम न समझा कि गांधी जी की अहिंसा दरअसल उतनी आसान चीज़ न थी वह तो सत्य की प्रतिमूर्ति थी.

یعنی آدمیت کو کہاں جگہ ہے۔ جس طرح کمزور کا بے حد لاچاری میں مار کھا لینا سوابھاوک ہے، اسی طرح آدمی کا مار کھاتے وقت چاہے دس پر ایک ہی تھپڑ کیوں نہ ہو مار دینا بھی بہت سوابھاوک ہے۔ اگر وہ مارے نہیں تو اپنے من میں بھی گالی دینا بہت سوابھاوک ہے پر ایسی گالی دینا بھی ہنسا ہے جسے دنیا چاہے نہ سنے پر وہ عادت اس کی آتما پر اثر ضرور ڈالتی ہے اور وہ آدمی نیتک درشٹی سے کمزور ہو جاتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مار کھانے پر مارنے والے پر ترس کھانا اور اس کے اس اتاؤلے پن اور حیوانیت پر ہنسنا، اسے مارنے سے یا گالی دینے سے کہیں زیادہ بہادری ہے۔

گاندھی جی مارنے والے کی مجبوراً مار کھا لینے کو بہت بڑا پاپ سمجھتے تھے اور اسی لئے انھوں نے جب جرمنی نے ہالینڈ پر چڑھائی کی اور ہالینڈ والے لڑنے کے لئے اتر آئے تو اسے اہنسا ہی کہا۔ میں نے اوپر کرشن اور ارجن کا ذکر کیا ہے پر ارجن کی لڑائی کو بھی گاندھی جی اسی اصول پر اہنساتمک کہتے تھے، اور رام و راون کی لڑائیوں کو وہ اسی وجہ سے دھرم کی لڑائی مانتے تھے اور رام کے منوبل کے اتنے اپاسک تھے کہ مرتے دم بھی انھوں نے رام کا ہی نام لیا۔

دیکھنے میں گاندھی جی کی اہنسا بہت آسان تھی۔ انھوں نے جو آندولن چلائے ان میں کم سے کم نقصان میں زیادہ سے زیادہ فائدے کی امید تھی اسی لئے شاید بہت سے لوگ ادھر جھکے بھی پر لوگوں نے یہ مرم نہ سمجھا کہ گاندھی جی کی اہنسا دراصل اتنی آسان چیز نہ تھی وہ تو ستیہ کی پرتی مورتی تھی۔

उनके सत्य को अगर छोड़ दिया जाय तो फिर उनकी अहिंसा में कोई शक्ति ही नहीं रह जाती. सत्य के बिना अहिंसा बेजान थी. वह तो आत्मा में एक नई रोशनी और वह भी ईश्वरी रोशनी को जलाने का एक तरीक़ा था, जो राम रावण की लड़ाई में या धर्मक्षेत्र कुरुक्षेत्र में धृतराष्ट्र की दूसरों की चीज़ को हड़पने वाली और रावण ज़ेहनियत को ख़ुद मार डालती थी. लोगों ने उसके इस रूप को नहीं समझा. यह रूप इन्सान और इन्सानी ज़िन्दगी की एक बड़ी क्रान्ति थी जो ख़ुद एक दिन में न हो सकती थी. यह एक साधना थी, जो करने की चीज़ थी. इस नासमझी की ही वजह थी कि जब जापान के हमले शुरू हुए तो कांग्रेस जनों ने कहना शुरू किया कि अहिंसा हमारी पालिसी है. गांधी जी की अहिंसा पालिसी न थी, वह तो ज़िन्दगी का एक सवाल था. जिस तरह साँस जीते जी आदमी का दम नहीं छोड़ सकती, गांधी जी की अहिंसा भी अहिंसा में विश्वास रखने वाले का दम छोड़ने वाली न थी.

अपनी ज़िन्दगी के आख़िरी दिनों में गांधी जी को इसका बड़ा अफ़सोस था कि देश ने उनकी अहिन्सा को ग़लत समझ लिया और इस वजह से उनकी ज़िन्दगी में उन्हें एक निराशा की भी झलक दिखलाई पड़ गई. उनका कहना था कि देश ने इसे कमज़ोरों का हथियार समझा. दर असल उनकी अहिंसा तो कमज़ोरों का हथियार न थी, वह तो आत्म बल वालों का हथियार थी. इसलाम में मोहम्मद साहब ने जेहाद का उपदेश दिया. इसी

ان کے ستیہ کو اگر چھوڑ دیا جائے تو پھر اُن کی اہنسا میں کوئی شکتی ہی نہیں رہ جاتی۔ ستیہ کے بنا اہنسا بے جان تھی۔ وہ تو آتما میں ایک نئی روشنی اور وہ بھی ایشوری روشنی کو جلانے کا ایک طریقہ تھا، جو رام راون کی لڑائی میں یا دھرم چھیتر کروچھیتر میں دھرت راشٹر کی دوسروں کی چیز کو ہڑپنے والی اور راون ذہنیت کو خود مار ڈالتی تھی۔ لوگوں نے اُس کے اس روپ کو نہیں سمجھا۔ یہ روپ انسان اور انسانی زندگی کی ایک بڑی کرانتی تھی جو خود ایک دن میں نہ ہو سکتی تھی۔ یہ ایک سادھنا تھی، جو کرنے کی چیز تھی۔ اس ناسمجھی کی ہی وجہ تھی کہ جب جاپان کے حملے شروع ہوئے تو کانگریس جنوں نے کہنا شروع کیا کہ اہنسا ہماری پالیسی ہے۔ گاندھی جی کی اہنسا پالیسی نہ تھی، وہ تو زندگی کا ایک سوال تھا۔ جس طرح سانس جیتے جی آدمی کا دم نہیں چھوڑ سکتی، گاندھی جی کی اہنسا بھی اہنسا میں وشواس رکھنے والے کا دم چھوڑنے والی نہ تھی۔

اپنی زندگی کے آخری دنوں میں گاندھی جی کو اِس کا بڑا افسوس تھا کہ دیش نے اُن کی اہنسا کو غلط سمجھ لیا اور اس وجہ سے اُن کی زندگی میں انھیں ایک نراشا کی بھی جھلک دکھلائی پڑ گئی۔ اُن کا کہنا تھا کہ دیش نے اسے کمزوروں کا ہتھیار سمجھا۔ دراصل ان کی اہنسا تو کمزوروں کا ہتھیار نہ تھی، وہ تو آتم بل والوں کا ہتھیار تھی۔ اسلام میں محمد صاحب نے جہاد کا اُپدیش دیا۔ اسی جہاد کے لئے لوگ اکثر کہتے ہیں کہ اسلام تلوار سے پھیلا

पर वह जेहाद क्या था ? वह गुण्डों का कोई कारनामा न था. गुन्डे मुसलमान की छुरेबाजी जेहाद नहीं है, जेहाद तो खुदा की राह में, खुदा के लिये लड़ी जाने वाली लड़ाई का नाम है. जेहाद की लड़ाई के हुक्म दिये जाने के वक्त मुसलमानों की ताक़त ही क्या थी ? पूरी बुत परस्त दुनिया उनके खिलाफ थी. फिर उन चंद मुसलमानों की औक़ात ही क्या थी. उनकी तलवार भी उनको दुनियावी नज़र से फ़तेह नहीं दिला सकती थी. वह तो उनकी रूहानी ताक़त थी जो फ़तेह दिलाती थी. जेहाद पर एक नज़र डालने से क़ब्ल जेहाद का पैग़ाम देने वाले हज़रत मोहम्मद पर भी एक नज़र डालनी होगी. मोहम्मद साहब जब घर से निकलते तो एक बुढ़िया उनके ऊपर कूड़ा डाल देती थी. रोज़मर्रा की यही कहानी थी. एक दिन जब मोहम्मद साहब घर से निकले और बुढ़िया ने कूड़ा न डाला तो मोहम्मद साहब वहीं ठहर गये और बाद में दरियाफ़्त करने पर जब उन्हें मालूम हुआ कि बुढ़िया बीमार है तो मोहम्मद साहब खुद बुढ़िया की चारपाई तक गये और कहा, कूड़ा डाल दो. बुढ़िया शरमा गई और उस दिन से इस्लाम की पैरो हो गई. इस्लाम को इतना बल मोहम्मद साहब के इन अहिंसात्मक व्यवहारों से ही मिला, मुसलमान अपनी रूहानी ताक़त से ग़ैर मुसलमानों पर विजयी हुए. इन सब बातों को हम कभी भी गांधी जी की अहिंसा से अलग नहीं कर सकते.

गांधी जी की अहिंसा काम का एक वह तरीक़ा था जिसके अनुसार आदमी अपने कर्मफल में अनासक्त (बेलाग) होता हुआ भी अपने निशाने की ओर बढ़ता था. वह आदमी को सब कुछ खुदा

پر وہ جہاد کیا تھا ؟ وہ گنڈوں کا کوئی کارنامہ نہ تھا گنڈے مسلمان کی چھرے بازی جہاد نہیں ہے، جہاد تو خدا کی راہ میں خدا کے لئے لڑی جانے والی لڑائی کا نام ہے جہاد کی لڑائی کے حکم دئے جانے کے وقت مسلمانوں کی طاقت ہی کیا تھی ؟ پوری بُت پرست دنیا ان کے خلاف تھی۔ پھر ان چند مسلمانوں کی اوقات ہی کیا تھی۔ ان کی تلوار بھی اُن کو دنیاوی نظر سے فتح نہیں دلا سکتی تھی۔ وہ تو ان کی روحانی طاقت تھی جو فتح دلاتی تھی۔ جہاد پر ایک نظر ڈالنے سے قبل جہاد کا پیغام دینے والے حضرت محمد پر بھی ایک نظر ڈالنی ہوگی۔ محمد صاحب جب گھر سے نکلتے تو ایک بڑھیا اُن کے اوپر کوڑا ڈال دیتی تھی۔ روزمرہ کی یہی کہانی تھی۔ ایک دن جب محمد صاحب گھر سے نکلے اور بڑھیا نے کوڑا نہ ڈالا تو محمد صاحب وہیں ٹھہر گئے اور بعد میں دریافت کرنے پر جب انھیں معلوم ہوا کہ بڑھیا بیمار ہے تو محمد صاحب خود بڑھیا کی چارپائی تک گئے اور کہا، کوڑا ڈال دو۔ بڑھیا شرما گئی اور اس دن سے اسلام کی پیرو ہو گئی۔ اسلام کو اتنا بل محمد صاحب کے ان اہنسا تمک ویوہاروں سے ہی ملا۔ مسلمان اپنی روحانی طاقت سے غیر مسلمانوں پر وجئی ہو گئے۔ ان سب باتوں کو ہم کبھی بھی گاندھی جی کی اہنسا سے الگ نہیں کر سکتے۔

گاندھی جی کی اہنسا کام کا ایک وہ طریقہ تھا جس کے انوسار آدمی اپنے کرم پھل میں اناسکت (بےلاگ) ہوتا ہوا بھی اپنے نشانے کی اور بڑھتا تھا۔ وہ آدمی کو سب کچھ خدا

पर छोड़ कर काहिल होना भी नहीं सिखाता था. जिन दिनों गांधी जी गोल मेज कानफ़रेन्स में लंदन गये थे, उन्होंने अमरीका के लिए एक संदेश दिया था. वह संदेश गांधी जी की इस नजर को साफ़ कर देता है. उन्होंने उसमें कहा कि दिन के बाद जिस तरह रात होती है उसी तरह हिन्द में अंगरेजी राज का ख़ात्मा भी जरूरी है पर हम तो इसलिये उसके लिये कोशिश करते हैं कि हमें काम करना है. वह कल के लिये उम्मीद भी रखते थे. आशावान थे, पर फल क्या होगा इसे वह ईश्वर के ही भरोसे छोड़ देते थे.

उनकी अहिंसा का हथियार किसी आदमी के ख़िलाफ़ न उठता था और न वह उठाना ही चाहते थे. जब वह जार्ज पञ्चम से मिलने गये तो उनसे उन्होंने पूछा कि आप मेरे ख़िलाफ़ बग़ावत करते हैं. गांधी जी ने कहा आपके ख़िलाफ़ कैसी बग़ावत ? बग़ावत तो है ब्रिटिश साम्राजशाही के ख़िलाफ़. उनकी अहिन्सा किसी आदमी के ख़िलाफ़ होती तो वह यह जवाब नहीं दे सकते थे.

गांधी जी के इस अहिंसा के इस्तेमाल की कसौटी थी आत्मा. उनका ख़याल था कि आत्मा सदा सच सलाह देती है. एक बार मैंने उनको लिखा कि आपके सत्याग्रह में सरकारी नौकरों का क्या फ़र्ज़ है ? सरकारी नौकर तो जिसका नमक खाता है, उसके लिये तो उसका हलाल करना ही वाजिब है और सत्य है, फिर वह आपके आन्दोलन में क्या करे ? गांधी जी ने जवाब दिया, अपनी आत्मा टटोलो, जो जवाब दे वही करो. यह जवाब ठीक वही था जो वह अक्सर कहा करते थे. पर उसके समझने के लिये आत्मा और

پر چھوڑ کر کاہل ہونا بھی نہیں سکھاتا تھا۔ جن دنوں گاندھی جی گول میز کانفرنس میں لندن گئے تھے، انھوں نے امریکہ کے لئے ایک سندیش دیا تھا۔ وہ سندیش گاندھی جی کی اس نظر کو صاف کر دیتا ہے۔ انھوں نے اُس میں کہا کہ دن کے بعد جس طرح رات ہوتی ہے اُسی طرح ہند میں انگریزی راج کا خاتمہ بھی ضروری ہے پر ہم تو اس لئے اُس کے لئے کوشش کرتے ہیں کہ ہمیں کام کرنا ہے۔ وہ کل کے لئے امید بھی رکھتے تھے۔ آشاوان تھے، پر پھل کیا ہوگا اسے وہ ایشور کے ہی بھروسے چھوڑ دیتے تھے۔

اُن کی اہنسا کا ہتھیار کسی آدمی کے خلاف نہ اُٹھتا تھا اور نہ وہ اٹھانا ہی چاہتے تھے۔ جب وہ جارج پنجم سے ملنے گئے تو اُن سے انھوں نے پوچھا کہ آپ میرے خلاف بغاوت کرتے ہیں۔ گاندھی جی نے کہا آپ کے خلاف کیسی بغاوت؟ بغاوت تو ہے برٹش سامراج شاہی کے خلاف۔ ان کی اہنسا کسی آدمی کے خلاف ہوتی تو وہ یہ جواب نہیں دے سکتے تھے۔

گاندھی جی کے اس اہنسا کے استعمال کی کسوٹی تھی آتما۔ اُن کا خیال تھا کہ آتما سدا سچ صلاح دیتی ہے۔ ایک بار میں نے اُن کو لکھا کہ آپ کے ستیاگرہ میں سرکاری نوکروں کا کیا فرض ہے؟ سرکاری نوکر تو جس کا نمک کھاتا ہے، اس کے لئے تو اُس کا حلال کرنا ہی واجب ہے اور ستیہ ہے، پھر وہ آپ کے آندولن میں کیا کرے؟ گاندھی جی نے جواب دیا اپنی آتما ٹٹولو، جو جواب دے وہی کرو۔ یہ جواب ٹھیک وہی تھا جو وہ اکثر کہا کرتے تھے۔ پر اُس کے سمجھنے کے لئے آتما اور

दिमाग़ इन्सानी और हैवानी ताक़त, दैवी और दानवी ख़यालात में फ़रक़ करना ज़रूरी था. बिला शुबह दानवी शक्ति को माया के रूप प्रगट करने की ताक़त है, उसमें बड़े खिंचाव हैं, ज़ाहिरा उसमें बड़ा आकर्षण है लेकिन उसे तो सत्याग्रही को छोड़ना ही होगा. बिना उसके किया गया सत्याग्रह तो सत्याग्रह या धर्मयुद्ध है ही नहीं.

अहिंसा में विरोध ज़ाहिर करने का तरीक़ा था हड़ताल और प्रदर्शन. और सब से आख़िरी हथियार था अनशन. वह अनशन दूसरे पर दबाव डालने के ख़याल से न करते थे. उनके अनशन का असली मकसद था आत्मा शुद्धि और ख़ुद अपनी आत्मा को ऊँचा उठाना. ईसाई कहते हैं कि हज़रत ईसा हमारे पापों के लिये मरे. इसी तरह गांधी जी भी हमारे ही पापों की ज़िम्मेदारी अपने ऊपर ले लेते थे और अनशन के आख़िरी हथियार को अपनाते थे.

गांधी जी की अहिंसा ज़बान से कहने की चीज़ न थी. वह तो मन और अमल की चीज़ थी. हर सत्याग्रही चाहे कह कुछ ले लेकिन उसकी आत्मा ही उसके सोते वक़्त एकान्त में उसकी कसौटी है और अगर वह सत्य की भी शरण ले तो वह ख़ुद जान जायगा कि उसका सत्याग्रह कहाँ तक सत्याग्रह है.

دماغ انسانی اور حیوانی طاقت، دَیوی اور دانوی خیالات میں فرق کرنا ضروری تھا۔ بلا شبہ دانوی شکتی کو مایا کے روپ پرگٹ کرنے کی طاقت ہے، اُس میں بڑے کھنچاؤ ہیں، ظاہرا اُس میں بڑا آکرشن ہے لیکن اُسے تو ستیاگرہی کو چھوڑنا ہی ہوگا۔ بنا اُس کے کیا گیا ستیاگرہ تو ستیاگرہ یا دھرم یُدھ ہے ہی نہیں۔

اہنسا میں ورودھ ظاہر کرنے کا طریقہ تھا ہڑتال اور پردرشن۔ اور سب سے آخری ہتھیار تھا انشن۔ وہ انشن دوسرے پر دباؤ ڈالنے کے خیال سے نہ کرتے تھے۔ اُن کے انشن کا اصلی مقصد تھا آتما شدھی اور خود اپنی آتما کو اونچا اٹھانا۔ عیسائی کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ ہمارے پاپوں کے لئے مرے۔ اسی طرح گاندھی جی بھی ہمارے ہی پاپوں کی ذمے داری اپنے اوپر لے لیتے تھے اور انشن کے آخری ہتھیار کو اپناتے تھے۔

گاندھی جی کی اہنسا زبان سے کہنے کی چیز نہ تھی۔ وہ تو من اور عمل کی چیز تھی۔ ہر ستیاگرہی چاہے کہہ کچھ لے لیکن اُس کی آتما ہی اُس کے سوتے وقت ایکانت میں اُس کی کسوٹی ہے اور اگر وہ ستیہ کی بھی شرن لے تو وہ خود جان جائے گا کہ اُس کا ستیاگرہ کہاں تک ستیاگرہ ہے۔

बापू की यादगार

(भाई श्री कृष्णदास)

राष्ट्र-पिता बापू की हत्या हुए साल भर हो गये. १९४८ की ३० जनवरी, ५ बजे संध्या के पहिले कौन हिन्दुस्तानी था जो यह ख़याल भी कर सकता था. कि देश में ऐसी कोई जमात या ऐसा कोई इन्सान भी है जो क़ौम के बाप को गोलियों का शिकार बना सकता है. ८० बरस के बूढ़े शरीर को पिस्तौल की गोलियों से छलनी कर देने वाले हाथ भी किस चीज़ के बने रहे होंगे ! ज़ाहिर है कि महात्मा गांधी के ऊपर हाथ उठाने वाला कोई पागल नहीं हो सकता था. दर्शन, अर्थशास्त्र या राजनीति चाहे कोई भी मैदान हो महात्मा जी एक एक क़दम फूँक कर, एक एक बारीकी सोच कर और उसके नतीजों पर पूरा ग़ौर करके ही अपना पाँव आगे बढ़ाते थे. ऐसे आदमी से, जो सिर से पैर तक इन्सान ही इन्सान था, जिसने अपनी सारी जिन्दगी इन्सान की सेवा और इन्सान की पूजा करने में लगाई थी, जिसने हमेशा यह कोशिश की थी कि दुनिया में रहने वाले इन्सान ख़ुशहाल और बेहतर जिन्दगी बसर कर सकें, जिसने इन्सान को नई हिम्मत, नई ताक़त और नई रोशनी दी थी और जिसने इन्सान को अपने ऊपर भरोसा करना सिखाया था, उस आदमी को मार डालने वाला ज़रूर

باپو کی یادگار

(بھائی شری کرشن داس)

راشٹر۔پتا باپو کی ہتیا ہوئے سال بھر ہوگئے۔ ۱۹۴۸ء کی ۳۰ جنوری، ۵ بجے سندھیا کے پہلے کون ہندستانی تھا جو یہ خیال بھی کرسکتا تھا کہ دیش میں ایسی کوئی جماعت یا ایسا کوئی انسان بھی ہے جو قوم کے باپ کو گولیوں کا شکار بنا سکتا ہے۔ ۸۰ برس کے بوڑھے شریر کو پستول کی گولیوں سے چھلنی کر دینے والے ہاتھ بھی کس چیز کے بنے رہے ہوں گے! ظاہر ہے کہ مہاتما گاندھی کے اوپر ہاتھ اٹھانے والا کوئی پاگل نہیں ہوسکتا تھا۔ درشن، ارتھ شاستر یا راج نیتی چاہے کوئی بھی میدان ہو مہاتما جی ایک ایک قدم پھونک کر، ایک ایک باریکی سوچ کر اور اس کے نتیجوں پہ پورا غور کرکے ہی اپنا پاؤں آگے بڑھاتے تھے۔ ایسے آدمی سے، جو سر سے پیر تک انسان ہی انسان تھا، جس نے اپنی ساری زندگی انسان کی سیوا اور انسان کی پوجا کرنے میں لگائی تھی، جس نے ہمیشہ یہ کوشش کی تھی کہ دنیا میں رہنے والے انسان خوش حال اور بہتر زندگی بسر کرسکیں، جس نے انسان کو نئی ہمت، نئی طاقت اور نئی روشنی دی تھی اور جس نے انسان کو اپنے اوپر بھروسہ کرنا سکھایا تھا، اُس آدمی کو مار ڈالنے والا ضرور

इन्सान-दुश्मन हैवान रहा होगा; उसने ज़रूर इन्सान की आँखों की नई रोशनी बुझाने, उसकी नई ताक़त को ख़तम करने और उसकी ख़ुशहाल ज़िन्दगी के ख़ूबसूरत सपनों को तोड़ डालने का निश्चय कर लिया होगा. जिन गांधी जी को अंग्रेज़ी हुकूमत किसी भी प्रकार की जिस्मानी तकलीफ़ देने की कभी हिम्मत न कर सकी थी उन्हीं गांधी जी के शरीर को लोहू-लुहान कर देने की हिम्मत करने वाला हैवान कितना संगदिल, कितना भयानक और कितना नीच रहा होगा !

मगर, यही सवाल उठता है कि क्या महात्मा जी की हत्या नाथू राम विनायक गोडसे नामी पागल नौजवान ने की ? ऊपर से देखने पर तो यही पता चलता है ! कचहरी में अपना बयान देते हुए गोडसे ने बापू की हत्या की जिम्मेदारी अपने ऊपर ली. उसने बताया कि उसने ख़ूब सोच समझ कर, नतीजे पर भी अच्छी तरह ग़ौर करके ही गांधी जी की हत्या की. लोग यह कहा करते थे कि महात्मा जी की मुस्लिम परवरी से हिन्दू नाराज़ हो गये थे, इसलिये एक हिन्दू ने आपा खो दिया और उन्हें मार डाला. ऐसा कहने वाले कितनी बड़ी ग़लतफ़हमी में थे यह गोडसे के बयान ने साबित कर दिया. गोडसे ने आपा खो देने के बाद पागलपन या ग़ुस्से में ऐसा काम नहीं किया, बल्कि उसने महात्मा जी की हत्या में हिन्दू जाति का कल्यान समझा. वह यह बर्दाश्त न कर सका कि हिन्दुओं का यह दुश्मन देश भर में घूम-घूम कर मुस्लिम-दोस्ती का सबक़ सिखावे.

गोडसे का [illegible] केवल [illegible] आदमी [illegible]

انسان دشمن حیوان رہا ہوگا؛ اُس نے ضرور انسان کی آنکھوں کی نئی روشنی بجھانے، اُس کی نئی طاقت کو ختم کرنے اور اُس کی خوش حال زندگی کے خوبصورت سپنوں کو توڑ ڈالنے کا نشچے کر لیا ہوگا۔ جن گاندھی جی کو انگریزی حکومت کسی بھی پرکار کی جسمانی تکلیف دینے کی کبھی ہمت نہ کر سکی تھی اُنھیں گاندھی جی کے شریر کو لہو لہان کر دینے کی ہمت کرنے والا حیوان کتنا سنگدل، کتنا بھیانک اور کتنا نیچ رہا ہوگا!

مگر، یہی سوال اُٹھتا ہے کہ کیا مہاتما جی کی ہتیا ناتھورام ونایک گوڈسے نامی پاگل نوجوان نے کی؟ اوپر سے دیکھنے پر تو یہی پتہ چلتا ہے! کچہری میں اپنا بیان دیتے ہوئے گوڈسے نے باپو کی ہتیا کی ذمے داری اپنے اوپر لی۔ اُس نے بتایا کہ اُس نے خوب سوچ سمجھ کر نتیجے پر بھی اچھی طرح غور کر کے ہی گاندھی جی کی ہتیا کی۔ لوگ یہ کہا کرتے تھے کہ مہاتما جی کی مسلم پروری سے ہندو ناراض ہو گئے تھے، اس لئے ایک ہندو نے آپا کھو دیا اور اُنھیں مار ڈالا۔ ایسا کہنے والے کتنی بڑی غلط فہمی میں تھے یہ گوڈسے کے بیان نے ثابت کر دیا۔ گوڈسے نے آپا کھو دینے کے بعد پاگل پن یا غصے میں ایسا کام نہیں کیا، بلکہ اُس نے مہاتما جی کی ہتیا میں ہندو جاتی کا کلیان سمجھا۔ وہ یہ برداشت نہ کر سکا کہ ہندوؤں کا یہ دشمن دیش بھر میں گھوم گھوم کر مسلم دوستی کا سبق سکھاوے۔

گوڈسے کا یہ نشچے کیول ایک آدمی کا نشچے نہیں

हो सकता था. ज़रूर ही इसके पीछे कोई ऐसी ताक़त और उस ताक़त को पैदा करने वाली ऐसी जमात रही होगी जो गांधी जी का जीना बर्दाश्त नहीं कर सकती थी. वह जमात जो शान्ति, स्वतन्त्रा, प्रजातन्त्र, अहिंसा, प्रेम और भाई चारे के पुजारी, प्रचारक और प्रतिमा महात्मा गांधी की हत्या कर सकती है, वह संस्था और वह शक्ति निश्चय ही शान्ति, स्वतन्त्रता, प्रजातन्त्र, अहिंसा, प्रेम और भाई चारे की दुश्मन रही होगी. वह निश्चय ही अशान्ति, गुलामी, फाशिज़्म, हिंसा, नफ़रत और घरेलू झगड़ों की समर्थक रही होगी. गोडसे इसी विचार धारा, इसी शक्ति और इसी संस्था का प्रतिनिधि था. उसने अपना ही नहीं अपनी संस्था और अपनी विचारधारा की असली शक्ल उस दिन हिन्दुस्तान की चालीस करोड़ जनता के आगे उघाड़ कर रख दी, जब कि उसने अपने और सारे देश के बाप की छाती को अपनी गोलियों से छेद दिया.

महात्मा जी अपनी जिन्दगी की आख़िरी घड़ियों में क्या कर रहे थे ? वह अपनी भूली-भटकी जनता को क्या पाठ पढ़ा रहे थे ? वह अपने देश-भाइयों को कौन सा सन्देश सुना रहे थे जो गोडसे और उसके समर्थकों को बर्दाश्त न था ? महात्मा जी अपनी प्रार्थना सभाओं में दंगाइयों का भण्डाफोड़ कर रहे थे, घूस लेने वाले सरकारी अफ़सरों, अधिकारियों और कांग्रेसमैनों को चेतावनी दे रहे थे, चोरबाजारी करने वाले, जनता को भूकों मारने वाले समाज-दुश्मन व्यापारियों और मालिकों की क़लई खोल रहे थे, प्रजातन्त्र और आज़ादी के दुश्मन उन राजाओं-नवाबों को

ہو سکتا تھا۔ ضرور ہی اِس کے پیچھے کوئی ایسی طاقت اور اُس اُس طاقت کو پیدا کرنے والی ایسی جماعت رہی ہوگی جو گاندھی جی کا جینا برداشت نہیں کر سکتی تھی۔ وہ جماعت جو شانتی، سوتنترتا، پرجاتنتر، اہنسا، پریم اور بھائی چارے کے پجاری، پرچارک اور پرتما مہاتما گاندھی کی ہتیا کر سکتی ہے، وہ سنستھا اور وہ شکتی نشچے ہی شانتی، سوتنترتا، پرجاتنتر، اہنسا، پریم اور بھائی چارے کی دشمن رہی ہوگی۔ وہ نشچے ہی اشانتی، غلامی، فاشزم، ہنسا، نفرت اور گھریلو جھگڑوں کی سمرتھک رہی ہوگی۔ گوڈسے اِسی وِچار دھارا، اِسی شکتی اور اِسی سنستھا کا پرتی ندھی تھا۔ اُس نے اپنا ہی نہیں اپنی سنستھا اور اپنی وچار دھارا کی اصلی شکل اُس دن ہندستان کی چالیس کروڑ جنتا کے آگے اُگھاڑ کر رکھ دی، جبکہ اُس نے اپنے اور سارے دیش کے باپ کی چھاتی کو اپنی گولیوں سے چھید دیا۔

مہاتما جی اپنی زندگی کی آخری گھڑیوں میں کیا کر رہے تھے؟ وہ اپنی بھولی بھٹکی جنتا کو کیا پاٹھ پڑھا رہے تھے؟ وہ اپنے دیش بھائیوں کو کون سا سندیش سنا رہے تھے جو گوڈسے اور اُس کے سمرتھکوں کو برداشت نہ تھا؟ مہاتما جی اپنی پرارتھنا سبھاؤں میں دنگائیوں کا بھنڈا پھوڑ کر رہے تھے، گھوس لینے والے سرکاری افسروں، ادھیکاریوں اور کانگریس مینوں کو چیتاونی دے رہے تھے، چور بازاری کرنے والے جنتا کو بھوکوں مارنے والے سماج دشمن ویاپاریوں اور مالکوں کی قلعی کھول رہے تھے، پرجاتنتر اور آزادی کے دشمن اُن راجاؤں۔ نوابوں کو

नंगा करके जनता के आगे रख रहे थे जो साम्प्रदायिक मनमुटाव को अपने ज़ाती फ़ायदे के लिये इस्तेमाल कर रहे थे, प्रजातन्त्र का गला घोंट रहे थे और अपने निजी स्वार्थों के लिये हज़ारों-लाखों आदमियों को क़त्ल करवा रहे थे.

तब, ऐसे महात्मा गांधी की हत्या ऐसे समय पर करने का क्या अर्थ था? ऐसे महात्मा गांधी को हिन्दू जाति का दुश्मन कह कर उनकी छाती को छेद देने को क्या अर्थ था? महात्मा जी दंगों को रोकना चाहते थे इसलिये उन्हें मार डालने का सीधा अर्थ था दंगों को आगे बढ़ाना. महात्मा गांधी घूसख़ोरी और चोर बाज़ारी को बन्द करना चाहते थे. उनकी हत्या का सीधा अर्थ था घूसख़ोरी और चोर बाज़ारी को क़ायम रखने की कोशिश करना. महात्मा गांधी आज़ादी के दुश्मनों, पूँजीपतियों और राजा-महाराजों को जनता के आगे नंगा करके रख रहे थे. महात्मा गांधी पर गोली चलाने का अर्थ था इन राजा-महाराजों और पूँजीपतियों की ग़द्दारी और देशद्रोहपूर्ण साज़िशों पर पर्दा डाले रहना.

इसलिये, मैं कहता हूँ, महात्मा गांधी की हत्या की ज़िम्मेदारी किसी भी पागल नौजवान के कन्धे पर डाल देना ग़लत है. महात्मा जी जितने महान् थे उनके हत्यारे को उतना ही बड़ा नीच होना ज़रूरी था. महात्मा जी न्याय, स्वाधीनता, प्रजातन्त्र और अहिंसा के जितने बड़े प्रतीक थे, उनके क़ातिल को अन्याय, ग़ुलामी, फ़ासिज़्म और हिंसा का उतना ही बड़ा प्रतीक मानना पड़ेगा. महात्मा जी प्रगति और शान्ति के जितने बड़े पुजारी थे, उनके

ننگا کر کے جنتا کے آگے رکھ رہے تھے جو سمپردائک من مٹاؤ کو اپنے ذاتی فائدے کے لئے استعمال کر رہے تھے، پرجاتنتر کا گلا گھونٹ رہے تھے اور اپنے نجی سوارتھوں کے لئے ہزاروں۔لاکھوں آدمیوں کو قتل کروا رہے تھے۔

تب، ایسے مہاتما گاندھی کی ہتیا ایسے سمے پر کرنے کا کیا ارتھ تھا؟ ایسے مہاتما گاندھی کو ہندو جاتی کا دشمن کہہ کر اُن کی چھاتی کو چھید دینے کو کیا ارتھ تھا؟ مہاتما جی دنگوں کو روکنا چاہتے تھے اس لئے انھیں مار ڈالنے کا سیدھا ارتھ تھا دنگوں کو آگے بڑھانا۔ مہاتما گاندھی گھوسخوری اور چور بازاری کو بند کرنا چاہتے تھے۔ اُن کی ہتیا کا سیدھا ارتھ تھا گھوسخوری اور چور بازاری کو قائم رکھنے کی کوشش کرنا۔ مہاتما گاندھی آزادی کے دشمنوں، پونجی پتیوں اور راجہ مہاراجوں کو جنتا کے آگے ننگا کر کے رکھ رہے تھے۔ مہاتما گاندھی پر گولی چلانے کا ارتھ تھا ان راجہ۔مہاراجوں اور پونجی پتیوں کی غداری اور دیش دروہ پورن سازشوں پر پردہ ڈالے رہنا۔

اس لئے، میں کہتا ہوں، مہاتما گاندھی کی ہتیا کی ذمہ داری کسی بھی پاگل نوجوان کے کندھے پر ڈال دینا غلط ہے۔ مہاتما جی جتنے مہان تھے ان کے ہتیارے کو اتنا ہی بڑا نیچ ہونا ضروری تھا۔ مہاتما جی نیائے، سوادھینتا، پرجاتنتر اور اہنسا کے جتنے بڑے پرتیک تھے، ان کے قاتل کو انیائے، غلامی، فاشزم اور ہنسا کا اتنا ہی بڑا پرتیک ماننا پڑے گا۔ مہاتما جی پرگتی اور شانتی کے جتنے بڑے پجاری تھے، اُن کے

वधिक को प्रगति दुश्मन और अशान्ति का भी उतना ही बड़ा पहरुआ मानना पड़ेगा. जिस प्रकार महात्मा जी देश का भला चाहने वाली सभी शक्तियों के प्रतिनिधि थे उसी प्रकार महात्मा गांधी पर वार करने वाला गोडसे देश का बुरा चाहने वाली सभी शक्तियों का प्रतिनिधि था.

इसलिये महात्मा जी की हत्या उन सब लोगों के लिये, जो प्रगति, स्वतन्त्रता, प्रेम, प्रजातन्त्र और न्याय के हामी थे, एक चुनौती बनकर आई थी. क्या देश ने उस चुनौती को स्वीकार किया ? क्या देश ने उन शक्तियों और संस्थाओं से खुल कर लोहा लिया जिन्होंने उसे यतीम बना दिया ? जाहिर है. अगर बापू की हत्या की चुनौती पूरे देश ने सचाई के साथ स्वीकार की होती तो आज हिन्दू महासभा, राष्ट्रीय स्वयंसेवक संघ, अकाली पार्टी, चोर-बाजारी करने वाले धनपतियों, घूस खाने वाले अधिकारियों और सामूहिक नर-मेध के पण्डे—राजा-महाराजों का कहीं पता न होता !

साल भर हो गये—यतीम देश ने अपने बाप को और उसके एहसानों को भी भुलाना शुरू कर दिया. साम्प्रदायिकता, स्वार्थान्धता और शक्ति-संचय के इस गला-घोंटू वातावरण में बापू को याद करने और उनको श्रद्धांजलि चढ़ाने का कोई मौक़ा नहीं है. हम तब तक गांधी जी को श्रद्धांजलि चढ़ाने का हक़ नहीं पा सकते जब तक हम देश की परिस्थिति ऐसी न बना दें कि देश में नालायक़ गोडसे जैसा कोई नराधम पैदा ही न हो सके. निश्चय ही, उस हालत में देश में घूसखोर, आदमखोर, चोरबाजारी करने वाले

(८०)

بدھِک کو پرگتی دشمن اور اشانتی کا بھی اتنا ہی بڑا پہروا ماننا پڑے گا۔ جس پرکار مہاتما جی دیش کا بھلا چاہنے والی سبھی شکتیوں کے پرتینِدھی تھے اُسی پرکار مہاتما گاندھی پر وار کرنے والا گوڈسے دیش کا برا چاہنے والی سبھی شکتیوں کا پرتینِدھی تھا۔

اس لئے مہاتما جی کی ہتیا اُن سب لوگوں کے لئے، جو پرگتی، سوتنترتا، پریم، پرجاتنتر اور نیائے کے حامی تھے، ایک چنوتی بن کر آئی تھی۔ کیا دیش نے اُس چنوتی کو سویکار کیا؟ کیا دیش نے اُن شکتیوں اور سنستھاؤں سے کھل کر لوہا لیا جنھوں نے اُسے یتیم بنا دیا؟ ظاہر ہے، اگر باپو کی ہتیا کی چنوتی پورے دیش نے سچائی کے ساتھ سویکار کی ہوتی تو آج ہندو مہاسبھا، راشٹریہ سوئم سیوک سنگھ، اکالی پارٹی، چور بازاری کرنے والے دھن پتیوں، گھوس کھانے والے ادھیکاریوں اور ساموہک نر-میدھ کے پنڈے راجا-مہاراجوں کا کہیں پتہ نہ ہوتا!

سال بھر ہو گئے۔ یتیم دیش نے اپنے باپ کو اور اُس کے احسانوں کو بھی بھلانا شروع کر دیا۔ سامپردایکتا، سوارتھاندھتا اور شکتی سنچے کے اس گلا گھونٹو واتاورن میں باپو کو یاد کرنے اور اُن کو شردھانجلی چڑھانے کا کوئی موقعہ نہیں ہے۔ ہم تب تک گاندھی جی کو شردھانجلی چڑھانے کا حق نہیں پا سکتے جب تک ہم دیش کی پرستھتی ایسی نہ بنا دیں کہ دیش میں نالائق گوڈسے جیسا کوئی نرادھم پیدا ہی نہ ہو سکے۔ نشچے ہی، اُس حالت میں دیش میں گھوس خور، آدم خور، چور بازاری کرنے والے

(٨٠)

लोग नहीं रहेंगे और न रहेंगी वह संस्थायें जो हिंसा और अन्याय के आधार पर फ़ाशिज़्म का सृजन करती हैं ! तब ही, और सिर्फ़ तब ही हमको बापू की पवित्र याद में सर झुकाने का सच्चा अधिकार होगा.

لوگ نہیں رہیں گے اور نہ رہیں گی وہ سنستھائیں جو ہنسا اور انیائے کے آدھار پر فاشزم کا سرجن کرتی ہیں! تب ہی، اور صرف تب ہی ہم کو باپو کی پوتر یاد میں سر جھکانے کا سچّا ادھیکار ہوگا.

पंजाब हमें क्या सिखाता है

लेखक-पंडित सुन्दरलाल

पंडित सुन्दरलाल जी ने, महात्मा गांधी की सलाह से अक्तूबर सन् '४७ में पच्छिमी और पूरबी पंजाब का दौरा किया था. इस छोटे से बयान में उन्होंने वहाँ की भयंकर बरबादी और आपसी मारकाट की वजह से जो जो नतीजे लोगों को भुगतने पड़ रहे हैं उनका बहुत ही दर्दनाक वर्णन किया है. आख़ीर में, आजकल की मुसीबतों को हल करने के लिये, कुछ सुझाव भी पेश किये हैं हमें विश्वास है कि पंजाब की मौजूदा हालत को ठीक तरह से समझने में इस बयान से बड़ी मदद मिलेगी.

किताब उर्दू और नागरी दोनों लिखावटों में मिल सकती है. क़ीमत चार आने.

—मैनेजर 'नया हिन्द'

४८, बाई का बाग़, इलाहाबाद.

پنجاب ہمیں کیا سکھاتا ہے

لیکھک۔ پنڈت سندرلال

پنڈت سندرلال جی نے، مہاتما گاندھی کی صلاح سے اکتوبر سنہ ۴۷ء میں پچھمی اور پوربی پنجاب کا دورہ کیا تھا۔ اس چھوٹے سے بیان میں انھوں نے وہاں کی بھینکر بربادی اور آپسی مارکاٹ کی وجہ سے جو جو نتیجے لوگوں کو بھگتنے پڑ رہے ہیں اُن کا بہت ہی دردناک ورنن کیا ہے۔ آخر میں، آج کل کی مصیبتوں کو حل کرنے کے لئے، کچھ سُجھاؤ بھی پیش کئے ہیں۔ ہمیں وشواس ہے کہ پنجاب کی موجودہ حالت کو ٹھیک طرح سے سمجھنے میں اس بیان سے بڑی مدد ملے گی۔

کتاب اُردو اور ناگری دونوں لکھاوٹوں میں مل سکتی ہے۔

قیمت چار آنے

منیجر 'نیا ہند'

۴۸، بائی کا باغ، الٰہ آباد

हमारी राय

चुनाव का नया तरीक़ा

सुना है, और अगर भूलता नहीं हूँ तो किसी किताब में पढ़ा भी है कि अफ़्रीक़ा के किसी हिस्से में वहाँ के आदमवासी अपने राजा को यों चुनते हैं:—

पहले वह ढोल बजा कर राजा के चुनाव के दिन का एलान करते हैं और फिर वह उस नियत दिन पर अपने पूजा के स्थान पर इकट्ठे होते हैं. उस चुनाव में उमर की या और किसी क़िस्म की पाबन्दी नहीं होती. वहाँ सभी इकट्ठे हो सकते हैं. पर चुनने के काम में हिस्सा लेते हैं बड़ी उमर के ही, और मर्द ही. राजा बनने के लिये कोई अपने आप खड़ा नहीं होता और शायद खड़े होने की हिम्मत भी नहीं कर सकता. हिम्मत क्यों नहीं कर सकता इस का पता थोड़ा आगे चलकर लगेगा. असल बात यह है कि वह इकट्ठी हुई पंचायत अपनों में से ही किसी एक को छांट लेती है. इस छांटने में ज़्यादा दिक़्क़त नहीं होती. आम तौर से राजा बनने के लिये उन्हें मज़बूत आदमी ही छाँटना पड़ता है. और इस तरह दो राय होने का बहुत कम अंदेशा रहता है. सब से ज़्यादा मज़बूत पर सब की निगाह आम तौर से एक साथ ही पड़ जाती है और वह सब की राय से छाँट लिया जाता है. जो राजा के काम के लिये छाँटा जाता है उसको इन्कार करने का कोई हक़ नहीं होता. उसको राजा बनाना

ہماری رائے

چناؤ کا نیا طریقہ

سنا ہے، اور اگر بھولتا نہیں ہوں تو کسی کتاب میں پڑھا بھی ہے کہ افریقہ کے کسی حصے میں وہاں کے آدمباسی اپنے راجا کو یوں چنتے ہیں:-

پہلے وہ ڈھول بجا کر راجا کے چناؤ کے دن کا اعلان کرتے ہیں اور پھر وہ اس نیت دن پر اپنے پوجا کے استھان پر اکٹھے ہوتے ہیں۔ اس چناؤ میں عمر کی یا اور کسی قسم کی پابندی نہیں ہوتی۔ وہاں سب ہی اکٹھے ہو سکتے ہیں۔ پر چننے کے کام میں حصہ لیتے ہیں بڑی عمر کے ہی، اور مرد ہی۔ راجا بننے کے لئے کوئی اپنے آپ کھڑا نہیں ہوتا اور شاید کھڑے ہونے کی ہمت بھی نہیں کر سکتا۔ ہمت کیوں نہیں کر سکتا اس کا پتہ تھوڑا آگے چل کر لگے گا۔ اصل بات یہ ہے کہ وہ اکٹھی ہوئی پنچایت اپنوں میں سے ہی کسی ایک کو چھانٹ لیتی ہے۔ اس چھانٹنے میں زیادہ دقت نہیں ہوتی۔ عام طور سے راجا بننے کے لئے انھیں مضبوط آدمی ہی چھانٹنا پڑتا ہے۔ اور اس طرح دو رائے ہونے کا بہت کم اندیشہ رہتا ہے۔ سب سے زیادہ مضبوط پر سب کی نگاہ عام طور سے ایک ساتھ ہی پڑ جاتی ہے اور وہ سب کی رائے سے چھانٹ لیا جاتا ہے۔ جو راجا کے کام کے لئے چھانٹا جاتا ہے اس کو انکار کرنے کا کوئی حق نہیں ہوتا۔ اس کو راجا بننا

ही पड़ता है. जब सब उसको राजा मान लेते हैं तब उसका राज गद्दी के लिये संस्कार किया जाता है. वह इस तरह होता है:—

सब मिल कर उसको अच्छी तरह से ठोकते हैं. थप्पड़ों से, घूंसों से, और डण्डों से भी. यह ठुकाई आठ दिन तक रोज़ जारी रहती है. हाँ यह बात ज़रूर है कि यह ठुकाई का काम दिन में एक बार और कुछ घड़ी ही होता है. इस ठुकाई में मर जाने की जोखम रहती है. पर सुनते हैं कभी कोई मरा नहीं. हाँ, इस सवाल के जवाब में कि अगर इस तरह कोई मर जाय तो वह क्या करते हैं, यह बात सुनने को मिली है कि फिर वह दूसरा आदमी चुन लेते हैं. और उसका भी इसी तरह संस्कार करते हैं. बस इस ठुकाई के संस्कार के बाद वह पूरा पक्का राजा बन जाता है. और फिर हर तरह देवता माना जाता है और वैसा ही आदर पाता है.

क्या चुनाव का यह तरीक़ा हिन्दुस्तानी पसन्द करेंगे ?

—भगवान दीन

९-१२-४८

ہی پڑتا ہے. جب سب اس کو راجا مان لیتے ہیں تب اس کا راج گدّی کے لئے سنسکار کیا جاتا ہے. وہ اس طرح ہوتا ہے:—

سب مل کر اس کو اچھی طرح سے ٹھوکتے ہیں. تھپڑوں سے، گھونسوں سے، اور ڈنڈوں سے بھی. یہ ٹھکائی آٹھ دن تک روز جاری رہتی ہے. ہاں یہ بات ضرور ہے کہ یہ ٹھکائی کا کام دن میں ایک بار اور کچھ گھڑی ہی ہوتا ہے. اس ٹھکائی میں مر جانے کی جوکھم رہتی ہے. پر سنتے ہیں کبھی کوئی مرا نہیں. ہاں، اس سوال کے جواب میں کہ اگر اس طرح کوئی مر جائے تو وہ کیا کرتے ہیں، یہ بات سننے کو ملی ہے کہ پھر وہ دوسرا آدمی چن لیتے ہیں. اور اس کا بھی اسی طرح سنسکار کرتے ہیں. بس اس ٹھکائی کے سنسکار کے بعد وہ پورا پکّا راجا بن جاتا ہے. اور پھر ہر طرح دیوتا مانا جاتا ہے اور ویسا ہی آدر پاتا ہے.

کیا چناؤ کا یہ طریقہ ہندستانی پسند کریں گے؟

— بھگوان دین

۹-۱۲-۴۸

नर नारी बराबर

कुदरत ने जितने दरजे तक नर नारी को एक सा बनाया है उतने दरजे तक वह एक से रहते आए हैं, रह रहे हैं और रहते रहेंगे. अगर कहीं उनके रहन सहन में भेद मिलता है तो वह नर नारी दोनों ने मिल कर पैदा किया है. और अगर वह भेद इतना दुखदाई बन

نر ناری برابر

قدرت نے جتنے درجے تک نر ناری کو ایک سا بنایا ہے اتنے درجے تک وہ ایک سے رہتے آئے ہیں، رہ رہے ہیں اور رہتے رہیں گے. اگر کہیں ان کے رہن سہن میں بھید ملتا ہے تو وہ نر ناری دونوں نے مل کر پیدا کیا ہے. اور اگر وہ بھید اتنا دکھ دائی بن

गया है कि उसके ख़िलाफ़ एक तरफ़ से ज़ोर की आवाज़ उठने लगी है तो उसमें क़सूर उन ग्रन्थों और उन क़ानून की पोथियों का है जिन में वह आपसी रवादारी के वचन लिखावट में आकर अपनी ताक़त खो बैठे हैं. अगर इसी बात को साफ़ साफ़ कहा जाय तो थोड़े से शब्दों में यूं कहा जा सकता है कि क़ानून की पोथियों में भली से भली बात लिखी जा कर बहुत कमज़ोर बन जाती है और कभी कभी तो वह एकदम अपने प्रान ही खो बैठती है. मनु सम्रृति से लेकर आज तक की क़ानूनी पुस्तकें नारी की रत्ती भर मदद नहीं कर सकीं. पच्छिम और पूरब में और उत्तर और दक्खिन में नारी एक ही तरह से रो रही है. और हर साल ऐसा मालूम होता है कि नारी का दुख अब हमेशा के लिये गया. पर दूसरे ही साल उसका रोना फिर दुगने ज़ोर से शुरू हो जाता है और नारी की तरक़्क़ी का बैल कोल्हू के बैल की तरह दिन भर चलने के बाद भी अपने आप को वहीं का वहीं पाता है.

नर नारी को क़ुदरत ने जहाँ एक सा बनाया है वहाँ भेद भी रखा है. और उस भेद के नाते कुछ कामों का बँटवारा भी किया है. और उन्हीं कामों के ख़याल से दोनों के सुभाव में कुछ भेद भी रखा है. हम जब प्रकृति के दिये इन भेदों को मिटाने लगते हैं तो नतीजा यह होता है कि कुछ देर के लिये नारी की तरक़्क़ी का फ़ुग्गा फूलता सा तो मालूम होता है पर थोड़ी सी देर में वह फट जाता है. और फिर नये सिरे से तरक़्क़ी शुरू हो जाती है. यूं नारी की उन्नति और अनुति का पहिया युगों से घूमता चला आ

گیا ہے کہ اس کے خلاف ایک طرف سے زور کی آواز اُٹھنے لگی ہے تو اس میں قصور اُن گرنتھوں اور اُن قانون کی پوتھیوں کا ہے جن میں وہ آپسی رواداری کے بچن لکھاوٹ میں آکر اپنی طاقت کھو بیٹھے ہیں۔ اگر اسی بات کو صاف صاف کہا جائے تو تھوڑے سے شبدوں میں یوں کہا جا سکتا ہے کہ قانون کی پوتھیوں میں بھلی سے بھلی بات لکھی جا کر بہت کمزور بن جاتی ہے اور کبھی کبھی تو وہ ایک دم اپنے پران ہی کھو بیٹھتی ہے۔ منوسمرتی سے لے کر آج تک کی قانونی پستکیں ناری کی رتی بھر مدد نہیں کر سکیں۔ پچھم اور پورب میں اور اُتّر اور دکھن میں ناری ایک ہی طرح سے رو رہی ہے۔ اور ہر سال ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ناری کا دکھ اب ہمیشہ کے لئے گیا۔ پر دوسرے ہی سال اس کا رونا پھر دگنے زور سے شروع ہو جاتا ہے اور ناری کی ترقی کا بیل کولہو کے بیل کی طرح دن بھر چلنے کے بعد بھی اپنے آپ کو وہیں کا وہیں پاتا ہے۔

نر ناری کو قدرت نے جہاں ایک سا بنایا ہے وہاں بھید بھی رکھا ہے۔ اور اس بھید کے ناطے کچھ کاموں کا بٹوارہ بھی کیا ہے۔ اور انھیں کاموں کے خیال سے دونوں کے سبھاؤ میں کچھ بھید بھی رکھا ہے۔ ہم جب پرکرتی کے دیئے ان بھیدوں کو مٹانے لگتے ہیں تو نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کچھ دیر کے لئے ناری کی ترقی کا پھگّا پھولتا سا تو معلوم ہوتا ہے پر تھوڑی سی دیر میں وہ پھٹ جاتا ہے۔ اور پھر نئے سِرے سے ترقی شروع ہو جاتی ہے۔ یوں ناری کی اُنتی اور انوتی کا پہیہ جگوں سے گھومتا چلا آرہا ہے۔

हमारा यह अनुभव है कि हम अगर अपना हिसाब न लिखें तो हमें महीनों याद रहता है लेकिन अगर लिख डालें तो फिर वह याद नहीं रहता. मानों किसी ने उसको हमारी याद की तख़ती से उठाकर बही खाते के काग़ज़ पर चिपका दिया हो. ठीक यही हाल हमारे ईमान का होता है. जब तक ईमान को क़ायम रखने की कोई पोथियां नहीं रची जातीं तब तक ईमान सच्चा और पक्का बना रहता है. कल ही किसी अख़बार में पढ़ा था कि अमरीका के किसी आदमी को एक नया टापू मिला है जहां इस सभ्य युग की न कोई पोथी पहुंच पाई है और न कोई आदमी और जहां अभी तक कोई पानी का जहाज़ पहुँचा था न हवाई जहाज़. इसलिये वहाँ के लोग न पढ़ना जानते हैं न लिखना और इसीलिये न वह बेईमान हैं न चोर और न ही उनमें और कोई बुरी आदतें हैं. मतलब यह कि उनका ईमान अभी उनके दिलों में है. पोथियों पर नहीं उतारा गया. इसीलिये वह अमल में है. हम तो यही मानते हैं कि क़ानून की पोथी बनाना ईमान को दिल पर से उठा कर किताब में छाप देना है. पोथी बनते ही ईमान ग़ायब हो जाता है. अगर ऐसा न होता तो वकीलों का नया पेशा खड़ा न होता. क़ानून बनने के बाद वकील कैसे ? जज किस काम के लिये ? और उस क़ानून के मतलब बताने वाले पंडितों का क्या काम ? हम हिसाब को बही खाते में इसलिये लिखते हैं कि झट किताब खोल कर यह जान सकें कि किस से क्या लेना देना है. क़ानून की किताबों का भी यही मतलब होना चाहिये, कि हम किताब खोल कर झट जान सकें कि हम ने किस के साथ क्या

ہمارا یہ انوبھو ہے کہ ہم اگر اپنا حساب نہ لکھیں تو ہمیں مہینوں یاد رہتا ہے لیکن اگر لکھ ڈالیں تو پھر وہ یاد نہیں رہتا۔ مانو کسی نے اس کو ہماری یاد کی تختی سے اٹھا کر بہی کھاتے کے کاغذ پر چپکا دیا ہو۔ ٹھیک یہی حال ہمارے ایمان کا ہوتا ہے۔ جب تک ایمان کو قائم رکھنے کی کوئی پوتھیاں نہیں رچی جائیں تب تک ایمان سچا اور پکا بنا رہتا ہے۔ کل ہی کسی اخبار میں پڑھا تھا کہ امریکہ کے کسی آدمی کو ایک نیا ٹاپو ملا ہے جہاں اس سبھیہ یگ کی نہ کوئی پوتھی پہنچ پائی ہے اور نہ کوئی آدمی اور جہاں ابھی تک کوئی پانی کا جہاز پہنچا تھا نہ ہوائی جہاز۔ اس لئے وہاں کے لوگ نہ پڑھنا جانتے ہیں نہ لکھنا اور اسی لئے نہ وہ بے ایمان ہیں نہ چور اور نہ ہی ان میں اور کوئی بری عادتیں ہیں۔ مطلب یہ کہ ان کا ایمان ابھی ان کے دلوں میں ہے۔ پوتھیوں پر نہیں اتارا گیا۔ اسی لئے وہ عمل میں ہے۔ ہم تو یہی مانتے ہیں کہ قانون کی پوتھی بنانا ایمان کو دل پر سے اٹھا کر کتاب میں چھاپ دینا ہے۔ پوتھی بنتے ہی ایمان غائب ہو جاتا ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو وکیلوں کا نیا پیشہ کھڑا نہ ہوتا۔ قانون بننے کے بعد وکیل کیسے؟ جج کس کام کے لئے؟ اور اس قانون کے مطلب بتانے والے پنڈتوں کا کیا کام؟ ہم حساب کو بہی کھاتے میں اس لئے لکھتے ہیں کہ جھٹ کتاب کھول کر یہ جان سکیں کہ کس سے کیا لینا دینا ہے۔ قانون کی کتابوں کا بھی یہی مطلب ہونا چاہئے کہ ہم کتاب کھول کر جھٹ جان سکیں کہ ہم نے کس کے ساتھ کیا

बेईमानी की है और किस ने हमारे साथ ईमान दारी का बरताव किया है. इसमें तीसरे की कहां ज़रूरत और दूसरे का भी क्या काम ? अगर वही खाता और क़ानून की पुस्तकें यह काम नहीं करतीं तो उन का इस्तेमाल सिवाय इसके क्या रह जाता है कि वह किसी आदमी का पानी गरम कर, एक दिन की सरदी ही दूर कर दें.

ऊपर की बात हमने इसलिये लिखी है कि हमारे पुरान, हमारी कथाएँ, हमारा इतिहास यह साफ़ साफ़ बता रहा है कि समाज ने नर नारी का भेद उस वक़्त बिलकुल नहीं माना जब भेद मिटाने के कोई क़ायदे नहीं बने थे. और उस वक़्त कम माना जब भेद मिटाने के दो चार नियम बन गये थे. और अब जब सैकड़ों नियम बन गये हैं तब नर नारी के बीच की खाई इतनी बड़ी हो गई है कि वह विधान में एक धारा बना देने से पाटी नहीं जा सकती. हां चौड़ी बेशक की जा सकती है. पुरानों में सीता और राम जंगल में साथ थे. द्रोपदी और पांडव, दमयन्ती और नल बनों में साथ साथ घूमते थे. नानी की कहानियों में स्वयंबर की बातें आय दिन सुनने को मिलती हैं. नर नारी आज़ादी से जगह जगह विचरते मिलते हैं. छोड़िये पुरानों और कहानियों को. चलिये अब से इक्यानवे बरस पीछे यानी १८५७ में और देख लीजिये घोड़े पर सवार तेईस बरस की झांसी की रानी को. वह नाम की सेना नायक नहीं थी. कितने ही अंगरेज़ी अफ़सर उसकी तलवार के घाट उतरे थे. तब क्या नर नारी का भेद किसी विधान के ज़रिये दूर किया गया था. आज नारी आज़ाद है और नर की बराबर है. बीबी और

بے ایمانی کی ہے اور کس نے ہمارے ساتھ ایمانداری کا برتاؤ کیا ہے۔ اس میں تیسرے کی کہاں ضرورت اور دوسرے کا بھی کیا کام؟ اگر وہی کھاتا اور قانون کی پستکیں یہ کام نہیں کرتیں تو ان کا استعمال سوائے اس کے کیا رہ جاتا ہے کہ وہ کسی آدمی کا پانی گرم کر، ایک دن کی سردی ہی دور کر دیں۔

اوپر کی بات ہم نے اس لئے لکھی ہے کہ ہمارے پران، ہماری کتھائیں، ہمارا اتہاس یہ صاف صاف بتا رہا ہے کہ سماج نے نرناری کا بھید اس وقت بالکل نہیں مانا جب بھید مٹانے کے کوئی قاعدے نہیں بنے تھے۔ اور اس وقت کم مانا جب بھید مٹانے کے دو چار نیم بن گئے تھے۔ اور اب جب سیکڑوں نیم بن گئے ہیں تب نرناری کے بیچ کی کھائی اتنی بڑی ہو گئی ہے کہ وہ ودھان میں ایک دھارا بنا دینے سے پاٹی نہیں جا سکتی۔ ہاں چوڑی بے شک کی جا سکتی ہے۔ پرانوں میں سیتا اور رام جنگل میں ساتھ تھے۔ دروپدی اور پانڈو، دمینتی اور نل بنوں میں ساتھ ساتھ گھومتے تھے۔ نانی کی کہانیوں میں سوئمبر کی باتیں آئے دن سننے کو ملتی ہیں۔ نرناری آزادی سے جگہ جگہ وچرتے ملتے ہیں۔ چھوڑیئے پرانوں اور کہانیوں کو۔ چلئے اب سے اکیانوے برس پیچھے یعنی ۱۸۵۷ء میں اور دیکھ لیجئے گھوڑے پر سوار تئیس برس کی جھانسی کی رانی کو۔ وہ نام کی سینا نایک نہیں تھی۔ کتنے ہی انگریزی افسر اس کی تلوار کے گھاٹ اترے تھے۔ تب کیا نرناری کا بھید کسی ودھان کے ذریعے دور کیا گیا تھا۔ آج ناری آزاد ہے اور نر کی برابر ہے۔ بڑی اور

सिगरेट पीने के लिये, पेटीकोट की जगह पतलून पहनने के लिये, खुली छाती रखने के लिये और लिपस्टिक, बिंदी, बालियां और चूड़ियों से चिपकी रहने के लिये. आज नारी क़ानून की रू से सन् सत्तावन से कहीं ज़्यादा नर की बराबर है लेकिन एक भी नारी झांसी की रानी की तरह अपना छोटा सा जत्था लेकर काश्मीर नहीं पहुँची. काश्मीर की बरफ़ीली चोटियों का नाम सुनकर ही उसका दिल थर थर कांपने लगता है. वह मिनिस्टर बनने में बराबरी की मांग करती है. स्कूल मास्टरी और क्लरकी में उसे बराबर की जगह चाहिये. वह उसे मिलती भी रहेगी. आदमी उसे खुशी खुशी देता रहेगा. क्या हम खाते खाते, हंस हंस कर कुत्तों को टुकड़े नहीं फेंकते. नारी को नर की बराबरी का रुत्बा हासिल है और प्रकृति का दिया हुआ है. उसके लिये जब जब वह आदमी से भीक मांगती है या क़ानून की मदद लेती है तब तब वह अपनी बराबरी को कुछ बट्टा ही लगाती है. कम से कम हिन्दुस्तान ने कभी नर नारी का भेद नहीं माना. उसने शूदर और बराहमन का भेद भी नहीं माना. वह तो गुनों का पुजारी है. उसके मन्दिरों में सीता और राम, राधा और कृष्ण, गौरी और शंकर एक जगह बैठे मिलेंगे और सब नर नारी दोनों को ही सिर झुकायेंगे. हिन्दुस्तान के मन्दिरों में अकेले हनुमान जी और गनेश जी भी मिलेंगे पर अकेली सरस्वती और लक्ष्मी भी मिलेंगी. दोनों ही जगह सब नर नारी सीस झुकाते और दंडवत करते मिलेंगे. इसी तरह से हिन्दुस्तान को जहां शंकर और दयानन्द प्यारे हैं वहां कबीर, दादू और रामदास भी प्यारे हैं. सचमुच हिन्दुस्तान नर

سگریٹ پینے کے لئے، پیٹی کوٹ کی جگہ پتلون پہننے کے لئے، کھلی چھاتی رکھنے کے لئے اور لپسٹک، بندی، بالیاں اور چوڑیوں سے چپکی رہنے کے لئے۔ آج ناری قانون کی رو سے سن ستاون سے کہیں زیادہ نر کی برابر ہے لیکن ایک بھی ناری جھانسی کی رانی کی طرح اپنا چھوٹا سا جتھا لے کر کشمیر نہیں پہنچی۔ کشمیر کی برفیلی چوٹیوں کا نام سنکر ہی اس کا دل تھر تھر کانپنے لگتا ہے۔ وہ منسٹر بننے میں برابری کی مانگ کرتی ہے۔ اسکول ماسٹری اور کلرکی میں اسے برابر کی جگہ چاہیئے۔ وہ اسے ملتی بھی رہے گی۔ آدمی اسے خوشی خوشی دیتا رہے گا۔ کیا ہم کھاتے کھاتے، ہنس ہنس کر کتوں کو ٹکڑے نہیں پھینکتے۔ ناری کو نر کی برابری کا رتبہ حاصل ہے اور پرکرتی کا دیا ہوا ہے۔ اس کے لئے جب جب وہ آدمی سے بھیک مانگتی ہے یا قانون کی مدد لیتی ہے تب تب وہ اپنی برابری کو کچھ بٹہ ہی لگاتی ہے۔ کم سے کم ہندستان نے کبھی نر ناری کا بھید نہیں مانا۔ اس نے شدر اور برہمن کا بھید بھی نہیں مانا۔ وہ تو گنوں کا پجاری ہے۔ اس کے مندروں میں سیتا اور رام، رادھا اور کرشن، گوری اور شنکر ایک جگہ بیٹھے ملیں گے اور سب نر ناری دونوں ہی کو سر جھکائیں گے۔ ہندستان کے مندروں میں اکیلے ہنومان جی اور گنیش جی بھی ملیں گے پر اکیلی سرسوتی اور لکشمی بھی ملیں گی۔ دونوں ہی جگہ سب نر ناری سیس جھکاتے اور ڈنڈوت کرتے ملیں گے۔ اسی طرح ہندستان کو جہاں شنکر اور دیانند پیارے ہیں وہاں کبیر، دادو اور رامداس بھی پیارے ہیں۔ سچ مچ ہندستان نر

नारी का भेद या बराहमन शूद्र का भेद नहीं करता. वह तो हिम्मत का पुजारी है. करो हिम्मत, हिन्दुस्तान सीस झुका देगा.

नर नारी का भेद क़ानून से मिटा कर भूल होगी, वह मिटेगा भी नहीं. वह मिटेगा हिम्मत से. नारी का रास्ता खुला है. वह अपनी जगह बना ले. जगह बनेगी चरित्र बल से. न कि लम्बे लम्बे बालों से और मुँह पर पाउडर थोपने से.

गुड़ियों को गुड़ियों में स्थान मिलेगा, और ऊँचे चरित्र वाली बहादुर नारियों को मन्दिरों में.

—भगवानदीन

१५-१२-४९

(३) नारी हरन और हैदराबाद

हैदराबाद में जब मुजाहिदे आज़म और उसके रज़ाकारों का ज़ोर था तो फ़िरक़ेवारी के रंग में रंगे अख़बार रोज़ यह ख़बरें उड़ाया करते थे कि आज इस गांव से सैकड़ों औरतें रज़ाकार ले भागे और कल उस गांव से. और जब हिन्द यूनियन की तरफ़ से हैदराबाद रियासत में पुलिस कररवाई की गई तो पाकिस्तान के फ़िरक़ेवारी के रंग में रंगे अख़बारों ने यह ढोल पीटना शुरू किया कि हैदराबाद की रियासत के उस गांव से इतनी औरतें उड़ाई गईं और उस गांव से इतनी. दोनों तरफ़ की तादाद शैतान की आंत की तरह से बढ़ती गई. न जाने क्यों दुनिया भर की सारी सरकारें प्रेस एक्ट की तलवारें लटकाए हुए इस गप्प नामी चुड़ैल का ख़ात्मा कर डालने से झिझकती हैं. सरकारों की लीला

ناری کا بھید یا برہمن شودر کا بھید نہیں کرتا. وہ تو ہمت کا پجاری ہے. کرو ہمت، ہندستان سیس جھکا دے گا.

نر ناری کا بھید قانون سے مٹا کر بھول ہوگی، وہ مٹے گا بھی نہیں. وہ مٹے گا ہمت سے. ناری کا راستہ کھلا ہے. وہ اپنی جگہ بنا لے. جگہ بنے گی چرتر بل سے. نہ کہ لمبے لمبے بالوں سے اور منہ پر پاؤڈر تھوپنے سے.

گڑیوں کو گڑیوں میں استھان ملے گا، اور اونچے چرتر والی بہادر ناریوں کو مندروں میں.

بھگوان دین

۱۵-۱۲-۴۹

(۳) ناری ہرن اور حیدرآباد

حیدرآباد میں جب مجاہد اعظم اور اس کے رضاکاروں کا زور تھا تو فرقہ واری کے رنگ میں رنگے اخبار روز یہ خبریں اڑایا کرتے تھے کہ آج اس گاؤں سے سیکڑوں عورتیں رضاکار لے بھاگے اور کل اس گاؤں سے. اور جب ہند یونین کی طرف سے حیدرآباد ریاست میں پولیس کارروائی کی گئی تو پاکستان کے فرقہ واری کے رنگ میں رنگے اخباروں نے یہ ڈھول پیٹنا شروع کیا کہ حیدرآباد کی ریاست کے اس گاؤں سے اتنی عورتیں اڑائی گئیں اور اس گاؤں سے اتنی. دونوں طرف کی تعداد شیطان کی آنت کی طرح سے بڑھتی گئی. نہ جانے کیوں دنیا بھر کی ساری سرکاریں پریس ایکٹ کی تلواریں لٹکائے ہوئے اس گپ نامی چڑیل کا خاتمہ کر ڈالنے سے جھجکتی ہیں. سرکاروں کی لیلا

सरकारें ही आनें. आइये हम सुभीते के लिये इस शैतान की आंत को एकदम छोटी किए देते हैं, और यह माने लेते हैं कि मुजाहिदे आज़म के राज में एक, और सिर्फ़ एक औरत उड़ाई गई. पर यह एक भी क्यों ? क्या एक सीता हरन की खातिर लंका नहीं फुक गई थी. ठीक इसी तरह से हिन्द यूनियन के पुलिस राज में एक और सिर्फ़ एक औरत उड़ाई गई. पर यह एक भी पुलिस राज को बदनाम करने के लिये क्यों न काफ़ी समझी जाय ? क्या एक मछली तालाब को गंदा नहीं कर देती ? एक नारी का हरन जितना हमको चुभता है अगर सबको चुभता होता तो सीता हरन के बाद न द्रोपदी चीर हरन होता और न आज का अटूट नारी हरन. दिनों दिन नारी हरन बढ़ता ही जा रहा है. जनरल चौधरी के खुले मैदान में कोड़े इसे न रोक सकेंगे. जनरल चौधरी इन्साफ़ की तराज़ू हाथ में लेकर अगर सैकड़ों को फांसी के तख्ते पर चढ़ा दें तब भी नारी हरन न रुक पायगा. असल में नारी हरन में नर को रस आता है. नर समाज के मन में गुदगुदी उठती है. नारी हरन की तह में नर के ऊँचे बने रहने की कुन्जी छिपी हुई है. नर नारी हरन को नहीं रोकना चाहता. नर नारी हरन के ज़रिये नारी को दी हुई बराबरी को छीनना चाहता है. नारी हरन के खिलाफ़ नर सख्त से सख्त क़ानून बना देगा. पर क़ानूनों से कभी कोई बुरा काम रुका ? बुरे काम रुकते हैं समाज की नज़रों में गिर आने से. नंगे घूमने के खिलाफ़ कोई क़ानून नहीं है पर पागल के सिवाय कोई नंगे घूमने की हिम्मत नहीं करता. क्योंकि समाज की नज़रों में नंगा घूमना बुरा काम समझा जाता है. इस तरह की मिसालें

سرکاریں ہی جائیں۔ آئیے ہم سبھیتے کے لئے اس شیطان کی آنت کو ایک دم چھوٹی کئے دیتے ہیں، اور یہ مانے لیتے ہیں کہ مجاہد اعظم کے راج میں ایک، اور صرف ایک عورت اڑائی گئی۔ پر یہ ایک ہی کیوں؟ کیا ایک سیتا ہرن کی خاطر لنکا نہیں پھنک گئی تھی۔ ٹھیک اسی طرح سے ہند یونین کے پولیس راج میں ایک اور صرف ایک عورت اڑائی گئی۔ پر یہ ایک بھی پولیس راج کو بدنام کرنے کے لئے کیوں نہ کافی سمجھی جائے؟ کیا ایک مچھلی تالاب کو گندا نہیں کر دیتی؟ ایک ناری کا ہرن جتنا ہم کو چبھتا ہے اگر سب کو چبھتا ہوتا تو سیتا ہرن کے بعد نہ دروپدی چیر ہرن ہوتا اور نہ آج کا اٹوٹ ناری ہرن۔ دنوں دن ناری ہرن بڑھتا ہی جا رہا ہے۔ جنرل چودھری کے کھلے میدان میں کوڑے اسے نہ روک سکیں گے۔ جنرل چودھری انصاف کی ترازو ہاتھ میں لے کر اگر سینکڑوں کو پھانسی کے تختے پر چڑھا دیں تب بھی ناری ہرن نہ رک پائے گا۔ اصل میں ناری ہرن میں نر کو رس آتا ہے۔ نر سماج کے من میں گدگدی اٹھتی ہے۔ ناری ہرن کی تہہ میں نر کے اونچے بنے رہنے کی کنجی چھپی ہوئی ہے۔ نر ناری ہرن کو نہیں روکنا چاہتا۔ نر ناری ہرن کے ذریعے ناری کو دی ہوئی برابری کو چھیننا چاہتا ہے۔ ناری ہرن کے خلاف نر سخت سے سخت قانون بنا دے گا۔ پر قانون سے کبھی کوئی برا کام رکا؟ برے کام رکتے ہیں سماج کی نظروں میں گر جانے سے۔ ننگے گھومنے کے خلاف کوئی قانون نہیں ہے پر پاگل کے سوائے کوئی ننگے گھومنے کی ہمت نہیں کرتا۔ کیوں کہ سماج کی نظروں میں ننگا گھومنا برا کام سمجھا جاتا ہے۔ اس طرح کی مثالیں

और भी बढ़ाई जा सकती हैं. नारी हरन समाज की नज़रों में बुरा काम नहीं है. इसका ज़िक्र नर अपनी टोलियों में शान के साथ करता है और अपने साथियों से बढ़ावा पाता है. हमें अचरज तो यह है कि नर बढ़ावा दें तो दें नारी भी इस काम में बढ़ावा देती हुई पाई गई हैं. नारियां अपने दिल पर यह लिख लें कि नारी हरन के रहते रहते वह नर की बराबर कभी नहीं हो सकतीं. फिर चाहे वह गवरनर हो जायँ, राजदूत हो जायँ, राष्ट्रपति हो जायँ या सेनापति भी हो जायँ. नारी हरन रोकने का एक नुस्खा बापू ने बताया था, कि वह नारियां ज़हर खा कर क्यों न मर गईं जो ज़बरदस्ती भगा कर ले जाई गई थीं. हमारी राय में अगर इस नुस्खे पर भी पूरा अमल किया जाता तो नारी हरन न रुकता. कोई कोई जानवर यह नुस्खा अमल में लाते हैं. वह ज़हर खाना तो नहीं जानते पर खाना छोड़कर अपनी जान दे देते हैं. पर इससे जानवरों का पकड़ा जाना नहीं रुकता. फिर अब क्या किया जाय ? असल में जो नारी ज़बरदस्ती पकड़ ली जाती है उसकी सूझ बूझ गुम हो जाती है और वह कोई फ़ैसला नहीं कर पाती. उसका ऐसा ही हाल हो जाता है जैसे लड़ाई के मैदान से भागे हुए सिपाही का. अब जिस तरह भागे हुए सिपाही में उसकी पत्नी दरवाज़ा बन्द कर उसको घर में आने से रोक उसमें सूझ बूझ जगा देती है और उसकी मरी हुई हिम्मत में जान डाल देती है, और उसे दुगनी हिम्मत के साथ लड़ाई के मैदान में भेज देती है, ठीक इसी तरह से हमारे घर की नारियां अगर अपने भाइयों को, पतियों को, बेटों को, पिताओं को ऐसी औरतें लाते हुए देखकर किवाड़ें बन्द करना

(९१)

اور بھی بڑھائی جاسکتی ہیں۔ ناری ہرن سماج کی نظروں میں برا کام نہیں ہے۔ اس کا ذکر نر اپنی ٹولیوں میں شان کے ساتھ کرتا ہے اور اپنے ساتھیوں سے بڑھاوا پاتا ہے۔ ہمیں اچرج تو یہ ہے کہ نر بڑھاوا دیں تو دیں ناری بھی اس کام میں بڑھاوا دیتی ہوئی پائی گئی ہیں۔ ناریاں اپنے دل پر یہ لکھ لیں کہ ناری ہرن کے رہتے رہتے وہ نر کی برابر کبھی نہیں ہو سکتیں۔ پھر چاہے وہ گورنر ہو جائیں، راج دوت ہو جائیں، راشٹرپتی ہو جائیں یا سیناپتی بھی ہو جائیں۔ ناری ہرن روکنے کا ایک نسخہ باپو نے بتایا تھا، کہ وہ ناریاں زہر کھا کر کیوں نہ مر گئیں جو زبردستی بھگا کر لے جائی گئی تھیں۔ ہماری رائے میں اگر اس نسخے پر بھی پورا عمل کیا جاتا تو ناری ہرن نہ رکتا۔ کوئی کوئی جانور یہ نسخہ عمل میں لاتے ہیں۔ وہ زہر کھانا تو نہیں جانتے پر کھانا چھوڑ کر اپنی جان دے دیتے ہیں۔ پر اس سے جانوروں کا پکڑا جانا نہیں رکتا۔ پھر اب کیا کیا جائے؟ اصل میں جو ناری زبردستی پکڑ لی جاتی ہے اس کی سوجھ بوجھ گم ہو جاتی ہے اور وہ کوئی فیصلہ نہیں کر پاتی۔ اس کا ویسا ہی حال ہو جاتا ہے جیسے لڑائی کے میدان سے بھاگے ہوئے سپاہی کا۔ اب جس طرح بھاگے ہوئے سپاہی میں اس کی پتنی دروازہ بند کر اس کو گھر میں آنے سے روک اس میں سوجھ بوجھ جگا دیتی ہے اور اس کی مری ہوئی ہمت میں جان ڈال دیتی ہے، اور اسے دگنی ہمت کے ساتھ لڑائی کے میدان میں بھیج دیتی ہے، ٹھیک اسی طرح سے ہمارے گھر کی ناریاں اگر اپنے بھائیوں کو، پتیوں کو، بیٹوں کو، پتاؤں کو ایسی عورتیں لاتے ہوئے دیکھ کر کواڑیں بند کرنا

(٩١)

सीख जायँ तो नारी हरन का भूत हिन्दुस्तान छोड़कर चल दे. बापू कहते थे भगाई हुई औरतों को जहर खाने के लिये, मैं कहता हूँ उन औरतों को जहर खाने के लिये या शरम से डूब मरने के लिये जिनके घर में एक भी भगाई गई औरत हो.

नारी ! तू अगर नारी हरन बरदाश्त करती रही तो कभी नर की बराबर नहीं हो सकती.

—भगवानदीन

भूल सुधार

दिसम्बर' ४८ के 'नया हिन्द' में प्रेस की ग़लती से छपाई में बहुत से शब्द अशुद्ध छप गये हैं. नीचे लिखे अनुसार पाठक उन्हें सुधार लें.

सफ़ा नम्बर	लाईन नम्बर	अशुद्ध शब्द	शुद्ध शब्द.
४८३	आखिरी	बे इतमहा	बे इनतहा
४९४	छटी	हिदुओं	हिन्दुओं
५२६	नवीं	स्वर्थों	स्वार्थों
५२८	पांचवीं	अर	और
५३४	ग्यारहवीं	बता	बरता
५४२	बारहवीं	शागिद्	शागिर्द
५४७	आखिरी	रेमेंब	बारे में
५६६	नवीं	राष्ट्रिय	राष्ट्रीय
"	ग्यारहवीं	"	"

سیکھ جائیں تو ناری ہرن کا بھوت ہندستان چھوڑ کر چل دے ۔ باپو کہتے تھے بھگائی ہوئی عورتوں کو زہر کھانے کے لئے، میں کہتا ہوں اُن عورتوں کو زہر کھانے کے لئے یا شرم سے ڈوب مرنے کے لئے جن کے گھر میں ایک بھی بھگائی ہوئی عورت ہو ۔

ناری! تو اگر ناری ہرن برداشت کرتی رہی تو کبھی نر کی برابر نہیں ہو سکتی ۔

— بھگوان دین

بھول شدھار

دسمبر ۴۸ کے 'نیا ہند' میں پریس کی غلطی سے چھپائی میں بہت سے شبد اَشدھ چھپ گئے ہیں ۔ نیچے لکھے انوسار پاٹھک انھیں شدھار لیں ۔

صفحہ نمبر	لائن نمبر	اَشدھ شبد	شدھ شبد
۴۸۸	۸	پرچار	پرچار
۴۹۶	۲۰، ۲۱	جگہ جگہ	جگہ
۴۹۹	۸	ذریہ	ذریعے
۵۰۳	۱۸	ذریہ	ذریعے
۵۰۶	۴	گرداخت	گردمت
۵۰۷	۱۲	پرہمارنڈوں	پرہانڈوں
۵۰۸	۳	"	"

”	तेरहवीं	राष्ट्रिय	राष्ट्रीय
”	सत्रहवीं	राष्ट्रिय	राष्ट्रीय
५६७	तीसरी	”	”
”	आखिरी	मूरती	मूरत
५६८	पहली	तकनीक में	तकनीक पर
”	चौथी	राष्ट्रिय	राष्ट्रीय
”	बीसवीं	वैसी	जैसी
५६९	पहली	तरह से	तरह
”	पांचवीं	राष्ट्रिय	राष्ट्रीय
”	दसवीं	”	”
५७०	बाइसवीं	गुलार	गुलाब
५७१	छटी	राष्ट्रिय	राष्ट्रीय
५७१	छटी	वह मुसलमानों	वह संस्था मुसलमानों
”	बारहवीं	राष्ट्रिय	राष्ट्रीय
”	सत्तरहवीं	राष्ट्रियता	राष्ट्रीयता
५७२	तेरहवीं	भूक	भूके
५७३	पहली	रुपया	रुपये
५७४	सोलहवीं	मुवेज मुनक्का	मुवेज
”	”	(द्राक्षा नुकारा हुए)	(द्राक्षा नुकाये हुए)
५७५	पहली	लश्कर हिन्दी	लश्करी हिन्दी
”	नवीं	पर	और

۵۱۲	۱۴	انھوں نے	——
۵۱۲	۱۴	ملیکر	ملیکش
۵۱۳	۳	سمبھندھ	سمبندھ
۵۱۶	۱۹	وہ چلیں گئیں	وہ چلی گئیں
۵۴۴	۱۴	ہمدردی کو اپنی	ہمدردی اپنی
۵۴۶	۳	ذریعے سے	ذریعے
”	۲۱	مورتی	مورت
۵۴۸	۱	تکنیک میں	تکنیک پر
”	۱۸	ویسی	جیسی
۵۴۹	۱	طرح سے	طرح
۵۶۰	۲۰	گولار	گلاب
۵۶۱	۴	وہ مسلمانوں	وہ سنستھا مسلمانوں
۵۶۳	۱	روپیہ	روپے
۵۶۴	۱۴	مویز منقّا	مویز
”	”	(دراکشا نکارا ہوئے)	(دراکشا نکائے ہوئے)
۵۶۵	۱	لشکر ہندی	لشکری ہندی
”	۸	پر	اور

आज के शहीद

(सम्पादक श्री० रतन लाल बंसल)

आज के शहीद में उन बहादुरों की कहानियाँ हैं जिन्होंने विदेशी हाकिमों की फैलाई फूट की आग में इन्सानियत को भस्म होते देख एक क्षन की भी देर न की और उसे बुझाने के लिये अपनी जान क़ुरबान कर दी.

आज के शहीद में उन वीरों की कहानियाँ हैं जिन्होंने फूट और नफ़रत के अंधेरे में रोशनी बनकर दूसरों को रास्ता दिखाया.

आज के शहीद में देश पिता महात्मा गांधी के साथ-साथ श्री गणेश शंकर विद्यार्थी, श्री लाल मोहन सेन, श्री बसन्त• राव हेंगिष्टे, जनाब रज्जब अली, श्री शचीन्द्रनाथ मित्र, मीर मक़बूल शेरवानी, श्री स्मृतीश बनर्जी और जनाब शोएबुल्ला खाँ वग़ैरा के जीवन और बलिदान की कहानियाँ पढ़कर आप सोचने के लिये मजबूर हो जायँगे कि धर्म के सच्चे सेवक यह शहीद थे या वह फ़िरक़ा परस्त नेता जो बात-बात में धर्म और दीन का नाम लेकर इन्सानों को इन्सानों से नफ़रत करना सिखाते हैं.

अगर आपको इन्सानियत पर विश्वास और राष्ट्र पिता महात्मा गांधी के मिशन से प्रेम है तो आप इस किताब को न सिर्फ़ खुद पढ़ें बल्कि अपने दोस्तों को भी पढ़ने की सलाह दें.

सुन्दर जिल्द और आर्ट पेपर पर छपी आठ तस्वीरों के साथ इस किताब का दाम सिर्फ़ ढाइ रुपया रक्खा गया है. किताब उर्दू और नागरी दोनों लिखावटों में मिल सकती है.

२८ फ़रवरी तक आर्डर देने वालों को यह किताब डाक महसूल समेत सवा दो रुपये में दी जायगी.

मैनेजर 'नया हिन्द' ४८, बाई का बाग इलाहबाद.

آج کے شہید

(سمپادک شری رتن لال بنسل)

آج کے شہید میں اُن بہادروں کی کہانیاں ہیں جنھوں نے ودیشی حاکموں کی پھیلائی پھوٹ کی آگ میں انسانیت کو بھسم ہوتے دیکھ ایک چھن کی بھی دیر نہ کی اور اُسے بجھانے کے لئے اپنی جان قربان کردی۔

آج کے شہید میں اُن ویروں کی کہانیاں ہیں جنھوں نے پھوٹ اور نفرت کے اندھیرے میں روشنی بن کر دوسروں کو راستہ دکھایا۔

آج کے شہید میں دیش پتا مہاتما گاندھی کے ساتھ ساتھ شری گنیش شنکر ودھیارتھی، شری لال موہن سین، شری بسنت راؤ ہینگشٹے، جناب رجب علی، شری سچیندر ناتھ متر، میر مقبول شیروانی، شری سمرتیش بنرجی اور جناب شعیب اللہ خاں وغیرہ کے جیون اور بلیدان کی کہانیاں پڑھ کر آپ سوچنے کیلئے مجبور ہو جائیں گے کہ دھرم کے سچے سیوک یہ شہید تھے یا وہ فرقہ پرست نیتا جو بات بات میں دھرم اور دین کا نام لیکر انسانوں کو انسانوں سے نفرت کرنا سکھاتے ہیں۔

اگر آپ کو انسانیت پر وشواس اور راشٹر پتا مہاتما گاندھی کے مشن سے پریم ہے تو آپ اس کتاب کو نہ صرف خود پڑھیں بلکہ اپنے دوستوں کو بھی پڑھنے کی صلاح دیں۔

سندر جلد اور آرٹ پیپر پر چھپی آٹھ تصویروں کے ساتھ اس کتاب کا دام صرف ڈھائی روپیہ رکھا گیا ہے۔ کتاب اردو اور ناگری دونوں لکھاوٹوں میں مل سکتی ہے۔

۲۸ فروری تک آرڈر دینے والوں کو یہ کتاب ڈاک محصول سمیت سوا دو روپئے میں دی جائے گی۔

منیجر "نیا ہند" ۴۸، بائی کا باغ الہ آباد

मुस्लिम देशभक्त

[लेखक श्री० रतन लाल बंसल]

"पिछले बरसों में अंग्रेज़ों के इशारे पर हमारे देश में इस बात का काफ़ी प्रचार किया गया कि हिन्दुस्तान के मुसलमानों ने हिन्दुस्तान की आज़ादी की लड़ाई में कभी हिस्सा नहीं लिया. इस प्रचार से जो ज़हर फैला, उसका नतीजा हमारे सामने है. आज़ादी की लड़ाई के पिछले दौर में मुसलमान जनता जिस तरह उससे दूर दूर रही और हिन्दू जिस तरह आज हर एक मुसलमान को देश का दुश्मन मान बैठे हैं, वह सब इसी प्रचार का नतीजा है.

लेकिन यह किताब इस ग़लत-फ़हमी को मिटाने में काफ़ी मदद कर सकती है. इसमें उन मुसलमान देशभक्तों का इतिहास है, जिन्होंने अंग्रेज़ों के आते ही उनको यहाँ से हटाने की कोशिशें शुरू कर दी थीं. उनकी क़ुरबानियों की कहानियाँ आपके दिलों को रोशनी से भर देंगी. त्योहारों के ऊपर मुसलमान भाई अपने हिन्दू दोस्तों को और हिन्दू अपने मुसलमान दोस्तों को यह किताब भेंट कर सकते हैं. यह किताब हिन्दी उर्दू दोनों लिखावटों में मिल सकती है.

सुन्दर जिल्द के साथ किताब का दाम सिर्फ़ एक रुपया बारह आने की किताब है. पर २८ फ़रवरी तक जो लोग आर्डर देंगे उन्हें महसूल डाक समेत यह किताब सिर्फ़ डेढ़ रुपये में दी जायगी.

मैनेजर 'नया हिन्द'

مسلم دیش بھکت

(لیکھک شری رتن لال بنسل)

پچھلے برسوں میں انگریزوں کے اشارے پر ہمارے دیش میں اس بات کا کافی پرچار کیا گیا کہ ہندستان کے مسلمانوں نے ہندستان کی آزادی کی لڑائی میں کبھی حصہ نہیں لیا۔ اس پرچار سے جو زہر پھیلا اُس کا نتیجہ ہمارے سامنے ہے۔ آزادی کی لڑائی کے پچھلے دور میں مسلمان جنتا جس طرح اُس سے دُور دُور رہی اور ہندو جس طرح آج ہر ایک مسلمان کو دیش کا دشمن مان بیٹھے ہیں، وہ سب اسی پرچار کا نتیجہ ہے۔

لیکن یہ کتاب اس غلط فہمی کو مٹانے میں کافی مدد کر سکتی ہے۔ اس میں اُن مسلمان دیش بھکتوں کا اتہاس ہے، جنھوں نے انگریزوں کے آتے ہی ان کو یہاں سے ہٹانے کی کوششیں شروع کر دی تھیں۔ اُن کی قربانیوں کی کہانیاں آپ کے دلوں کو روشنی سے بھر دیں گی۔ تیوہاروں کے اوپر مسلمان بھائی اپنے ہندو دوستوں کو اور ہندو اپنے مسلمان دوستوں کو یہ کتاب بھینٹ کر سکتے ہیں۔ یہ کتاب ہندی اردو دونوں لکھاوٹوں میں مل سکتی ہے۔

سُندر جلد کے ساتھ کتاب کا دام صرف ایک روپیہ بارہ آنے فی کتاب ہے۔ پر ۲۸ فروری تک جو لوگ آرڈر دیں گے انھیں محصول ڈاک سمیت یہ کتاب صرف ڈیڑھ روپیے میں دی جائے گی۔

مینیجر 'نیا ھند'

۲۸ بائی کا باغ الٰہ آباد

(१) एक ऐसी हिन्दुस्तानी कलचर का बढ़ाना, फैलाना और प्रचार करना जिसमें सब हिन्दुस्तानी शामिल हों.

(२) एकता फैलाने के लिये किताबों, अख़बारों, रिसालों वग़ैरह का छापना.

(३) पढ़ाई घरों, किताब घरों, सभाओं, कानफ़रेन्सों, लेक्चरों से सब धर्मों, जातों, बिरादरियों और फ़िर्क़ों में आपस का मेल बढ़ाना.

—o—

सोसाइटी के प्रेसीडेन्ट—सर तेज बहादुर सप्रू; वाइस प्रेसीडेन्ट—डा० भगवानदास और डा० अब्दुल हक़; गवर्निंग बाडी के प्रेसीडेन्ट—डा० भगवानदास; सेक्रेटरी पं० सुन्दरलाल; ख़ज़ान्ची—डा० ताराचन्द. गवर्निंग बाडी के और मेम्बर

डा० सय्यदमहमूद, मि० अब्दुल मजीद ख़्वाजा, मौलवी सय्यद सुलेमान नदवी, मि० मंज़र अली सोख़्ता, श्री बी० जी० खेर, मि० एस० के० बद्रा, पं० विशम्भर नाथ.

—o—

सोसाइटी की बम्बई शाख़ का दफ़्तर

जहांगीर वाडिया बिल्डिङ्ग, ५१ महात्मा गान्धी रोड, फ़ोर्ट बम्बई.
बम्बई शाख़ की मैनेजिंग कमेटी के मेम्बर—

श्री बी० जी० खेर, श्रीमती सोफ़िया वाडिया, प्रिन्सिपल ए० ए० ए० फ़ैज़ी, श्री एम० एच० पकवासा, श्रीमती हंसा मेहता, सय्यद अब्दुल्ला बरेलवी, मि० के० टी० शाह.

क़ायदे के लिए लिखिए.

सुन्दर लाल,
सेक्रेटरी हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी
४८ बाई का बाग़, इलाहाबाद.

مقصد

(۱) ایک ایسی ہندستانی کلچر کا بڑھانا' پھیلانا اور پرچار کرنا جس میں سب ہندستانی شامل ہوں ۔

(۲) ایکتا پھیلانے کے لئے کتابوں' اخباروں' رسالوں وغیرہ کا چھاپنا ۔

(۳) پڑھائی گھروں' کتاب گھروں' سبھاؤں' کانفرنسوں لکچروں سے سب دھرموں' جاتوں' برادریوں اور فرقوں میں آپس کا میل بڑھانا ۔

—:o:—

سوسائٹی کے پریسیڈنٹ — سر تیج بہادر سپرو؛ وائس پریسیڈنٹ—ڈاکٹر بھگوان داس اور ڈاکٹر عبدالحق؛ گورننگ باڈی کے پریسیڈنٹ ۔ ڈاکٹر بھگوان داس؛ سکریٹری—پنڈت سندر لال؛ خزانچی—ڈاکٹر تارا چند ۔

گورننگ باڈی کے اور ممبر—

ڈاکٹر سید محمود' مسٹر عبدالمجید خواجہ' مولوی سید سلیمان ندوی' مسٹر منظر علی سوختہ' شری بی جی کھیر' مسٹر ایس کے' رودرا' پنڈت بشمبھر ناتھ ۔

—:o:—

سوسائٹی کی بمبئی شاخ کا دفتر—

جہانگیر واڈیا بلڈنگ' ۵۱ مہاتما گاندھی روڈ' فورٹ بمبئی ۔

بمبئی شاخ کی منیجنگ کمیٹی کے ممبر—

شری بی - جی - کھیر' شریمتی صوفیاواڈیا' پرنسپل اے - اے - اے فیضی' شری یم - یچ - پکواسا' شریمتی ہنسا مہتا' سید عبداللہ بریلوی' مسٹر کے - وی - شاہ ۔

ممبری کے قاعدوں کے لئے لکھئے ۔

سندر لال
سکریٹری ہندستانی کلچر سوسائٹی'
۴۸ بائی کا باغ' الہ آباد ۔

नोट—सोसाइटी के मेम्बरों को "नया हिन्द" और सोसाइटी की सब किताबें वग़ैरह दो तिहाई दाम पर मिलती हैं।

نوٹ—سوسائٹی کے ممبروں کو " نیا ہند " اور سوسائٹی کی سب کتابیں وغیرہ دو تہائی دام پر ملتی ہیں ۔

"गीता और क़ुरान"

लेखक—पंडित सुन्दरलाल

इस किताब के शुरू में दुनिया के सब बड़े बड़े धर्मों की एकता को दिखाया गया है और सब धर्मों की किताबों से हवाले दे देकर मिलती जुलती बुनियादी सचाइयों को बयान किया गया है.

उसके बाद गीता के लिखे जाने के वक़्त की इस देश की हालत, गीता के बड़प्पन और एक एक अध्याय को लेकर गीता की तालीम को बतलाया गया है.

आख़िर में क़ुरान से पहले की अरब की हालत, क़ुरान के बड़प्पन और एक एक बात पर क़ुरान की तालीम को बयान किया गया है. इस में क़ुरान की पांच सौ से ऊपर आयतों का लफ़्ज़ी तरजुमा दिया गया है. यह भी बताया गया है कि क़ुरान में जेहाद, आक़िबत, आख़ेरत, जन्नत, जहन्नम, काफ़िर वग़ैरा किसे कहा गया है.

जो लोग सब धर्मों की एकता को समझना चाहें या हिन्दू धर्म और इसलाम दोनों की इन दो अमर पुस्तकों की सच्ची जानकारी हासिल करना चाहें उन्हें इस किताब को ज़रूर पढ़ना चाहिये.

किताब आसान हिन्दुस्तानी ज़बान में, नागरी और उर्दू दोनों लिखावटों में अलग अलग मिल सकती है. पौने तीन सौ सफ़े की सुन्दर जिल्द बँधी किताब की क़ीमत सिर्फ़ ढाई रुपए. डाक ख़र्च अलग.

मैनेजर "नया हिन्द"

४८ बाई का बाग़, इलाहाबाद

"گیتا اور قرآن"

لیکھک - پنڈت سندر لال

اس کتاب کے شروع میں دنیا کے سب بڑے بڑے دھرموں کی ایکتا کو دکھایا گیا ہے اور سب دھرموں کی کتابوں سے حوالے دے دے کر ملتی جلتی بنیادی سچائیوں کو بیان کیا گیا ہے

اسکے بعد گیتا کے لکھے جانے کے وقت کی اس دیش کی حالت' گیتا کے بڑپن اور ایک ایک ادھیائے کو لیکر گیتا کی تعلیم کو بتلایا گیا ہے.

آخر میں قرآن سے پہلے عرب کی حالت' قرآن کے بڑپن اور ایک ایک بات پر قرآن کی تعلیم کو بیان کیا گیا ہے. اس میں قرآن کی پانچ سو سے اوپر آیتوں کا لفظی ترجمہ دیا گیا ہے. یہ بھی بتایا گیا ہے کہ قرآن میں جہاد' عاقبت' آخرت' جنت' جہنم' کافر وغیرہ کسے کہا گیا ہے.

جو لوگ سب دھرموں کی ایکتا کو سمجھنا چاہیں یا ہندو دھرم اور اسلام دونوں کی ان دو امر پستکوں کی سچی جانکاری حاصل کرنا چاہیں انہیں اس کتاب کو ضرور پڑھنا چاہئیے.

کتاب ہندستانی زبان میں ناگری اور اُردو دونوں لکھاوٹوں میں الگ الگ مل سکتی ہے. پونے تین سو صفحے کی سندر جلد بندھی کتاب کی قیمت صرف ڈھائی روپیہ - ڈاک خرچ الگ

مینیجر 'نیا ہند'

۴۸ - بائی کا باغ' الہ آباد



[illegible] इवन, सिवस्वरलाल, सुन्दरलाल

फ़रवरी १९३९

[illegible] ' مفتر فل

فروری 1939

नया हिन्द — نیا ہند

जिल्द ७ फ़रवरी '४९ नम्बर २

جلد ۷ فروری '۴۹ نمبر ۲

जात आदमी, प्रेम धर्म है, हिन्दुस्तानी बोली,
'नया हिन्द' पहुँचेगा घर घर लिये प्रेम की झोली.

جات آدمی، پریم دھرم ہے، ہندستانی بولی
'نیا ہند' پہنچے گا گھر گھر لئے پریم کی جھولی.

अमर ज्योति

(महात्मा गांधी की याद में)

(भाई कृष्ण मलहोत्रा 'अमर')

ज्योत अमर ही रहती है
चाहे दीपक टूट ही जाए
मूर्ख प्राणी !
तूने सोचा
दीपक तोड़ो !
दीपक टूटा, तो यह ज्योति मर जाएगी
[illegible] छा जाएगी

امر جوتی

(مہاتما گاندھی کی یاد میں)

(بھائی کرشن ملہوترا 'امر')

جوت امر ہی رہتی ہے
چاہے دیپک ٹوٹ ہی جائے
مورکھ پرانی!
تو نے سوچا
دیپک توڑو!
دیپک ٹوٹا، تو جیوتی مر جائے گی
[illegible] چھا جائے گی

दीपक टूटा, हाहाकार मचा जीवन में
अंधकार सा फैला
डूब गईं आशाएँ सूनेपन में
और हँसा तू मूरख
टूट गया है दीपक जोत बुझी है
काली रात के परदे में अब खूब करो मन मानी
लेकिन क्या देखा आँखों ने
जोत की धारा और ज़ियादा फैल गई है
और ज़ियादा दमक उठी है अपनी उजली धरती
टूटे दीपक का हर शोला दीप बना है
जैसे टकरा कर साहिल से मौज उभर कर फिर उठती है
तूने क्या सोचा था ?
तू क्या जाने जोत की बातें
और हुआ क्या ?
जोत उजागर ही रहती है, चाहे दीप हज़ारों टूटें
तू मूरख क्या जाने ?

'तहरीक' से

دیپک ٹوٹا، ہاہاکار مچا جیون میں
اندھاکار سا پھیلا
ڈوب گئیں آشائیں سونے پن میں
اور ہنسا تو مورکھ
ٹوٹ گیا ہے دیپک جوت بجھی ہے
کالی رات کے پردے میں اَب خوب کرو من مانی
لیکن کیا دیکھا آنکھوں نے
جوت کی دھارا اور زیادہ پھیل گئی ہے
اور زیادہ دمک اٹھی ہے اپنی اُجلی دھرتی
ٹوٹے دیپک کا ہر شعلہ دیپ بنا ہے
جیسے ٹکرا کر ساحل سے موج ابھر کر پھر اٹھتی ہے
تو نے کیا سوچا تھا؟
تو کیا جانے جوت کی باتیں
اور ہوا کیا ؟
جوت اُجاگر ہی رہتی ہے، چاہے دیپ ہزاروں ٹوٹیں
تو مورکھ کیا جانے ؟

'تحریک' سے

हमारी आज़ादी की लड़ाई में सरहदी पठानों का हिस्सा

(भाई रतनलाल बंसल)

(२)

हमारे लिये यह बात जितने ज्यादा घमंड की है, उतने ही ज्यादा ताज्जुब की भी है कि हमारे सरहदी सूबे के पठान भाइयों ने जितनी बहादुरी के साथ, अपनी और देश की आज़ादी की लड़ाई हथियारों के साथ लड़ी, उतनी ही या उससे भी ज्यादा बहादुरी उन्होंने अहिंसा की लड़ाई में दिखाई. इससे पहिले क्या कोई सपने में भी इस बात की उम्मीद कर सकता था कि यह लम्बे चौड़े पठान, जो ज़रा ज़रा सी बात पर जान लेने और जान देने के लिये तय्यार हो जाते हैं, अहिंसा के ऐसे कट्टर प्रेमी बन जायँगे कि इस ज़माने के अहिंसा के सबसे बड़े उपासक महात्मा गांधी भी अपने हज़ारों लाखों मानने वालों के बीच इस सिलसिले में सबसे ज्यादा उन पर ही यक़ीन करेंगे. अगर हम ग़ौर करें तो हम समझ सकते हैं कि इसकी असली वजह सिर्फ़ यह थी कि पठान के दिल में आज़ादी के लिये सबसे ज्यादा और सबसे सच्ची मुहब्बत थी.

ہماری آزادی کی لڑائی میں سرحدی پٹھانوں کا حصّہ

(بھائی رتن لال بنسل)

(۲)

ہمارے لئے یہ بات جتنے زیادہ گھمنڈ کی ہے، اتنے ہی زیادہ تعجب کی بھی ہے کہ ہمارے سرحدی صوبے کے پٹھان بھائیوں نے جتنی بہادری کے ساتھ، اپنی اور دیش کی آزادی کی لڑائی ہتھیاروں کے ساتھ لڑی، اتنی ہی یا اس سے بھی زیادہ بہادری انھوں نے اہنسا کی لڑائی میں دکھائی۔ اس سے پہلے کیا کوئی سپنے میں بھی اس بات کی اُمید کر سکتا تھا کہ یہ لمبے چوڑے پٹھان، جو ذرا ذرا سی بات پر جان لینے اور جان دینے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں، اہنسا کے ایسے کٹر پریمی بن جائیں گے کہ اس زمانے کے اہنسا کے سب سے بڑے اپاسک مہاتما گاندھی بھی اپنے ہزاروں لاکھوں ماننے والوں کے بیچ اس سلسلے میں سب سے زیادہ اُن پر ہی یقین کریں گے۔ اگر ہم غور کریں تو ہم سمجھ سکتے ہیں کہ اس کی اصلی وجہ صرف یہ تھی کہ پٹھان کے دل میں آزادی کے لئے سب سے زیادہ اور سب سے سچی محبت تھی۔

वह क़रीब पचहत्तर साल तक बन्दूक़ों के ज़रिये अपनी आज़ादी के लिये लड़ता रहा था और जैसे ही उसे यह महसूस हुआ कि इस बन्दूक़ से भी ज़्यादा एक कारगर हथियार उसके पास है, जिससे वह अंग्रेज़ को नीचा दिखा सकता है, तो उसने उसी मज़बूती और सचाई के साथ उस हथियार को भी पकड़ लिया जिस मज़बूती से वह बन्दूक़ को पकड़े हुए था. और सन् १९३०-३२ में बादशाह ख़ान का यह कहना ठीक ही था कि अंग्रेज़ सरकार बन्दूक़ वाले पठान से इतना नहीं डरती, जितना अहिंसक ख़ुदाई ख़िदमतगार से.

एक इससे भी बड़ी बात यह है कि पठानों को अहिंसा का उसूल समझने में उतना भी वक़्त नहीं लगा, जितना दूसरे हिन्दुस्तानियों को लगा. सभी जानते हैं कि पूरे हिन्दुस्तान में अहिंसा के ढंग पर पहिली लड़ाई की शुरूआत ६ अप्रैल १९१९ को हुई, जब गान्धी जी के हुक्म पर पूरे हिन्दुस्तान में रौलट एक्ट के ख़िलाफ़ हड़ताल मनाई गई. सरहद हमेशा से एक सील मुहर लगी हुई बन्द किताब की तरह रहा है, जिसमें उस ज़माने में तो क्या आज भी न ज़्यादा अख़बार हैं और न तालीम. हिन्दुस्तान का कोई भी नेता उस वक़्त तक वहाँ नहीं पहुँचा था, फिर भी पठानों के कान में जैसे ही यह भनक पड़ी कि ६ अप्रैल को अंग्रेज़ सरकार के ख़िलाफ़ कोई हड़ताल हिन्दुस्तान भर में होगी, वैसे ही उन्होंने भी, अपने आप ही, हड़ताल करने का फ़ैसला कर लिया और मुकम्मल हड़तालें कीं. सिर्फ़ इतना ही नहीं, बल्कि सरहदी सूबे की भी बिलकुल सरहद पर पेशावर ज़िले के उतमान ज़ई गाँव में ६ अप्रैल को पठानों की एक

وہ قریب پچہتر سال تک بندوقوں کے ذریعے اپنی آزادی کے لئے لڑتا رہا تھا اور جیسے ہی اُسے یہ محسوس ہوا کہ اس بندوق سے بھی زیادہ ایک کارگر ہتھیار اُس کے پاس ہے، جس سے وہ انگریز کو نیچا دکھا سکتا ہے، تو اُس نے اُسی مضبوطی اور سچائی کے ساتھ اس ہتھیار کو بھی پکڑ لیا جس مضبوطی سے وہ بندوق کو پکڑے ہوئے تھا۔ اور ۱۹۳۰-۳۲ء میں بادشاہ خان کا یہ کہنا ٹھیک ہی تھا کہ انگریز سرکار بندوق والے پٹھان سے اتنا نہیں ڈرتی، جتنا اہنسک خدائی خدمتگار سے۔

ایک اس سے بھی بڑی بات یہ ہے کہ پٹھانوں کو اہنسا کا اصول سمجھنے میں اتنا بھی وقت نہیں لگا، جتنا دوسرے ہندستانیوں کو لگا۔ سبھی جانتے ہیں کہ پورے ہندستان میں اہنسا کے ڈھنگ پر پہلی لڑائی کی شروعات ۶ اپریل ۱۹۱۹ء کو ہوئی، جب گاندھی جی کے حکم پر پورے ہندستان میں رولٹ ایکٹ کے خلاف ہڑتال منائی گئی۔ سرحد ہمیشہ سے ایک سیل مہر لگی ہوئی بند کتاب کی طرح رہا ہے، جس میں اُس زمانے میں تو کیا آج بھی نہ زیادہ اخبار ہیں اور نہ تعلیم۔ ہندستان کا کوئی بھی نیتا اُس وقت تک وہاں نہیں پہنچا تھا، پھر بھی پٹھانوں کے کان میں جیسے ہی یہ بھنک پڑی کہ ۶ اپریل کو انگریز سرکار کے خلاف کوئی ہڑتال ہندستان بھر میں ہوگی، ویسے ہی انھوں نے بھی، اپنے آپ ہی، ہڑتال کرنے کا فیصلہ کر لیا اور مکمل ہڑتالیں کیں۔ صرف اتنا ہی نہیں، بلکہ سرحدی صوبے کی بھی بالکل سرحد پر پشاور ضلع کے اتمان زئی گاؤں میں ۶ اپریل کو پٹھانوں کی ایک

सभा हुई, जिसमें एक लाख से भी ज़्यादा पठान इकट्ठे थे और उस सभा में उन्होंने यह फ़ैसला किया कि बाक़ी हिन्दुस्तान की तरह वह भी रौलट एक्ट के सख़्त ख़िलाफ़ हैं और इस क़ानून के मसले पर सरकार के ख़िलाफ़ नाराज़ी ज़ाहिर करते हैं. यहाँ पर वह एक बात याद रखनी चाहिये कि उस ज़माने में सरहद में ऐसी सभाओं का करना या उनमें शामिल होना बहुत बड़े ख़तरे की बात थी. पठानों से अंग्रेज़ अफ़सर इतने डरे रहते थे कि वह ज़रा ज़रा सी बात पर हवाई जहाज़ों से बम बरसवा देते थे और उस पर कहीं कोई ज़बान भी नहीं हिलाता था.

इस सभा का नतीजा कुछ इतना भयानक तो नहीं हुआ, फिर भी दूसरे ही दिन ख़ान अब्दुल ग़फ़्फ़ार ख़ाँ साहब को तो गिरफ़्तार कर ही लिया गया, जो उस हलक़े के सबसे बड़े ज़मींदार बेहराम ख़ान के लड़के थे और जिन्होंने इस सभा को बुलाया था. ख़ान अब्दुल ग़फ़्फ़ार ख़ाँ साहब की उम्र उस वक़्त सिर्फ़ उन्तीस बरस की थी, फिर भी चूँकि उन्होंने आज़ादी के लिये खुले तौर पर आवाज़ उठाई थी और मुक़ाबले में आकर अंग्रेज़ को ललकारा था, इसलिये लाखों पठानों ने एक जिरगा करके यह फ़ैसला किया कि आज से वह ख़ान अब्दुलग़फ़्फ़ार ख़ाँ को अपना बादशाह मानेंगे. उसी दिन से ख़ान अब्दुलग़फ़्फ़ार ख़ाँ को बादशाह ख़ान के नाम से पुकारा जाने लगा और उनका यह लक़ब अभी तक चला आ रहा है.

ख़ान अब्दुलग़फ़्फ़ार ख़ाँ को गिरफ़्तार करने से पहिले वहाँ के अंग्रेज़ अफ़सरों को बहुत सोच विचार करना पड़ा. क्योंकि वह

سبھا ہوئی، جس میں ایک لاکھ سے بھی زیادہ پٹھان اکٹھے تھے اور اس سبھا میں انھوں نے یہ فیصلہ کیا کہ باقی ہندستان کی طرح وہ بھی رولٹ ایکٹ کے سخت خلاف ہیں اور اس قانون کے مسئلے پر سرکار کے خلاف ناراضی ظاہر کرتے ہیں۔ یہاں پر یہ ایک بات یاد رکھنی چاہیئے کہ اس زمانے میں سرحد میں ایسی سبھاؤں کا کرنا یا ان میں شامل ہونا بہت بڑے خطرے کی بات تھی۔ پٹھانوں سے انگریز افسر اتنے ڈرے رہتے تھے کہ وہ ذرا ذرا سی بات پر ہوائی جہازوں سے بم برسوا دیتے تھے اور اس پر کہیں کوئی زبان بھی نہیں ہلاتا تھا۔

اس سبھا کا نتیجہ کچھ اتنا بھیانک تو نہیں ہوا، پھر بھی دوسرے ہی دن خان عبدالغفار خاں صاحب کو تو گرفتار کر ہی لیا گیا جو اس حلقے کے سب سے بڑے زمیندار بہرام خان کے لڑکے تھے اور جنھوں نے اس سبھا کو بلایا تھا۔ خان عبدالغفار خاں صاحب کی عمر اس وقت صرف انتیس برس کی تھی، پھر بھی چونکہ انھوں نے آزادی کے لئے کھلے طور پر آواز اٹھائی تھی اور مقابلے میں آکر انگریز کو للکارا تھا، اس لئے لاکھوں پٹھانوں نے ایک جرگہ کر کے یہ فیصلہ کیا کہ آج سے وہ خان عبدالغفار خاں کو اپنا بادشاہ مانیں گے۔ اسی دن سے خان عبدالغفار خاں کو بادشاہ خان کے نام سے پکارا جانے لگا اور ان کا وہ لقب ابھی تک چلا آ رہا ہے۔

خان عبدالغفار خاں کو گرفتار کرنے سے پہلے وہاں کے انگریز افسروں کو بہت سوچ وچار کرنا پڑا۔ کیونکہ وہ

जानते थे कि पठान के लिये मरजाना और मार देना बड़ी मामूली बात है. हो सकता है अब्दुलग़फ़्फ़ार ख़ाँ के गिरफ़्तार होते ही यह लाखों पठान, जिनमें से हर एक के पास बन्दूक़ है, मुक़ाबले में जम आयँ. पर जो लोग ख़ान को गिरफ़्तार करने गये, उनको ख़ान ने यह यक़ीन दिलाया कि अब हम अहिंसा के उसूल को अपना चुके हैं और तुम्हारी जान का कोई ख़तरा नहीं है. इसे सुन कर अफ़सरों को बड़ा ताज्जुब हुआ, लेकिन सचमुच हुआ यही. बादशाह ख़ान गिरफ़्तार हो गये, लेकिन एक पठान ने भी उंगली तक नहीं हिलाई. लेकिन उनमें एक भी ऐसा आदमी नहीं निकाला जा सकता था, जो बादशाह ख़ान के ख़िलाफ़ गवाही दे देता.

इसके बाद अंग्रेज़ अफ़सरों ने बादशाह ख़ान के पिता के पास कुछ ऐसे पठान सरदारों को भेजा, जिनकी गुज़र अंग्रेज़ों के पैसे पर ही होती थी. इन सरदारों ने बादशाह ख़ान के पिता को यह धमकी देकर डराना चाहा कि अंग्रेज़ सरकार ने बादशाह ख़ान को गोली से मार देने का फ़ैसला कर लिया है. ९० साल के बूढ़े बाप के लिये यही सबसे ज्यादा डरने की बात हो सकती थी, लेकिन उन्होंने इस धमकी का जो जवाब दिया, उसकी वजह से उनको और उनके ख़ानदान के कुछ और लोगों को भी गिरफ़्तार करना ज़रूरी हो गया. क़रीब तीन महीने तक उस बूढ़े ख़ान को, जिसको बड़े बड़े अंग्रेज़ अफ़सर 'चचा' कह कर पुकारते थे, जेल में रहना पड़ा, लेकिन उसने 'उफ़' तक न की.

جانتے تھے کہ پٹھان کے لئے مرجانا اور مار دینا بڑی معمولی بات ہے۔ ہو سکتا ہے عبدالغفار خاں کے گرفتار ہوتے ہی یہ لاکھوں پٹھان، جن میں سے ہر ایک کے پاس بندوق ہے، مقابلے میں جم جائیں۔ پر جو لوگ خان کو گرفتار کرنے گئے، اُن کو خان نے یہ یقین دلایا کہ اب ہم اہنسا کے اصول کو اپنا چکے ہیں اور تمہاری جان کا کوئی خطرہ نہیں ہے۔ اسے سن کر افسروں کو بڑا تعجب ہوا، لیکن سچ مچ ہوا یہی۔ بادشاہ خان گرفتار ہو گئے، لیکن ایک پٹھان نے بھی اُنگلی تک نہیں ہلائی۔ لیکن اُن میں ایک بھی ایسا آدمی نہیں نکالا جا سکتا تھا، جو بادشاہ خان کے خلاف گواہی دے دیتا۔

اس کے بعد انگریز افسروں نے بادشاہ خان کے پتا کے پاس کچھ ایسے پٹھان سرداروں کو بھیجا، جن کی گذر انگریزوں کے پیسے پر ہی ہوتی تھی۔ ان سرداروں نے بادشاہ خان کے پتا کو یہ دھمکی دیکر ڈرانا چاہا کہ انگریز سرکار نے بادشاہ خان کو گولی سے مار دینے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ۹۰ سال کے بوڑھے باپ کے لئے یہی سب سے زیادہ ڈرنے کی بات ہو سکتی تھی، لیکن انھوں نے اس دھمکی کا جو جواب دیا، اس کی وجہ سے اُن کو اور اُن کے خاندان کے کچھ اور لوگوں کو بھی گرفتار کرنا ضروری ہو گیا۔ قریب تین مہینے تک اس بوڑھے خان کو، جس کو بڑے بڑے انگریز افسر 'چچا' کہہ کر پکارتے تھے، جیل میں رہنا پڑا، لیکن اس نے 'اُف' تک نہ کی۔

महसूस किया कि इससे पठानों की नाराज़ी बढ़ती ही जाती है, तो वह रिहा कर दिये गये.

इसके बाद उन पर यह दबाव डाला गया कि अगर वह अपनी ग़लती मानलें, तो उनके लड़के को भी रिहा किया जा सकता है. इस सिलसिले में उनसे और ख़ान बादशाह से तरह तरह की दलीलें भी की गईं, जिसमें एक ख़ास दलील यह थी कि अब अभी तक सरहद के मामले में बाक़ी हिन्दुस्तान ने कभी कोई हमदर्दी नहीं दिखाई तो फिर हिन्दुस्तान के मामले में पड़कर आप ही क्यों मुसीबत उठा रहे हैं. उनको यह भी बताया गया कि रौलट बिल से ज़्यादा बुरा फ़्रान्टियर क्राइम्स रगूलेशन है और तुम जब उसकी ही मुख़ालफ़त नहीं करते, तो रौलट एक्ट की क्यों मुख़ालफ़त करते हो ? लेकिन इन दलीलों का जवाब ख़ान बादशाह और उनके पिता ने यही दिया कि वह पूरे हिन्दुस्तान की आवाज़ के साथ हैं और हमेशा रहेंगे. इस मसले को भी वह पठानों का ही मसला समझते हैं.

यह जवाब सुनने के बाद अंग्रेज़ अफ़सरों ने ख़ान बादशाह पर जो ज़ुल्म किये, उनको सहन कर लेना ख़ान बादशाह का ही काम था. इन ज़ुल्मों के बारे में महात्मा गांधी के प्राइवेट सेक्रेट्री स्वर्गीय महादेव देसाई ने लिखा है कि जब ख़ान बादशाह पहिली बार जेल गये, तो उनके लायक़ जेल में कोई बेड़ी ही नहीं निकली. आख़िर एक बेड़ी बनवाई गई, लेकिन जब वह पहनाई गई, तो ख़ान बादशाह के टख़नों से ख़ून बहने लगा. जेल वालों ने इसकी कोई परवाह नहीं की और निर्दयता के साथ ख़ान बादशाह से कहा

محسوس کیا کہ اس سے پٹھانوں کی ناراضی بڑھتی ہی جاتی ہے ، تو وہ رہا کر دیئے گئے ۔

اس کے بعد اُن پر یہ دباؤ ڈالا گیا کہ اگر وہ اپنی غلطی مان لیں ، تو اُن کے لڑکے کو بھی رہا کیا جا سکتا ہے ۔ اس سلسلے میں اُن سے اور خان بادشاہ سے طرح طرح کی دلیلیں بھی کی گئیں ، جس میں ایک خاص دلیل یہ تھی کہ جب ابھی تک سرحد کے معاملے میں باقی ہندستان نے کبھی کوئی ہمدردی نہیں دکھائی تو پھر ہندستان کے معاملے میں پڑ کر آپ ہی کیوں مصیبت اٹھا رہے ہیں ۔ اُن کو یہ بھی بتایا گیا کہ رولٹ بل سے زیادہ بُرا فرنٹیئر کرائمس رگولیشن ہے اور تم جب اُس کی ہی مخالفت نہیں کرتے ، تو رولٹ ایکٹ کی کیوں مخالفت کرتے ہو ؟ لیکن ان دلیلوں کا جواب خان بادشاہ اور اُن کے پتا نے یہی دیا کہ وہ پورے ہندستان کی آواز کے ساتھ ہیں اور ہمیشہ رہیں گے ۔ اس مسئلے کو بھی وہ پٹھانوں کا ہی مسئلہ سمجھتے ہیں ۔

یہ جواب سننے کے بعد انگریز افسروں نے خان بادشاہ پر جو ظلم کئے ، اُن کو سہن کر لینا خان بادشاہ کا ہی کام تھا ۔ ان ظلموں کے بارے میں مہاتما گاندھی کے پرائیویٹ سکریٹری سورگیہ مہادیو ڈیسائی نے لکھا ہے کہ جب خان بادشاہ پہلی بار جیل گئے ، تو اُن کے لائق جیل میں کوئی بیڑی ہی نہیں نکلی ۔ آخر ایک بیڑی بنوائی گئی ، لیکن جب وہ پہنائی گئی ، تو خان بادشاہ کے ٹخنوں سے خون بہنے لگا ۔ جیل والوں نے اس کی کوئی پرواہ نہیں کی اور نردیتا کے ساتھ خان بادشاہ سے کہا

कि आप इसकी परवाह न करें, क्योंकि आप जल्दी ही इसके आदी हो जावेंगे. इसके बाद खान बादशाह को तार काटने के मामले में फंसाने की कोशिश की गई और एक पठान पर यह जोर डाला गया कि वह अदालत में यह बयान दे दे कि खान बादशाह के कहने पर ही उसने तार काटे थे. लेकिन उस पठान ने ऐसा बयान देने से इन्कार कर दिया.

आखिर खान बादशाह को रिहा कर देना पड़ा, क्योंकि उन पर कोई जुर्म ही साबित न हो सका था. जेल से छूटते ही खान बादशाह सीधे नागपुर पहुँचे और वहाँ कांग्रेस के जलसे में शरीक हुए. उस वक्त किसी को यह मालूम भी नहीं हुआ कि इन लाखों आदमियों की भीड़ में जो एक लम्बा चौड़ा पठान बैठा हुआ है, वह हमारी आजादी की लड़ाई का शायद सबसे बहादुर सिपाही है.

सन् १९२० में नागपुर की कांग्रेस ने कांग्रेस के कार्यकर्ताओं के लिये यह तय किया कि वह बुनियादी कामों में, जैसे हिन्दू मुस्लिम एकता, अछूतपन को दूर करना, खादी बनवाना वगैरा के काम में अपने को डाल दें. बादशाह खान को यह बात अच्छी लगी और उन्होंने अपने गाँव में लौट कर स्कूल क़ायम करने शुरू कर दिये. इस पर सन् १९२१ में खान बादशाह फिर पकड़ लिये गये और उनसे जमानत देने को कहा गया, लेकिन उन्होंने जमानत देने से इन्कार कर दिया और जेल चले गये. इस बार खान बादशाह को पठानों में तालीम फैलाने के जुर्म में तीन साल की सख्त क़ैद दी गई.

کہ آپ اس کی پرواہ نہ کریں، کیوں کہ آپ جلدی ہی اس کے عادی ہو جاویں گے۔ اس کے بعد خان بادشاہ کو تار کاٹنے کے معاملے میں پھنسانے کی کوشش کی گئی اور ایک پٹھان پر یہ زور ڈالا گیا کہ وہ عدالت میں یہ بیان دے دے کہ خان بادشاہ کے کہنے پر ہی اس نے تار کاٹے تھے۔ لیکن اس پٹھان نے ایسا بیان دینے سے انکار کر دیا۔

آخر خان بادشاہ کو رہا کر دینا پڑا، کیوں کہ ان پر کوئی جرم ہی ثابت نہ ہو سکا تھا۔ جیل سے چھوٹتے ہی خان بادشاہ سیدھے ناگپور پہنچے اور وہاں کانگریس کے جلسے میں شریک ہوئے۔ اس وقت کسی کو یہ معلوم بھی نہیں ہوا کہ ان لاکھوں آدمیوں کی بھیڑ میں جو ایک لمبا چوڑا پٹھان بیٹھا ہوا ہے، وہ ہماری آزادی کی لڑائی کا شاید سب سے بہادر سپاہی ہے۔

۱۹۲۰ء میں ناگپور کی کانگریس نے کانگریس کے کاریہ کرتاؤں کے لئے یہ طے کیا کہ وہ بنیادی کاموں میں، جیسے ہندو مسلم ایکتا، اچھوت پن کو دور کرنا، کھادی بنوانا وغیرہ کے کام میں اپنے کو ڈال دیں۔ بادشاہ خان کو یہ بات اچھی لگی اور انھوں نے اپنے گاؤں میں لوٹ کر اسکول قائم کرنے شروع کر دیئے۔ اس پر ۱۹۲۱ء میں خان بادشاہ پھر پکڑ لئے گئے اور ان سے ضمانت دینے کو کہا گیا، لیکن انھوں نے ضمانت دینے سے انکار کر دیا اور جیل چلے گئے۔ اس بار خان بادشاہ کو پٹھانوں میں تعلیم پھیلانے کے جرم میں تین سال کی سخت قید کی سزا دی گئی۔

जेल ख़ाने में फिर वही ज़ुल्मों की कहानी चली. महीनों तक उनको काल कोठरी में रक्खा गया, लम्बे लम्बे वक़्त के लिये उनके पैरों में बेड़ियाँ डाली गईं और चक्की पीसने का काम उनको दिया गया. लेकिन ख़ान बादशाह को न कोई शिकायत थी और न कुछ परेशानी. वह तमाम तकलीफ़ें एक सन्त की तरह ख़ुशी ख़ुशी सह रहे थे. बहुत से वार्डन थे, जो ख़ुद ख़ान बादशाह का काम कर देना चाहते थे और बहुत से अफ़सर थे, जो उनके साथ नरम बरताव करना चाहते थे, लेकिन ख़ान बादशाह ने उनसे कह दिया कि वह ऐसी कोई बात पसन्द नहीं करते और जेल के सब नियमों का पालन बिलकुल सच्चाई से करना चाहते हैं. उस ज़माने में कांग्रेस की तरफ़ से जो एक लाख के क़रीब आदमी जेल गये, उनमें इतनी सच्चाई के साथ जेल काटने वालों की तादाद शायद एक दरजन से ज़्यादा नहीं होगी.

(१०७)

इसी बीच बादशाह ख़ान से सरहदी सूबे के चीफ़ कमिश्नर सर जान मैफ़ी ने यह भी कहलवाया कि अगर वह सिर्फ़ गाँवों का दौरा न करने का बचन दें, तो उनको छोड़ा जा सकता है. लेकिन ख़ान बादशाह ने कोई भी बचन देने से इन्कार कर दिया. इस तरह सरहद ने हिन्दुस्तान को उस वक़्त ही एक सौफ़ीसदी सच्चा सत्याग्रही दिया, हालाँकि सरहद में इसके लिये कांग्रेस की तरफ़ से कोई प्रचार तक नहीं किया गया था.

अपनी इसी क़ैद के ज़माने में बादशाह ख़ान ने गीता पढ़ी और उनको यह देखकर बड़ा आनन्द हुआ कि जो बात क़ुरआन में कही गई है, वही अपने ढंग से गीता में कही गई है. एक तरह

جیل خانے میں پھر وہی ظلموں کی کہانی چلی۔ مہینوں تک اُن کو کال کوٹھری میں رکھا گیا، لمبے لمبے وقت کے لئے اُن کے پیروں میں بیڑیاں ڈالی گئیں اور چکی پیسنے کا کام اُن کو دیا گیا۔ لیکن خان بادشاہ کو نہ کوئی شکایت تھی اور نہ کچھ پریشانی۔ وہ تمام تکلیفیں ایک سنت کی طرح خوشی خوشی سہہ رہے تھے۔ بہت سے وارڈن تھے، جو خود خان بادشاہ کا کام کر دینا چاہتے تھے اور بہت سے افسر تھے، جو اُن کے ساتھ نرم برتاؤ کرنا چاہتے تھے، لیکن خان بادشاہ نے اُن سے کہہ دیا کہ وہ ایسی کوئی بات پسند نہیں کرتے اور جیل کے سب نیموں کا پالن بالکل سچائی سے کرنا چاہتے ہیں۔ اس زمانے میں کانگریس کی طرف سے جو ایک لاکھ کے قریب آدمی جیل گئے، اُن میں اتنی سچائی کے ساتھ جیل کاٹنے والوں کی تعداد شاید ایک درجن سے زیادہ نہیں ہوگی۔

(۱۰۷)

اسی بیچ بادشاہ خان سے سرحدی صوبے کے چیف کمشنر سر جان میفی نے یہ بھی کہلوایا کہ اگر وہ صرف گاؤں کا دورہ نہ کرنے کا وچن دیں، تو اُن کو چھوڑا جا سکتا ہے۔ لیکن خان بادشاہ نے کوئی بھی وچن دینے سے انکار کر دیا۔ اس طرح سرحد نے ہندستان کو اس وقت ہی ایک سو فی صدی سچا ستیاگرہی دیا، حالانکہ سرحد میں اس کے لئے کانگریس کی طرف سے کوئی پرچار تک نہیں کیا گیا تھا۔

اپنی اسی قید کے زمانے میں بادشاہ خان نے گیتا پڑھی اور اُن کو یہ دیکھ کر بڑا آنند ہوا کہ جو بات قرآن میں کہی گئی ہے، وہی اپنے ڈھنگ سے گیتا میں کہی گئی ہے۔ ایک طرح

जेल खाने के यह पूरे तीन साल उन्होंने ईश्वर की याद करने में ही बिताये और जब वह जेल से निकले, तो वह एक सच्चे साधू थे और उनकी आत्मा, शरीर, और इरादे फ़ौलादी हो चुके थे, जो बड़ी से बड़ी चोट को भी सहने की ताक़त रखते थे.

इसके बाद सन् १९२४ से सन् १९२९ तक पूरा हिन्दुस्तान हिन्दू मुसलमानों की लड़ाई में ख़ून की होली खेलता रहा. सरहदी सूबे के एक शहर कोहाट में भी बलवा हुआ, लेकिन उसकी आग सरहद के भीतरी ज़िलों में नहीं फैल सकी. यह कहा जा सकता है कि हिन्दुस्तान के दूसरे हिस्सों के मुक़ाबले में उस वक़्त भी सरहद ने ज़्यादा समझदारी दिखाई और ख़ान बादशाह से तो यह उम्मीद ही कैसे की जा सकती थी कि वह उस बेहूदी लहर में बह जाते, हालाँकि उस वक़्त कांग्रेस के कई चोटी के हिन्दू-मुसलमान नेता भी उस आग को भड़का कर जनता की वाहवाही लूटने में लगे हुए थे.

सन् १९३० में

इसके बाद हमारे देश में अहिंसा की दूसरी बड़ी लड़ाई सन् १९३० में शुरू हुई. इस लड़ाई के शुरू होने से पहिले ही ख़ान बादशाह ने ख़ुदाई ख़िदमतगारों का संगठन शुरू कर दिया था. इसके लिये ख़ान साहब ने तमाम सरहदी इलाक़े का पैदल दौरा किया और लोगों को समझाया कि उनको जनता की सेवा के लिये ख़ुदाई ख़िदमतगार बन जाना चाहिये. एक ख़ास बात यह थी कि चाहे किसी भी धर्म या जाति का आदमी ख़ुदाई ख़िदमतगार बन सकता था. लेकिन उसे नीचे लिखी प्रतिज्ञा करनी पड़ती थी :—

جیل خانے کے یہ پورے تین سال انھوں نے ایشور کی یاد کرنے میں ہی بتائے اور جب وہ جیل سے نکلے، تو وہ ایک سچے سادھو تھے اور اُن کی آتما، شریر، اور ارادے فولادی ہو چکے تھے، جو بڑی سے بڑی چوٹ کو بھی سہنے کی طاقت رکھتے تھے۔

اس کے بعد ۱۹۲۴ سے ۱۹۲۹ تک پورا ہندستان ہندو مسلمانوں کی لڑائی میں خون کی ہولی کھیلتا رہا۔ سرحدی صوبے کے ایک شہر کوہاٹ میں بھی بلوا ہوا، لیکن اس کی آگ سرحد کے بھیتری ضلعوں میں نہیں پھیل سکی۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہندستان کے دوسرے حصّوں کے مقابلے میں اس وقت بھی سرحد نے زیادہ سمجھداری دکھائی اور خان بادشاہ سے تو یہ امید ہی کیسے کی جا سکتی تھی کہ وہ اُس بے ہودی لہر میں بہہ جاتے، حالانکہ اُس وقت کانگریس کے کئی چوٹی کے ہندو مسلمان نیتا بھی اُس آگ کو بھڑکا کر جنتا کی واہ واہی لوٹنے میں لگے ہوئے تھے۔

۱۹۳۰ میں

اس کے بعد ہمارے دیش میں اہنسا کی دوسری بڑی لڑائی سنہ ۱۹۳۰ میں شروع ہوئی۔ اس لڑائی کے شروع ہونے سے پہلے ہی خان بادشاہ نے خدائی خدمت گاروں کا سنگٹھن شروع کر دیا تھا۔ اس کے لئے خان صاحب نے تمام سرحدی علاقے کا پیدل دورہ کیا اور لوگوں کو سمجھایا کہ اُن کو جنتا کی سیوا کے لئے خدائی خدمت گار بن جانا چاہئیے۔ ایک خاص بات یہ تھی کہ چاہے کسی بھی دھرم یا جاتی کا آدمی خدائی خدمت گار بن سکتا تھا۔ لیکن اُسے نیچے لکھی پرتگیا کرنی پڑتی تھی :—

(१) ईश्वर, जाति और देश के साथ मैं वफ़ादारी निभाऊँगा.

(२) हमेशा अहिंसक रहूँगा.

(३) किसी सेवा के बदले कोई इनाम नहीं चाहूँगा.

(४) डर को दूर करके निडर बनूँगा और किसी भी क़ुरबानी के लिये तय्यार रहूँगा.

(५) शुद्ध जीवन बिताऊँगा.

इस तरह सन् १९३० तक बादशाह ख़ान ने क़रीब ५०० ख़ुदाई खिदमतगार भर्ती कर लिये. इसके बाद लाहौर की कांग्रेस में बादशाह ख़ान शरीक हुए और वहाँ से वापस लौटते ही उन्होंने कांग्रेस के आन्दोलन का बिगुल बजा दिया. नतीजा यह हुआ कि वह गिरफ़्तार कर लिये गये. लेकिन उनके ५०० ख़ुदाई खिदमतगारों ने उनका काम जारी रक्खा. इस बार पठान जनता ने भारी तादाद में उनका साथ दिया. यह बात ग़ौर करने की है कि बाक़ी हिन्दुस्तान में आम मुस्लिम जनता मुस्लिम लीग के प्रचार की वजह से सत्याग्रह से दूर दूर ही रही और मुस्लिम लीगी लीडर तो किसी हद तक विरोध भी करते रहे. यह विरोध इस्लाम के नाम पर किया जाता था, लेकिन 'इस्लाम' के नाम पर सबसे जल्दी भड़क उठने वाली पठान क़ौम ने इन लीडरों की एक बात भी नहीं सुनी और खुले दिल से कांग्रेस की लड़ाई में शरीक हो गये. इसकी सबसे बड़ी वजह भी यही थी कि आम हिन्दुस्तानी के बजाय पठान के दिल में आजादी के लिये ज्यादा सच्ची मुहब्बत रही है और उसे यह इतमीनान हो गया था कि कांग्रेस की यह लड़ाई तमाम देश की आजादी की लड़ाई है.

(۱) ایشور، جاتی اور دیش کے ساتھ میں وفاداری نبھاؤں گا۔

(۲) ہمیشہ اہنسک رہوں گا۔

(۳) کسی سیوا کے بدلے کوئی انعام نہیں چاہوں گا۔

(۴) ڈر کو دور کر کے نڈر بنوں گا اور کسی بھی قربانی کے لئے تیار رہوں گا۔

(۵) شدھ جیون بتاؤں گا۔

اس طرح سنہ ۱۹۳۰ء تک بادشاہ خان نے قریب ۵۰۰ خدائی خدمت گار بھرتی کر لئے۔ اس کے بعد لاہور کی کانگریس میں بادشاہ خان شریک ہوئے اور وہاں سے واپس لوٹتے ہی انہوں نے کانگریس کے آندولن کا بگل بجا دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ گرفتار کر لئے گئے۔ لیکن اُن کے ۵۰۰ خدائی خدمت گاروں نے اُن کا کام جاری رکھا۔ اس بار پٹھان جنتا نے بھاری تعداد میں اُن کا ساتھ دیا۔ یہ بات غور کرنے کی ہے کہ باقی ہندوستان میں عام مسلم جنتا مسلم لیگ کے پرچار کی وجہ سے ستیاگرہ سے دور دور ہی رہی اور مسلم لیگی لیڈر تو کسی حد تک ورودھ بھی کرتے رہے۔ یہ ورودھ اسلام کے نام پر کیا جاتا تھا، لیکن "اسلام" کے نام پر سب سے جلدی بھڑک اُٹھنے والی پٹھان قوم نے ان لیڈروں کی ایک بات بھی نہیں سنی اور کھلے دل سے کانگریس کی لڑائی میں شریک ہو گئے۔ اس کی سب سے بڑی وجہ بھی یہی تھی کہ عام ہندوستانی کے بجائے پٹھان کے دل میں آزادی کے لئے زیادہ سچی محبت رہی ہے اور اسے یہ اطمینان ہو گیا تھا کہ کانگریس کی یہ لڑائی تمام دیش کی آزادی کی لڑائی ہے۔

उस वक़्त ख़ुदाई ख़िदमतगारों पर तरह तरह के ज़ुल्म किये गये. कँपकँपाती सर्दियों में उनको नंगा करके पानी में खड़ा कर दिया जाता था, पुलिस के थानों में ले जाकर बुरी तरह उनको पीटा जाता था और उनको कड़ी से कड़ी सजायें दी जाती थीं. लेकिन ज्यों ज्यों यह सख़्तियाँ बढ़ती गईं, सरहद में कांग्रेस का आन्दोलन भी मज़बूत होता गया. इसके बाद सरकार ने अपना आख़िरी हथियार सँभाला और मुसलमानों में तो यह प्रचार शुरू किया गया कि गान्धीजी देश में हिन्दू राज क़ायम करना चाहते हैं, जिसमें नमाज़ पढ़ना भी जुर्म होगा. इसलिये जो मुसलमान इस लड़ाई में शरीक होता है, वह ख़ुद अपने और हिन्दुस्तान के दस करोड़ मुसलमानों के गले पर छुरी फेर रहा है. इस बारे में मई १९३० में चीफ़ कमिश्नर ने एक बयान निकाला था, जिसमें उन्होंने फ़र्माया था: "कांग्रेस के वालन्टियरों को, जो लाल कुर्ते पहिनते हैं, तुमको अपने गांवों में नहीं आने देना चाहिये. यह लोग अपने को ख़ुदाई ख़िदमतगार कहते हैं लेकिन दर असल वह गांधी के ख़िदमतगार हैं. वह बोलशेविकों की सी पोशाक पहिनते हैं. वह यहाँ की वैसी ही हालत कर देंगे, जैसी कि बोलशेविक राज की हम सुनते हैं." इस आख़िरी बात का मतलब यह था कि जिस तरह बोलशेविक राज में मज़हब ग़ैर क़ानूनी है, वैसा ही यह लोग भी करना चाहते हैं.

इस प्रचार के साथ ही ख़ान बादशाह पर मुसलमान अख़बारों ने तरह तरह के इल्ज़ाम लगाने शुरू कर दिये. कहा गया कि ख़ान बादशाह बिलकुल हिन्दू हो चुके हैं. वह गीता पढ़ते हैं, मौन रखते

اس وقت خدائی خدمت گاروں پر طرح طرح کے ظلم کئے گئے۔ کپکپاتی سردیوں میں ان کو ننگا کرکے پانی میں کھڑا کر دیا جاتا تھا، پولیس کے تھانوں میں لے جا کر بری طرح ان کو پیٹا جاتا تھا اور ان کو کڑی سے کڑی سزائیں دی جاتی تھیں۔ لیکن جیوں جیوں یہ سختیاں بڑھتی گئیں، سرحد میں کانگریس کا آندولن بھی مضبوط ہوتا گیا۔ اس کے بعد سرکار نے اپنا آخری ہتھیار سنبھالا اور مسلمانوں میں تو یہ پرچار شروع کیا گیا کہ گاندھی جی دیش میں ہندو راج قائم کرنا چاہتے ہیں، جس میں نماز پڑھنا بھی جرم ہوگا۔ اس لئے جو مسلمان اس لڑائی میں شریک ہوتا ہے، وہ خود اپنے اور ہندستان کے دس کروڑ مسلمانوں کے گلے پر چھری پھیر رہا ہے۔ اس بارے میں مئی ۱۹۳۰ء میں چیف کمشنر نے ایک بیان نکالا تھا، جس میں انھوں نے فرمایا تھا: "کانگریس کے والنٹیروں کو، جو لال کرتے پہنتے ہیں، تم کو اپنے گاؤں میں نہیں آنے دینا چاہیے۔ یہ لوگ اپنے کو خدائی خدمت گار کہتے ہیں لیکن دراصل وہ گاندھی کے خدمت گار ہیں۔ وہ بالشویکوں کی سی پوشاک پہنتے ہیں۔ وہ یہاں کی ویسی ہی حالت کر دیں گے جیسی کہ بالشویک راج کی ہم سنتے ہیں۔" اس آخری بات کا مطلب یہ تھا کہ جس طرح بالشویک راج میں مذہب غیر قانونی ہے، ویسا ہی یہ لوگ بھی کرنا چاہتے ہیں۔

اس پرچار کے ساتھ ہی خان بادشاہ پر مسلمان اخباروں نے طرح طرح کے الزام لگانے شروع کر دیے۔ کہا گیا کہ خان بادشاہ بالکل ہندو ہو چکے ہیں۔ وہ گیتا پڑھتے ہیں، مون رکھتے

हैं और उपवास करते हैं. उन्होंने दोनों हाथ जोड़कर 'नमस्ते' कहना शुरू कर दिया है और उनके घर की औरतें साड़ी पहिनने लगी हैं.

और लिखते शर्म आती है कि इस प्रचार के साथ ही हिन्दू सभाई लीडरों और अख़बारों ने भी यह प्रचार करना शुरू किया कि बादशाह ख़ान हिन्दुओं के कट्टर दुश्मन हैं. उनके वालन्टियर गांवों में हिन्दुओं को परेशान करते हैं. सिर्फ़ इतना ही नहीं, बल्कि जब ख़ान बादशाह पर और ख़ुदाई खिदमतगारों पर तरह तरह के ज़ुल्म हो रहे थे, तब कुल हिन्द हिन्दू महासभा के एक सेक्रेट्री ने देश भर के हिन्दुओं की तरफ़ से सरकार को इन ज़ुल्मों के लिये बधाई भी दे डाली. इस तरह हिन्दू और मुसलमान फ़िरक़ापरस्तों ने मज़हब की दुहाई देकर ख़ान बादशाह और ख़ुदाई खिदमतगारों के ऊपर यह कायरता से भरा हमला शुरू कर दिया. लेकिन पठान को सबसे ज़्यादा प्यारी आज़ादी होती है और ख़ुदाई खिदमतगार आन्दोलन में हिन्दू-मुसलमान पठानों की तादाद बढ़ती ही गई.

२३ अप्रेल की ख़ूनी दास्तान

इस आन्दोलन के समय सरहद में पठानों के कांग्रेसी जुलूसों और सभाओं पर लाठियों और गोलियों का चलना मामूली बात हो गई थी, लेकिन २३ अप्रैल १९३० को पेशावर के क़िस्साख़ानी बाज़ार में जो गोली चली, उसने पठानों के नामों को देश भर में रोशन कर दिया. इसकी शुरुआत २२ अप्रैल

ہیں اور اُپواس کرتے ہیں۔ اُنھوں نے دونوں ہاتھ جوڑ کر 'نمستے' کہنا شروع کر دیا ہے اور اُن کے گھر کی عورتیں ساڑی پہننے لگی ہیں۔

اور لکھتے شرم آتی ہے کہ اس پرچار کے ساتھ ہی ہندو سبھائی لیڈروں اور اخباروں نے بھی یہ پرچار کرنا شروع کیا کہ بادشاہ خان ہندوؤں کے کٹر دشمن ہیں۔ اُن کے والنٹیر گاؤں میں ہندوؤں کو پریشان کرتے ہیں۔ صرف اتنا ہی نہیں، بلکہ جب خان بادشاہ پر اور خدائی خدمتگاروں پر طرح طرح کے ظلم ہو رہے تھے، تب کل ہند ہندو مہا سبھا کے ایک سکریٹری نے دیش بھر کے ہندوؤں کی طرف سے سرکار کو ان ظلموں کے لئے بدھائی بھی دے ڈالی۔ اس طرح ہندو اور مسلمان فرقہ پرستوں نے مذہب کی دہائی دے کر خان بادشاہ اور خدائی خدمتگاروں کے اوپر یہ کائرتا سے بھرا حملہ شروع کر دیا۔ لیکن پٹھان کو سب سے زیادہ پیاری آزادی ہوتی ہے اور خدائی خدمتگار آندولن میں ہندو مسلمان پٹھانوں کی تعداد بڑھتی ہی گئی۔

۲۳ اپریل کی خونی داستان

اس آندولن کے سمے سرحد میں پٹھانوں کے کانگریسی جلوسوں اور سبھاؤں پر لاٹھیوں اور گولیوں کا چلنا معمولی بات ہو گئی تھی، لیکن ۲۳ اپریل سنہ ۱۹۳۰ کو پشاور کے قصہ خوانی بازار میں جو گولی چلی، اس نے پٹھانوں کے ناموں کو دیش بھر میں روشن کر دیا۔ اس کی شروعات ۲۲ اپریل

को ही हो गई, जब कि पेशावर में खबर पहुंची कि कांग्रेस की तरफ़ से जो नेता सरहद के क़ानूनों की जाँच करने आ रहे थे, उनको अटक में ही रोक दिया गया है और अब वह पेशावर नहीं आ सकेंगे. इस बात पर अपनी नाराज़ी ज़ाहिर करने के लिये पेशावर शहर में एक बहुत बड़ा जुलूस निकला और शाम को शाही बाग़ में एक बहुत बड़ी सभा हुई. इस जुलूस और सभा से चिढ़ कर दूसरे दिन यानी २३ अप्रेल को पुलिस ने सुबह से ही शहर के नेताओं को गिरफ़्तार करना शुरू कर दिया. इसके बाद नौ बजे के क़रीब दो नेता और पकड़े गये, लेकिन जिस लारी में पुलिस उनको थाने ले जा रही थी, वह लारी रास्ते में बिगड़ गई. नेताओं ने पुलिस को यक़ीन दिलाया कि वह ख़ुद थाने पर चले आएँगे और इसी वायदे के मुताबिक़ जनता की एक बड़ी भीड़ इन नेताओं को काबुली दरवाज़े के थाने पर ले गई. लेकिन उस वक़्त थाना बन्द था. इतने में ही एक पुलिस अफ़सर घोड़े पर वहाँ आया, जिसे देख कर जनता नारे लगाने लगी और गीत गाने लगी. अफ़सर फ़ौरन ही लौट गया और कुछ ही देर में दो तीन हथियार बन्द लारियाँ वहाँ आ खड़ी हुईं. यह लारियाँ एक दम भीड़ के भीतर घुस कर खड़ी हो गईं. इसी वक़्त एक अंग्रेज़ मोटर साइकल पर तेज़ी से आ रहा था, लेकिन उसकी मोटर साइकल एक हथियार बन्द गाड़ी से टकरा गई और चूर चूर हो गई. इस पर मोटर में से किसी ने गोली चलाई और इत्तफ़ाक़ से मोटर में आग भी लग गई. इसके बाद ही हथियार बन्द गाड़ियों से गोलियों की बौछारें आने लगीं. जो लोग गोली खाकर गिरे जनता ने उनको बहादुरी के

کھڑی ہو گئی۔ جب کہ پشاور میں خبر پہنچی کہ کانگریس کی طرف سے جو نیتا سرحد کے قانونوں کی جانچ کرنے آ رہے تھے، اُن کو اٹک میں ہی روک دیا گیا ہے اور اب وہ پشاور نہیں آ سکیں گے۔ اس بات پر اپنی ناراضی ظاہر کرنے کے لئے پشاور شہر میں ایک بہت بڑا جلوس نکلا اور شام کو شاہی باغ میں ایک بہت بڑی سبھا ہوئی۔ اس جلوس اور سبھا سے چڑھ کر دوسرے دن یعنی ۲۳ اپریل کو پولیس نے صبح سے ہی شہر کے نیتاؤں کو گرفتار کرنا شروع کر دیا۔ اس کے بعد نو بجے کے قریب دو نیتا اور پکڑے گئے، لیکن جس لاری میں پولیس اُن کو تھانے لے جا رہی تھی، وہ لاری راستے میں بگڑ گئی۔ نیتاؤں نے پولیس کو یقین دلایا کہ وہ خود تھانے پر چلے آئیں گے اور اسی وعدے کے مطابق جنتا کی ایک بڑی بھیڑ اُن نیتاؤں کو کابلی دروازے کے تھانے پر لے گئی۔ لیکن اُس وقت تھانہ بند تھا۔ اتنے میں ہی ایک پولیس افسر گھوڑے پر وہاں آیا، جسے دیکھ کر جنتا نعرے لگانے لگی اور گیت گانے لگی۔ افسر فوراً ہی لوٹ گیا اور کچھ ہی دیر میں دو تین ہتھیار بند لاریاں وہاں آ کھڑی ہوئیں۔ یہ لاریاں ایکدم بھیڑ کے بھیتر گھس کر کھڑی ہو گئیں۔ اسی وقت ایک انگریز موٹر سائیکل پر تیزی سے آ رہا تھا، لیکن اس کی موٹر سائیکل ایک ہتھیار بند گاڑی سے ٹکرا گئی اور چور چور ہو گئی۔ اس پر موٹر میں سے کسی نے گولی چلائی اور اتفاق سے موٹر میں آگ بھی لگ گئی، اس کے بعد ہی ہتھیار بند گاڑیوں سے گولیوں کی بوچھاریں آنے لگیں۔ جو لوگ گولی کھا کر گرے جنتا نے اُن کو بہادری کے

साथ हटाया. इस पर फिर गोलियाँ चलीं. जो क़रीब तीन घण्टे तक चलती रहीं. तमाशा यह था कि उधर से गोलियाँ चल रही थीं और इधर पठानों की निहत्थी फ़ौज शान्ती से खड़ी हुई नारे लगा रही थी, जैसे कि उस पर फूल बरस रहे हों. एक ग़ैर सरकारी अन्दाज़ के मुताबिक़ इस वक़्त दो सौ से लेकर तीन सौ तक आदमी मारे गये. इसके बाद क़रीब एक हफ़्ते तक शहर कांग्रेस के क़ब्ज़े में रहा. यह याद रखना चाहिये कि शहर से सरकारी अफ़सरों ने पुलिस और फ़ौज को इस लिये हटाया था, जिससे पहाड़ी इलाक़े में लूटमार करने वाले पठान शहर पर टूट पड़ें और इस तरह जनता को यह बता दिया जाय कि सरकारी पुलिस और फ़ौज उनके लिये कितनी ज़रूरी है. लेकिन यह देखकर सरकारी अफ़सरों की आँखें खुल गईं कि जिस पेशावर में एक दो क़त्ल हो जाना रोज़मर्रा की बात थी, वहाँ इन दिनों कोई मामूली सी भी वारदात नहीं हुई. शहर के सभी दरवाज़ों पर कांग्रेस के निहत्थे पठान वालन्टियर पहरा देते रहे. २८ तारीख़ को इन वालन्टियरों से सरकारी पुलिस ने फिर चार्ज ले लिया.

जनता ने समझा कि अब मामला ख़तम हो चुका है, लेकिन सरकारी अफ़सर अपनी नाकामयाबी से खीजे हुए थे. एकाएक ४ मई को फ़ौज बुलाई गई और शहर को उसके क़ब्ज़े में दे दिया गया. इसके बाद फिर जगह-जगह गोलियाँ चलाई गईं. ता० ३१ मई को गंगासिंह नाम के एक सिख अपनी बीवी बच्चों के साथ तांगे में जा रहे थे कि एक अंगरेज़ ने उन पर भी गोली चलाई, जिससे हरपाल और नाम की साढ़े नौ साल की बच्ची और

سامنے ہٹایا۔ اس پر پھر گولیاں چلیں۔ جو قریب تین گھنٹے تک چلتی رہیں۔ تماشہ یہ تھا کہ اُدھر سے گولیاں چل رہی تھیں اور ادھر پٹھانوں کی نہتی فوج شانتی سے کھڑی ہوئی نعرے لگا رہی تھی جیسے کہ اُس پر پھول برس رہے ہوں۔ ایک غیر سرکاری اندازے کے مطابق اس وقت دو سو سے لے کر تین سو تک آدمی مارے گئے۔ اس کے بعد قریب ایک ہفتے تک شہر کانگریس کے قبضے میں رہا۔ یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ شہر سے سرکاری افسروں نے پولیس اور فوج کو اس لئے ہٹایا تھا، جس سے پہاڑی علاقے میں لوٹ مار کرنے والے پٹھان شہر پر ٹوٹ پڑیں اور اس طرح جنتا کو یہ بتا دیا جائے کہ سرکاری پولیس اور فوج اُن کے لئے کتنی ضروری ہے۔ لیکن یہ دیکھ کر سرکاری افسروں کی آنکھیں کھل گئیں کہ جس پشاور میں ایک دو قتل ہو جانا روزمرہ کی بات تھی، وہاں ان دنوں کوئی معمولی سی بھی واردات نہیں ہوئی۔ شہر کے سبھی دروازوں پر کانگریس کے نہتے پٹھان والنٹیر پہرا دیتے رہے۔ ۲۸ تاریخ کو ان والنٹیروں سے سرکاری پولیس نے پھر چارج لے لیا۔

جنتا نے سمجھا کہ اب معاملہ ختم ہو چکا ہے، لیکن سرکاری افسر اپنی ناکامیابی سے کھجے ہوئے تھے۔ ایکایک ۴ مئی کو فوج بلائی گئی اور شہر کو اس کے قبضے میں دے دیا گیا۔ اس کے بعد پھر جگہ جگہ گولیاں چلائی گئیں تاریخ ۳۱ مئی کو گنگا سنگھ نام کے ایک سکھ اپنی بی بی بچوں کے ساتھ تانگے میں جا رہے تھے کہ ایک انگریز نے اُن پر بھی گولی چلا دی، جس سے ہرپال کور نام کی ساڑھے نو سال کی بچی اور

काका बिचत्तर सिंह नाम का १६ महीने का बच्चा इस तरह ताँगे से गिर गये, जिस तरह चिड़ियों के बच्चे घोंसले से गिर जाते हैं. इन बच्चों की माँ बीबी तेज कौर के भी गहरी चोट आई. जनता यह सब देखकर भी शान्त रही, लेकिन उसने बच्चों की लाशों का जुलूस जरूर निकाला, जिसकी इजाजत ले ली गई थी. पर जैसे ही इन सिख बच्चों की लाशों को हजारों पठान ले कर चले, वैसे ही बिना कोई इत्तिला दिये सिर्फ दो गज के फ़ासले से इस जुलूस पर गोली चलाई गई. गोली चलाने वालों ने उन लोगों को निशाना बनाया, जो लोग अपने कन्धों पर अर्थी को लिये हुए थे. लेकिन अर्थी जैसे ही जमीन पर गिरती थी, वैसे ही जुलूस में से नये आदमी निकल कर अर्थी उठा लेते थे. एक सवाल के जवाब में दिल्ली की ऐसेम्बली में सरकार ने बताया था कि इस तरह सत्रह बार जुलूस पर गोलियाँ चलाई गईं थीं लेकिन अर्थी उठाने वालों की कमी फिर भी नहीं हुई थी. उन सिख बच्चों की लाशों के लिये उस वक़्त मुसलमान पठानों ने जो ख़ून बहाया था, क्या हिन्दू-मुस्लिम एकता की इससे बढ़कर कोई दूसरी मिसाल मिल सकती थी. इसी जमाने में वीर गढ़वाली सिपाहियों ने, जो सबके सब हिन्दू थे, वीर पठानों पर गोलियाँ चलाने से इन्कार करके सरहद के नाम को और भी चमका दिया. इन सिपाहियों से उनके अंग्रेज अफ़सरों ने कहा था कि यह पठान लोग हिन्दुओं के दुश्मन हैं, जैसा कि उस वक़्त हमारे बहुत से हिन्दू सभाई लीडर भी कहा करते थे. लेकिन बहादुर बहादुर को पहिचानने में कम ही ग़लती करता है. गढ़वाली बहादुरों ने फ़ौरन समझ लिया कि यह

کاکا بچتر سنگھ نام کا ۱۶ مہینے کا بچہ اس طرح تانگے سے گر گئے جس طرح چڑیوں کے بچے گھونسلے سے گر جاتے ہیں۔ ان بچوں کی ماں بی بی تیج کور کے بھی گہری چوٹ آئی۔ جنتا یہ سب دیکھ کر بھی شانت رہی، لیکن اس نے بچوں کی لاشوں کا جلوس ضرور نکالا، جس کی اجازت لے لی گئی تھی۔ پر جیسے ہی ان سکھ بچوں کی لاشوں کو ہزاروں پٹھان لے کر چلے، ویسے ہی بنا کوئی اطلاع دئیے صرف دو گز کے فاصلے سے اس جلوس پر گولی چلائی گئی۔ گولی چلانے والوں نے ان لوگوں کو نشانہ بنایا، جو لوگ اپنے کندھوں پر ارتھی کو لئے ہوئے تھے۔ لیکن ارتھی جیسے ہی زمین پر گرتی تھی، ویسے ہی جلوس میں سے نئے آدمی نکل کر ارتھی اٹھا لیتے تھے۔ ایک سوال کے جواب میں دلی کی اسمبلی میں سرکار نے بتایا تھا کہ اس طرح سترہ بار جلوس پر گولیاں چلائی گئیں تھیں لیکن ارتھی اٹھانے والوں کی کمی پھر بھی نہیں ہوئی تھی۔ ان سکھ بچوں کی لاشوں کے لئے اس وقت مسلمان پٹھانوں نے جو خون بہایا تھا، کیا ہندو مسلمان ایکتا کی اس سے بڑھ کر کوئی دوسری مثال مل سکتی تھی، اسی زمانے میں ویر گڑھوالی سپاہیوں نے، جو سب کے سب ہندو تھے، ویر پٹھانوں پر گولیاں چلانے سے انکار کر کے سرحد کے نام کو اور بھی چمکا دیا۔ ان سپاہیوں سے ان کے انگریز افسروں نے کہا تھا کہ یہ پٹھان لوگ ہندوؤں کے دشمن ہیں، جیسا کہ اس وقت ہمارے بہت سے ہندو سبھائی لیڈر کہا کرتے تھے۔ لیکن بہادر بہادر کو پہچاننے میں کم ہی غلطی کرتا ہے۔ گڑھوالی بہادروں نے فوراً سمجھ لیا کہ یہ

पठान तो हमारे देश की आज़ादी के लिये जंग कर रहे हैं और उन्होंने अपनी बन्दूक़ें नीचे डाल दीं. इसके बदले में उनको दस साल से लेकर चौदह साल तक की सज़ायें दी गईं.

[बाक़ी फिर]

मुस्लिम देशभक्त

[लेखक श्री रतन लाल बंसल]

पिछले बरसों में अंग्रेज़ों के इशारे पर हमारे देश में इस बात का काफ़ी प्रचार किया गया कि हिन्दुस्तान के मुसलमानों ने हिन्दुस्तान की आज़ादी की लड़ाई में कभी हिस्सा नहीं लिया. इस प्रचार से जो ज़हर फैला, उसका नतीजा हमारे सामने है. आज़ादी की लड़ाई के पिछले दौर में मुसलमान जनता जिस तरह उससे दूर दूर रही और हिन्दू जिस तरह आज हर एक मुसलमान को देश का दुश्मन मान बैठे हैं, वह सब इसी प्रचार का नतीजा है.

लेकिन यह किताब इस ग़लत-फ़हमी को मिटाने में काफ़ी मदद कर सकती है. इसमें उन मुसलमान देशभक्तों का इतिहास है, जिन्होंने अंग्रेज़ों के आते ही उनको यहाँ से हटाने की कोशिशें शुरू कर दी थीं. उनकी क़ुरबानियों की कहानियाँ आपके दिलों को रोशनी से भर देंगी. त्योहारों के ऊपर मुसलमान भाई अपने हिन्दू दोस्तों को और हिन्दू अपने मुसलमान दोस्तों को यह किताब भेंट कर सकते हैं. यह किताब हिन्दी उर्दू दोनों लिखावटों में मिल सकती है.

सुन्दर जिल्द के साथ किताब का दाम सिर्फ़ एक रुपया बारह आने फ़ी किताब है. पर २८ फ़रवरी तक जो लोग आर्डर देंगे उन्हें महसूल डाक समेत यह किताब सिर्फ़ डेढ़ रुपये में दी जायगी.

मैनेजर—'नया हिन्द' ४८ बाई का बाग़ इलाहाबाद.

پٹھان تو ہمارے دیش کی آزادی کے لئے جنگ کر رہے ہیں اور انھوں نے اپنی بندوقیں نیچے ڈال دیں۔ اس کے بدلے میں اُن کو دس سال سے لیکر چودہ سال تک کی سزائیں دی گئیں۔

(باقی پھر)

مسلم دیش بھکت

(لیکھک شری رتن لال بنسل)

پچھلے برسوں میں انگریزوں کے اشارے پر ہمارے دیش میں اس بات کا کافی پرچار کیا گیا کہ ہندستان کے مسلمانوں نے ہندستان کی آزادی کی لڑائی میں کبھی حصّہ نہیں لیا۔ اس پرچار سے جو زہر پھیلا، اُس کا نتیجہ ہمارے سامنے ہے۔ آزادی کی لڑائی کے پچھلے دَور میں مسلمان جنتا جس طرح اُس سے دُور دُور رہی اور ہندو جس طرح آج ہر ایک مسلمان کو دیش کا دشمن مان بیٹھے ہیں، وہ سب اسی پرچار کا نتیجہ ہے۔

لیکن یہ کتاب اس غلط فہمی کو مٹانے میں کافی مدد کر سکتی ہے۔ اس میں اُن مسلمان دیش بھکتوں کا اتہاس ہے، جنھوں نے انگریزوں کے آتے ہی اُن کو یہاں سے ہٹانے کی کوششیں شروع کر دی تھیں۔ اُن کی قربانیوں کی کہانیاں آپ کے دلوں کو روشنی سے بھر دیں گی تیوہاروں کے اوپر مسلمان بھائی اپنے ہندو دوستوں کو اور ہندو اپنے مسلمان دوستوں کو یہ کتاب بھینٹ کر سکتے ہیں۔ یہ کتاب ہندی اُردو دونوں لکھاوٹوں میں مل سکتی ہے۔

سندر جلد کے ساتھ کتاب کا دام صرف ایک روپیہ بارہ آنے فی کتاب ہے۔ پر ۲۸ فروری تک جو لوگ آرڈر دیں گے انھیں محصول ڈاک سمیت یہ کتاب صرف ڈیڑھ روپے میں دی جائے گی۔

منیجر—نیا ہند ۴۸ بائی کا باغ الٰہ آباد

हिन्दुस्तानी कलचर और संगीत

(१८)

सरोद

(भाई गणेश प्रसाद द्विवेदी)

सरोद हिन्दुस्तान का बाजा है या विदेशी, इस बारे में दो रायें हैं. कुछ लोगों की राय में यह अफ़ग़ानिस्तानी या सरहदी पठानों का क़ौमी बाजा है. अगर ऐसा हो भी तो इससे यह नहीं साबित होता कि यह हिन्दुस्तानी या भारतीय नहीं है. अव्वल तो यह कि जिसे हम आज अफ़ग़ानिस्तान कहते हैं वह एक ज़माने में महान् भारत का ही एक हिस्सा था. फिर ऐतरेय ब्राह्मण (वेद का एक भाग) में एक बाजे की चर्चा की गई है जिसकी बनावट आजकल के सरोद से मिलती है. 'सरोद' का शब्द भी सीधा संस्कृत से आया हुआ है. संस्कृत के 'स्वरद' शब्द से घिसते मँजते (तद्भव) यह 'सरोद' बन गया, यह साफ़ है. 'स्वर' (गाने बजाने के 'सुर') का जो 'देने वाला' है (स्वरं ददाति यः सः स्वरदः) वही 'स्वरद' या सरोद है. इस तरह की बनावट तो सितार की भी नहीं मिलती. बल्कि 'सितार' तो 'सेहतार' (फ़ारसी) और 'सप्ततार' संस्कृत दोनों तरह से बनता है पर 'सरोद' सिर्फ़ 'स्वरद' से ही निकलता है, किसी फ़ारसी या अरबी उद्गम से नहीं.

ہندستانی کلچر اور سنگیت

(۱۸)

سرود

(بھائی گنیش پرشاد دویدی)

سرود ہندستان کا باجا ہے یا ودیشی، اس بارے میں دو رائیں ہیں. کچھ لوگوں کی رائے میں یہ افغانستانی یا سرحدی پٹھانوں کا قومی باجا ہے. اگر ایسا ہو بھی تو اس سے یہ نہیں ثابت ہوتا کہ یہ ہندستانی یا بھارتیہ نہیں ہے. اوّل تو یہ کہ جسے ہم آج افغانستان کہتے ہیں وہ ایک زمانے میں مہان بھارت کا ہی ایک حصّہ تھا. پھر ایترے برہمن (وید کا ایک بھاگ) میں ایک باجے کی چرچا کی گئی ہے جس کی بناوٹ آج کل کے سرود سے ملتی ہے. 'سرود' کا لفظ بھی سیدھا سنسکرت سے آیا ہوا ہے. سنسکرت کے 'سورد' شبد سے گھستے مجتے (تدبھو) یہ 'سرود' بن گیا، یہ صاف ہے. 'سور' (گانے بجانے کے 'سُر') کا جو 'دینے والا' ہے (स्वरं ददाति यः सः स्वरद:) وہی 'سورد' یا سرود ہے. اس طرح کی بناوٹ تو ستار کی بھی نہیں ملتی. بلکہ 'ستار' تو 'سہ تار' (فارسی) اور 'سپت تار' سنسکرت دونوں طرح سے بنتا ہے پر 'سرود' صرف 'سورد' سے ہی نکلتا ہے، کسی فارسی یا عربی اُدگم سے نہیں.

यह तो रहा इस लफ़्ज़ के बारे में. इस बाजे के बारे में हम पहले भी कह चुके हैं कि यह शाही रबाब और सुरसिंगार के बीच की कड़ी है. मियां तानसेन के ददियाली ख़ानदान ने रबाब को ख़ास तौर से अपनाया था. इन सब का इतिहास हम दे चुके हैं. इसी ख़ानदान के एक बहुत बड़े उस्ताद ने किस तरह बरसात के मौसम में अपने एक चाचा बीनकार से महाराज बनारस के दरबार में नीचा देख कर (इसलिये कि बरसात में रबाब अच्छी नहीं बोलती, ठप हो जाती है) सुरसिंगार ईजाद किया और इस पर बीन व रबाब दोनों अंग का आलाप बजाकर बीनकारों को नीचा दिखा दिया, यह भी हम देख चुके हैं.

पर बीन, रबाब और सुरसिंगार यह तीनों ही आलाप के बाजे हैं, इन पर ध्रुपद अंग की आलाप और मृदंग की संगत से बहुत हुआ तो तारपरन, बस इतना ही बजता है. तालों में गत तोड़े इन पर नहीं बजते. परदेदार बाजों में बीन से जैसे गत तोड़े के लिये सितार की ईजाद हुई, उसी तरह रबाब और सुरसिंगार जैसे 'बेपर्द' बाजों से एक ऐसे बाजे के ईजाद की ज़रूरत पैदा हुई जिस पर सितार की गतें बज सकें; और सरोद के दर्शन हुए. किस उस्ताद ने सरोद ईजाद किया यह हम ठीक नहीं कह सकते. रबाब ख़ुद मियां तानसेन की ईजाद है, (बीन के जवाब में) यह मशहूर है. इसी के माल मसाले से किसी सेनिये ने सुरसिंगार निकाला यह हम देख चुके हैं. पर सरोद ठीक किसने निकाला यह नहीं मालूम.

सरोद पुराना है या रबाब, इस बारे में भी दो रायें हैं

یہ تو رہا اس لفظ کے بارے میں۔ اس باجے کے بارے میں ہم پہلے بھی کہہ چکے ہیں کہ یہ شاہی رباب اور سُرسنگار کے بیچ کی کڑی ہے۔ میاں تان سین کے ددھیالی خاندان نے رباب کو خاص طور سے اپنایا تھا۔ ان سب کا اتہاس ہم دے چکے ہیں۔ اسی خاندان کے ایک بہت بڑے استاد نے کس طرح برسات کے موسم میں اپنے ایک چاچا بین کار سے مہاراج بنارس کے دربار میں نیچا دیکھ کر (اس لئے کہ برسات میں رباب اچھی نہیں بولتی، ٹھپ ہو جاتی ہے) سُرسنگار ایجاد کیا اور اس پر بین و رباب دونوں انگ کا الاپ بجا کر بین کاروں کو نیچا دکھا دیا، یہ بھی ہم دیکھ چکے ہیں۔

پر بین، رباب اور سرسنگار یہ تینوں ہی الاپ کے باجے ہیں، ان پر دھرپد انگ کی الاپ اور مردنگ کی سنگت سے بہت ہوا تو تار پرن، بس اتنا ہی بجتا ہے۔ تالوں میں گت توڑے ان پر نہیں بجتے۔ پردیدار باجوں میں بین سے جیسے گت توڑے کے لئے ستار کی ایجاد ہوئی، اسی طرح رباب اور سرسنگار جیسے 'بے پردہ' باجوں سے ایک ایسے باجے کے ایجاد کی ضرورت پیدا ہوئی جس پر ستار کی گتیں بج سکیں؛ اور سرود کے درشن ہوئے۔ کس استاد نے سرود ایجاد کیا یہ ہم ٹھیک نہیں کہہ سکتے۔ رباب خود میاں تان سین کی ایجاد ہے، (بین کے جواب میں) یہ مشہور ہے۔ اسی کے مال مسالے سے کسی سینئے نے سرسنگار نکالا یہ ہم دیکھ چکے ہیں۔ پر سرود ٹھیک کس نے نکالا یہ نہیں معلوم۔

سرود پرانا ہے یا رباب، اس بارے میں بھی دو رائیں ہیں

सुरसिंगार तो बाद का है ही. और सरोद के ढंग की वीणा की एक क़िस्म की चर्चा हमें वेदों में मिलती है और 'स्वरद' नाम भी बहुत पुराना है. इससे तो यही साफ़ है कि सरोद बड़ा पुराना बाजा है, लगभग उतना ही जितना कि बीन.

बात यह हुई कि हिन्दू युग के बहुत से पुराने बाजे, जिनके नाम हमें वैदिक साहित्य में मिलते हैं, आज दिन हिन्दुस्तान में देखने को नहीं मिलते. नाम भी उनके नहीं रह गये हैं, पर वही बाजे महान् भारत के अंश—हिन्दएशिया, जावा, सुमात्रा, या फिर अफ़ग़ानिस्तान, ईरान वग़ैरह में मिलते हैं. पुरानी हिन्दू-संस्कृति या कलचर की बहुत सी बातें जो अब हमारे देश में नहीं हैं, हम आज भी जावा, सुमात्रा, बाली वग़ैरा के टापुओं में पाते हैं, जैसे—रात रात भर होने वाले पौराणिक नाटक, जो खुले मैदान में बहुत से साथ बजने वाले बाजों ('ओपन एयर आर्केस्ट्रा') के साथ होते हैं, जिनमें सैकड़ों मर्द औरत भाग लेते हैं, और जो हफ़्तों चलते हैं. इस देश में दसवीं सदी के बाद जो अशांति और मारकाट कई सदी तक चलती रही उसकी धारा में हमारे कलचर की बहुत सी बेश क़ीमत चीज़ें ख़ास मुल्क से हटकर सरहदों के पार पनाह लेने पर मजबूर हुईं. उनमें हमारे बहुत सी क़िस्मों के बाजे भी थे, यह तय है. 'शततंत्री' (सौ तार वाली बीन) 'सहस्रतंत्री' (हज़ार तार वाली बीन) वग़ैरा ऐसी ऐसी बीन की चर्चा वैदिक साहित्य में मिलती है जिनकी हम आज सिर्फ़ कल्पना भर ही कर सकते हैं. इस ढंग के बाजे आज .हिन्दएशिया, कांबोडिया और चीन वग़ैरा मुल्कों में देखने सुनने को मिल सकते हैं पर यहाँ नहीं. क्यों—?

سُرسنگار تو بعد کا ہے ہی۔ اور سرود کے ڈھنگ کی وینا کی ایک قسم کی چرچا ہمیں ویدوں میں ملتی ہے اور 'سورد' نام بھی بہت پرانا ہے. اس سے تو یہی صاف ہے کہ سرود بڑا پرانا باجا ہے، لگ بھگ اتنا ہی جتنا کہ بین.

بات یہ ہوئی کہ ہندو یُگ کے بہت سے پرانے باجے، جنکے نام ہمیں وَیدک ساہتیہ میں ملتے ہیں، آج دن ہندستان میں دیکھنے کو نہیں ملتے. نام بھی ان کے نہیں رہ گئے ہیں، پر وہی باجے مہان بھارت کے انش — ہند ایشیا، جاوا، سماترا یا پھر افغانستان، ایران وغیرہ میں ملتے ہیں. پرانی ہندو سنسکرتی یا کلچر کی بہت سی باتیں جو اب ہمارے دیش میں نہیں ہیں، ہم آج بھی جاوا، سماترا، بالی وغیرہ کے ٹاپوؤں میں پاتے ہیں، جیسے — رات رات بھر ہونے والے پورانک ناٹک، جو کھلے میدان میں بہت سے ساتھ بجنے والے باجوں ('اوپن ایئر آرکسٹرا') کے ساتھ ہوتے ہیں، جن میں سینکڑوں مرد عورت بھاگ لیتے ہیں، اور جو ہفتوں چلتے ہیں. اس دیش میں دسویں صدی کے بعد جو اشانتی اور مارکاٹ کئی صدی تک چلتی رہی اس کی دھارا میں ہمارے کلچر کی بہت سی بیش قیمت چیزیں خاص ملک سے ہٹکر سرحدوں کے پار پناہ لینے پر مجبور ہوئیں۔ ان میں ہمارے بہت سی قسموں کے باجے بھی تھے، یہ طے ہے۔ 'شت تنتری' (سو تار والی بین) 'سہستر تنتری' (ہزار تار والی بین) وغیرہ ایسی ایسی بین کی چرچا وَیدک ساہتیہ میں ملتی ہے جنکی ہم آج صرف کلپنا بھر ہی کر سکتے ہیں۔ اس ڈھنگ کے باجے آج ہند ایشیا، کمبوڈیا اور چین وغیرہ ملکوں میں دیکھنے سننے کو مل سکتے ہیں پر یہاں نہیں، کیوں — ؟

मुसलिम युग के शुरू की कुछ सदियों में तो गाना बजाना हिन्दू जाति बंद ही कर देने पर मजबूर हुई थी. फिर सुलतान अलाउद्दीन खिलजी के ज़माने से मुसलमान बादशाहों ने हिन्दुओं के इस फ़न में दिलचस्पी लेनी शुरू की और आगे चलकर तो इसमें ग़र्क़ ही हो गये और इसका नया विकास, नया कायाकल्प ही कर डाला, जैसा कि हम देख चुके हैं. पर हमें बड़ा दुख है कि पुराने हिन्दू संगीत की बहुत सी ख़ास बातें, बहुत सी ख़ूबियाँ, बारीकियाँ, बहुत से बाजे, जो शुरू की मुसलिम हुकूमतों में यहाँ ख़ास मुल्क से हटकर सरहदों पर पनाह लेने पर मजबूर हुए थे, उनका फिर से चलन न हो सका.

मुसलमान क़ौम क़ुदरती तौर से मौसीक़ी पसंद नहीं है, यह हम जानते हैं, पर हिन्दुस्तानी मुसलमान यहाँ के लोगों से हिलमिल कर गाने बजाने में हिन्दुओं से ही बाज़ी मार ले गये तो फिर से बाजों की तलाश हुई. पर ज़्यादा आवाज़ वाले बाजे मुसलमानों को कभी नहीं पसंद आये, और न खुले मैदान (ओपन एयर) में होने वाले रामायण, महाभारत के नाटक और न उनकी संगत करने वाले ऊँची आवाज़ वाले सैकड़ों एकतानिक (आर्केस्ट्रा) बाजे. इनके दिन तो हमेशा के लिये लद चुके थे. तन्त्रों में सरोद सबसे ज़्यादा ऊँची आवाज़ का बाजा है. आज दिन विलायत की हवा खाये हुए बहुत से संगीत के आलोचक जब हिन्दुस्तानी संगीत में 'आर्केस्ट्रा' और 'हार्मनी' की कमी की शिकायत करते हैं, उनका ध्यान हम ख़ास तौर से इस पहलू की ओर खींचते हैं. यह लोग फ़रमाते हैं कि हिन्दू संगीतपद्धति में ही कमी आर्केस्ट्रा नहीं

(११९)

مُسلم جگ کے شروع کی کچھ صدیوں میں تو گانا بجانا ہندو جاتی بند ہی کر دینے پر مجبور ہوئی تھی. پھر سلطان علاء الدین خلجی کے زمانے سے مسلمان بادشاہوں نے ہندوؤں کے اس فن میں دلچسپی لینی شروع کی اور آگے چل کر تو اس میں غرق ہی ہو گئے اور اس کا نیا وکاس، نیا کایا کلپ ہی کر ڈالا، جیسا کہ ہم دیکھ چکے ہیں۔ پر ہمیں بڑا دکھ ہے کہ پرانے ہندو سنگیت کی بہت سی خاص باتیں، بہت سی خوبیاں، باریکیاں، بہت سے باجے، جو شروع کی مُسلم حکومتوں میں یہاں خاص ملک سے ہٹکر سرحدوں پر پناہ لینے پر مجبور ہوئے تھے، اُن کا پھر سے چلن نہ ہو سکا۔

مسلمان قوم قدرتی طور سے موسیقی پسند نہیں ہے، یہ ہم جانتے ہیں، پر ہندستانی مسلمان یہاں کے لوگوں سے ہل مل کر گانے بجانے میں ہندوؤں سے ہی بازی مار لے گئے تو پھر سے باجوں کی تلاش ہوئی۔ پر زیادہ آواز والے باجے مسلمانوں کو کبھی نہیں پسند آئے، اور نہ کھلے میدان (اوپن ایر) میں ہونے والے رامائن، مہابھارت کے ناٹک اور نہ اُن کی سنگت کرنے والے اونچی آواز والے سینکڑوں ایکتانک (آرکسٹرا) باجے۔ اُن کے دن تو ہمیشہ کے لئے لد چکے تھے۔ تنتروں میں سرود سب سے زیادہ اونچی آواز کا باجا ہے۔ آج دن ولایت کی ہوا کھائے ہوئے بہت سے سنگیت کے آلوچک جب ہندستانی سنگیت میں 'آرکسٹرا' اور 'ہارمنی' کی کمی کی شکایت کرتے ہیں، ان کا دھیان ہم خاص طور سے اس پہلو کی اور کھینچتے ہیں۔ یہ لوگ فرماتے ہیں کہ ہندو سنگیت پدھتی میں ہی کمی آرکسٹرا نہیں

था और अंग्रेजी आर्केस्ट्रा पद्धति को हिन्दू संगीत में मिला लेने की कोशिश की जाय. हम कहते हैं यह कोशिश बेकार ही नहीं, हिन्दू संगीत को नष्ट कर देने वाली साबित होगी. अगर हमें सामूहिक या एकतानिक संगीत का फिर से चलन करना है तो अपने ही अतीत या गुजरे हुए जमाने का दरवाजा एक बार फिर से खटखटाना होगा और जो हमने खो दिया है उसी को जतन से हासिल करना होगा.

मुसलिम युग में बहुत सी चीजों के साथ संगीत को भी पर्दे में जाने की जरूरत हुई थी. 'मुलायम', 'धीमा', 'दबा हुआ', दरबार के एकान्त कमरे में होने वाला गाना बजाना ही यह बरदाश्त कर सकते थे. मुमकिन है सरोद इसी वजह से देश निकाला पा गया हो. एक साथ दस हजार जनता खुले आम जो गाना बजाना सुनती थी इसका चलन उठ गया था. दूसरे शब्दों में संगीत आम जनता की चीज या क़ौमी या 'राष्ट्रीय' न रह कर थोड़े से ख़ास तबक़े के राजा, रईस, अमीर, उमरा के हरम और ख़ास कमरों की चीज रह गई. हम फिर कहने पर विवश हैं कि यह बड़े अफ़सोस की बात हुई.

ख़ैर, तो हमारे कहने का मतलब यह है कि बहुत से पुराने हिन्दू युग के बाजे, जो ख़ास मुल्क के बाहर निकल गये, उनमें से निश्चय ही सरोद भी एक था जिसके ढंग पर मियां ने रबाब ईजाद किया और फिर आगे चलकर उन्हीं की एक औलाद ने उन्हीं के माल मसाले से सुरसिंगार ईजाद किया. और फिर सरोद खुद भी आ ही गया.

تھا اور انگریزی آرکسٹرا پدھتی کو ہندو سنگیت میں ملا لینے کی کوشش کی جائے۔ ہم کہتے ہیں یہ کوشش بے کار ہی نہیں، ہندو سنگیت کو نشٹ کر دینے والی ثابت ہوگی۔ اگر ہمیں ساموہک یا ایکتانک سنگیت کا پھر سے چلن کرنا ہے تو اپنے ہی اتیت یا گزرے ہوئے زمانے کا دروازہ ایک بار پھر سے کھٹکھٹانا ہوگا اور جو ہم نے کھو دیا ہے اسی کو جتن سے حاصل کرنا ہوگا۔

مسلم یگ میں بہت سی چیزوں کے ساتھ سنگیت کو بھی پردے میں جانے کی ضرورت ہوئی تھی۔ 'ملائم'، 'دھیما'، 'دبا ہوا'، دربار کے ایکانت کمرے میں ہونے والا گانا بجانا ہی یہ برداشت کر سکتے تھے۔ ممکن ہے سرود اسی وجہ سے دیش نکالا پا گیا ہو۔ ایک ساتھ دس ہزار جنتا کھلے عام جو گانا بجانا سنتی تھی اس کا چلن اٹھ گیا تھا۔ دوسرے لفظوں میں سنگیت عام جنتا کی چیز یا قومی یا 'راشٹریہ' نہ رہ کر تھوڑے سے خاص طبقے کے راجا، رئیس، امیر، امرا کے حرم اور خاص کمروں کی چیز رہ گئی۔ ہم پھر کہنے پر وِوش ہیں کہ یہ بڑے افسوس کی بات ہوئی۔

خیر، تو ہمارے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ بہت سے پرانے ہندو یگ کے باجے، جو خاص ملک کے باہر نکل گئے، ان میں سے نشچے ہی سرود بھی ایک تھا جس کے ڈھنگ پر میاں نے رباب ایجاد کیا اور پھر آگے چل کر انھیں کی ایک اولاد نے انھیں کے مال مسالے سے سرسنگار ایجاد کیا۔ اور پھر سرود خود بھی آ ہی گیا۔

पुराने 'स्वरद' पर जो संगीत बजता था उसको जानने का तो हमारे पास इस वक़्त कोई उपाय नहीं है. हाँ यह तो हमें मानना ही पड़ेगा कि जिस सरोद पर सेनी संगीत का गत तोड़ा बजना शुरू हुआ वह रबाब के बहुत बाद और सुरसिंगार के भी बाद की चीज़ है, या यों कहें कि चीज़ पुरानी ही है पर उसका फिर से इस्तेमाल हमने इतनी सदियों बाद करना शुरू किया और यह कह कर कि यह एक नई चीज़ है !

रबाब में चमड़े और रोदे की वजह से बहुत सी दिक्कतें थीं. वह धूप और सूखे मौसम में ही अच्छी बोल सकती थी. सरोद में डांडी पर लोहे की प्लेट बैठा दी गई, फ़ौलाद के तार चढ़े, और तबली पर हालांकि खाल रही, पर आवाज़ और मिलान में बहुत सुभीता हो गया. मिलाने में घंटों नहीं लगने लगे. वक़्त की किफ़ायत और ज़हमत की बहुत कमी हो गई, और यही वजह है कि सरोद के ज़्यादा प्रचार के साथ साथ रबाब धीरे धीरे ग़ायब ही हो गया, यहाँ तक कि आज एक भी रबाब बजाने वाला हिन्दुस्तान में चिराग़ लेकर ढूंढने पर भी नहीं मिलता. हालांकि बीन बजाने वाले तो गुदड़ी के लाल की तरह कहीं कहीं दिखाई भी पड़ जाते हैं. बेशक यह सरोद की हरदिलअज़ीज़ी का बहुत बड़ा सुबूत है.

सरोद की मिलान

सरोद में भी सितार की तरह सात तार होते हैं. पर 'मिलान' यानी इन तारों के सुर में मिलाने की पद्धति में काफ़ी फ़र्क़ है. पहला तार जो 'सुर' का तार कहलाता है, बजाने वाले के सुभीते के

پرانے 'سورد' پر جو سنگیت بجتا تھا اس کو جاننے کا تو ہمارے پاس اس وقت کوئی اُپائے نہیں ہے۔ ہاں یہ تو ہمیں ماننا ہی پڑے گا کہ جس سرود پر سینی سنگیت کا گت توڑا بجانا شروع ہوا وہ رباب کے بہت بعد اور سرسنگار کے بھی بعد کی چیز ہے، یا یوں کہیں کہ چیز پرانی ہی ہے پر اس کا پھر سے استعمال ہم نے اتنی صدیوں بعد کرنا شروع کیا اور یہ کہہ کر کہ یہ ایک نئی چیز ہے!

رباب میں چمڑے اور رودے کی وجہ سے بہت سی دقتیں تھیں۔ وہ دھوپ اور سوکھے موسم میں ہی اچھی بول سکتی تھی۔ سرود میں ڈانڈی پر لوہے کی پلیٹ بٹھا دی گئی، فولاد کے تار چڑھے، اور طبلی پر حالانکہ کھال رہی، پر آواز اور ملان میں بہت سبھیتا ہو گیا۔ ملانے میں گھنٹوں نہیں لگنے لگا۔ وقت کی کفایت اور زحمت کی بہت کمی ہو گئی، اور یہی وجہ ہے کہ سرود کے زیادہ پرچار کے ساتھ ساتھ رباب دھیرے دھیرے غائب ہی ہو گیا، یہاں تک کہ آج ایک بھی رباب بجانے والا ہندستان میں چراغ لیکر ڈھونڈنے پر بھی نہیں ملتا۔ حالانکہ بین بجانے والے تو گدڑی کے لال کی طرح کہیں کہیں دکھائی بھی پڑ جاتے ہیں۔ بیشک یہ سرود کی ہردلعزیزی کا بہت بڑا ثبوت ہے۔

سرود کی ملان

سرود میں بھی ستار کی طرح سات تار ہوتے ہیں۔ پر 'ملان' یعنی ان تاروں کے سر میں ملانے کی پدھتی میں کافی فرق ہے۔ پہلا تار جو 'سر' کا تار کہلاتا ہے، بجانے والے کے سبھیتے کے

मुताबिक़ किसी भी सुर में मिला लिया जाता है, फिर दूसरा तार इस सुर के मध्यम में मिलता है. इसे 'मध्यम' का तार कहते हैं. तीसरा तार मंदर सप्तक के पंचम में मिलता है और इसे 'खरज-पंचम' या 'मन्दर-(मंद्र) पंचम' का तार कहते हैं. चौथा तार मंदर के मध्यम में मिलता है और इसी तरह यह 'खरजमध्यम' या 'मंदरमध्यम' कहलाता है. कुछ लोग (ख़ास कर बंगाल की तरफ़ वाले) इन दोनों तारों को 'खादपंचम' और 'खादमध्यम' कहते हैं. 'खाद' लफ़्ज़ 'खरज' का ही छोटा रूप है. पाँचवाँ तार खरज सुर यानी पहले तार के ठीक एक सप्तक नीचे के सुर में बराबर मिलता है. इसे 'खरज' कहते हैं. छठवाँ और सातवाँ 'चिकारी' कहलाते हैं. इनमें पहली चिकारी मध्यम सुर में और दूसरी तार सप्तक के सुर यानी 'स' में मिलती है.

(संगीत)

इन सात ख़ास तारों के सिवा आम तौर से ९ तरप के तार भी होते हैं. ये आम तौर से गंधार से शुरू कर तार सप्तक के मध्यम तक में मिलाये जाते हैं. पर राग या ठाट के अनुसार तरपों के तार का मिलान बदलता रहता है. बजाने वाले को जो राग बजाना होता है उसी के मुताबिक़ तरपें मिलती हैं.

ग़ौर से देखने पर मालूम होगा सितार और सरोद की मिलान में कोई ख़ास फ़र्क़ नहीं है और जो है भी वह बाजे की बनावट और 'बैठक' की वजह से है. दोनों के 'बाज' में भी कोई बहुत ज़्यादा फ़र्क़ नहीं है. सबसे बड़ा फ़र्क़ यह है सितार की जान 'मींड़' नामका अलंकार है जो परदे न होने की वजह से, सरोद में निकल ही नहीं सकता, पर मींड़ की जगह सरोद में 'सूत' होती है जो सितार

مطابق کسی بھی سُر میں ملا لیا جاتا ہے، پھر دوسرا تار اس سُر کے مَدّھیم میں ملتا ہے۔ اسے 'مَدّھیم' کا تار کہتے ہیں۔ تیسرا تار مندر سپتک کے پنچم میں ملتا ہے اور اسے 'کھرج پنچم' یا 'مندر (مندرہ) پنچم' کا تار کہتے ہیں۔ چوتھا تار مندر کے مَدّھیم میں ملتا ہے اور اسی طرح یہ 'کھرج مَدّھیم' یا 'مندر مَدّھیم' کہلاتا ہے۔ کچھ لوگ (خاص کر بنگال کی طرف والے) ان دونوں تاروں کو 'کھاد پنچم' اور 'کھاد مدھیم' کہتے ہیں۔ 'کھاد' لفظ 'کھرج' کا ہی چھوٹا روپ ہے۔ پانچواں تار کھرج سُر یعنی پہلے تار کے ٹھیک ایک سپتک نیچے کے سُر میں برابر ملتا ہے۔ اسے 'کھرج' کہتے ہیں چھٹواں اور ساتواں 'چکاری' کہلاتے ہیں۔ ان میں پہلی چکاری مدھیم سُر میں اور دوسری تار سپتک کے سُر یعنی 'سا' میں ملتی ہے۔

(سنگیت)

ان سات خاص تاروں کے سوا عام طور سے ۹ ترپ کے تار بھی ہوتے ہیں۔ یہ عام طور سے گندھار سے شروع کر تار سپتک کے مدھیم تک میں ملائے جاتے ہیں۔ پر راگ یا ٹھاٹ کے انوسار ترپوں کے تار کا ملان بدلتا رہتا ہے۔ بجانے والے کو جو راگ بجانا ہوتا ہے اسی کے مطابق ترپیں ملتی ہیں۔

غور سے دیکھنے پر معلوم ہوگا ستار اور سرود کی ملان میں کوئی خاص فرق نہیں ہے اور جو ہے بھی وہ باجے کی بناوٹ اور 'بیٹھک' کی وجہ سے ہے۔ دونوں کے 'باج' میں بھی کوئی بہت زیادہ فرق نہیں ہے۔ سب سے بڑا فرق یہ ہے ستار کی جان 'میڑ' نام کا النکار ہے جو پردے نہ ہونے کی وجہ سے، سرود میں نکل ہی نہیں سکتا، پر میڑ کی جگہ سرود میں 'سوت' ہوتی ہے جو ستار

बग़ैरा पर्देदार बाजों में नहीं निकल सकतीं. इसरार पर्दे वाला बाजा है, पर इस पर भी सूत ही निकलती है, मींड़ नहीं. पर वह इसलिये कि इसरार गज़ या कमानी से बजता है न कि मिज़राब या ज़र्ब से. मींड़ तार को खींच कर निकालते हैं पर 'सूत' एक तरह की लंबी घसीट है जो एक स्वर से दूसरे स्वर तक ला आती है. सरोद की जान है सूत.

सूत के अलावा सात अलंकार और हैं जिनके बिना सरोद का बाज अधूरा ही माना जायगा और वह हैं—

१. आस या तान पलटा, २. गमक, ३. ज़मज़मा, ४. छूट, ५. झटका, ६. खटका, ७. लाग डांट, ८. सूत.

इनमें से हर एक की ख़ासियत बताने का यह मौक़ा नहीं है. यहाँ पर सिर्फ़ इतना कह सकते हैं कि यह सब अलंकार सितार पर भी और बीन पर भी निकलते हैं. पर सरोद में ख़यालियों या सारंगियों की सी लंबी तान नहीं निकल सकती, बाजे की ख़ासियत की वजह से सितार पर गाने की संगत सरोद से कहीं ज़्यादा हो सकती है.

और फिर दिड़ दाड़े के बोलों में सरोद पर 'दिड़' ही ज़्यादा तर बजती है, सब बोल ख़ूबी के साथ नहीं अदा हो पाते. इसी से विलंपत की मसीत ख़ानी गतें बहुत कम सरोदिये बजा पाते हैं. सरोद पर आमतौर से द्रुतलय (जलद) की ग़ुलाम रज़ा ख़ानी गतें ही सुनने को मिलती हैं. सरोदनवाज़ हफ़ीज़ अली, सख़ावत हुसैन या अलाउद्दीन ख़ाँ के अलावा शायद ही किसी को सरोद पर

وغیرہ پردے دار باجوں میں نہیں نکل سکتیں۔ اسرار پردے والا باجا ہے، پر اس پر بھی سوت ہی نکلتی ہے، میڑ نہیں۔ پر وہ اس لئے کہ اسرار گز یا کمانی سے بجتا ہے نہ کہ مضراب یا ضرب سے۔ میڑ تار کو کھینچ کر نکالتے ہیں پر 'سوت' ایک طرح کی لمبی گھسیٹ ہے جو ایک سور سے دوسرے سور تک لا جاتی ہے۔ سرود کی جان ہے سوت۔

سوت کے علاوہ سات النکار اور ہیں جنکے بنا سرود کا باج ادھورا ہی مانا جائے گا اور وہ ہیں—

۱۔ آس یا تان پلٹا، ۲۔ گمک، ۳۔ زمزمہ، ۴۔ چھوٹ، ۵۔ جھٹکا، ۶۔ کھٹکا، ۷۔ لاگ ڈانٹ، ۸۔ سوت۔

ان میں سے ہر ایک کی خاصیت بتانے کا یہ موقعہ نہیں ہے۔ یہاں پر صرف اتنا کہہ سکتے ہیں کہ یہ سب النکار ستار پر بھی اور بین پر بھی نکلتے ہیں۔ پر سرود میں خیالیوں یا سرنگیوں کی سی لمبی تان نہیں نکل سکتی، باجے کی خاصیت کی وجہ سے ستار پر گانے کی سنگت سرود سے کہیں زیادہ ہو سکتی ہے۔

اور پھر دڑ داڑے کے بولوں میں سرود پر 'دڑ' ہی زیادہ تر بجتی ہے، سب بول خوبی کے ساتھ نہیں ادا ہو پاتے۔ اسی سے بلمپت کی مسیت خانی گتیں بہت کم سرودیے بجا پاتے ہیں۔ سرود پر عام طور سے درت لے (جلد) کی غلام رضا خانی گتیں ہی سننے کو ملتی ہیں۔ سرود نواز حفیظ علی، سخاوت حسین یا علاؤالدین خاں کے علاوہ شاید ہی کسی کو سرود پر

मसीत खानी गतें बजाने में सहूलियत हो पाती हो. इसी वजह से सितार ज्यादा मुकम्मल बाजा माना गया है.

ऊपर कहे हुए आठ अलंकारों के सिवा कुछ सहायक अलंकार हैं जो सभी तंत्र पर बजते हैं या कम से कम बजने चाहियें, जैसे—१. हलक़ा, २. लड़ंत, ३. लड़गुथाव, ४. लड़ी, ५. गुथ्थी, ६. तार-परन, ७. लड़लपेट और ८. झाले. इनमें से झालों के सिवाय बाक़ी ७ के बारे में बजाने वालों में बहुत मतभेद मिलता है. यह असल में बीन के अलंकार हैं जिनको आज की दुनिया ज्यादातर भूल चली है. आज हम अगर किसी बड़े से बड़े तंत्रकार से पूछें कि साहब 'लड़गुथाव' और 'लड़ी' या 'गुत्थी' में ठीक क्या अंतर है ज़रा बजा कर समझा दीजिये तो वह बग़लें झाँकने लगेंगे या उलटा सीधा जैसे होगा कुछ बता देंगे. कोई भी दो तंत्रकार इनके रूप के बारे में एकमत या एकराय नहीं मिलेंगे. और फिर अपना अज्ञान छिपाने को यों 'उस्ताद' लोग कभी-कभी क्या बल्कि अक्सर ऐसे ऐसे तर्क, ऐसी ऐसी दलीलें पेश करते हैं कि हम आप दंग रह जायँगे.

सिर्फ़ झाला एक अलंकार ऐसा है जिसे सब बजाते हैं. इसकी भी बहुत सी क़िस्में हैं. बहत्तर प्रकार के झालों की चर्चा अक्सर उस्ताद लोग करते हुए पाय जाते हैं, पर बजाने में चार या पाँच क़िस्म से ज्यादा अभी तक नहीं सुने गये, बड़े से बड़े उस्ताद के हाथ से. इनके अलग अलग नाम भी हैं, जैसे—

१. ठोंक झाला, २. कतर झार, ३. सीधा झाला, ४. उलटा झाला

سیت خانی گتیں بجانے میں سہولیت ہو پاتی ہو۔ اسی وجہ سے ستار زیادہ مکمل باجا مانا گیا ہے۔

اوپر کہے ہوئے آٹھ النکاروں کے سوا کچھ سہایک النکار ہیں جو سبھی تنتر پر بجتے ہیں یا کم سے کم بجنے چاہئیں، جیسے — ۱۔ حلقہ، ۲۔ لڑنت، ۳۔ لڑگتھاو، ۴۔ لڑی، ۵۔ گتھی، ۶۔ تارپرن، ۷۔ لڑلپیٹ اور ۸۔ جھالے۔ ان میں سے جھالوں کے سوائے باقی ۷ کے بارے میں بجانے والوں میں بہت مت بھید ملتا ہے۔ یہ اصل میں بین کے النکار ہیں جنکو آج کی دنیا زیادہ تر بھول چلی ہے۔ آج ہم اگر کسی بڑے سے بڑے تنترکار سے پوچھیں کہ صاحب "لڑگتھاو" اور "لڑی" یا "گتھی" میں ٹھیک کیا انتر ہے ذرا بجا کر سمجھا دیجئے تو وہ بغلیں جھانکنے لگیں گے یا الٹا سیدھا جیسے ہوگا کچھ بتا دیں گے۔ کوئی بھی دو تنترکار اُن کے روپ کے بارے میں ایکمت یا ایک رائے نہیں ملیں گے۔ اور پھر اپنا اگیان چھپانے کو یوں "استاد" لوگ کبھی کبھی کیا بلکہ اکثر ایسے ایسے ترک، ایسی ایسی دلیلیں پیش کرتے ہیں کہ ہم آپ دنگ رہ جائیں گے۔

صرف جھالا ایک النکار ایسا ہے جسے سب بجاتے ہیں۔ اس کی بھی بہت سی قسمیں ہیں۔ بہتر پرکار کے جھالوں کی چرچا اکثر استاد لوگ کرتے ہوئے پائے جاتے ہیں، پر بجانے میں چار یا پانچ قسم سے زیادہ ابھی تک نہیں سنے گئے، بڑے سے بڑے استاد کے ہاتھ سے۔ ان کے الگ الگ نام بھی ہیں، جیسے—

۱۔ ٹھونک جھالا، ۲۔ کترجھار، ۳۔ سیدھا جھالا، ۴۔ الٹا جھالا، وغیرہ۔

झाला असल में द्रुतलय का आलाप है जिसमें राग की तानें द्रुतलय में बाज के तार पर यानी 'नायकी', 'सुर' पर, और चिकारी पर 'रा' का बोल निरंतर रूप से बहुत तैयार लय में बजता चलता है. राग के आलाप के साथ सुर में चिकारी पर जब 'रा' की झड़ी सी लग जाती है तो अपूर्व समाँ सा बँधता है, सुनने वालों को अक्सर नींद सी आ जाती है. जिसका झाला जितना तैयार और साफ़ हो जाता है उसी का सरोद या सितार कोई भी तंत्र उतना ही ज़्यादा जमता और सुनने वाले पर असर पैदा करता है. बल्कि यहाँ तक देखा गया है कि जिन उस्तादों की मालूमात बहुत कम हैं और दिड़ व झाला अच्छे तैयार हैं वह भी सिर्फ़ इन्हीं की वजह से महफ़िल में रंग जमा लेते हैं.

सरोद के ख़ास घराने

इस वक़्त सरोद के सिर्फ़ तीन मशहूर घराने हमारे सामने हैं, जिनमें सबसे बड़ा घराना है मरहूम उस्ताद करामतुल्लाह ख़ाँ का. इनके भांजे लखनऊ मैरिस कालेज के सख़ावत हुसैन ख़ाँ इस घराने के गद्दीनशीन उस्ताद हैं. इनके बड़े साहबज़ादे उस्ताद मुहम्मद उमर ख़ाँ भी अच्छा नाम कर रहे हैं. करामतुल्ला ख़ाँ के साहबज़ादे इश्तियाक़ अहमद ख़ाँ एक होनहार नौजवान हैं. जितनी सुरावट, दमदारी, मिठास इनके हाथ में अभी है और मिज़ाज में जो गंभीरता और ठहराव है इससे साफ़ पता चलता है कि हिन्दुस्तान में एक दिन यह अपने वालिद की तरह सबके ऊपर होंगे.

جھالا اصل میں درت لے کا الاپ ہے جس میں راگ کی تانیں درت لے میں باج کے تار پر یعنی 'نائکی'، 'سُر' پر، اور چکاری پر 'را' کا بول نرنتر روپ سے بہت تیار لے میں بجتا چلتا ہے۔ راگ کے الاپ کے ساتھ سُر میں چکاری پر جب 'را' کی جھڑی سی لگ جاتی ہے تو اپوربسماں سا بندھتا ہے، سننے والوں کو اکثر نیند سی آجاتی ہے۔ جس کا جھالا جتنا تیار اور صاف ہوجاتا ہے اسی کا سرود یا ستار کوئی بھی تنتر اتنا ہی زیادہ جمتا اور سننے والے پر اثر پیدا کرتا ہے۔ بلکہ یہاں تک دیکھا گیا ہے کہ جن استادوں کی معلومات بہت کم ہیں اور دِڑ و جھالا اچھے تیار ہیں وہ بھی صرف انھیں کی وجہ سے محفل میں رنگ جما لیتے ہیں۔

سرود کے خاص گھرانے

اس وقت سرود کے صرف تین مشہور گھرانے ہمارے سامنے ہیں، جن میں سب سے بڑا گھرانا ہے مرحوم استاد کرامت اللہ خاں کا۔ ان کے بھانجے لکھنؤ میرس کالج کے سخاوت حسین خاں اس گھرانے کے گدی نشین استاد ہیں۔ ان کے بڑے صاحبزادے استاد محمد عمر خاں بھی اچھا نام کر رہے ہیں۔ کرامت اللہ خاں کے صاحبزادے اشتیاق احمد خاں ایک ہونہار نوجوان ہیں۔ جتنی سُراوٹ، دمداری، مٹھاس ان کے ہاتھ میں ابھی ہے اور مزاج میں جو گمبھیرتا اور ٹھہراؤ ہے اس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ ہندستان میں یہ ایک دن اپنے والد کی طرح سب کے اوپر ہوں گے۔

दूसरा घराना ग्वालियर के सरोदनवाज़ संगीत रत्न उस्ताद हफ़ीज़ अली साहब का है. यह हिन्दुस्तान के आज दिन सबसे बड़े सरोदिये माने जा रहे हैं. इनके हाथ में जो मिठास और सुरावट है वह शायद ही और कहीं सुनने को मिले. इन्होंने अपने वालिद मरहूम नन्हे ख़ां साहब से तो तालीम ली ही, साथ ही रामपुर के बीनकार उस्ताद वज़ीर ख़ां साहब तानसेन व मिश्री सिंह के ख़ानदान से भी कई बरस तक आलाप सीखा था. इनके बुज़ुर्ग मुराद अली ख़ां साहब अपने वक़्त के सबसे बड़े सरोदिये थे. इनके हाथ में बीन अंग का आलाप आया तो करामतुल्ला ख़ां साहब के घराने में रबाब का. सरोद का. ताल्लुक़ रबाब से ज़्यादा होने की वजह से सरोद रबाब ही अंग से बजना ज़्यादा अच्छा लगता है पर अगर कोई बीन की हरकतें सरोद पर सुना सके तो उसकी भी तारीफ़ ही होनी चाहिये.

तीसरा घराना मैहर स्टेट के उस्ताद अलाउद्दीन ख़ां साहब का है. यह ख़ानदानी उस्ताद इस मानी में नहीं हैं कि इनके वालिद या पुरखे गाने बजाने का काम नहीं करते थे. यह पूर्व बंगाल के किसान घराने की औलाद हैं. इनके बंस में गाने बजाने का शौक़ इन्हीं से शुरू हुआ और १८ साल तक एक साधक जोगी की तौर पर इन्होंने रामपुर वाले उस्ताद वज़ीर ख़ां साहब बीनकार से तालीम ली. पर यों ख़ानदानी न होते हुए भी महारत इन्होंने ऐसी हासिल की जिसपर आज हिन्दुस्तान को नाज़ है. मालूमात, पंडिताई, गहराई, रियाज़ में तो शायद ही कोई इनकी बराबर झाँक सके. आज ७० साल के सिनमें इनके हाथ में वह

دوسرا گھرانا گوالیر کے سرود نواز سنگیت رتن استاد حفیظ علی صاحب کا ہے۔ یہ ہندستان کے آج دن سب سے بڑے سرودئے مانے جا رہے ہیں۔ ان کے ہاتھ میں جو مٹھاس اور سُراوٹ ہے وہ شاید ہی اور کہیں سننے کو ملے۔ انھوں نے اپنے والد مرحوم ننھے خاں صاحب سے تو تعلیم لی ہی، ساتھ ہی رام پور کے بین کار استاد وزیر خاں صاحب تان سین و مصری سنگھ کے خاندان سے بھی کئی برس تک الاپ سیکھا تھا ان کے بزرگ مراد علی خاں صاحب اپنے وقت کے سب سے بڑے سرودئے تھے۔ ان کے ہاتھ میں بین انگ کا الاپ آیا تو کرامت اللہ خاں صاحب کے گھرانے میں رباب کا۔ سرود کا تعلق رباب سے زیادہ ہونے کی وجہ سے سرود رباب ہی انگ سے بجنا زیادہ اچھا لگتا ہے پر اگر کوئی بین کی حرکتیں سرود پر سنا سکے تو اس کی بھی تعریف ہی ہونی چاہیئے۔

تیسرا گھرانا میہر اسٹیٹ کے استاد علاء الدین خاں صاحب کا ہے۔ یہ خاندانی استاد اس معنی میں نہیں ہیں کہ ان کے والد یا پرکھے گانے بجانے کا کام نہیں کرتے تھے۔ یہ پوربی بنگال کے کسان گھرانے کی اولاد ہیں۔ ان کے بنس میں گانے بجانے کا شوق انھیں سے شروع ہوا اور ۱۸ سال تک ایک سادھک جوگی کے طور پر انھوں نے رام پور والے استاد وزیر خاں صاحب بین کار سے تعلیم لی۔ یہ یوں خاندانی نہ ہوتے ہوئے بھی مہارت انھوں نے ایسی حاصل کی جس پر آج ہندستان کو ناز ہے۔ معلومات، پنڈتائی، گہرائی، ریاض میں تو شاید ہی کوئی ان کی بغل جھانک سکے۔ آج ۷۰ سال کے سن میں ان کے ہاتھ میں وہ

करतब है, वह सफ़ाई और तैयारी है कि नौजवान लड़के भी पनाह मांगते हैं. इनके बेटे अलीअकबर भी निश्चय ही हिन्दुस्तान में एक चोटी के सरोदिये होंगे.

आज के शहीद

(सम्पादक श्री० रतन लाल बसंल)

आज के शहीद में उन बहादुरों की कहानियाँ हैं जिन्होंने विदेशी हाकिमों की फ़साई फूट की आग में इन्सानियत को भस्म होते देख एक छन की भी देर न की और उसे बुझाने के लिये अपनी जान कुरबान कर दी, उन वीरों की कहानियाँ हैं जिन्होंने फूट और नफ़रत के अंधेरे में रोशनी बनकर दूसरों को रास्ता दिखाया.

आज के शहीद में देश पिता महात्मा गांधी के साथ-साथ स्वर्गीय गणेश शंकर विद्यार्थी, श्री लाल मोहन सेन, श्री बसन्त राव हेंगिष्टे जनाब रज्जब अली, श्री शचीन्द्रनाथ मित्र, मीर मक़बूल शेरवानी, श्री स्मृतीश बनर्जी और जनाब शोएबुल्ला ख़ाँ वग़ैरा के जीवन और बलिदान की कहानियाँ पढ़कर आप सोचने के लिये मजबूर हो जायँगे कि धर्म के सच्चे सेवक यह शहीद थे या वह फ़िरक़ा परस्त नेता जो बात-बात में धर्म और दीन का नाम लेकर इन्सानों को इन्सानों से नफ़रत करना सिखाते हैं.

हर एकता प्रेमी के पढ़ने की किताब.

सुन्दर जिल्द और आर्ट पेपर पर छपी आठ तस्वीरों के साथ इस किताब का दाम सिर्फ़ ढाई रुपया रक्खा गया है. किताब उर्दू और नागरी दोनों लिखावटों में मिल सकती है.

२८ फ़रवरी तक आर्डर देने वालों को यह किताब डाक महसूल समेत सवा दो रुपये में दी जायगी.

मैनेजर 'नया हिन्द' ४८, बाई का बाग़ इलाहाबाद.

کرتب ہے، وہ صفائی اور تیاری ہے کہ نوجوان لڑکے بھی پناہ مانگتے ہیں۔ ان کے بیٹے علی اکبر بھی نشچے ہی ہندستان میں ایک چوٹی کے سرودیے ہونگے۔

آج کے شہید

(سمپادک شری رتن لال بنسل)

آج کے شہید میں ان بہادروں کی کہانیاں ہیں جنھوں نے ودیشی حاکموں کی پھیلائی پھوٹ کی آگ میں انسانیت کو بھسم ہوتے دیکھ ایک چھن کی بھی دیر نہ کی اور اُسے بجھانے کے لئے اپنی جان قربان کر دی۔ ان ویروں کی کہانیاں ہیں جنھوں نے پھوٹ اور نفرت کے اندھیرے میں روشنی بن کر دوسروں کو راستہ دکھایا۔

آج کے شہید میں دیش پتا مہاتما گاندھی کے ساتھ ساتھ سورگیہ گنیش شنکر ودیارتھی، شری لال موہن سین، شری بسنت راؤ ہینگشٹے جناب رجب علی، شری سچیندر ناتھ متر، میر مقبول شیروانی، شری سمرتیش بنرجی اور جناب شعیب اللہ خاں وغیرہ کے جیون اور بلیدان کی کہانیاں پڑھکر آپ سوچنے کے لئے مجبور ہو جائیں گے کہ دھرم کے سچے سیوک یہ شہید تھے یا وہ فرقہ پرست نیتا جو بات بات میں دھرم اور دین کا نام لیکر انسانوں کو انسانوں سے نفرت کرنا سکھاتے ہیں۔

ہر ایکتا پریمی کے پڑھنے کی کتاب۔ سندر جلد اور آرٹ پیپر پر چھپی آٹھ تصویروں کے ساتھ اس کتاب کا دام صرف ڈھائی روپیہ رکھا گیا ہے۔ کتاب اردو اور ناگری دونوں لکھاوٹوں میں مل سکتی ہے۔ ۲۸ فروری تک آرڈر دینے والوں کو یہ کتاب ڈاک محصول سمیت سوا دو روپے میں دی جائے گی۔

منیجر 'نیا ہند' ۴۸، بائی کا باغ الہ آباد۔

मगर वह न गये

(भाई इन्द्रप्रताप तिवारी)

अभी आफिस से लौटकर मैंने साइकिल आँगन में रखी ही थी और अन्दर आकर कोट खूँटी पर टाँग ही रहा था कि बाहर के कमरे के दरवाजे पर खटखट की कई आवाजें आई. मुझे झुंझलाहट हुई. सुबह से जुता रहकर शाम को घर आने पर भी यार लोग पीछा नहीं छोड़ते; जब देखो कोई न कोई सर पर सवार ही रहता है. मन में तो आया कि बच्चे से कहला दूँ कि घर में नहीं हूँ, मगर आवाज बराबर बढ़ती ही जा रही थी और मुझे बिना किसी तरकीब के सोचने का मौक़ा दिये, 'खटखट' का शोर इतने ज़ोर से गूँजने लगा कि लाचार होकर बाहर आना ही पड़ा. मैं बाहर के कमरे में घुसा ही था कि शीशे के उस पार खड़े डाकिये का खाकी और लाल साफ़ा नजर आया. डाकिया देखकर कुछ गुस्सा कम तो जरूर हुआ मगर फिर यह सोचकर कि इस मरदूद को आवाजें देने की क्या जरूरत थी, तरह तरह के खयाल दिमाग़ में आने लगे. क्या यह हजरत दरवाजे के बीच से कमरे के भीतर खत नहीं डाल सकते थे, कौन हाथी घोड़ा था जो पतले छेद से अन्दर से न गुजर पाता, और अगर कुछ नहीं तो बाहर बरामदे में ही डाल देते. क्या जरूरी था कि इस वक़्त जब मैं थका माँदा दिन भर पिसने के बाद लौटा हूँ तो यह एकदम सर पर सवार हो जाते और चैन की साँस न लेने देते. मगर अब मैं दरवाजा

مگر وہ نہ گئے

(بھائی اندر پرتاپ تیواری)

ابھی آفس سے لوٹ کر میں نے سائیکل آنگن میں رکھی ہی تھی اور اندر آکر کوٹ کھونٹی پر ٹانگ ہی رہا تھا کہ باہر کے کمرے کے دروازے پر کھٹکھٹ کی کئی آوازیں آئیں۔ مجھے جھنجھلاہٹ ہوئی۔ صبح سے جُتا رہ کر شام کو گھر آنے پر بھی یار لوگ پیچھا نہیں چھوڑتے! جب دیکھو کوئی نہ کوئی سر پر سوار ہی رہتا ہے۔ من میں تو آیا کہ بچے سے کہلا دوں کہ گھر میں نہیں ہوں، مگر آواز برابر بڑھتی ہی جا رہی تھی اور مجھے بنا کسی ترکیب کے سوچنے کا موقع دیے، 'کھٹ کھٹ' کا شور اتنے زور سے گونجنے لگا کہ لاچار ہو کر باہر آنا ہی پڑا۔ میں باہر کے کمرے میں گھسا ہی تھا کہ شیشے کے اس پار کھڑے ڈاکیے کا خاکی اور لال صافہ نظر آیا۔ ڈاکیہ دیکھ کر کچھ غصہ کم تو ضرور ہوا، مگر پھر یہ سوچ کر کہ اس مردود کو آوازیں دینے کی کیا ضرورت تھی، طرح طرح کے خیال دماغ میں آنے لگے۔ کیا یہ حضرت دروازے کے بیچ سے کمرے کے بھیتر خط نہیں ڈال سکتے تھے۔ کون ہاتھی گھوڑا تھا جو پتلے چھید سے اندر سے نہ گذر پاتا، اور اگر کچھ نہیں تو باہر برامدے میں ہی ڈال دیتے۔ کیا ضروری تھا کہ اس وقت جب میں تھکا ماندا دن بھر پسنے کے بعد لوٹا ہوں تو یہ ایک دم سر پر سوار ہو جاتے اور چین کی سانس نہ لینے دیتے۔ مگر اب میں دروازہ

खोल चुका था और डाकिये के ठीक सामने बिना कुछ बोले उसका सलाम भी क़बूल कर चुका था. मुझे बाहर देखते ही उसने दाहिना हाथ बढ़ाया और कहा—"हुज़ूर रजिस्ट्री है." मैने क़मीज़ की जेब में लगे फ़ाउन्टेनपेन से उसकी रसीद पर दस्तख़त करके उसे काग़ज़ लौटाया ही था कि लिफ़ाफ़े के कवर पर निगाह पड़ी. पाकिस्तान का स्टैम्प—वैसे अपने पास पाकिस्तान से आने वाले पत्रों की कमी न थी. दर्जनों मित्र, साथी, और जान पहिचान वाले पाकिस्तान चले गये थे और गाहे बगाहे याद भी कर लिया करते थे. औसतन हफ़्ते में एक ख़त तो आही जाता था. मगर फिर भी पाकिस्तान का स्टैम्प देखकर उत्सुकता बढ़ जाना स्वाभाविक था. क्योंकि अब ऐसा लगने लगा था कि पाकिस्तान से आने वाला पत्र अब कराची या लाहौर से नहीं आता बल्कि एक दूसरे मुल्क से आता है—दूसरा मुल्क—जिसकी बुनियादें बनने में इन्सानियत की बुनियादें हिल गई थीं. और इसीलिये पाकिस्तान से ख़त पाकर न जाने क्यों कितनी ही कड़वी यादों से जी भर आता था. फिर भी अपनों की ख़ैर ख़ैरियत जानने की उत्सुकता पत्र पाने के मोह को दुगुना बढ़ा देती और ख़त खोलते खोलते अपने रशीद, बशीर, हुसैन, कमाल, उन सबकी हालत, उनकी माली और जिस्मानी परेशानियाँ, उनकी माओं के प्यार भरे मीठे लहजे, उनकी बहनों के मुँह से निकला प्यार भरा 'भाई जान' और उनकी बीवियों की दिल्लगी की यादें ताज़ा हो जातीं. मैं पागल होकर शुरू से आख़िर तक हर लाइन पढ़ता, दोहराता, फिर पढ़ता और फिर न जाने कितने सपने बनने और बिगड़ने लगते.

کھول چکا تھا اور ڈاکئے کے ٹھیک سامنے بنا کچھ بولے اس کا سلام بھی قبول کر چکا تھا مجھے باہر دیکھتے ہی اس نے داہنا ہاتھ بڑھایا اور کہا۔ "حضور رجسٹری ہے۔" میں نے قمیض کی جیب میں لگے فونٹن پن سے اس کی رسید پر دستخط کرکے اسے کاغذ لوٹایا ہی تھا کہ لفافے کے کور پر نگاہ پڑی۔ پاکستان کا اسٹیمپ۔ ویسے اپنے پاس پاکستان سے آنے والے پتروں کی کمی نہ تھی۔ درجنوں مترو، ساتھی، اور جان پہچان والے پاکستان چلے گئے تھے اور گاہے بگاہے یاد بھی کر لیا کرتے تھے۔ اوسطاً ہفتہ میں ایک خط تو آہی جاتا تھا مگر پھر بھی پاکستان کا اسٹیمپ دیکھ کر اتسکتا بڑھ جانا سوابھاوک تھا کیونکہ اب ایسا لگنے لگا تھا کہ پاکستان سے آنے والا پتر اب کراچی یا لاہور سے نہیں آتا بلکہ ایک دوسرے ملک سے آتا ہے۔ دوسرا ملک۔ جس کی بنیادیں بننے میں انسانیت کی بنیادیں ہل گئی تھیں۔ اور اسی لئے پاکستان سے خط پاکر نہ جانے کیوں کتنی ہی کڑوی یادوں سے جی بھر آتا تھا۔ پھر بھی اپنوں کی خیر خیریت جاننے کی اتسکتا پتر پانے کے موہ کو دگنا بڑھا دیتی اور خط کھولتے کھولتے اپنے رشید، بشیر، حسین، کمال، ان سب کی حالت، ان کی مالی اور جسمانی پریشانیاں، ان کی ماؤں کے پیار بھرے میٹھے لہجے، اُن کی بہنوں کے منہ سے نکلا پیار بھرا 'بھائی جان' اور اُن کی بیویوں کی دل لگی کی یادیں تازہ ہو جاتیں۔ میں پاگل ہو کر شروع سے آخر تک ہر لائن پڑھتا، دہراتا، پھر پڑھتا اور پھر نہ جانے کتنے سپنے بننے اور بگڑنے لگتے۔

मगर इस ख़त के ऊपर लिखे हुए पते की लिखावट तो कुछ भिन्न है और इसीलिये खोलने के पहिले मेरी उत्सुकता और भी बढ़ गई. हो न हो यह एक़बाल का ही ख़त है—एक़बाल, जो अभी अभी पाकिस्तान गया है, अपने पूरे घराने के साथ—मौलवी सख़ावत अली के साथ—मौलवी सख़ावत अली, और दिल भर आया. अब मैंने जल्दी जल्दी टेढ़ा तिरछा जैसा भी हो सका लिफ़ाफ़ा फाड़ कर ख़त पढ़ना शुरू किया—भूकी आँखों से—

"प्यारे दोस्त,

हम सब बख़ैरियत कल शाम कराची पहुँच गये. मगर वालिद की, जैसा कि उन्होंने तुम्हारे सामने कहा था, सचमुच लाश ही कराची उतारी गई. कराची पहुँचने के पहिले ही वह कूच कर गये थे, और जब हम लोगों ने पाकिस्तान की ज़मीन पर क़दम रखा तो हमारे साथ मरहूम वालिद नहीं उनकी लाश उतरी........"

अब मेरे लिये एक शब्द भी आगे पढ़ना मुमकिन न था—मौलवी सख़ावत अली नहीं रहे.........मौलवी सख़ावत अली चल बसे ....पाकिस्तान में मौलवी सख़ावत अली की सिर्फ़ लाश उतरी.

मैं बेतहाशा कुरसी पर गिर गया और फिर आज से.........

.........सात बरस पहिले मैं यूनीवर्सिटी में बी० ए० पहिले साल का विद्यार्थी था. एक दिन होस्टल सुपरिन्टेएडेन्ट के कमरे में बैठा जब उनसे बातें कर रहा था तो यकायक नीचे की सीढ़ियों से आवाज़ आई 'बेटा जमना', 'बेटे जमना.' और सुपरिन्टेएडेन्ट साहब बीच ही में बात काटकर दौड़े थे. मैंने सोचा था कि शायद कोई दुर्घटना हो गई हो और इसीलिये मैं भी कमरे के बाहर निकल आया था.

مگر اس خط کے اوپر لکھے ہوئے پتے کی لکھاوٹ تو کچھ بھن ہے اسی لئے کھولنے کے پہلے میری اتسکتا اور بھی بڑھ گئی۔ ہو نہ ہو یہ اقبال کا ہی خط ہے۔ اقبال، جو ابھی پاکستان گیا ہے، اپنے پورے گھرانے کے ساتھ۔ مولوی سخاوت علی کے ساتھ۔ مولوی سخاوت علی، اور دل بھر آیا۔ اب میں نے جلدی جلدی ٹیڑھا ترچھا جیسا بھی ہو سکا لفافہ پھاڑ کر خط پڑھنا شروع کیا۔ بھوکی آنکھوں سے۔

پیارے دوست،

ہم سب بخیریت کل شام کراچی پہنچ گئے۔ مگر والد کی، جیسا کہ انھوں نے تمہارے سامنے کہا تھا، سچ مچ لاش ہی کراچی اتاری گئی۔ کراچی پہنچنے کے پہلے ہی وہ کوچ کر گئے تھے، اور جب ہم لوگوں نے پاکستان کی زمین پر قدم رکھا تو ہمارے ساتھ مرحوم والد نہیں ان کی لاش اتری۔۔۔۔"

اب میرے لئے ایک شبد بھی آگے پڑھنا ممکن نہ تھا۔ مولوی سخاوت علی نہیں رہے۔۔۔۔ مولوی سخاوت علی چل بسے۔۔۔۔ پاکستان میں مولوی سخاوت علی کی صرف لاش اتری۔

میں بے تحاشا کرسی پر گر گیا اور پھر آج سے۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔ سات برس پہلے میں یونیورسٹی میں بی اے پہلے سال کا ودیارتھی تھا۔ ایک دن ہوسٹل سپرنٹنڈنٹ کے کمرے میں بیٹھا جب ان سے باتیں کر رہا تھا تو یکایک نیچے کی سیڑھیوں سے آواز آئی "بیٹا جمنا"، "بیٹے جمنا" اور سپرنٹنڈنٹ صاحب بیچ ہی سے بات کاٹ کر دوڑے تھے۔ میں نے سوچا تھا کہ شاید کوئی دُرگھٹنا ہو گئی ہو اور اسی لئے میں بھی کمرے کے باہر نکل آیا تھا۔

मगर मेरा बाहर निकलना था कि मैंने सुपरिन्टेण्डेन्ट साहब को अपने हाथों से सँभाले, एक मौलवी साहब को देखा जिन्हें वह धीरे-धीरे सीढ़ियों से ऊपर चढ़ा रहे थे. अब वह दोनों सज्जन बरामदे में आ गये थे और हमारे सुपरिन्टेण्डेन्ट साहब निहायत अदब के साथ मौलवी साहब को कमरे के भीतर कुरसी पर बैठाने लग गये थे, और फिर यह कहकर कि 'आप गरमी सरदी का भी तो कुछ ख़याल किया कीजिये' पंखा झलना शुरू किया था. मैंने अपना फ़र्ज़ समझ सुपरिन्टेण्डेण्ट साहब से पंखा ले लिया था और फिर इसके पहिले कि मैं उन्हें पंखा झलता मौलवी साहब ने प्यार भरे शब्दों में यह कहकर कि 'हुश्त तू तो बच्चा है तेरे पंखा तो हम झलेंगे' पंखा हमसे छीन लिया था और फिर प्यार के थपेड़ों से पूछा था कि 'बेटे तू कहाँ से आता है ?'

और फिर उसके बाद मेरे बारे में उन्हें ज़्यादा से ज़्यादा जानकारी हो गई थी. मैं किस दर्जे में हूँ, मेरे क्या विषय हैं, मेरे माँ बाप क्या करते हैं, खाने में मुझे क्या चीज़ पसन्द है, मैं कौन सी वज़ा अपने कपड़ों के बारे में पसन्द करता हूँ... और न जाने कितने ऐसे ही सवाल.........

.......और फिर उसके बाद कोई ऐसा दिन न बीतता जब मेरी उनसे मुलाक़ात न होती.

मैं और मौलाना ....अपनी उद्दण्डता, अपने लड़कपन, अपनी नासमझी और नासमझी में कही हुई बातों के साथ मैं—और मौलाना ७० वर्ष के बूढ़े, सफ़ेद दाढ़ी वाले मौलाना—रोज़ मिलते न जाने क्या आधार था उस मुलाक़ात का—और महज़ मैं ही

مگر میرا باہر نکلنا تھا کہ میں نے سپرنٹنڈنٹ صاحب کو اپنے ہاتھوں سے سنبھالے، ایک مولوی صاحب کو دیکھا جنہیں وہ دھیرے دھیرے سیڑھیوں سے اوپر چڑھا رہے تھے۔ اب وہ دونوں سجن برامدے میں آگئے تھے اور ہمارے سپرنٹنڈنٹ صاحب نہایت ادب کے ساتھ مولوی صاحب کو کمرے کے بھیتر کرسی پر بٹھانے لگ گئے تھے، اور پھر یہ کہہ کر کہ "آپ گرمی سردی کا بھی تو کچھ خیال کیا کیجئے"، پنکھا جھلنا شروع کیا تھا۔ میں نے اپنا فرض سمجھ سپرنٹنڈنٹ صاحب سے پنکھا لے لیا تھا اور پھر اس کے پہلے کہ میں انہیں پنکھا جھلتا مولوی صاحب نے پیار بھرے شبدوں میں یہ کہہ کر کہ "ہشت تو تو بچہ ہے تیرے پنکھا تو ہم جھلیں گے"، پنکھا ہم سے چھین لیا تھا اور پھر پیار کے تھپیڑوں سے پوچھا تھا کہ "بیٹے تو کہاں سے آتا ہے؟"

اور پھر اس کے بعد میرے بارے میں انہیں زیادہ سے زیادہ جانکاری ہو گئی تھی۔ میں کس درجے میں ہوں، میرے کیا وشے ہیں، میرے ماں باپ کیا کرتے ہیں، کھانے میں مجھے کیا چیز پسند ہے، میں کون سی وضع اپنے کپڑوں کے بارے میں پسند کرتا ہوں... اور نہ جانے کتنے ایسے ہی سوال.........

.......اور پھر اس کے بعد کوئی ایسا دن نہ بیتتا جب میری ان سے ملاقات نہ ہوتی۔

میں اور مولانا......... اپنی اُدّنڈتا، اپنے لڑکپن، اپنی ناسمجھی اور ناسمجھی میں کہی ہوئی باتوں کے ساتھ میں— اور مولانا ۷۰ برس کے بوڑھے، سفید داڑھی والے مولانا— روز ملتے نہ جانے کیا آدھار تھا اس ملاقات کا— اور محض میں ہی

नहीं, मुझ जैसे न जाने कितने नौजवान, बूढ़े, औरत, बच्चे, मर्द, उनके मुरीद थे. वह मौला या पीर न होते हुए भी मौला या पीर थे.

मौलाना कहते 'बेटे ज़िन्दगी के हर मोड़ पर सचाई मिल सकती है, महज़ ढूँढने की कमी है. ग़ौर से देखो तो ज़िन्दगी के बुरे लमहों में भी अच्छाई की एक रेख पा सकते हो.

. . वह कहते—'बेटे, सारे मज़हब एक हैं और सबका लुब्बेलुबाब है, 'ईश्वर अंश जीव अविनाशी.'

'ईश्वर अंश जीव अविनाशी' इस पद में तुलसीदास ने सारे मज़हबों का रस भर दिया है और सुबह से शाम तक वह यही दोहराते—हर जगह हर इन्सान से.

......और वह सुबह से शाम तक सभी जगह होते. वह कांग्रेसी न थे मगर एक भी कांग्रेस की मीटिंग ऐसी न होती जिसमें मौलाना मौजूद न होते. वह लीगी न थे मगर लीग के हर जलसों में जाते, वह हिन्दू न थे और सभाई तो चाहकर भी न हो सकते मगर सभा की हर सभा में होते, वह आर्य समाजी न थे मगर हर इतवार आर्य समाज मन्दिर जाते, वह रामकृष्ण मिशन के हर समारोह में जाते, वह शिया न होते हुए भी हर मजलिस में शिरकत करते, और इस तरह हर जगह, हर मोड़, हर इन्सानी समारोह में मौलाना ज़रूर होते. उसी तरह ख़ुश अपनी सन सी सफ़ेद दाढ़ी हिलाते, अपने बग़ल बग़ल वालों की पीठपर हाथ धरे हर जगह से सचाई खोज निकालने की राय देते और 'ईश्वर अंश जीव अविनाशी' का सिद्धान्त सुनाते. उन्हें पूरी गीता याद थी, उन्हें भागवत की कथायें याद थीं, वह उपनिषदों से परिचित थे, उन्हें वेदों की ऋचाओं

نہیں، مجھ جیسے نہ جانے کتنے نوجوان، بوڑھے، عورت، بچّے، مرد اُن کے مُرید تھے۔ وہ مولا یا پیر نہ ہوتے ہوئے بھی مولا یا پیر تھے۔

مولانا کہتے 'بیٹے زندگی کے ہر موڑ پر سچّائی مل سکتی ہے، محض ڈھونڈنے کی کمی ہے۔ غور سے دیکھو تو زندگی کے بُرے لمحوں میں بھی اچھائی کی ایک ریکھ پا سکتے ہو!

.... وہ کہتے — 'بیٹے، سارے مذہب ایک ہیں اور سب کا لبِ لباب ہے، 'ایشور انش جیو اَوِناشی'۔

'ایشور انش جیو اَوِناشی' اس پد میں تُلسی داس نے سارے مذہبوں کا رس بھر دیا ہے اور صبح سے شام تک وہ یہی دہراتے — ہر جگہ ہر انسان سے۔

......اور وہ صبح سے شام تک سبھی جگہ ہوتے۔ وہ کانگریسی نہ تھے مگر ایک بھی کانگریس کی میٹنگ ایسی نہ ہوتی جس میں مولانا موجود نہ ہوتے۔ وہ لیگی نہ تھے مگر لیگ کے ہر جلسوں میں جاتے، وہ ہندو نہ تھے اور سبھائی تو چاہ کر بھی نہ ہو سکتے مگر سبھا کی ہر سبھا میں ہوتے، وہ آریہ سماجی نہ تھے مگر ہر اتوار آریہ سماج مندر جاتے، وہ رام کرشن مشن کے ہر سماروہ میں جاتے، وہ شیعہ نہ ہوتے ہوئے بھی ہر مجلس میں شرکت کرتے، اور اس طرح ہر جگہ، ہر موڑ، ہر انسانی سماروہ میں مولانا ضرور ہوتے۔ اسی طرح خوش اپنی سن سی سفید داڑھی ہلاتے، اپنے اغل بغل والوں کی پیٹھ پر ہاتھ دھرے ہر جگہ سے سچّائی کھوج نکالنے کی رائے دیتے اور 'ایشور انش جیو اَوِناشی' کا سدّھانت سناتے۔ اُنھیں پوری گیتا یاد تھی، اُنھیں بھاگوت کی کتھائیں

का ज्ञान था, उन्हें क़ुरान हिफ़्ज़ था, उन्होंने बाइबिल पढ़ी थी, वह दयानन्द सरस्वती। का सत्यार्थ प्रकाश अपनी चारपाई के पास रखते थे, वह विवेकानन्द के खास मुरीद थे, तुलसी की रामायण को तो वह दिल से प्यार करते थे और कहते—'बेटे तुलसी ने क्या कमाल की बात कही है, 'ईश्वर अंश जीव अविनाशी' और अपने कथन के समर्थन में तुलसी की रामायण की तारीफ़ में कही हुई अब्दुल रहीम खान खानाँ की लाइन दोहराते 'तुर कहिं प्रकट क़ुरान'

मैं बेचैन हो उठा. कुरसी से उठकर कमरे में टहलने लगा. 'मौलाना चल बसे.........मौलाना नहीं रहे.........पाकिस्तान न जाने की प्रतिज्ञा.........

पाकिस्तान.......और सन् १९४१ का लीग का लाहौर रिज़ोल्यूशन, हिन्दुस्तान का बटवारा कर दो, हिन्दू मुसलमान साथ नहीं रह सकते...मौलाना की पलकों से दो बूंद आँसू 'टपके थे और वह 'बेटे इन्सान पागल होता जा रहा है. इन्सान इन्सान के साथ न रहने की धमकी देता है. बेटे...' और फिर इसके आगे कुछ न कह सके थे, उनके आँसुओं से उनकी दाढ़ी भाग गई थी.

और उसके बाद. वह ६ बजे से अपना डण्डा उठाते...घर के बाहर निकल पड़ते. रास्ते में जो भी मिलता उससे परिचय करते और अगर मुसलमान होता तो कहते—'बेटे हिन्दू-हिन्दू होने के पहिले इन्सान है तो फिर तुम क्यों नहीं उसके साथ रह सकते और फिर उसे 'ईश्वर अंश जीव अविनाशी' का उसूल सुनाते और अगर कोई हिन्दू मिलता तो कहते—'बेटे मुसलमान भी इन्सान हैं, वह भी

کا گیان تھا، انھیں قرآن حفظ تھا، انھوں نے بائبل پڑھی تھی، وہ دیانند سرسوتی کا ستیارتھ پرکاش اپنی چارپائی کے پاس رکھتے تھے، وہ ویویکانند کے خاص مرید تھے، تلسی کی رامائن کو تو وہ دل سے پیار کرتے تھے اور کہتے ــ "بیٹے تلسی نے کیا کمال کی بات کہی ہے، 'ایشور انش جیو اویناشی' اور اپنے کتھن کے سم تقن میں تلسی کی رامائن کی تعریف میں کہی ہوئی عبدالرحیم خان خاناں کی لائن دہراتے "تور کہیں پرکٹ قرآن"

میں بےچین ہو اٹھا. کرسی سے اٹھ کر کمرے میں ٹہلنے لگا. "مولانا چل بسے .... مولانا نہیں رہے .... پاکستان نہ جانے کی پرتگیا ....

پاکستان .... اور سنہ ۱۹۴۱ کا لیگ کا لاہور ریزولیوشن، ہندستان کا بٹوارہ کر دو، ہندو مسلمان ساتھ نہیں رہ سکتے .... مولانا کی پلکوں سے دو بوند آنسو ٹپکے تھے اور وہ "بیٹے انسان پاگل ہوتا جا رہا ہے۔ انسان انسان کے ساتھ نہ رہنے کی دھمکی دیتا ہے. بیٹے ...' اور پھر اس کے آگے کچھ نہ کہہ سکے تھے، ان کے آنسوؤں سے ان کی داڑھی بھیگ گئی تھی۔

اور اس کے بعد وہ ۶ بجے سے اپنا ڈنڈا اٹھاتے ..... گھر کے باہر نکل پڑتے. راستے میں جو بھی ملتا اس سے پریچے کرتے اور اگر مسلمان ہوتا تو کہتے ــ "بیٹے ہندو - ہندو ہونے کے پہلے انسان ہے تو پھر تم کیوں نہیں اس کے ساتھ رہ سکتے اور پھر اسے "ایشور انش جیو اویناشی" کا اصول سناتے اور اگر کوئی ہندو ہوتا تو کہتے ــ "بیٹے مسلمان بھی انسان ہے، وہ بھی

इन्सानी मुहब्बत के जज़्बात रखता है, तुम उसे समझो, उसे समझाने की कोशिश करो, उसे अपने साथ रखो, अलग न होने दो.' और कहते 'ईश्वर अंश जीव अविनाशी' और रोज़ १२ बजे दिन तक मौलाना यही करते...कहते—'बेटे यह वक़्त मेरे इत्तहाद कराने का वक़्त है.' और इस वक़्त वह अपना कोई दूसरा प्रोग्राम कभी न रखते. कँपकँपाते जाड़े की ठिठुरन उनके पैरों को न रोक पाती, मई जून की तपती दोपहरी उनको न डिगा पाती और सावन की मूसलाधार बरसात में भी मौलाना पैजामा ऊपर सरकाये, हाथ से छाता थामे, नंगे पैरों सड़कों पर राहगीरों की तलाश में फिरते—इत्तहाद कराते, 'ईश्वर अंश जीव अविनाशी' का सिद्धान्त समझाते.

और मौलाना खिदमत को एकता की नींव समझते, कहते—'बेटे खिदमत, इन्सान की खिदमत, इन्सान की मदद इन्सानी जज़्बात का सबसे बड़ा सबूत है. यह दिलों को मुहब्बत के धागे में पिरोता है. और इसीलिये मौलाना इत्तहाद के साथ साथ खिदमत भी करते.

मौलाना की खिदमत........

........और मुझे याद आया वह भिखमंगा—शहर से स्टेशन जाने वाली सड़क पर.

........जून की तपती दोपहरी, नीचे तार कोल की सड़क पिघल गई थी और मौलाना का कैनविस का पम्प रहरह कर सड़क से चिपक जाता था और वह अपने सफ़र में क़दम क़दम पर रुक जाते थे. वह हाँपते जाते और चलते जाते, कभी एकाएक सड़क के किनारे ... में बैठे ... आदमी की कराह उनके कानों

انسانی محبت کے جذبات رکھتا ہے، تم اُسے سمجھو، اُسے سمجھانے کی کوشش کرو، اُسے اپنے ساتھ رکھو، الگ نہ ہونے دو؛ اور کہتے 'ایشور انش جیو اَویناشی' اور روز ۱۲ بجے دن تک مولانا یہی کرتے...... کہتے — 'بیٹے یہ وقت میرے اتحاد کرانے کا وقت ہے' اور اس وقت وہ اپنا کوئی دوسرا پروگرام کبھی نہ رکھتے. کپکپاتے جاڑے کی ٹھٹھرن ان کے پیروں کو نہ روک پاتی، مئی جون کی تپتی دوپہری ان کو نہ ڈگا پاتی اور ساون کی موسلا دھار برسات میں بھی مولانا پیجامہ اوپر سرکائے، ہاتھ سے چھاتا تھامے، ننگے پیروں سڑکوں پر راہ گیروں کی تلاش میں پھرتے — اتحاد کراتے 'ایشور انش جیو اَویناشی' کا سدّھانت سمجھاتے.

اور مولانا خدمت کو ایکتا کی نیو سمجھتے، کہتے — 'بیٹے خدمت انسان کی خدمت، انسان کی مدد انسانی جذبات کا سب سے بڑا ثبوت ہے. یہ دلوں کو محبت کے دھاگے میں پروتا ہے. اور اسی لئے مولانا اتحاد کے ساتھ ساتھ خدمت بھی کرتے.

مولانا کی خدمت ....

...... اور مجھے یاد آیا وہ بھیک منگا — شہر سے اسٹیشن جانے والی سڑک پر.

...... جون کی تپتی دوپہری، نیچے تارکول کی سڑک پگھل گئی تھی اور مولانا کا کینوس کا پمپ رہ رہ کر سڑک سے چپک جاتا تھا اور وہ اپنے سفر میں قدم قدم پر رک جاتے تھے. وہ ہانپتے جاتے اور چلتے جاتے، کبھی ایکایک سڑک کے کنارے ... میں بیٹھے ہوئے ایک آدمی کی کراہ ان کے کانوں

में आई, वह बिना कुछ सोचे समझे, बिना वक़्त और मौसम का ख़याल किये उधर मुड़ गये और देखते देखते अपनी मोटीज़ीन की शेरवानी निकाल कर वहीं ज़मीन पर बिछा कर उस कराहने वाले को उस पर लिटाने की कोशिश कर ही रहे थे कि दूसरी ओर से मैं आ गया था. वह भिखमंगा...कोढ़ी, उसका बदन कितना बदबू कर रहा था...उसके हाथों पैरों में कीड़े बिलबिला रहे थे, उसके मुँह और नाक से निकली हुई गन्दगी पर कितनी मक्खियाँ भिन-भिना रही थीं. मगर मौलाना छाता अलग रखकर अपने दोनों हाथों से उसका सर अपनी गोद में रखकर उसे उठाने की कोशिश कर रहे थे और उस उठाने की कोशिश में उनके गाढ़े के कुरते पर भी पीप की दो चार छींटें पड़ चुकी थीं. मौलाना अपनी कोशिश में कामयाब न हो रहे थे. मुझे देख उन्हें कुछ सहारा मिला. मगर मैं...मेरी हिम्मत न हो रही थी कि उसे छूता...मगर करता भी क्या....मौलाना का हुक्म.... मैंने उस कराहते हुए बुड्ढे को मौलाना की नई शेरवानी पर लिटा दिया. अब उन्होंने मुझसे पूछा कि यहाँ पानी कहाँ मिल सकता है...जैसे वह ख़ुद ही पानी लाने को तैयार थे...जैसे वह मेरी परीशानी समझ गये थे.....और तब दौड़कर मैं पानी लाया था और फिर तब कैसे मौलवी साहब ने अपने हाथों से उस आदमी को पानी पिलाया था और जब उसकी कराहट बन्द हुई थी तभी घर की ओर बढ़े थे. और फिर रास्ते में मेरी हिम्मत न हुई थी कि पूछता कि मौलाना साहब वह नई शेरवानी वहाँ क्यों छोड़ आये. मगर कहीं वह लग जाय.....मगर मेरे मन ने जवाब दिया कि मौलाना को वह नहीं लग सकती.....वह

میں آئی، وہ بنا کچھ سوچے سمجھے، بنا وقت اور موسم کا خیال کئے اُدھر مُڑ گئے اور دیکھتے دیکھتے اپنی موٹی زین کی شیروانی نکال کر وہیں زمین پر بچھا کر اُس کراہنے والے کو اُس پر لٹانے کی کوشش کر ہی رہے تھے کہ دوسری اَور سے میں آ گیا تھا۔ وہ بھیک منگا..... کوڑھی، اُس کا بدن کتنا بدبو کر رہا تھا..... اُس کے ہاتھوں پیروں میں کیڑے بلبلا رہے تھے، اُس کے مُنہ اور ناک سے نکلی ہوئی گندگی پر کتنی مکھیاں بھن بھنا رہی تھیں۔ مگر مولانا چھاتا الگ رکھ کر اپنے دونوں ہاتھوں سے اُس کا سر اپنی گود میں رکھ کر اُسے اٹھانے کی کوشش کر رہے تھے اور اُس اٹھانے کی کوشش میں اُن کے گاڑھے کے کُرتے پر بھی پیپ کی دو چار چھینٹیں پڑ چکی تھیں۔ مولانا اپنی کوشش میں کامیاب نہ ہو رہے تھے۔ مجھے دیکھ اُنھیں کچھ سہارا ملا۔ مگر میں... میری ہمت نہ ہو رہی تھی کہ اُسے چھوتا..... مگر کرتا بھی کیا..... مولانا کا حکم..... میں نے اُس کراہتے ہوئے بڈھے کو مولانا کی نئی شیروانی پر لٹا دیا۔ اب انھوں نے مجھ سے پوچھا کہ یہاں پانی کہاں مل سکتا ہے۔ جیسے وہ خود ہی پانی لانے کو تیار تھے..... جیسے وہ میری پریشانی سمجھ گئے تھے..... اور تب دوڑ کر میں پانی لایا تھا اور پھر تب کیسے مولوی صاحب نے اپنے ہاتھوں سے اُس آدمی کو پانی پلایا تھا اور جب اس کی کراہٹ بند ہوئی تھی تبھی گھر کی اَور بڑھے تھے۔ اور پھر راستے میں میری ہمت نہ ہوئی تھی کہ پوچھتا کہ مولانا صاحب وہ نئی شیروانی یہاں کیوں چھوڑ آئے۔ اگر کہیں تو لگ جائے..... مگر میرے من نے جواب دیا کہ مولانا کو تو نہیں لگ سکتی..... وہ

जानती है कि मौलाना के शेरवानी न पहिनने के पीछे क्या रहस्य है...उनकी शेरवानी कहाँ है.

...और मौलाना की ख़िदमतें...मेरा दिमाग़ चित्रपट बन गया.........

....मैं ज़्यादा बीमार न था...महज़ नज़ला और साधारन सा बुख़ार.....और मौलाना सारी रात मेरे पास बैठे रहे..मुझे तुलसी की पत्ती की चाय बना कर पिलाते रहे. रात भर मेरा पसीना पोंछते रहे.....और बनवारीलाल का आपरेशन.....मौलाना ने सारी रात जागकर उसकी तीमार दारी की.....रहीम का फोड़ा ....मौलाना सारी रात पुल्टिस बदलते रहे.....और हम लोग होस्टल में कमरे के बग़ल में रहते हुए भी कुछ कर सकने की हिम्मत न रखते थे.....ख़िदमत...इन्सान की ख़िदमत करके जन्नत पहुंचने की हविस से नहीं.....इन्सान की प्यार से ख़िदमत...इन्सान को इन्सान समझकर की गई ख़िदमत.....इन्सान में मेल मुहब्बत पैदा करने के लिये की गई ख़िदमत......... .

और फ़िर अगस्त सन् ४७—मौलाना को सारी रात नींद न आई...जब शंख और बाजों की आवाज़ आधी रात से लेकर सुबह तक गूँजती रही तो मौलाना अपने कमरे में जा नमाज़ पर बैठे रो रो कर दाढ़ी भिगोते रहे...ख़ुदा से दुआयें मांगते रहे...इन्सान को अक़्ल बख़्शने की मिन्नतें करते रहे.

जब मैं पहुँचा तो परीशानहाल मुझे गले से लगाकर कह रहे थे—'बेटे भारत माता का जिस्म चाक कर ही दिया गया.....उसके दोनों बेटों ने हिमाक़त कर ही दी...अब क्या होगा.....अब क्या होगा'...

جانتی ہے کہ مولانا کے شیروانی نہ پہننے کے پیچھے کیا بھید ہے.... اُن کی شیروانی کہاں ہے۔

.... اور مولانا کی خدمتیں.....میرا دماغ چترپٹ بن گیا......

.....میں زیادہ بیمار نہ تھا..... محض نزلہ اور سادھارن سا بخار۔ اور مولانا ساری رات میرے پاس بیٹھے رہے.... مجھے تلسی کی پتی کی چائے بنا کر پلاتے رہے۔ رات بھر میرا پسینہ پونچھتے رہے.....اور بنواری لال کا اپریشن..... مولانا نے ساری رات جاگ کر اُس کی تیمار داری کی.... رحیم کا پھوڑا.....مولانا ساری رات پلٹس بدلتے رہے...... اور ہم لوگ ہوسٹل میں کمرے کے بغل میں رہتے ہوئے بھی کچھ کر سکنے کی ہمت نہ رکھتے تھے...... خدمت...انسان کی خدمت کرکے جنّت پہنچنے کی ہوس سے نہیں .....انسان کی پیار سے خدمت... انسان کو انسان سمجھ کر کی گئی خدمت ..... انسان میں میل محبت پیدا کرنے کے لئے کی گئی خدمت ....

اور پھر اگست سنہ ۴۷ء — مولانا کو ساری رات نیند نہ آئی.... جب سنکھ اور باجوں کی آواز آدھی رات سے لے کر صبح تک گونجتی رہی تو مولانا اپنے کمرے میں جا نماز پر بیٹھے رو رو کر داڑھی بھگوتے رہے.... خدا سے دعائیں مانگتے رہے..... انسان کو عقل بخشنے کی منّتیں کرتے رہے۔

दे रही हैं उसका एक कारन यह भी है कि वह योरप में उससे मदद लेना चाहती हैं. वह पच्छिमी योरप के देशों का, जिनमें हालैंड भी शामिल है, एक जत्था बना रही हैं. इसका एक बड़ा मक़सद यह है कि रूस के बढ़ते हुए असर की, जो पूरबी योरप में फैल चुका है, रोक थाम की जाय. यही मक़सद बरतानिया, फ़्रान्स और हालैंड की सरकारें मलाया, इन्डोचीन और इन्डोनेशिया में अपनी मौजूदा पालिसी का बताती हैं. लेकिन दर असल इस बहाने वह उन देशों पर अपना क़ब्ज़ा जमाना चाहती हैं और अपने हाथों अपने मक़सद को नुक़सान पहुँचा रही हैं. इसलिये कि यह ताक़तें जनता के दुख दर्द का कोई इलाज नहीं करतीं और कम्युनिस्ट जनता की बेचैनी से फ़ायदा उठाकर उसे अपने साथ लिये आ रहे हैं. इसकी सबसे अच्छी मिसाल चीन में मिलती है, जहाँ कम्युनिस्टों ने जनरलिस्मो च्यांग काई शेक को राज पाट छोड़कर भागने और उनकी सरकार को घुटने टेकने पर मजबूर कर दिया है. अब इस बात में कोई शक नहीं कि चीन में कम्युनिस्टों की मनमानी सरकार बन जायगी और इसका कारन उनकी फ़ौजी ताक़त नहीं बल्कि चीनी जनता की वह बेचैनी है जो लड़ाई, महँगाई और मौजूदा सरकार के निकम्मेपन की वजह से पैदा हुई है. इसलिये कि फ़ौजी ताक़त की तराज़ू में तो अमरीका की मदद ने च्यांग काई शेक की सरकार का पल्ला कम्युनिस्टों से कहीं ज़्यादा भारी कर दिया है. चीन जैसी हालत जहाँ भी पैदा होगी, वहाँ कम्युनिज़्म का पौदा परवान चढ़ेगा. इसलिये कि जनता अपने पेट की पुकार पर जितना ध्यान देती है उतना ध्यान इस बात पर नहीं देती कि कम्युनिस्ट राज में

دے رہی ہیں اُس کا ایک کارن یہ بھی ہے کہ وہ یورپ میں اُس سے مدد لینا چاہتی ہیں۔ وہ پچھمی یورپ کے دیشوں کا، جن میں ہالینڈ بھی شامل ہے، ایک جتھا بنا رہی ہیں۔ اس کا ایک بڑا مقصد یہ ہے کہ روس کے بڑھتے ہوئے اثر کی، جو پوربی یورپ میں پھیل چکا ہے، روک تھام کی جائے۔ یہی مقصد برطانیہ، فرانس اور ہالینڈ کی سرکاریں ملایا، انڈوچین اور انڈونیشیا میں اپنی موجودہ پالیسی کا بتاتی ہیں۔ لیکن دراصل اس بہانے وہ اُن دیشوں پر اپنا قبضہ جمانا چاہتی ہیں اور اپنے ہاتھوں اپنے مقصد کو نقصان پہنچا رہی ہیں۔ اس لئے کہ یہ طاقتیں جنتا کے دکھ درد کا کوئی علاج نہیں کرتیں اور کمیونسٹ جنتا کی بے چینی سے فائدہ اٹھا کر اُسے اپنے ساتھ لئے آرہے ہیں۔ اس کی سب سے اچھی مثال چین میں ملتی ہے، جہاں کمیونسٹوں نے جنرلیسمو چیانگ کائی شک کو راج پاٹ چھوڑ کر بھاگنے اور اُن کی سرکار کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا ہے۔ اب اس بات میں کوئی شک نہیں کہ چین میں کمیونسٹوں کی من مانی سرکار بن جائے گی اور اس کا کارن اُن کی فوجی طاقت نہیں بلکہ چینی جنتا کی وہ بے چینی ہے جو لڑائی، مہنگائی اور موجودہ سرکار کے نکمے پن کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے۔ اس لئے کہ فوجی طاقت کی ترازو میں تو امریکہ کی مدد نے چیانگ کائی شک کی سرکار کا پلہ کمیونسٹوں سے کہیں زیادہ بھاری کر دیا ہے۔ چین جیسی حالت جہاں بھی پیدا ہوگی، وہاں کمیونزم کا پودا پروان چڑھے گا۔ اس لئے کہ جنتا اپنے پیٹ کی پکار پر جتنا دھیان دیتی ہے اتنا دھیان اس بات پر نہیں دیتی کہ کمیونسٹ راج میں

उसे सरकार का ज़रा भी विरोध करने की इजाज़त नहीं होगी और सरकार के बताये हुए ढंग पर सोचना और उसी के बनाये हुए रास्ते पर चलना होगा. चीन में जो कुछ हो रहा है उससे उसके पड़ोसियों को भी सबक़ सीखना चाहिये. ख़ासकर बर्मा को, जिसके स्टेज पर वही नाटक शुरू हो रहा है जो चीन में ख़तम होने के क़रीब पहुँच गया है, और हिन्दुस्तान को भी, जहाँ हड़तालों और हंगामों के रूप में इस नाटक के रिहर्सल होते रहते हैं. इस नाटक को ताक़त से नहीं रोका जा सकता, जैसा कि जापान में सुप्रीम कमान्डर जनरल मैकार्थर की कोशिशों के बावजूद नये चुनाव में कम्युनिस्टों के पहले से ज़्यादा सीटों पर क़ब्ज़ा कर लेने से ज़ाहिर होता है. हिन्दुस्तान में अधिक से अधिक यह हो सकता है कि इस नाटक का रुख़ ट्रेजडी से कामेडी की तरफ़ मोड़ दिया जाय और जनता को यह दिखा दिया जाय कि कांग्रेस ने अपने जयपुर के जलसे में वर्ग हीन या बेतबक़े वार समाज बनाने का जो प्रस्ताव मंज़ूर किया है वह गांधी जी के बताये हुए मत और अहिन्सा के रास्ते से उनको उस मंज़िल तक ले जा सकता है जहाँ तक कि पहुँचाने के लिये कम्युनिस्ट उनको ख़ून की नदी में उतारना चाहते हैं. हाँ, जनता को यह विश्वास केवल बातों से नहीं बल्कि सिर्फ़ कामों से दिलाया जा सकता है.

फ़िलिस्तीन की उलझन

पूरब का एक और बड़ा सवाल फ़िलिस्तीन में यहूदियों और अरबों की लड़ाई है. थोड़े दिनों से यह लड़ाई बन्द हो गई है

اُسے سرکار کا ذرا بھی ورودھ کرنے کی اجازت نہیں ہوگی اور سرکار کے بتلائے ہوئے ڈھنگ پر سوچنا اور اسی کے بنائے ہوئے راستے پر چلنا ہوگا۔ چین میں جو کچھ ہو رہا ہے اُس سے اُس کے پڑوسیوں کو بھی سبق سیکھنا چاہیئے، خاص کر برما کو، جس کے اسٹیج پر وہی ناٹک شروع ہو رہا ہے جو چین میں ختم ہونے کے قریب پہنچ گیا ہے، اور ہندستان کو بھی، جہاں ہڑتالوں اور ہنگاموں کے روپ میں اس ناٹک کے ریہرسل ہوتے رہتے ہیں۔ اس ناٹک کو طاقت سے نہیں روکا جا سکتا، جیسا کہ جاپان میں سپریم کمانڈر جنرل میکارتھر کی کوششوں کے باوجود نئے چناؤ میں کمیونسٹوں کے پہلے سے زیادہ سیٹوں پر قبضہ کر لینے سے ظاہر ہوتا ہے۔ ہندستان میں ادھک سے ادھک یہ ہو سکتا ہے کہ اس ناٹک کا رُخ ٹریجڈی سے کمیڈی کی طرف موڑ دیا جائے اور جنتا کو یہ دکھا دیا جائے کہ کانگریس نے اپنے جے پور کے جلسے میں ورگ ہین یا بے طبقے وار سماج بنانے کا جو پرستاؤ منظور کیا ہے وہ گاندھی جی کے بتلائے ہوئے مت اور اہنسا کے راستے سے اُن کو اُس منزل تک لے جا سکتا ہے جہاں تک کہ پہنچانے کے لئے کمیونسٹ اُن کو خون کی ندی میں اُتارنا چاہتے ہیں۔ ہاں، جنتا کو یہ وشواس کیول باتوں سے نہیں بلکہ صرف کاموں سے دلایا جا سکتا ہے۔

فلسطین کی اُلجھن

پورب کا ایک اور بڑا سوال فلسطین میں یہودیوں اور عربوں کی لڑائی ہے۔ تھوڑے دنوں سے یہ لڑائی بند ہوگئی

पर इस गुत्थी के सुलझने की अभी तक कोई सूरत सामने नहीं आई है. अगर यह गुत्थी इन्हीं दो के बीच में होती तो शायद सुलझ जाती. मगर बड़ी तक़तों ने बीच में पड़कर इसे और उलझा दिया है. रूस और अमरीका ने यहूदियों का साथ देकर उनकी हिम्मत बढ़ा दी है और इसीलिये इसराईली सरकार अब दक्खिनी फ़िलिस्तीन में नग़ीब का वह इलाक़ा छोड़ने को तैयार नहीं होती जो यू० एन० ओ० के फ़ैसले में अरबों को दिया जा चुका है. यहूदियों की इस ढिठाई का एक कारन अरबों की कमज़ोरी है जो उनके आपस में फूट पड़ जाने से और बढ़ गई है. यह फूट देखने में तो ट्रांस जार्डन के बादशाह अब्दुल्ला की वजह से पड़ी है. इसलिये कि उन्होंने अरब लीग के दूसरे देशों का साथ छोड़कर अकेले लड़ाई के मैदान से अपनी फ़ौजें हटा लीं और इस तरह फ़िलिस्तीन के बँटवारे को मंज़ूर कर लिया. पर अब्दुल्ला के पीछे बरतानिया का हाथ है और यह सुझाव सबसे पहले बरतानिया ने ही पेश किया था कि फ़िलिस्तीन का अरब इलाक़ा ट्रांस जार्डन में मिला दिया जाय. अगर बरतानिया अब्दुल्ला की हरकतों को ग़लत समझ रहा होता तो वह उनको फ़ौज और सामान और रुपये पैसे की मदद न देता और उन अरब देशों का साथ देता जो फ़िलिस्तीन की आज़ादी के लिये लड़ रहे हैं. लेकिन उसने ऐसा नहीं किया. मिस्र और फ़िलिस्तीन की सरहद पर इसराईलियों ने उसके जो हवाई जहाज़ गिरा लिये वह मिस्र के बुलाने पर या नग़ीब से यहूदियों को निकालने के लिये नहीं बल्कि उनको स्वेज़ के बरतानी क़ब्ज़े वाले इलाक़े की तरफ़ बढ़ने से रोकने के लिये

(१६१)

پر اس گتھی کے سلجھنے کی ابھی تک کوئی صورت سامنے نہیں آئی ہے۔ اگر یہ گتھی انھیں دو کے بیچ میں ہوتی تو شاید سلجھ جاتی۔ مگر بڑی طاقتوں نے بیچ میں پڑ کر اسے اور الجھا دیا ہے۔ روس اور امریکہ نے یہودیوں کا ساتھ دے کر اُن کی ہمت بڑھا دی ہے اور اسی لئے اسرائیلی سرکار اب دکھنی فلسطین میں نغیب کا وہ علاقہ چھوڑنے کو تیار نہیں ہوتی جو یو۔ این۔ او کے فیصلے میں عربوں کو دیا جا چکا ہے۔ یہودیوں کی اس ڈھٹائی کا ایک کارن عربوں کی کمزوری ہے جو اُن کے آپس میں پھوٹ پڑ جانے سے اور بڑھ گئی ہے۔ یہ پھوٹ دیکھنے میں تو ٹرانسجارڈن کے بادشاہ عبداللہ کی وجہ سے پڑی ہے۔ اس لئے کہ انھوں نے عرب لیگ کے دوسرے دیشوں کا ساتھ چھوڑ کر اکیلے لڑائی کے میدان سے اپنی فوجیں ہٹا لیں اور اس طرح فلسطین کے بٹوارے کو منظور کر لیا۔ پر عبداللہ کے پیچھے برطانیہ کا ہاتھ ہے اور یہ سجھاؤ سب سے پہلے برطانیہ نے ہی پیش کیا تھا کہ فلسطین کا عرب علاقہ ٹرانسجارڈن میں ملا دیا جائے۔ اگر برطانیہ عبداللہ کی حرکتوں کو غلط سمجھ رہا ہوتا تو وہ اُن کو فوج اور سامان اور روپے پیسے کی مدد نہ دیتا اور اُن عرب دیشوں کا ساتھ دیتا جو فلسطین کی آزادی کے لئے لڑ رہے ہیں۔ لیکن اُس نے ایسا نہیں کیا۔ مصر اور فلسطین کی سرحد پر اسرائیلیوں نے اُس کے جو ہوائی جہاز گرا لئے وہ مصر کے بلانے پر یا نغیب سے یہودیوں کو نکالنے کے لئے نہیں بلکہ ان کو سویز کے برطانی قبضے والے علاقے کی طرف بڑھنے سے روکنے کے لئے

(۱۶۱)

जीवन दान

(भाई 'अर्श' मलसियानी)

ऊँचे परबत गहरे सागर देख के हैं हैरान
उड़ सकता है कितना ऊँचा
आ सकता है कितना गहरा
धुन का पक्का बात का सच्चा एक कमज़ोर इन्सान
जिस्म का था कमज़ोर मगर वह मन का था बलवान
उसकी ऊँची शान
जग में, उसकी शान
उत्तम और महान
बापू उत्तम और महान
तूफ़ानों में जिसके बल से हर मुश्किल आसान
सबको साहस देने वाला
देश की नैया खेने वाला
हाथ में ले पतवार अगर वह काँप उठें तूफ़ान
शूर वीर वह जिसने मारे बड़े बड़े मैदान
उसकी ऊँची शान
जग में, उसकी ऊँची शान
उत्तम और महान
बापू उत्तम और महान

جیون دان

(بھائی 'عرش' ملسیانی)

اونچے پربت گہرے ساگر دیکھ کے ہیں حیران
اُڑ سکتا ہے کتنا اونچا
جا سکتا ہے کتنا گہرا
دُھن کا پکا بات کا سچا ایک کمزور انسان
جسم کا تھا کمزور مگر وہ من کا تھا بلوان
اُس کی اونچی شان
جگ میں، اُس کی شان
اُتم اور مہان
باپو اُتم اور مہان
طوفانوں میں جس کے بل سے ہر مشکل آسان
سب کو ساہس دینے والا
دیش کی نیّا کھینے والا
ہاتھ میں لے پتوار اگر وہ کانپ اُٹھے طوفان
شور ویر وہ جس نے مارے بڑے بڑے میدان
اُس کی اونچی شان
جگ میں، اُس کی اونچی شان
اُتم اور مہان
باپو اُتم اور مہان

देश पिता ने कटती मरती देखी जब सन्तान
दर्द भरी आवाज़ उठाई
गुमराहों को राह दिखाई
इस पर भी जब पंथ में देखा खुद अपना अपमान
अपने एक बेटे की गोली खाकर दे दी अपनी जान
उसकी ऊँची शान
जग में, उसकी ऊँची शान
उत्तम और महान
बापू उत्तम और महान
धरती डोली अम्बर डोला देखके यह बलिदान
अली, हुसैन, हसन के पथ पर
ईसा और लंकन के पथ पर
जिस पथ पर सुकरात ने चलकर रक्खी अपनी आन
दिया उसी पथ पर बापू ने देश को जीवन दान
उसकी ऊँची शान
जग में उसकी ऊँची शान
उत्तम और महान
बापू उत्तम और महान

उर्दू 'आज कल' से

دیش پتا نے کٹتی مرتی دیکھی جب سنتان
سسکی بھری آواز اٹھائی
گمراہوں کو راہ دکھائی
اس پر بھی جب امت میں دیکھا خود اپنا اپمان
اپنے ایک بیٹے کی گولی کھا کر دیدی اپنی جان
اس کی اونچی شان
جگ میں، اس کی اونچی شان
اتم اور مہان
باپو اتم اور مہان
دھرتی ڈولی امبر ڈولا دیکھ کے یہ بلیدان
علی، حسین، حسن کے پتھ پر
عیسیٰ اور لنکن کے پتھ پر
جس پتھ پر سقراط نے چلکر رکھی اپنی آن
دیا اسی پتھ پہ باپو نے دیش کو جیون دان
اس کی اونچی شان
جگ میں، اس کی اونچی شان
اتم اور مہان
باپو اتم اور مہان

اردو آج کل، سے

राम नाम

(कुमारी मनु बहन गांधी)

नवाखाली में अमकी नाम का एक गाँव है. वहाँ बापू जी के लिये बकरी का दूध कहीं न मिल सका. सब तरफ़ तलाश करते करते जब मैं थक गई तब अंत में मैंने बापू को यह बात बताई. बापू जी कहने लगे—"तो उसमें क्या हुआ? नारियल का दूध बकरी के दूध की जगह अच्छी तरह काम दे सकता है. और बकरी के घी के बजाय हम नारियल का ताजा तेल निकाल कर खायेंगे."

इसके बाद नारियल का दूध और तेल निकालने का तरीक़ा बापू ने मुझे बताया. मैंने निकाल कर उन्हें दिया. बापू ने नारियल का दूध लिया तो सही लेकिन वह हजम करने में बहुत भारी पड़ा और उससे उन्हें दस्त होने लगे. इससे शाम तक इतनी कमज़ोरी आ गई कि बाहर से अपनी झोंपड़ी में आते आते बापू को चक्कर आ गये.

जब जब बापू को चक्कर आने वाले होते, तब तब उनके लक्षण पहले ही दिखाई देने लगते थे. उन्हें बहुत ज़्यादा जम्हाइयाँ आतीं, पसीना आता और कभी कभी वह आँखें भी बन्द कर लेते थे. इस तरह उनके जम्हाइयाँ लेने से चक्कर आने की सूचना तो मुझे पहले ही मिल चुकी थी. मगर मैं सोच रही थी कि अब बिछौना सिर्फ़ चार फ़िट पर तो है ही, वहाँ तक बापू जी पहुँच ही जायेंगे. लेकिन

رام نام

(کماری منو بہن گاندھی)

نواکھالی میں امکی نام کا ایک گاؤں ہے۔ وہاں باپو جی کے لئے بکری کا دودھ کہیں نہ مل سکا۔ سب طرف تلاش کرتے کرتے جب میں تھک گئی تب انت میں میں نے باپو کو یہ بات بتائی۔ باپو جی کہنے لگے "تو اس میں کیا ہوا؟ ناریل کا دودھ بکری کے دودھ کی جگہ اچھی طرح کام دے سکتا ہے۔ اور بکری کے گھی کے بجائے ہم ناریل کا تازہ تیل نکال کر کھائیں گے۔"

اس کے بعد ناریل کا دودھ اور تیل نکالنے کا طریقہ باپو نے مجھے بتایا۔ میں نے نکال کر انھیں دیا۔ باپو نے ناریل کا دودھ لیا تو صحیح لیکن وہ ہضم کرنے میں بہت بھاری پڑا اور اس سے انھیں دست ہونے لگے۔ اس سے شام تک اتنی کمزوری آ گئی کہ باہر سے اپنی جھونپڑی میں آتے آتے باپو کو چکر آ گئے۔

جب جب باپو کو چکر آنے والے ہوتے، تب تب ان کے لچھن پہلے ہی دکھائی دینے لگتے تھے۔ انھیں بہت زیادہ جماہیاں آتیں، پسینہ آتا اور کبھی کبھی وہ آنکھیں بھی بند کر لیتے تھے۔ اس طرح ان کے جماہیاں لینے سے چکر آنے کی سوچنا تو مجھے پہلے ہی مل چکی تھی۔ مگر میں سوچ رہی تھی کہ اب بچھونا صرف چار فٹ پر تو ہے ہی، وہاں تک باپو جی پہنچ ہی جائیں گے۔ لیکن

मेरा अन्दाज़ ग़लत निकला और मेरे सहारे चलते चलते ही बापू जी लड़खड़ाने लगे. मैंने सावधानी से उनका सर संभाल रक्खा और निर्मल बाबू को ज़ोर से पुकारा. वह आए और हम दोनों ने मिलकर उन्हें बिछौने पर सुला दिया. फिर मैंने सोचा कि कहीं बापू ज़्यादा बीमार हो गए तो लोग मुझे ही मूर्ख कहेंगे, पास के देहात में ही सुशीला बहन हैं. क्यों न उन्हें बुलवा लूँ. मैंने चिट्ठी लिखी और उसे भिजवाने के लिये निर्मल बाबू के हाथ में दे ही रही थी कि इतने में बापू को होश आ गया और उन्होंने मुझे लाड से पुकारा—"मनुड़ा !" (बापू जी जब लाड से बुलाते थे तो मुझे 'मनुड़ी' कहते थे) मैं पास गई तो कहने लगे—'तुमने निर्मल बाबू को आवाज़ लगाकर बुलाया यह मुझे अच्छा नहीं लगा. तुम अभी बच्ची हो, इसलिये मैं तुम्हें इसके लिये माफ़ तो कर सकता हूँ पर तुमसे मुझे उम्मीद यही है कि तुम और कुछ न करके सिर्फ़ सच्चे दिल से राम नाम लेती रहो. मैं अपने मन में तो राम नाम ले ही रहा था. पर तुम भी निर्मल बाबू को बुलाने के बजाय राम नाम शुरू कर देतीं तो मुझे बहुत अच्छा लगता. अब देखो यह बात सुशीला से न कहना और न उसे चिट्ठी लिखकर बुलाना. क्योंकि मेरा सच्चा डाक्टर तो मेरा राम ही है. जहाँ तक उसे मुझसे काम लेना होगा वहाँ तक मुझे जिलायेगा और नहीं तो उठा लेगा.'

'सुशीला को न बुलाना' यह सुनते ही मैं काँप उठी और मैंने तुरन्त निर्मल बाबू के हाथ से चिट्ठी छीन ली. चिट्ठी फट गई. बापू ने पूछा—"क्यों, तुमने लिख भी डाला था न ?" मैंने लाचारी से मंज़ूर किया. तब वह कहने लगे—"आज तुम्हें और मुझे ईश्वर

میرا اندازہ غلط نکلا اور میرے سہارے چلتے چلتے ہی باپو جی لڑکھڑانے لگے. میں نے ساودھانی سے اُن کا سر سنبھال رکھا اور نرمل بابو کو زور سے پکارا. وہ آئے اور ہم دونوں نے مل کر اُنھیں بچھونے پر سُلا دیا. پھر میں نے سوچا کہ کہیں باپو زیادہ بیمار ہو گئے تو لوگ مجھے ہی مورکھ کہیں گے، پاس کے دیہات میں ہی سوشیلا بہن ہیں. کیوں نہ اُنھیں بلوا لوں. میں نے چٹھی لکھی اور اُسے بھجوانے کے لئے نرمل بابو کے ہاتھ میں دے ہی رہی تھی کہ اتنے میں باپو کو ہوش آ گیا اور اُنھوں نے مجھے لاڈ سے پکارا "منوڑی!" (باپو جی جب لاڈ سے بلاتے تھے تو مجھے "منوڑی" کہتے تھے) میں پاس گئی تو کہنے لگے—"تم نے نرمل بابو کو آواز لگا کر بلایا یہ مجھے اچھا نہیں لگا. تم ابھی بچی ہو، اس لئے میں تمہیں اس کے لئے معاف تو کر سکتا ہوں پر تم سے مجھے اُمید یہی ہے کہ تم اور کچھ نہ کر کے صرف سچے دل سے رام نام لیتی رہو. میں اپنے من میں تو رام نام لے ہی رہا تھا. پر تم بھی نرمل بابو کو بلانے کے بجائے رام نام شروع کر دیتیں تو مجھے بہت اچھا لگتا. اب دیکھو یہ بات سوشیلا سے نہ کہنا اور نہ اُسے چٹھی لکھ کر بلانا. کیوں کہ میرا سچا ڈاکٹر تو میرا رام ہی ہے. جہاں تک اُسے مجھ سے کام لینا ہو گا وہاں تک مجھے جلائے گا اور نہیں تو اُٹھا لے گا."

"سوشیلا کو نہ بلانا" یہ سنتے ہی میں کانپ اُٹھی اور میں نے ترنت نرمل بابو کے ہاتھ سے چٹھی چھین لی. چٹھی پھٹ گئی. باپو نے پوچھا "کیوں، تم نے لکھ بھی ڈالا تھا نا؟" میں نے لاچاری سے منظور کیا. تب وہ کہنے لگے "آج تمہیں اور مجھے ایشور

ने बचा लिया. यह चिट्ठी पढ़कर सुशीला मेरे पास दौड़ी-दौड़ी आती, वह मुझे बिलकुल पसंद न होता. मुझे तुमसे और अपने आपसे चिढ़ होती. आज मेरी कसौटी हुई. अगर राम-नाम का मन्त्र मेरे दिल में पूरा-पूरा रम आयेगा, तो मैं कभी बीमार होकर नहीं मरूँगा. यह क़ानून सिर्फ़ मेरे लिये ही नहीं, सबके लिये है. हर एक आदमी को अपनी भूल का नतीजा भुगतना ही पड़ता है. मुझे जो दुख भोगना पड़ा, वह मेरी किसी भूल का ही नतीजा होगा. फिर भी आखिरी दम तक राम का नाम लेते रहना चाहिये. वह भी तोते की तरह नहीं बल्कि सच्चे दिल से लिया जाना चाहिये. जैसे, रामायण में एक कथा है कि हनुमान जी को जब सीता जी ने मोती की माला दी, तो उन्होंने उसे तोड़ डाला. क्योंकि उन्हें देखना था कि उसमें राम का नाम है या नहीं. यह बात सच है या नहीं इसकी फिकर हम क्यों करें? हमें तो इतना ही सीखना है कि हनुमान जी जैसा पहाड़ी शरीर हम अपना न भी बना सकें, तो भी उनके जैसी आत्मा तो ज़रूर बना सकते हैं. इस मिसाल को अगर आदमी चाहे तो शायद साबित कर सकता है. हो सकता है वह साबित न भी कर पाय लेकिन अगर साबित करने की कोशिश ही करे तो भी काफ़ी है. गीता माता ने कहा ही है कि आदमी को कोशिश करनी चाहिये और फल ईश्वर के हाथ में छोड़ देना चाहिये. इसलिये तुम्हें, मुझे और सबको कोशिश तो करनी ही चाहिये. अब तुम समझीं न मेरी, तुम्हारी या किसी की बीमारी में मेरी क्या धारणा है?"

उसी दिन एक बीमार बहन को पत्र लिखते हुए बापू ने कहा

نے بچا لیا۔ یہ چٹھی پڑھ کر سوشیلا میرے پاس دوڑی دوڑی آتی، وہ مجھے بالکل پسند نہ ہوتا۔ مجھے تم سے اور اپنے آپ سے چڑ ہوتی۔ آج میری کسوٹی ہوئی۔ اگر رام نام کا منتر میرے دل میں پورا پورا رم جائے گا، تو میں کبھی بیمار ہو کر نہیں مروں گا۔ یہ قانون صرف میرے لئے ہی نہیں، سب کے لئے ہے۔ ہر ایک آدمی کو اپنی بھول کا نتیجہ بھگتنا ہی پڑتا ہے۔ مجھے جو دکھ بھوگنا پڑا، وہ میری کسی بھول کا ہی نتیجہ ہوگا۔ پھر بھی آخری دم تک رام کا نام لیتے رہنا چاہیئے۔ وہ بھی طوطے کی طرح نہیں بلکہ سچے دل سے لیا جانا چاہیئے۔ جیسے، رامائن میں ایک کتھا ہے کہ ہنومان جی کو جب سیتا جی نے موتی کی مالا دی تو انھوں نے اُسے توڑ ڈالا۔ کیوں کہ انہیں دیکھنا تھا کہ اس میں رام کا نام ہے یا نہیں۔ یہ بات سچ ہے یا نہیں اس کی فکر ہم کیوں کریں؟ ہمیں تو اتنا ہی سیکھنا ہے کہ ہنومان جی جیسا پہاڑی شریر ہم اپنا نہ بھی بنا سکیں، تو بھی ان کے جیسی آتما تو ضرور بنا سکتے ہیں۔ اس مثال کو اگر آدمی چاہے تو شاید ثابت کر سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے وہ ثابت نہ بھی کر پائے لیکن اگر ثابت کرنے کی کوشش ہی کرے تو بھی کافی ہے۔ گیتا ماتا نے کہا ہی ہے کہ آدمی کو کوشش کرنی چاہیئے اور پھل ایشور کے ہاتھ میں چھوڑ دینا چاہیئے۔ اس لئے تمہیں، مجھے اور سب کو کوشش تو کرنی ہی چاہیئے۔ اب تم سمجھیں نہ میری، تمہاری یا کسی کی بیماری میں میری کیا دھارنا ہے؟"

[illegible]

बात लिखी—"संसार में अगर कोई अचूक दवाई हो तो वह राम-नाम है. इस नाम के रटने वालों को इस पर अधिकार पाने के बारे में जिन-जिन नियमों का पालन करना चाहिये, उन सबका वह पालन करें. मगर वह रामबाण इलाज करने की हम सबमें योग्यता कहाँ है ?........" (मेरी रोज़ की नवाखाली की डायरी में से)

ऊपर की घटना ३० जनवरी, १९४७ के दिन की है. बापू के बलिदान से ठीक एक साल पहले.

राम-नाम में उनकी यह श्रद्धा आखिरी दम तक बनी रही. १९४७ की ३० जनवरी को यह मधुर घटना घटी और १९४८ की ३० जनवरी को बापू ने मुझसे कहा कि—'आखिरी दम तक हमें राम-नाम रटते रहना चाहिये.' इस तरह आखिरी वक़्त भी दो बार बापू के मुँह से 'रा.....म रा.....म' सुनना मेरे ही भाग में लिखा होगा, इसकी मैंने कभी कल्पना भी न की थी. ईश्वर की गति कैसी गहन है !

('हरिजन सेवक' से)

بات لکھی۔ "سنسار میں اگر کوئی اچوک دوائی ہو تو وہ رام نام ہے۔ اس نام کے رٹنے والوں کو اس پر ادھیکار پانے کے بارے میں جن جن نیموں کا پالن کرنا چاہیئے، ان سب کا وہ پالن کریں۔ مگر یہ رام بان علاج کرنے کی ہم سب میں یوگیتا کہاں ہے؟......" (میری روز کی نواکھالی کی ڈائری میں سے)

اوپر کی گھٹنا ۳۰ جنوری، ۱۹۴۷ کے دن کی ہے۔ باپو کے بلیدان سے ٹھیک ایک سال پہلے۔

رام نام میں اُن کی یہ شردھا آخری دم تک بنی رہی۔ ۱۹۴۷ کی ۳۰ جنوری کو یہ مدھر گھٹنا گھٹی اور ۱۹۴۸ کی ۳۰ جنوری کو باپو نے مجھ سے کہا کہ "آخری دم تک ہمیں رام نام رٹتے رہنا چاہیئے!" اس طرح آخری وقت بھی دو بار باپو کے منہ سے "را......م را......م" سننا میرے ہی بھاگ میں لکھا ہوگا، اس کی میں نے کبھی کلپنا بھی نہ کی تھی۔ ایشور کی گتی کیسی گہن ہے!

(ہریجن سیوک سے)

एकता की जड़ें जनता में

हमारे अधिकतर अखबार और किताबें पढ़े लिखों के लिये ही निकलती हैं. उनमें पढ़े लिखों की दिलचस्पी की ही बातें होती हैं और वैसी ही उनकी भाषा होती है. पढ़े लिखों में भी अधिकतर शहर वालों के लिये, जिन्हें बाबू क्लास कहा जा सकता है. बेज़बान करोड़ों जनता के मतलब की उनमें कोई बात नहीं होती. पर जब तक बे पढ़ी या कम पढ़ी आम जनता की तरफ हम भरपूर ध्यान नहीं देंगे तब तक न हमारी मुसीबतें दूर हो सकती हैं. और न हमारे कोई मसले हल हो सकते हैं. आम जनता को ऊपर लाना और सामने लाना, यही हमारा इस समय का सबसे बड़ा और सबसे ज़रूरी काम है. मेरी सलाह है कि 'नया हिन्द' में गाँव वालों के मतलब की कहानियाँ और गाँव के अच्छे अच्छे गीत उन्हीं की बोली में हर महीने छपा करें. जिससे गाँव वालों का भी फ़ायदा हो और शहर वालों की भी जानकारी बढ़े और सबमें एकता और प्रेम फैले. इसी से हमारा चरित्र भी ऊँचा जायगा.

मैं इस धरती के दूर दूर के देशों में खूब सफ़र कर चुका हूँ. मेरी माता जी की बोली अंगरेज़ी है. वही मैंने बचपन से सीखी है. मुझे दुख है कि मैं हिन्दुस्तानी में ठीक ठीक नहीं लिख सकता. कुछ कठिनाई के साथ मैं 'नया हिन्द' के उर्दू के लेख पढ़ लेता हूँ क्योंकि उनकी बोली मेरे लिये आसान होती है. यह धरती शतरंज की एक बिसात है. हम सब आदमी

ایکتا کی جڑیں جنتا میں

ہمارے اَدھک تر اخبار اور کتابیں پڑھے لکھوں کے لئے ہی نکلتی ہیں۔ اُن میں پڑھے لکھوں کی دلچسپی کی ہی باتیں ہوتی ہیں اور ویسی ہی اُن کی بھاشا ہوتی ہے۔ پڑھے لکھوں میں بھی اَدھک تر شہر والوں کے لئے، جنھیں بابو کلاس کہا جاسکتا ہے۔ بے زبان کروڑوں جنتا کے مطلب کی ان میں کوئی بات نہیں ہوتی۔ پر جب تک بے پڑھی یا کم پڑھی عام جنتا کی طرف ہم بھرپور دھیان نہیں دیں گے تب تک نہ ہماری مصیبتیں دور ہوسکتی ہیں اور نہ ہمارے کوئی مسئلے حل ہوسکتے ہیں۔ عام جنتا کو اُوپر لانا اور سامنے لانا یہی ہمارا اس سمے کا سب سے بڑا اور سب سے ضروری کام ہے۔ میری صلاح ہے کہ 'نیا ہند' میں گاؤں والوں کے مطلب کی کہانیاں اور گاؤں کے اچھے اچھے گیت انھیں کی بولی میں ہر مہینے چھپا کریں۔ جس سے گاؤں والوں کا بھی فائدہ ہو اور شہر والوں کی بھی جانکاری بڑھے اور سب میں ایکتا اور پریم پھیلے۔ اسی سے ہمارا چرتر بھی اُونچا جائے گا۔

میں اس دھرتی کے دور دور کے دیشوں میں خوب سفر کر چکا ہوں۔ میری ماتا جی کی بولی انگریزی ہے۔ وہی میں نے بچپن سے سیکھی ہے۔ مجھے دکھ ہے کہ میں ہندستانی میں ٹھیک ٹھیک نہیں لکھ سکتا۔ کچھ کٹھنائی کے ساتھ میں 'نیا ہند' کے اُردو کے لیکھ پڑھ لیتا ہوں کیونکہ اُن کی بولی میرے لئے آسان ہوتی ہے۔ یہ دھرتی شطرنج کی ایک بساط ہے۔ ہم سب آدمی

अलग अलग रंगों, धर्मों, शक्लों और नसलों के, इस बिसात के खिलाड़ी हैं. पर अन्त में हम सबका मक़सद एक ही है और वह यह है कि हम इन अलग अलग सूरतों के पीछे छिपी हुई जीवन की एकता को समझें और अनुभव करें, कसरत में वहदत को देखें, अनेकता में एकता को. जब हम अपनी निगाह बदल कर इस तरह देखने लगेंगे तब ही हम 'एक दुनिया' या 'एक इन्सानी क़ौम' 'एक मानव जाति' को साक्षात कर सकेंगे. इस एकता को साक्षात करने कराने का सपना ही दुनिया के सब बड़े बड़े पीर, पैग़म्बर, ऋषि मुनि, अवतार, औलिया देखते रहे हैं. तब ही वह सब रुकावटें दूर हो सकेंगी जो हमारी आगे की यात्रा को रोक रही हैं. इस एकता की जड़ें हमें दुनिया की जनता में ही देखनी हैं और वहीं मिलेंगी.

हम सब का ईश्वर अल्लाह हमें इस नेक रास्ते पर चलने की हिदायत करे. यही मानव जाति के हर प्रेमी की प्रार्थना होनी चाहिये और यही कोशिश.

बदरुद्दीन ख़ाँ
प्रेसिडेन्ट, तिलजला वेलफ़ेयर सोसाइटी.

नोट—'नया हिन्द' के पढ़ने वाले और लिखने वाले अगर इस तरह की कहानियाँ और गीत 'नया हिन्द' में छपने के लिये भेजेंगे, जिनकी बदरुद्दीन साहब ने चरचा की है तो उन्हें छाप कर हमें ख़ुशी होगी और हम मशकूर होंगे—एडीटर

الگ الگ رنگوں، دھرموں، شکلوں اور نسلوں کے، اس بساط کے کھلاڑی ہیں۔ پر انت میں ہم سب کا مقصد ایک ہی ہے اور وہ یہ ہے کہ ہم ان الگ الگ صورتوں کے پیچھے چھپی ہوئی جیون کی ایکتا کو سمجھیں اور انوبھو کریں۔ کثرت میں وحدت کو دیکھیں، انیکتا میں ایکتا کو۔ جب ہم اپنی نگاہ بدل کر اس طرح دیکھنے لگیں گے تب ہی ہم 'ایک دنیا' یا 'ایک انسانی قوم' 'ایک مانو جاتی' کو ساکشات کر سکیں گے۔ اس ایکتا کو ساکشات کرنے کرانے کا سپنا ہی دنیا کے سب بڑے بڑے پیر، پیغمبر، رشی منی، اوتار، اولیا دیکھتے رہے ہیں۔ تب ہی وہ سب رکاوٹیں دور ہو سکیں گی جو ہماری آگے کی یاترا کو روک رہی ہیں۔ اس ایکتا کی جڑیں ہمیں دنیا کی جنتا میں ہی دیکھنی ہیں اور وہیں ملیں گی۔

ہم سب کا ایشور اللہ ہمیں اس نیک راستے پر چلنے کی ہدایت کرے۔ یہی مانو جاتی کے ہر پریمی کی پرارتھنا ہونی چاہیے اور یہی کوشش۔

بدرالدین خاں
پریذیڈنٹ، تلجلا ویلفیئر سوسائٹی۔

نوٹ — 'نیا ہند' کے پڑھنے والے اور لکھنے والے اگر اس طرح کی کہانیاں اور گیت 'نیا ہند' میں چھپنے کے لئے بھیجیں گے، جنکی بدرالدین صاحب نے چرچا کی ہے تو انھیں چھاپ کر ہمیں خوشی ہوگی اور ہم مشکور ہوں گے — ایڈیٹر

हमारी राय

सरतेज बहादुर सप्रू

सर तेज बहादुर सप्रू हिन्द के इने गिने चोटी के आदमियों में से थे. हिन्दू मुस्लिम एकता के वह सच्चे हामी थे. इस बारे में उनका दिल और दिमाग़ महात्मा गांधी या किसी भी दूसरे देशवासी से किसी तरह कम साफ़ न था. एक मिली जुली हिन्दुस्तानी कलचर, मिली जुली बोली और मिले जुले रहन सहन के वह सच्चे प्रेमी और सुन्दर असली नमूना थे. उनका दिल शीशे सा साफ़ था. वह सच्चे और बेधड़क थे. अपनी किसी राय को वह छिपाना न जानते थे. जब जब उन्होंने मिस्टर जिनाह में कोई बुराई या ग़लती देखी तो बिना इस बात की परवाह किये कि इससे आम मुसलमानों पर क्या असर होगा, उन्होंने अपनी राय ज़ाहिर कर दी. ऐसे ही जब जब किसी बात में उनकी राय महात्मा गांधी से नहीं मिली तब तब भी वह अपनी राय खुले रूप से प्रगट करने से नहीं चूके. सचाई के वह इतने मानने वाले थे कि एक बार जब इलाहाबाद शहर की तरफ़ से हरिजन उद्धार के काम के लिये दस हज़ार रुपये की थैली महात्मा गांधी को भेंट की जाने वाली थी और थैली महात्मा जी के हाथों में देने का काम सर तेज बहादुर सप्रू को सौंपा गया और उनसे यह कहने के लिये कहा गया कि

ہماری رائے

سر تیج بہادر سپرو

سر تیج بہادر سپرو ہند کے اِنے گِنے چوٹی کے آدمیوں میں سے تھے۔ ہندو مسلم ایکتا کے وہ سچے حامی تھے۔ اس بارے میں اُن کا دل اور دماغ مہاتما گاندھی یا کسی بھی دوسرے دیس باسی سے کسی طرح کم صاف نہ تھا۔ ایک ملی جلی ہندستانی کلچر، ملی جلی بولی اور ملے جلے رہن سہن کے وہ سچے پریمی اور سندر اصلی نمونہ تھے۔ اُن کا دل شیشے سا صاف تھا۔ وہ سچے اور بے دھڑک تھے۔ اپنی کسی رائے کو وہ چھپانا نہ جانتے تھے۔ جب جب اُنھوں نے مسٹر جناح میں کوئی بُرائی یا غلطی دیکھی تو بنا اس بات کی پرواہ کئے کہ اس سے عام مسلمانوں پر کیا اثر ہوگا، اُنھوں نے اپنی رائے ظاہر کر دی۔ ایسے ہی جب جب کسی بات میں اُن کی رائے مہاتما گاندھی سے نہیں ملی تب تب بھی وہ اپنی رائے کھلے روپ سے پرگٹ کرنے سے نہیں چوکے۔ سچائی کے وہ اتنے ماننے والے تھے کہ ایک بار جب الہ آباد شہر کی طرف سے ہریجن اُدھار کے کام کے لئے دس ہزار روپئے کی تھیلی مہاتما گاندھی کو بھینٹ کی جانے کو تھی اور تھیلی مہاتما جی کے ہاتھوں میں دینے کا کام سر تیج بہادر سپرو کو سونپا گیا اور اُن سے یہ کہنے کے لئے کہا گیا کہ "یہ تھیلی میں آپ کو الہ آباد کے ہندوؤں کی طرف سے بھینٹ

करता हूँ" तो सर सप्रू ने यह कहने से इनकार कर दिया और कहा—"यह थैली मैं आपको इलाहाबाद के उन हिन्दुओं की तरफ़ से भेंट करता हूँ जो छुआ छूत के ख़िलाफ़ हैं." सर तेज बहादुर सप्रू का कहना था कि "इलाहाबाद के सब हिन्दू छुआ छूत के ख़िलाफ़ नहीं हैं, और जो ख़िलाफ़ नहीं हैं उनका मैं नुमाइन्दा नहीं हूँ."

सर तेज बहादुर सप्रू हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी इलाहाबाद के, जिसका मुख्य पत्र "नया हिन्द" है, सद्र थे. इन लाइनों के लेखक का उनके साथ पूरे बयालीस साल का सम्बन्ध था, यानी उस समय का, जब कि डाक्टर सप्रू इलाहाबाद यूनिवर्सिटी में क़ानून पढ़ाते थे और लेखक उनका एक विद्यार्थी था. वह बड़े प्रेमी और दिल वाले थे. उनके उठ जाने से मुल्क में ऐसी कमी दिखाई देने लगी जिसका पूरा हो सकना इतना आसान दिखाई नहीं देता. दुनिया में तरह तरह के फूल हैं और रहेंगे. पर हमें ऐसा मालूम होता है कि शायद जिस तरह के फूल सर तेज बहादुर थे, उनकी नस्ल ही अब दुनिया से मिट रही है. कम से कम हमें आँख फाड़ फाड़ कर देखने पर भी दूसरा दिखाई नहीं देता.

हिन्दुस्तान के पुराने ऋषियों के बारे में कुछ लोगों का यह ग़लत विचार है कि ऋषि गृहस्थ न होते थे. बहुत से ऋषि अकेले भी रहते थे. पर अनेक ऋषि मुनि बीवी बच्चों के साथ गृहस्थ जीवन बिताते थे. अनेक, ख़ास कर वह जो राज-ऋषि कहलाते थे, शाही ठाट बाट के साथ ऐश इशरत से भी रहते थे. उनका ऋषि कहलाना उनकी विद्वता, उनके असूलों के पक्के पन और उनकी

(१६१)

کرتا ہوں" تو سرسپرو نے یہ کہنے سے انکار کر دیا اور کہا۔ "یہ تھیلی میں آپ کو الہ آباد کے اُن ہندوؤں کی طرف سے بھینٹ کرتا ہوں جو چھوا چھوت کے خلاف ہیں۔" سر تیج بہادر سپرو کا کہنا تھا کہ "الہ آباد کے سب ہندو چھوا چھوت کے خلاف نہیں ہیں، اور جو خلاف نہیں ہیں اُن کا میں نمائندہ نہیں ہوں۔"

سر تیج بہادر سپرو ہندستانی کلچر سوسائٹی الہ آباد کے، جس کا مکھ پتر "نیا ہند" ہے، صدر تھے۔ اِن لائنوں کے لیکھک کا اُن کے ساتھ پورے بیالیس سال کا سمبندھ تھا، یعنی اُس سمے کا، جب کہ ڈاکٹر سپرو الہ آباد یونیورسٹی میں قانون پڑھاتے تھے اور لیکھک اُن کا ایک وِدیارتھی تھا۔ وہ بڑے پریمی اور دل والے تھے۔ اُن کے اُٹھ جانے سے ملک میں ایسی کمی دکھائی دینے لگی جس کا پورا ہو سکنا اتنا آسان دکھائی نہیں دیتا۔ دنیا میں طرح طرح کے پھول ہیں اور رہیں گے۔ پر ہمیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شاید جس طرح کے پھول سر تیج بہادر تھے، اُن کی نسل ہی اب دنیا سے مِٹ رہی ہے۔ کم سے کم ہمیں آنکھ پھاڑ پھاڑ کر دیکھنے پر بھی دوسرا دکھائی نہیں دیتا۔

ہندستان کے پرانے رِشیوں کے بارے میں کچھ لوگوں کا یہ غلط وچار ہے کہ رشی گرہست نہ ہوتے تھے۔ بہت سے رشی اکیلے بھی رہتے تھے۔ پر انیک رشی مُنی بیوی بچوں کے ساتھ گرہستھ جیون بتاتے تھے۔ انیک، خاص کر وہ جو راج رِشی کہلاتے تھے، شاہی ٹھاٹ باٹ کے ساتھ عیش عشرت سے بھی رہتے تھے۔ اُن کا رشی کہلانا اُن کی وِدوتا، اُن کے اصولوں کے پکے پن اور اُن کی

(١٦١)

दिल की सच्चाई पर निर्भर था. इसमें कोई शक नहीं कि सर तेज बहादुर सप्रू अपने ज़माने के एक ऊँचे दरजे के राज ऋषि थे.

क़ानून का, यानी मुल्की क़ानून और अन्तर क़ौमी क़ानून, दोनों का उन जैसा विद्वान अब मुल्क में शायद ही कोई दूसरा रहा हो. इस का उन्हें जायज़ घमण्ड भी था. अंगरेज़ी अदालतों के इन्साफ़ पर यानी उन मामलों में इन्साफ़ पर, जिनमें दोनों पार्टी हिन्दुस्तानी हों और जिनका राजनीत से सम्बन्ध न हो, उन्हें वैसा ही पूरा भरोसा था जैसा महात्मा गांधी को.

सर तेज बहादुर सप्रू के दिल और दिमाग़ की अगर देश पिता महात्मा गांधी के दिल और दिमाग़ से तुलना की जाय तो दोनों में बड़ी क़ीमती समानता दिखाई देगी. हाँ, एक बड़ा फ़रक़ यह दिखाई देगा कि दोनों की आत्मायें अपने अपने दिल और दिमाग़ को अलग अलग तरह सँभालती थीं. गांधी जी अपने दिल को अपने दिमाग़ का दोस्त बनाकर रखते थे और सर तेज बहादुर अपने दिल को बहुत दरजे तक दिमाग़ का फ़रमां बरदार गुलाम बना कर रखते थे. दोनों के दिलों में एक दूसरे की बड़ी सच्ची क़द्र और मुहब्बत थी. महात्मा गांधी के उठ जाने पर एक दुनिया रोई और सर तेज बहादुर सप्रू के उठ जाने पर उनके सैकड़ों और शायद हज़ारों ऐसे दोस्तों और क़द्रदानों ने आंसू बहाये जिनकी दोस्ती की बुनियाद किसी ख़ुदग़रज़ी पर नहीं थी. सर तेज बहादुर सप्रू पर कोई लम्बा लेख लिखना हमें कुछ कुछ ऐसा ही लगता है जैसा महात्मा गांधी को जीते जी या मरने पर डाक्टर की डिगरी देना. हमने सिर्फ़ मुल्क के नाते, इन्सानियत के नाते, हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी के

دِل کی سچائی پر نربھر تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ سر تیج بہادر سپرو اپنے زمانے کے ایک اُونچے درجے کے راج رِشی تھے۔

قانون کا، یعنی مُلکی قانون اور انتر قومی قانون، دونوں کا اُن جیسا وِدّوان اب ملک میں شاید ہی کوئی دوسرا رہا ہو۔ اس کا اُنھیں جائز گھمنڈ بھی تھا۔ انگریزی عدالتوں کے انصاف پر یعنی اُن معاملوں میں انصاف پر، جنمیں دونوں پارٹی ہندستانی ہوں اور جنکا راج نیتی سے سمبندھ نہ ہو، اُنھیں ویسا ہی پورا بھروسہ تھا جیسا مہاتما گاندھی کو۔

سر تیج بہادر سپرو کے دِل اور دماغ کی اگر دیش پِتا مہاتما گاندھی کے دِل اور دماغ سے تُلنا کی جائے تو دونوں میں بڑی قیمتی سمانتا دکھائی دے گی۔ ہاں، ایک بڑا فرق یہ دکھائی دے گا کہ دونوں کی آتمائیں اپنے اپنے دل اور دماغ کو الگ الگ طرح سنبھالتی تھیں۔ گاندھی جی اپنے دل کو اپنے دماغ کا دوست بنا کر رکھتے تھے اور سر تیج بہادر اپنے دل کو بہت درجے تک دماغ کا فرمانبردار غلام بنا کر رکھتے تھے۔ دونوں کے دِلوں میں ایک دوسرے کی بڑی سچی قدر اور محبّت تھی۔ مہاتما گاندھی کے اُٹھ جانے پر ایک دنیا روئی اور سر تیج بہادر سپرو کے اُٹھ جانے پر اُن کے سیکڑوں اور شاید ہزاروں ایسے دوستوں اور قدر دانوں نے آنسو بہائے جنکی دوستی کی بنیاد کسی خودغرضی پر نہیں تھی۔ سر تیج بہادر سپرو پر کوئی لمبا لیکھ لکھنا ہمیں کچھ کچھ ایسا ہی لگتا ہے جیسا مہاتما گاندھی کو جیتے جی یا مرنے پر ڈاکٹر کی ڈگری دینا۔ ہم نے صرف ملک کے ناتے، انسانیت کے ناتے، ہندستانی کلچر سوسائٹی کے

नाते और अपने निजी सम्बंध के नाते अपने दिल को हलका करने की कोशिश की है.

इस दुनिया से चलते वक़्त आख़िरी शब्द, जो सर तेज बहादुर सप्रू के मुँह से निकले, यह थे—"मैं अब महात्मा गांधी के पास जाना चाहता हूँ."

गांधी जी, उनके मिशन और इस मुल्क तीनों की तरफ़ सर तेज बहादुर सप्रू के दिल की यही तस्वीर है.

४ फ़रवरी '४९ सुन्दर लाल

(६७)

सैयद अब्दुल्ला बरेलवी

सैयद अब्दुल्ला बरेलवी हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी के एक कुटुम्बी थे. हमें उनसे निजी प्रेम था. वह बहुत ऊँचे दरजे के पत्रकार थे. हम यहाँ सिर्फ़ इतना और कहना चाहते हैं कि इस सारे मुल्क में अगर थोड़े बहुत भी इन्सान इस तरह के थे या हैं जिनके दिल पूरे तौर पर साम्प्रदायिकता के ज़हर से पाक हों, जो इस मामले में बिलकुल बेलाग और बेदाग़ हों और जिनकी आत्मायें धर्म, मज़हब या जात पात के भेद भाव से ऊपर उठकर इस मुल्क के सब रहने वालों के दिलों को मिला देने के लिये तड़पता हों तो सैयद अब्दुल्ला बरेलवी उन में से एक थे. मरने के बाद शायद जन्नत पाकर उन्हें इतनी ख़ुशी न होगी जितनी दूर बैठे बैठे यह देख कर कि इस मुल्क में उनकी हसरतें पूरी हुईं और उम्मीदें बर आईं.

४ फ़रवरी '४९ सुन्दर लाल

ناتے اور اپنے نجی سمبندھ کے ناتے اپنے دل کو ہلکا کرنے کی کوشش کی ہے۔

اس دنیا سے چلتے وقت آخری شبد، جو سر تیج بہادر سپرو کے منہ سے نکلے، یہ تھے "میں اب مہاتما گاندھی کے پاس جانا چاہتا ہوں"

گاندھی جی، انکے مشن اور اس ملک تینوں کی طرف سر تیج بہادر سپرو کے دل کی یہی تصویر ہے۔

۴ فروری ۴۹ء سندر لال

(۶۷)

سید عبداللہ بریلوی

سید عبداللہ بریلوی ہندستانی کلچر سوسائٹی کے ایک کٹمبی تھے۔ ہمیں ان سے نجی پریم تھا۔ وہ بہت اونچے درجے کے پترکار تھے۔ ہم یہاں صرف اتنا اور کہنا چاہتے ہیں کہ اس سارے ملک میں اگر تھوڑے بہت بھی انسان اس طرح کے تھے یا ہیں جن کے دل پورے طور پر سامپردایکتا کے زہر سے پاک ہوں، جو اس معاملے میں بالکل بے لاگ اور بے داغ ہوں اور جن کی آتمائیں دھرم، مذہب یا جات پات کے بھید بھاؤ سے اوپر اٹھ کر اس ملک کے سب رہنے والوں کے دلوں کو ملا دینے کے لئے تڑپتی ہوں تو سید عبداللہ بریلوی ان میں سے ایک تھے۔ مرنے کے بعد شاید جنت پاکر انھیں اتنی خوشی نہ ہوگی جتنی دور بیٹھے بیٹھے یہ دیکھ کر کہ اس ملک میں ان کی حسرتیں پوری ہوئیں اور امیدیں بر آئیں۔

۴ فروری ۴۹ء سندر لال

भाषा का सवाल

पंडित जवाहर लाल नेहरू

मैं यह लेख बड़ा वज़ीर होने के नाते नहीं लिख रहा हूँ, बल्कि एक ऐसे आदमी की हैसियत से लिख रहा हूँ जो ख़ुद पुस्तक लेखक है और भाषा के सवाल में बहुत गहरी दिलचस्पी रखता है. इस सवाल में मेरी दिलचस्पी की वजह यह है कि इसका एक राज-काजी पहलू है और बदक़िस्मती से एक साम्प्रदायिक पहलू भी है.

इस सवाल के कलचरी पहलू भी हैं जो कहीं ज़्यादा महत्व के हैं और जिनका असर कहीं ज़्यादा दूर तक जाता है. मैं किसी भी भाषा का विद्वान नहीं हूँ लेकिन भाषा की सुन्दरता, उसके फ़िक़रों के संगीत और शब्दों में जो जादू और शक्ति रहती है, उससे मुझे प्रेम रहा है. मैं मानता हूँ कि शायद किसी भी दूसरी चीज़ से राष्ट्र के चरित्र का इतना अच्छा पता नहीं चलता, जितना उसकी भाषा से. जितनी कोई भाषा शक्तिशाली और ओजस्वी होगी, उतने ही शक्तिशाली और ओज़स्वी उस भाषा के बोलने वाले होंगे. अगर भाषा ऊपरी दिखावटी और उलझी हुई होगी तो उसके बोलने वाले भी वैसे ही होंगे.

ज़ाहिर है इसी बात को हम उलट कर कहें तो और भी ज़्यादा ठीक होगा, क्योंकि जनता भाषा को बनाती है. लेकिन यह बात भी एक हद तक सच है कि भाषा जनता को बनाती है. जो भाषा ठीक-ठीक अर्थों वाली होगी, उसके बोलने वाले भी ठीक-ठीक तरह सोचने लगेंगे. किसी भाषा में शब्दों के मानी अगर ठीक और पूरी तरह खपते हुए नहीं हैं तो लोग न ठीक-ठीक सोच विचार सकेंगे और न ठीक काम कर सकेंगे.

(हिन्दी)

بھاشا کا سوال

پنڈت جواہر لال نہرو

میں یہ لیکھ بڑا وزیر ہونے کے ناتے نہیں لکھ رہا ہوں، بلکہ ایک ایسے آدمی کی حیثیت سے لکھ رہا ہوں جو خود پستک لیکھک ہے اور بھاشا کے سوال میں بہت گہری دلچسپی رکھتا ہے۔ اس سوال میں میری دلچسپی کی وجہ یہ ہے کہ اس کا ایک راج کاجی پہلو ہے اور بدقسمتی سے ایک سامپردائک پہلو بھی ہے۔

اس سوال کے کلچری پہلو بھی ہیں جو کہیں زیادہ مہتو کے ہیں اور جن کا اثر کہیں زیادہ دور تک جاتا ہے۔ میں کسی بھی بھاشا کا ودوان نہیں ہوں لیکن بھاشا کی سندرتا اس کے فقروں کے سنگیت اور شبدوں میں جو جادو اور شکتی رہتی ہے، اس سے مجھے پریم رہا ہے۔ میں مانتا ہوں کہ شاید کسی بھی دوسری چیز سے راشٹر کے چرتر کا اتنا اچھا پتہ نہیں چلتا، جتنا اس کی بھاشا سے۔ جتنی کوئی بھاشا شکتی شالی اور اوجسوی ہوگی، اتنے ہی شکتی شالی اور اوجسوی اس بھاشا کے بولنے والے ہوں گے۔ اگر بھاشا اوپری دکھاوٹی اور الجھی ہوئی ہوگی تو اس کے بولنے والے بھی ویسے ہی ہونگے۔

ظاہر ہے اسی بات کو ہم الٹ کر کہیں تو اور بھی زیادہ ٹھیک ہوگا، کیونکہ جنتا بھاشا کو بناتی ہے۔ لیکن یہ بات بھی ایک حد تک سچ ہے کہ بھاشا جنتا کو بناتی ہے۔ جو بھاشا ٹھیک ٹھیک ارتھوں والی ہوگی، اس کے بولنے والے بھی ٹھیک ٹھیک طرح سوچنے لگیں گے۔ کسی بھاشا میں شبدوں کے معنی اگر ٹھیک اور پوری طرح کھپتے ہوئے نہیں ہیں تو لوگ نہ ٹھیک ٹھیک سوچ وچار سکیں گے اور نہ ٹھیک کام کر سکیں گے۔

(اردو)

जो भाषा ऐसे शिकंजे में कस दी जावे, जिसमें तरक़्क़ी और तब्दीली के लिये कोई खिड़कियाँ खुली न हों, वह भाषा ठीक-ठीक अर्थ तो दे सकती है और सुन्दर भी हो सकती है, लेकिन डर है कि दुनिया की बदलती हुई परिस्थिति से और आम जनता से उसका कोई नाता न रहेगा. इसका नतीजा यह हुए बिना नहीं रह सकता कि उस भाषा में से ओज जाता रहे और एक तरह का बनावटी पन उसमें आ जावे. ऐसा होना हर हालत में बुरा है, पर आजकल की तेजी से बदलती हुई दुनिया में, जब कि हमारे चारों तरफ़ लगभग हर चीज़ बदल रही है, इस तरह का शिकंजा भाषा के प्राण ले लेगा. पहिले ज़माने की दरबारी भाषाओं में बहुत सी अच्छी-अच्छी बातें थीं. लेकिन आजकल के प्रजातंत्री ज़माने में, जिसमें हम सारी जनता को लिखना-पढ़ना सिखाना चाहते हैं, वह भाषायें अब बिल्कुल काम नहीं दे सकतीं.

इसलिये भाषा ऐसी होनी चाहिये, जिसमें दो बातें हों, एक यह कि वह अपनी पुरानी जड़ों के ऊपर खड़ी हो और दूसरी यह कि बढ़ती हुई आवश्यकताओं के साथ बदलने और फैलने की उसमें गुंजायश हो, और वह पूरी तरह आम जनता की ज़बान हो, किसी चुने हुए गिरोह की ही न हो. आजकल के साइन्सी और तकनीकी ज़माने में, जब कि सारी दुनिया एक होती जा रही है, यह शर्तें और भी ज़्यादा ज़रूरी हैं. जहाँ तक मुमकिन हो सके, इस तरह की भाषा में साइंस के और तकनीकी शब्द वही होने चाहियें जो दूसरी भाषाओं में हैं, या कम से कम उनसे मिलते-जुलते हैं. इसलिये वह भाषा बाहर के शब्दों और मुहावरों का स्वागत करने

جو بھاشا ایسے شکنجوں میں کس دی جاوے، جس میں ترقی اور تبدیلی کے لئے کوئی کھڑکیاں کھلی نہ ہوں، وہ بھاشا ٹھیک ٹھیک ارتھ تو دے سکتی ہے اور سندر بھی ہو سکتی ہے، لیکن ڈر ہے کہ دنیا کی بدلتی ہوئی پرستھتی سے اور عام جنتا سے اس کا کوئی ناتہ نہ رہے گا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوئے بنا نہیں رہ سکتا کہ اس بھاشا میں سے اوج جاتا رہے اور ایک طرح کا بناوٹی پن اس میں آجاوے۔ ایسا ہونا ہر حالت میں بُرا ہے، پر آج کل کی تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا میں، جب کہ ہمارے چاروں طرف لگ بھگ ہر چیز بدل رہی ہے، اس طرح کا شکنجا بھاشا کے پران لے لیگا۔ پہلے زمانے کی درباری بھاشاؤں میں بہت سی اچھی اچھی باتیں تھیں۔ لیکن آج کل کے پرجاتنتری زمانے میں، جس میں ہم ساری جنتا کو لکھنا پڑھنا سکھانا چاہتے ہیں، وہ بھاشائیں اب بالکل کام نہیں دے سکتیں۔

اس لئے بھاشا ایسی ہونی چاہیئے، جس میں دو باتیں ہوں، ایک یہ کہ وہ اپنی پرانی جڑوں کے اوپر کھڑی ہو اور دوسری یہ کہ بڑھتی ہوئی آوشیکتاؤں کے ساتھ بدلنے اور پھیلنے کی اس میں گنجائش ہو، اور وہ پوری طرح عام جنتا کی زبان ہو، کسی چُنے ہوئے گروہ کی ہی نہ ہو۔ آج کل کے سائنسی اور تکنیکی کے زمانے میں، جب کہ ساری دنیا ایک ہوتی جارہی ہے، یہ شرطیں اور بھی زیادہ ضروری ہیں۔ جہاں تک ممکن ہو سکے، اس طرح کی بھاشا میں سائنس کے اور تکنیکی شبد وہی ہونے چاہئیں جو دوسری بھاشاؤں میں ہیں، یا کم سے کم اُن سے ملتے جلتے ہیں۔ اس لئے وہ بھاشا باہر کے شبدوں اور محاوروں کا سواگت کرنے

वाली होनी चाहिये. वह हर ऐसे शब्द को अपने अन्दर लेने के लिये तय्यार हो, जो उसके ढांचे में खप सके. कभी-कभी भाषा की आत्मा के साथ खपाने के लिये इस तरह के शब्दों को थोड़ा बहुत बदलना भी पड़ेगा. संस्कृत, यूनानी और लातीनी जैसी पुरानी ऊँची भाषाओं ने इन्सानी समाज की तरक़्क़ी में बहुत बड़ा हिस्सा लिया है. पर उन्होंने आम जनता की भाषाओं की बढ़ौती को एक दर्जे तक रोका भी है. जब तक किसी देश के विद्वान इन पुरानी भाषाओं में सोचते और लिखते रहे, तब तक जनता की भाषा ठीक-ठीक उन्नति नहीं कर सकी. यूरोप में लगभग उन्नीसवीं सदी तक लातीनी भाषा के रिवाज की वजह से यूरोप की भाषायें तरक़्क़ी नहीं कर सकीं. हिन्दुस्तान में संस्कृत का इतना ज़ोर था कि प्राकृत भाषाओं और उन भाषाओं का जो बाद में प्रान्ती भाषायें बन गईं, बढ़ना रुक गया. बाद के दिनों में इस देश के बड़े-बड़े हिस्सों में फ़ारसी ख़ास पढ़े लिखों की ज़बान हो गई और उससे भी मुल्क के कुछ हिस्सों में जनता की ज़बानों की तरक़्क़ी रुक गई.

अब हिन्दुस्तान में हमारा यह फ़र्ज़ है कि अपनी बड़ी बड़ी प्राँती भाषाओं को ख़ूब तरक़्क़ी दें. यह बात अच्छी भी है. साथ ही साथ हमें एक कुल हिन्द भाषा की भी ज़रूरत है. वह कुल हिन्द भाषा अंग्रेज़ी या कोई और विदेशी भाषा नहीं हो सकती. हाँ यह मैं मानता हूँ कि अंग्रेज़ी को दुनिया भर में वह जगह मिली हुई है और हिन्दुस्तान के हर सूबे में इतने ज़्यादा लोग उसे बोलते और समझते हैं कि हमारे आगे के कारबार में अंग्रेज़ी एक अहम हिस्सा लिये बग़ैर नहीं रह सकती. कुल हिन्द भाषा अगर कोई हो सकती

والی ہونی چاہیئے۔ وہ ہر ایسے شبد کو اپنے اندر لینے کے لئے تیار ہو، جو اس کے ڈھانچے میں کھپ سکے۔ کبھی کبھی بھاشا کی آتما کے ساتھ کھپانے کے لئے اس طرح کے شبدوں کو تھوڑا بہت بدلنا بھی پڑے گا۔ سنسکرت، یونانی اور لاطینی جیسی پرانی اونچی بھاشاؤں نے انسانی سماج کی ترقی میں بہت بڑا حصہ لیا ہے۔ پر انھوں نے عام جنتا کی بھاشاؤں کی بڑھوتی کو ایک درجے تک روکا بھی ہے۔ جب تک کسی دیش کے ودوان ان پرانی بھاشاؤں میں سوچتے اور لکھتے رہے، تب تک جنتا کی بھاشا ٹھیک ٹھیک اُنتی نہیں کر سکی۔ یورپ میں لگ بھگ انیسویں صدی تک لاطینی بھاشا کے رواج کی وجہ سے یورپ کی بھاشائیں ترقی نہیں کر سکیں۔ ہندستان میں سنسکرت کا اتنا زور تھا کہ پراکرت بھاشاؤں اور ان بھاشاؤں کا جو بعد میں پرانتیہ بھاشائیں بن گئیں، بڑھنا رک گیا۔ بعد کے دنوں میں اس دیش کے بڑے بڑے حصوں میں فارسی خاص پڑھے لکھوں کی زبان ہو گئی اور اس سے بھی ملک کے کچھ حصوں میں جنتا کی زبانوں کی ترقی رک گئی۔

اب ہندستان میں ہمارا یہ فرض ہے کہ اپنی بڑی بڑی پرانتی بھاشاؤں کو خوب ترقی دیں۔ یہ بات اچھی بھی ہے۔ ساتھ ہی ساتھ ہمیں ایک کل ہند بھاشا کی بھی ضرورت ہے۔ وہ کل ہند بھاشا انگریزی یا کوئی اور دیشی بھاشا نہیں ہو سکتی، ہاں یہ میں مانتا ہوں کہ انگریزی کو دنیا بھر میں وہ جگہ ملی ہوئی ہے اور ہندستان کے ہر صوبے میں اتنے زیادہ لوگ اسے بولتے اور سمجھتے ہیں کہ ہمارے آگے کے کاروبار میں انگریزی ایک اہم حصہ لئے بغیر نہیں رہ سکتی۔ کل ہند بھاشا اگر کوئی ہو سکتی

है तो हिन्दी या हिन्दुस्तानी या इसे हम जो भी नाम दें, यही हो सकती है.

भाषा का सवाल हमारी ज़िन्दगी का एक ख़ास सवाल है. इस सवाल पर विचार करने में हमें ऊपर की बुनियादी बातों को ध्यान में रखना चाहिये. हमें यह याद रखना चाहिये कि जल्दबाज़ी में आकर राजकाजी तल पर फ़ौरी जोश या पक्षपात में आकर इस सवाल का कोई फ़ैसला कर डालने से बहुत बड़ा नुक़सान हो सकता है. हमें आगे के लिये अपने राष्ट्र की रचना करनी है. अगर हमारी बुनियादें ग़लत पड़ गईं तो न केवल भाषा की निगाह से बल्कि कलचर, संस्कृति और इन्सानी तरक़्क़ी के ज़्यादा बड़े मैदानों में भी हमारी आगे की बढ़ोती रुक सकती है. इससे कहीं अच्छा है कि हम धीरे चलें और किसी कट्टरता में फँस कर न रह जायँ. भाषा एक बहुत नाज़ुक चीज़ है. सुलझे और मँजे दिमाग़ों से यह विकास पाती है और तरक़्क़ी करती है और आम जनता उसे काम में लाकर बल देती रहती है. भाषा फूल की तरह उगती और बढ़ती है. बाहर का बहुत ज़्यादा दबाव उसके उगने को रोक देता है और उसे ग़लत दिशा में मोड़ देता है.

इस भाषा को हम 'हिन्दी' या 'हिन्दुस्तानी' किस नाम से पुकारें, यह कोई इतनी बड़ी बात नहीं है, पर हर नाम के पीछे एक इतिहास होता है और हर नाम का ख़ास मतलब और ख़ास अर्थ होता है. हमें पहले इस बात को साफ़ साफ़ समझ लेना चाहिये कि उस भाषा का भंडार क्या होगा और दुनिया की तरफ़ उसका रुख़ किस तरह का होगा, यानी वह भाषा दूसरों से छुआछूत बरतने वाली,

ہے تو ہندی یا ہندستانی یا اُسے جو بھی نام دیں یہی ہو سکتی ہے۔

بھاشا کا سوال ہماری زندگی کا ایک خاص سوال ہے۔ اس سوال پر وچار کرنے میں ہمیں اُوپر کی بنیادی باتوں کو دھیان میں رکھنا چاہئیے۔ ہمیں یہ یاد رکھنا چاہئیے کہ جلد بازی میں آکر راج کاجی تل پر فوری جوش یا پکشپات میں آکر اس سوال کا کوئی فیصلہ کر ڈالنے سے بہت بڑا نقصان ہو سکتا ہے۔ ہمیں آگے کے لئے اپنے راشٹر کی رچنا کرنی ہے۔ اگر ہماری بنیادیں غلط پڑ گئیں تو نہ کیول بھاشا کی نگاہ سے بلکہ کلچر، سنسکرتی اور انسانی ترقی کے زیادہ بڑے میدانوں میں بھی ہماری آگے کی بڑھوتی رُک سکتی ہے۔ اس سے کہیں اچھا ہے کہ ہم دھیرے چلیں اور کسی کٹرتا میں پھنس کر نہ رہ جائیں۔ بھاشا ایک بہت نازک چیز ہے سلجھے اور منجھے دماغوں سے یہ وکاس پاتی ہے اور ترقی کرتی ہے اور عام جنتا اُسے کام میں لاکر بل دیتی رہتی ہے۔ بھاشا پھول کی طرح اُگتی اور بڑھتی ہے۔ باہر کا بہت زیادہ دباؤ اُس کے اُگنے کو روک دیتا ہے اور اُسے غلط دشا میں موڑ دیتا ہے۔

اس بھاشا کو ہم 'ہندی' یا 'ہندستانی'، کس نام سے پکاریں، یہ کوئی اتنی بڑی بات نہیں ہے، پر ہر نام کے پیچھے ایک اتہاس ہوتا ہے اور ہر نام کا خاص مطلب اور خاص ارتھ ہوتا ہے۔ ہمیں پہلے اس بات کو صاف سمجھ لینا چاہئیے کہ اس بھاشا کا بھنڈار کیا ہوگا اور دنیا کی طرف اس کا رُخ کس طرح کا ہوگا، یعنی وہ بھاشا دوسروں سے چھوا چھوت برتنے والی،

अपने ही अन्दर संतुष्ट, औरों से अलग रहने वाली और तंग होगी या इसका ठीक उलटा होगी. मैं समझता हूँ कि हमें सोच समझ कर एक ऐसी भाषा को अपनाना चाहिये, जो पिछले ढंग की हो और जिसमें बढ़ने और फैलने की बहुत बड़ी क्षमता हो. शायद आज कल की और सब भाषाओं से ज़्यादा अंग्रेज़ी भाषा में दूसरों से लेने की ताक़त, लचक और बढ़ने की क्षमता है. इसीलिये भाषा की हैसियत से अंग्रेज़ी का इतना महत्व है. मैं चाहता हूँ कि हमारी कुल हिन्द भाषा का भी दुनिया की तरफ़ यही रुख़ हो.

आज कल भाषा के इस सवाल पर इस देश में जिस तरह सोचा जा रहा है और जिस तरह की बहसें की जा रही हैं उससे मुझे दुख होता है. इन बहसों के पीछे बहुत जानकारी दिखाई नहीं देती और कलचर या संस्कृति तो उससे भी कम दिखाई देती है.

इन बहसों में आने वाले ज़माने का फ़िक्र या उसकी कल्पना तो है ही नहीं. भाषा के सवाल को केवल एक बढ़ी हुई पत्रकारी निगाह से देखा जाता है, और एक ग़लत क़िस्म की राष्ट्रीयता इस चीज़ पर ज़ोर दे रही है कि भाषा को जहाँ तक हो सके, तंग और महदूद दायरे में रक्खा जावे. भाषा को बढ़ाने की जो भी कोशिश की जाय, उसे ग़लत राष्ट्रीयता की निगाह से अराष्ट्रीय और पाप बताया जाता है, हद दर्जे की बनावट या सजावट और लम्बे-लम्बे पेचीदा शब्दों का उपयोग ही भाषा की सुन्दरता समझी जाती है. ओज या गौरव बहुत कम दिखाई देता है. आदमी पर पढ़कर थोथी बनावट और उथलेपन का ही असर पड़ता है. जिस तरह केवल

اپنے ہی اندر سنتشٹ، اوروں سے الگ رہنے والی اور تنگ ہوگی یا اس کا ٹھیک الٹا ہوگی۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں سوچ سمجھ کر ایک ایسی بھاشا کو اپنانا چاہیئے، جو پچھلے ڈھنگ کی ہو اور جس میں بڑھنے اور پھیلنے کی بہت بڑی کشمتا ہو۔ شاید آج کل کی اور سب بھاشاؤں سے زیادہ انگریزی بھاشا میں دوسروں سے لینے کی طاقت، لچک اور بڑھنے کی کشمتا ہے۔ اسی لئے بھاشا کی حیثیت سے انگریزی کا اتنا مہتو ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ ہماری کل ہند بھاشا کا بھی دنیا کی طرف یہی رُخ ہو۔

آج کل بھاشا کے اس سوال پر اس دیش میں جس طرح سوچا جا رہا ہے اور جس طرح کی بحثیں کی جا رہی ہیں اس سے مجھے دُکھ ہوتا ہے۔ ان بحثوں کے پیچھے بہت جانکاری دکھائی نہیں دیتی اور کلچر یا سنسکرتی تو اس سے بھی کم دکھائی دیتی ہے۔

ان بحثوں میں آنے والے زمانے کا فکر یا اس کی کلپنا تو ہے ہی نہیں۔ بھاشا کے سوال کو کیول ایک بڑھی ہوئی پترکاری نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، اور ایک غلط قسم کی راشٹریتا اس چیز پر زور دے رہی ہے کہ بھاشا کو جہاں تک ہو سکے، تنگ اور محدود دائرے میں رکھا جاوے۔ بھاشا کو بڑھانے کی جو بھی کوشش کی جائے، اُسے غلط راشٹریتا کی نگاہ سے اراشٹریہ اور پاپ بتایا جاتا ہے، حد درجے کی بناوٹ یا سجاوٹ اور لمبے لمبے پیچیدہ شبدوں کا اُپیوگ ہی بھاشا کی سندرتا سمجھی جاتی ہے۔ اوج یا گورو بہت کم دکھائی دیتا ہے۔ آدمی پر پڑھ کر تھوتھی بناوٹ اور اتھلے پن کا ہی اثر پڑتا ہے۔ جس طرح کیول

तुकबन्दी का या छन्द और बहरों को जमा कर देने का नाम ही कविता नहीं है, उसी तरह पेचीदा और मुश्किल शब्दों को जमा कर देने का नाम ही भाषा नहीं है. अंग्रेज़ी के खूब जाने बूझे और आम शब्दों का अनुवाद करने की हाल में जो कोशिशें की गई हैं, वह हद दर्जे की हवाई और बेतुकी हैं. अगर यही हाल रहा तो इसमें कोई शक नहीं कि विचारों के प्रकट करने के एक सुन्दर साधन की हम हत्या कर डालेंगे.

(३)

मुझसे कोई पूछे कि हिन्दुस्तान का सबसे बड़ा ख़ज़ाना कौन सा है और इस मुल्क को अपने पुरखों से सबसे बढ़िया विरासत कौन सी मिली है तो मैं बिना संकोच के कहूँगा कि वह ख़ज़ाना संस्कृत भाषा, संस्कृत साहित्य और उसका सारा भंडार है. यह हमारी शानदार पैतृक सम्पत्ति है. जब तक यह सम्पत्ति हमारे पास रहेगी और हमारे राष्ट्र के जीवन पर उसका असर पड़ता रहेगा तब तक इस देश की आत्मा और बुनियादी स्प्रिट बनी रहेगी.

संस्कृत हमारा प्राचीन काल का ख़ज़ाना है. पर ख़ूबी यह है कि उसमें हमारी जीती जागती परंपरा और ज़िन्दा रवायतें भरी हुई हैं, जो एक इतनी प्राचीन भाषा के लिये अचरज की बात है. मैं संस्कृत की पढ़ाई को बढ़ाना और तरक़्क़ी देना चाहता हूँ और चाहता हूँ कि इस भाषा के उस गढ़े हुए साहित्य को, जिसे लोग लग-भग भूल गये हैं खोजने और दुनिया के सामने लाने के लिये विद्वानों को काम में लगाया जाय. हैरानी की बात है कि जब कि हम एक तरफ़ ग़लत क़िस्म की तंग राष्ट्रीयता के नाम पर भाषा के बारे में इतनी ओछी बातें करते हैं दूसरी तरफ़ हम संस्कृत का केवल

تُکبندی کا یا چھند اور بحروں کو جمع کر دینے کا نام ہی کویتا نہیں ہے، اسی طرح پیچیدہ اور مشکل شبدوں کو جمع کر دینے کا نام ہی بھاشا نہیں ہے۔ انگریزی کے خوب جانے بوجھے اور عام شبدوں کا انوواد کرنے کی حال میں جو کوششیں کی گئی ہیں، وہ حد درجے کی ہوائی اور بے تکی ہیں۔ اگر یہی حال رہا تو اس میں کوئی شک نہیں کہ وچاروں کے پرکٹ کرنے کے ایک سندر سادھن کی ہم ہتیا کر ڈالینگے۔

مجھ سے کوئی پوچھے کہ ہندستان کا سب سے بڑا خزانہ کونسا ہے اور اس ملک کو اپنے پُرکھوں سے سب سے بڑھیا وراثت کون سی ملی ہے تو میں بنا سنکوچ کے کہوں گا کہ وہ خزانہ سنسکرت بھاشا، سنسکرت ساہتیہ اور اس کا سارا بھنڈار ہے۔ یہ ہماری شاندار پیترک سمپتی ہے جب تک یہ سمپتی ہمارے پاس رہے گی اور ہمارے راشٹر کے جیون پر اس کا اثر پڑتا رہے گا تب تک اس دیش کی آتما اور بنیادی اسپرٹ بنی رہے گی۔

سنسکرت ہمارا پراچین کال کا خزانہ ہے۔ پر خوبی یہ ہے کہ اس میں ہماری جیتی جاگتی پرمپرا اور زندہ روایتیں بھری ہوئی ہیں، جو ایک اتنی پراچین بھاشا کے لئے اچرج کی بات ہے۔ میں سنسکرت کی پڑھائی کو بڑھانا اور ترقی دینا چاہتا ہوں اور چاہتا ہوں کہ اس بھاشا کے اس گڑے ہوئے ساہتیہ کو، جسے لوگ لگ بھگ بھول گئے ہیں کھوجنے اور دنیا کے سامنے لانے کے لئے ودوانوں کو کام میں لگایا جائے۔ حیرانی کی بات ہے کہ جب کہ ہم ایک طرف غلط قسم کی تنگ راشٹریتا کے نام پر بھاشا کے بارے میں اتنی اوچھی باتیں کرتے ہیں، دوسری طرف ہم سنسکرت کا کیول

जबानी जमा खर्च ही करते हैं, या राजनैतिक ग़रज़ों को पूरा करने के लिये उससे फ़ायदा उठाते हैं. जिस तरह एक भाषा की सेवा होनी चाहिये उस तरह अपनी भाषा की सेवा करने के लिये बहुत कम काम किया जा रहा है.

संस्कृत में या आजकल की हिन्दुस्तानी भाषाओं में रचनात्मक काम बहुत कम हो रहा है. हमारी हालत कुछ कुछ चरनी में बैठे हुए कुत्ते की सी हो गई है. न खुद कुछ करते हैं और न दूसरा कुछ करे तो उसे पसन्द करते हैं. अन्त में भाषा अपनी अच्छाइयों और अपने बल बूते पर ही बढ़ेगी. क़ानूनों या ठहरावों के सहारे नहीं. इसलिये किसी भी भाषा की सच्ची सेवा यही है कि हम उस भाषा की क़दर, क़ीमत, उसकी उपयोगिता और उसकी ताक़त को बढ़ावें.

पर संस्कृत कितनी भी महान भाषा क्यों न हो और हम संस्कृत के पठन पाठन को कितना भी क्यों न बढ़ायें और हमें इसकी पूरी कोशिश भी करनी चाहिये, फिर भी संस्कृत जीवित भाषा नहीं हो सकती. लेकिन इस देश की अधिकतर भाषाओं की बुनियाद संस्कृत है. संस्कृत ही से उनका भंडार भरपूर है और हो भी यही सकता था. इससे हम टल नहीं सकते. पर अब हम यहाँ जबरदस्ती करने से बच सकते हैं. इस तरह की जबरदस्ती करना अच्छा भी नहीं है. इसके नतीजे बहुत खराब हो सकते हैं.

हमारी कई प्रांती भाषाओं को खास कर हिन्दुस्तानी को बढ़ाने में पिछली कई सदियों में फ़ारसी ने बड़े मार्के का हिस्सा लिया है. एक हद तक हमारे सोच विचार के तरीक़ों पर भी फ़ारसी का असर पड़ा है. यह सब हमारी कमाई है. इससे उस हद तक हम माला माल

زبانی جمع خرچ ہی کرتے ہیں، یا راج نیتک غرضوں کو پورا کرنے کے لئے اُس سے فائدہ اُٹھاتے ہیں۔ جس طرح ایک بھاشا کی سیوا ہونی چاہئیے اُس طرح اپنی بھاشا کی سیوا کرنے کے لئے بہت کم کام کیا جا رہا ہے۔

سنسکرت میں یا آج کل کی ہندستانی بھاشاؤں میں رچناتمک کام بہت کم ہو رہا ہے۔ ہماری حالت کچھ کچھ چرنی میں بیٹھے ہوئے کتے کی سی ہو گئی ہے۔ نہ خود کچھ کرتے ہیں اور نہ دوسرا کچھ کرے تو اُسے پسند کرتے ہیں۔ انت میں بھاشا اپنی اچھائیوں اور اپنے بل بوتے پر ہی بڑھے گی۔ قانونوں یا ٹھہراؤں کے سہارے نہیں۔ اس لئے کسی بھی بھاشا کی سچی سیوا یہی ہے کہ ہم اس بھاشا کی قدر، قیمت، اس کی اُپیوگیتا اور اُس کی طاقت کو بڑھاویں۔

پر سنسکرت کتنی ہی مہان بھاشا کیوں نہ ہو اور ہم سنسکرت کے پٹھن پاٹھن کو کتنا ہی کیوں نہ بڑھائیں اور ہمیں اُس کی پوری کوشش بھی کرنی چاہیئے۔ پھر بھی سنسکرت جیوت بھاشا نہیں ہو سکتی لیکن اس دیش کی ادھک تر بھاشاؤں کی بنیاد سنسکرت ہے۔ سنسکرت ہی سے اُن کا بھنڈار بھرپور ہے اور ہو بھی یہی سکتا تھا۔ اس سے ہم ٹل نہیں سکتے۔ پر اب ہم یہاں زبردستی کرنے سے بچ سکتے ہیں۔ اس طرح کی زبردستی کرنا اچھا بھی نہیں ہے۔ اس کے نتیجے بہت خراب ہو سکتے ہیں۔

ہماری کئی پرانتی بھاشاؤں کو خاص کر ہندستانی کو بڑھانے میں پچھلی کئی صدیوں میں فارسی نے بڑے مارکے کا حصہ لیا ہے۔ ایک حد تک ہمارے سوچ وچار کے طریقوں پر بھی فارسی کا اثر پڑا ہے۔ یہ سب ہماری کمائی ہے۔ اس سے اس حد تک ہم مالا مال

ही हुए हैं. याद रखिये कि फ़ारसी जितनी संस्कृत के निकट है उतनी कोई और भाषा नहीं है. यह सच है कि वैदिक संस्कृत और बाद के पुरानों की संस्कृत जितनी एक दूसरे के नज़दीक हैं उससे वैदिक संस्कृत और प्राचीन पहेलवी (पुरानी फ़ारसी) एक दूसरे के ज़्यादा नज़दीक हैं. इसलिये फ़ारसी और संस्कृत का थोड़ा बहुत एक दूसरे पर छा जाना आसान बात है. इससे हमारी भाषा या हमारी नसल की आत्मा को कोई नुक़सान नहीं पहुँचता.

जो भी हो हमारे इतिहास ने और हमारे राष्ट्रीय जीवन के कई सौ बरस ने हमें आजकल का रूप दिया है. मालूम होता है कि इतिहास के इस काम को मिटाने की कोशिश करना शायद निकम्मी और ग़लत बात है. यह समझदारी की बात तो है ही नहीं. कलचर या संस्कृति की निगाह से इतिहास को इस तरह मिटाने और पीछे हटाने की कोशिश का मतलब उस कलचरी सम्पत्ति को खो बैठना होगा जिसके आज हम वारिस हैं. ऐसा करने से हम ज़्यादा ग़रीब और दरिद्र ही बनेंगे. कोशिश करनी चाहिये हमें और अधिक माला माल होने की. हमें उन सब चीज़ों को अपनाना चाहिये जो संस्कृति के भंडार को बढ़ाती हैं. इसलिये जिन चीज़ों को हम अपने में खपा चुके हैं उन्हें निकालने की हर कोशिश हर निगाह से ग़लत है.

अगर हम इन बातों को ध्यान में रक्खें तो इनसे यह नतीजा निकलता है कि जिस कुल हिन्द भाषा को हमें बढ़ाना चाहिये वह लचीली होनी चाहिये, उसे बाहर के शब्दों और मुहावरों का स्वागत करना चाहिये और पिछले सैकड़ों बल्कि हज़ारों बरसों में जितने

لیکن آخر سرکار کا جادو چل ہی گیا اور ایک بار تو اس نے سکھ، ہندو اور مسلمان فرقہ پرستوں کی مدد سے ہندستان کو ایک گہری پٹک دے ہی دی۔ انگریزوں کی خوش قسمتی سے اس وقت سکھ بھائیوں میں بھی فرقہ پرستی ابھری اور ان کے نیتا ماسٹر تارا سنگھ صاحب وغیرہ کھلم کھلا پاکستان کی مانگ کی حمایت کرنے لگے۔ اس وقت ان لوگوں کا نعرہ تھا کہ سکھ اور مسلمانوں کی تہذیب اور تمدن ملتے جلتے ہیں، اس لئے سکھوں کا ساتھ مسلمانوں سے ہی ہو سکتا ہے، ہندوؤں سے نہیں۔ اسی لئے جب سرحد میں ایک سکھ سیٹ خالی ہوئی، تو اس کے چناؤ میں سکھوں کی اس پاکستانی پارٹی نے سردار اجیت سنگھ جی کو کھڑا کیا۔ مزے کی بات یہ ہے کہ ہندو فرقہ پرستوں کے سب سے بڑے نیتا شری ساورکر صاحب نے بھی سردار اجیت سنگھ جی کی ہی حمایت کی اور سردار اجیت سنگھ جی اس چناؤ میں کامیاب ہو گئے۔ اس کے بعد فوراً ہی مسلم لیگ کی منسٹری سرحد میں بن گئی اور سردار اجیت سنگھ جی کو بھی اس منسٹری

में एक जगह दे दी गई. शायद यह पहिला मौक़ा था, जब सरहद में देश की बात नीची हुई थी और यूनियन जैक ने तिरंगे झंडे के ऊपर तरजीह पाई थी. लेकिन सरहद के पठानों पर इसकी ज़िम्मेदारी नहीं थी. फिर भी पठान को इस वक़्त जो धोका दिया गया, उससे उसका दिल दाग़ दाग़ हो गया.

मुस्लिम लीग की यह मिनिस्ट्री मई १९४३ से मार्च १९४५ तक रही और इसने उस ज़माने में जिस तरह का काम किया, वह सिर्फ़ इसी बात से जांचा जा सकता है कि जब अगले चुनाव हुए तो न तो इस मिनिस्ट्री के वज़ीरे आज़म औरंगज़ेब ख़ाँ साहब का कहीं पता था और सरदार अजीतसिंह खड़े तो हुए, लेकिन सिख हल्क़े से भी उनको बुरी तरह हारना पड़ा. लीग मिनिस्ट्री के ज़माने में जनता समझ चुकी थी कि मास्टर तारासिंह या सावरकर साहब कुछ भी कहें, लेकिन हीरा कौन सा है और कांच कौन सा है.

सन् १९४२ की लड़ाई में

इसी बीच सन् १९४२ की लड़ाई भी हुई. पूरे देश में इस वक़्त हिंसा की आग उभर पड़ी और कुछ लोगों को छोड़ कर बाक़ी कांग्रेसी या तो हिंसा भरे आन्दोलन में पड़ गये और या अहिंसा की आड़ लेकर आराम से घर में बैठे रहे. लेकिन सरहद के पठानों ने न तो हिंसा को अपनाया और न आज़ादी की लड़ाई से ही मुँह मोड़ा. उन्होंने ठीक कांग्रेस के उसूलों पर शराब की दूकानों पर पिकेटिंग किया, सरकारी इमारतों पर झंडा फहराने की कोशिश की और तरह तरह से अपने को आज़ाद

میں ایک جگہ دے دی گئی۔ شاید یہ پہلا موقع تھا جب سرحد میں دیش کی بات نیچی ہوئی تھی اور یونین جیک نے ترنگے جھنڈے کے اوپر ترجیح پائی تھی۔ لیکن سرحد کے پٹھانوں پر اس کی ذمہ داری نہیں تھی۔ پھر بھی پٹھان کو اس وقت جو دھوکا دیا، اس سے اس کا دل داغ داغ ہو گیا۔

مسلم لیگ کی یہ منسٹری مئی ۱۹۴۳ سے مارچ ۱۹۴۵ تک رہی اور اس نے اس زمانے میں جس طرح کا کام کیا، وہ صرف اسی بات سے جانچا جا سکتا ہے کہ جب اگلے چناؤ ہوئے تو نہ تو اس منسٹری کے وزیر اعظم اورنگ زیب خاں صاحب کا کہیں پتہ تھا اور سردار اجیت سنگھ کھڑے تو ہوئے، لیکن سکھ حلقے سے بھی ان کو بری طرح ہارنا پڑا۔ لیگ منسٹری کے زمانے میں جنتا سمجھ چکی تھی کہ ماسٹر تارا سنگھ یا ساورکر صاحب کچھ بھی کہیں، لیکن ہیرا کون سا ہے اور کانچ کون سا ہے۔

۱۹۴۲ء کی لڑائی میں

اسی بیچ ۱۹۴۲ء کی لڑائی بھی ہوئی۔ پورے دیش میں اس وقت ہنسا کی آگ ابھر پڑی اور کچھ لوگوں کو چھوڑ کر باقی کانگریسی یا تو ہنسا بھرے آندولن میں پڑ گئے اور یا اہنسا کی آڑ لے کر آرام سے گھر میں بیٹھے رہے۔ لیکن سرحد کے پٹھانوں نے نہ تو ہنسا کو اپنایا اور نہ آزادی کی لڑائی سے ہی منہ موڑا۔ انھوں نے ٹھیک کانگریس کے اصولوں پر شراب کی دکانوں پر پکٹنگ کیا، سرکاری عمارتوں پر جھنڈا پھہرانے کی کوشش کی اور طرح طرح سے اپنے کو آزاد

ऐलान करने की कोशिश की. इसके जवाब में सरकार की तरफ़ से उन पर तरह तरह के ज़ुल्म किये गये. एक सरकारी रिपोर्ट के मुताबिक़ सन् १९४२ में सरहद्दी सूबे में २५५८ आदमी गिरफ़्तार किये गये. हालाँकि सरकार यह फ़ैसला कर चुकी थी कि इस बार वह सरहद में गिरफ़्तारियाँ नहीं करेगी. लाठियां तो अँधाधुन्ध चलाई गईं, जिसमें क़रीब एक हज़ार आदमी सख़्त घायल हुए. एक जगह गोली भी चलाई गई और बादशाह ख़ान को गिरफ़्तार करने के बाद इस बुरी तरह से कार में पटका गया कि उनकी पसलियाँ तक टूट गईं. इस तरह उस लड़ाई में भी पठानों ने अपना झंडा ऊँचा ही रक्खा.

पाकिस्तान की मुख़ालफ़त

सन् १९४२ के बाद सरहद में सबसे बड़ी चहल पहल सन् १९४५ के चुनावों के वक़्त हुई. इन चुनावों में कांग्रेस और मुस्लिम लीग का सीधा मुक़ाबला था और पाकिस्तान के नारे पर यह चुनाव लड़े जा रहे थे. इससे पहले सैन्ट्रल ऐसेम्बली का जो चुनाव हुआ था, उसके लिये तो मुस्लिम लीग ने इस बहाने से अपना उम्मीदवार ही खड़ा नहीं किया था कि चूँकि उस सीट का चुनाव हिन्दू मुसलमान मिल कर करते हैं और लीग मिले-जुले चुनावों के ख़िलाफ़ है, इस लिये लीग का कोई उम्मीदवार इस चुनाव को नहीं लड़ेगा. फिर भी कांग्रेस के मुक़ाबले में जो उम्मीदवार खड़े हुए, उनमें से एक को लीग की पूरी मदद मिली. लेकिन कामयाबी कांग्रेसी उम्मीदवार ख़ान अब्दुल ग़नी ख़ाँ को ही हुई, जो ख़ान बादशाह के सबसे बड़े साहबज़ादे हैं.

اعلان کرنے کی کوشش کی۔ اس کے جواب میں سرکار کی طرف سے اُن پر طرح طرح کے ظلم کئے گئے۔ ایک سرکاری رپورٹ کے مطابق ۱۹۴۲ء میں سرحدی صوبے میں ۲۵۵۸ آدمی گرفتار کئے گئے۔ حالانکہ سرکار یہ فیصلہ کر چکی تھی کہ اس بار وہ سرحد میں گرفتاریاں نہیں کرے گی۔ لاٹھیاں تو اندھادھند چلائی گئیں، جس میں قریب ایک ہزار آدمی سخت گھائل ہوئے۔ ایک جگہ گولی بھی چلائی گئی اور بادشاہ خان کو گرفتار کرنے کے بعد اس بُری طرح سے کار میں پٹکا گیا کہ اُن کی پسلیاں تک ٹوٹ گئیں۔ اس طرح اس لڑائی میں بھی پٹھانوں نے اپنا جھنڈا اُونچا ہی رکھا۔

پاکستان کی مخالفت

۱۹۴۲ء کے بعد سرحد میں سب سے بڑی چہل پہل ۱۹۴۵ء کے چناؤں کے وقت ہوئی۔ ان چناؤں میں کانگریس اور مسلم لیگ کا سیدھا مقابلہ تھا اور پاکستان کے نعرے پر یہ چناؤ لڑے جا رہے تھے۔ اس سے پہلے سنٹرل اسمبلی کا جو چناؤ ہوا تھا، اس کے لئے تو مسلم لیگ نے اس بہانے سے اپنا امیدوار ہی کھڑا نہیں کیا تھا کہ چونکہ اس سیٹ کا چناؤ ہندو مسلمان مل کر کرتے ہیں اور لیگ ملے جلے چناؤں کے خلاف ہے، اس لئے لیگ کا کوئی امیدوار اس چناؤ کو نہیں لڑے گا۔ پھر بھی کانگریس کے مقابلے میں جو امیدوار کھڑے ہوئے، اُن میں سے ایک کو لیگ کی پوری مدد ملی۔ لیکن کامیابی کانگریسی امیدوار خان عبدالغنی خاں کو ہی ہوئی، جو خان بادشاہ کے سب سے بڑے صاحبزادے ہیں۔

इसके बाद सूबे की ऐसेम्बली का चुनाव हुआ. हजारों मुस्लिम लीगी बढ़कर इस चुनाव को लड़ने के लिये सरहदी सूबे पर छा गये. सरकार की पूरी ताक़त तो लीग को मिली ही हुई थी. 'इस्लाम खतरे में है' का नारा खूब जोरों से लगाया जा रहा था. पूरे देशभर में सैन्ट्रल ऐसेम्बली के चुनाव में मुस्लिम सीटों पर कॉंग्रेसी उम्मीदवारों को जो गहरी शिकस्त मुस्लिम लीग ने दी थी, उससे लीगवालों का दिल बढ़ा हुआ था और वह किसी तरह से भी सरहद की इस मुहिम को भी जीत लेने के लिये तुले हुए थे, जिसकी वजह से हमेशा उनको परेशानी रहती थी. लेकिन पठानों ने एक बार फिर अपनी देश भक्ती का सबूत दिया और सन् १९३६ में जहाँ कांग्रेस को ३८ मुसलमान सीटों में से सिर्फ़ १५ सीटें मिली थीं, वहाँ इस बार ३८ मुस्लिम सीटों में से १९ मुस्लिम सीटें कॉंग्रेस को मिलीं. अंग्रेज अफसर और मुस्लिम लीगी दोनों के चेहरे फ़क़ थे कि यह हो क्या रहा है.

इस तरह सरहदी पठानों ने हमेशा फ़िरक़ापरस्ती पर देशभक्ती को ही तरजीह दी और कांग्रेस के साथ आख़ीर दम तक वफ़ादारी निभाई. इसीलिये शिमला कानफ़रेन्स में जब मि० जिन्ना ने यह कहा, कि कांग्रेस के साथ हिन्दुस्तान के मुसलमान तो हैं ही नहीं, उस वक़्त डा० खान साहब ने अपनी जगह पर खड़े होकर और उनसे यह पूछ कर कि आप मुझे मुसलमान मानते हैं या नहीं, मि० जिन्ना की ज़बान बन्द कर दी थी. यह याद रखना चाहिये कि उस वक़्त जो बात मि० जिन्ना कहते थे, वही बात मास्टर तारासिंह, डा० अम्बेडकर और आदिवासियों के नेता भी

اس کے بعد صوبے کی اسمبلی کا چناؤ ہوا۔ ہزاروں مسلم لیگی ورکر اس چناؤ کو لڑنے کے لئے سرحدی صوبے پر چھا گئے۔ سرکار کی پوری طاقت تو لیگ کو ملی ہی ہوئی تھی۔ "اسلام خطرے میں ہے" کا نعرہ خوب زوروں سے لگایا جا رہا تھا۔ پورے دیش بھر میں سنٹرل اسمبلی کے چناؤ میں مسلم سیٹوں پر کانگریسی امیدواروں کو جو گہری شکست مسلم لیگ نے دی تھی، اس سے لیگ والوں کا دل بڑھا ہوا تھا اور وہ کسی طرح سے بھی سرحد کی اس مہم کو بھی جیت لینے کے لئے تلے ہوئے تھے، جس کی وجہ سے ہمیشہ اُن کو پریشانی رہتی تھی۔ لیکن پٹھانوں نے ایک بار پھر اپنی دیش بھکتی کا ثبوت دیا اور ۱۹۳۶ء میں جہاں کانگریس کو ۳۸ مسلمان سیٹوں میں سے صرف ۱۵ سیٹیں ملی تھیں، وہاں اس بار ۳۸ مسلم سیٹوں میں سے ۱۹ مسلم سیٹیں کانگریس کو ملیں۔ انگریز افسر اور مسلم لیگی دونوں کے چہرے فق تھے کہ یہ ہو کیا رہا ہے۔

اس طرح سرحدی پٹھانوں نے ہمیشہ فرقہ پرستی پر دیش بھکتی کو ہی ترجیح دی اور کانگریس کے ساتھ آخیر دم تک وفاداری نبھائی۔ اسی لئے شملہ کانفرنس میں جب مسٹر جناح نے یہ کہا کہ کانگریس کے ساتھ ہندوستان کے مسلمان تو ہیں ہی نہیں، اس وقت ڈاکٹر خان صاحب نے اپنی جگہ پر کھڑے ہو کر اور اُن سے یہ پوچھ کر کہ آپ مجھے مسلمان مانتے ہیں یا نہیں، مسٹر جناح کی زبان بند کر دی تھی۔ یہ یاد رکھنا چاہئے کہ اُس وقت جو بات مسٹر جناح کہتے تھے، وہی بات ماسٹر تارا سنگھ، ڈاکٹر امبیدکر اور آدی باسیوں کے نیتا بھی

कहते थे. यह सब खुले लफ़्ज़ों में पाकिस्तान की हिमायत कर रहे थे. पर आज वह सब देशभक्त हो गये हैं और तमाम मुसलमान, जिन्होंने तरह तरह की तकलीफ़ें सहकर भी पाकिस्तान के ख़िलाफ़ वोट दिये और पाकिस्तान बन जाने पर भी जिनके लीडरों ने आसाम और दूसरी दूसरी जगह आकर हिन्दुस्तान की हिमायत में मार खाई व तकलीफ़ें सहीं, आज हम उन्हें ग़द्दार कहते नहीं शर्माते. शायद उनकी देशभक्ती का हमारे पास यही बदला था.

पाकिस्तान बन जाने पर भी

इन चुनावों के बाद सरहद में फिर कॉंग्रेस की वज़ारत बनी और डा० ख़ान साहब उसके सबसे बड़े वज़ीर बने. इधर बाक़ी हिन्दुस्तान में दिनों दिन लीग का ज़ोर बढ़ता गया और कलकत्ता, नोआखाली और फिर बिहार की ज़मीन बेगुनाहों के ख़ून से सींची गई. 'लीग' के नेताओं ने इससे फ़ायदा उठाया और बिहार से क़ुरान शरीफ़ के फटे हुए पन्ने और मासूम बच्चों की खोपड़ियाँ लेकर वह सरहद भर में घूमे और पठानों को दिखाते फिरे कि जिस कॉंग्रेस के लिये तुम अभी तक इतनी क़ुरबानियाँ करते रहे हो, उसके राज में ही देखो, यह क्या हो रहा है. इसी ज़माने में सरहद के एक शहर में एक हिन्दू लड़की का विवाह मुसलमान के साथ हुआ. लड़की नबालिग़ थी, इसलिये डा० ख़ान साहब ने उस विवाह को नाजायज़ क़रार दे दिया और लड़की हिन्दुओं को वापस कर दी गई. इस पर लीग की तरफ़ से कॉंग्रेसी मिनिस्ट्री के ख़िलाफ़ 'सीधी लड़ाई' का ऐलान किया गया. लेकिन उसका शिकार सरहद के

کہتے تھے۔ یہ سب کھلے لفظوں میں پاکستان کی حمایت کر رہے تھے۔ پر آج وہ سب دیش بھکت ہو گئے ہیں اور تمام مسلمان، جنہوں نے طرح طرح کی تکلیفیں سہہ کر بھی پاکستان کے خلاف ووٹ دیئے اور پاکستان بن جانے پر بھی جنکے لیڈروں نے آسام اور دوسری دوسری جگہ جاکر ہندوستان کی حمایت میں مار کھائی و تکلیفیں سہیں، آج ہم انہیں غدار کہتے نہیں شرماتے۔ شاید ان کی دیش بھکتی کا ہمارے پاس یہی بدلہ تھا۔

پاکستان بن جانے پر بھی

ان چناؤں کے بعد سرحد میں پھر کانگریس کی وزارت بنی اور ڈاکٹر خان صاحب اس کے سب سے بڑے وزیر بنے۔ ادھر باقی ہندستان میں دنوں دن لیگ کا زور بڑھتا گیا اور کلکتہ، نواکھالی اور پھر بہار کی زمین بے گناہوں کے خون سے سینچی گئی۔ 'لیگ' کے نیتاؤں نے اس سے فائدہ اٹھایا اور بہار سے قرآن شریف کے پھٹے ہوئے پنے اور معصوم بچوں کی کھوپڑیاں لے کر وہ سرحد بھر میں گھومے اور پٹھانوں کو دکھاتے پھرے کہ جس کانگریس کے لئے تم ابھی تک اتنی قربانیاں کرتے رہے ہو، اس کے راج میں ہی دیکھو، یہ کیا ہو رہا ہے۔ اسی زمانے میں سرحد کے ایک شہر میں ایک ہندو لڑکی کا وواہ مسلمان کے ساتھ ہوا۔ لڑکی نابالغ تھی، اس لئے ڈاکٹر خان صاحب نے اس وواہ کو ناجائز قرار دے دیا اور لڑکی ہندوؤں کو واپس کر دی گئی۔ اس پر لیگ کی طرف سے کانگریسی منسٹری کے خلاف "سیدھی لڑائی" کا اعلان کیا گیا۔ لیکن اس کا شکار سرحد کے

हिन्दू और सिख बनाये गये. इस वक़्त सरहद के कांग्रेसी पठानों ने किस तरह अपने हिन्दू सिख भाइयों की मदद की. इसका अन्दाज़ा तो तब ही लग सकता है, जब आप उधर से आये हुए किसी ईमानदार हिन्दू या सिख से बात करें. एक बार पेशावर में दस हज़ार ख़ुदाई ख़िदमतगारों ने कई दिन तक हिन्दू और सिक्खों के मकानों पर पहरा दिया. इसके अलावा ख़ान अब्दुल ग़नी ख़ाँ साहब ने तो 'ज़िलमे पख़्तून' के नाम से एक फ़ौजी संगठन ही इस लिये किया था, जिससे कि थोड़ी तादाद वाली जातियों की हिफ़ाज़त की जा सके. यही वजह थी कि सरहद में हालाँ कि हिन्दू और सिख सिर्फ़ ४-५ फ़ीसदी थे, लेकिन वह पंजाब के बजाय सरहद में ज़्यादा हिफ़ाज़त से रहे.

इसी ज़माने में सरहद में इस बात पर वोट लिये गये कि सरहदी सूबा हिन्दुस्तान में शरीक होना चाहिये या पाकिस्तान में. उस वक़्त तक कांग्रेस पाकिस्तान पर अपनी मंज़ूरी दे चुकी थी, इस लिये सरहद के हिन्दुस्तान में शरीक होने का तो कोई मतलब ही नहीं था. इस मौक़े पर ख़ुदाई ख़िदमतगारों ने आज़ाद पठानिस्तान का नारा दिया, लेकिन अंग्रेज़ सरकार ने इस बात को मानने से इन्कार कर दिया. और ख़ान बादशाह उस समय बिहार में बापू के साथ दौरा कर रहे थे. एक बार उन्होंने वोटिंग में न शामिल होने का कारन पूछने पर बताया था कि अगर मैं अपने आदमियों को वोटिंग में हिस्सा लेने के लिये कहूँ तो लीग के बहकावे में आई हुई जनता वहाँ फ़िरक़ावाराना दंगे शुरू कर देगी और अगरचे हम वहाँ लीग से कमज़ोर नहीं हैं पर मुझे डर

ہندو اور سکھ بنائے گئے۔ اس وقت سرحد کے کانگریسی پٹھانوں نے کس طرح اپنے ہندو سکھ بھائیوں کی مدد کی۔ اس کا اندازہ تو تب ہی لگ سکتا ہے، جب آپ ادھر سے آئے ہوئے کسی ایماندار ہندو یا سکھ سے بات کریں۔ ایک بار پشاور میں دس ہزار خدائی خدمت گاروں نے کئی دن تک ہندو اور سکھوں کے مکانوں پر پہرہ دیا۔ اس کے علاوہ خان عبدالغنی خاں صاحب نے تو 'ظلم پختون' کے نام سے ایک فوجی سنگٹھن ہی اس لئے کیا تھا، جس سے کہ تھوڑی تعداد والی جاتیوں کی حفاظت کی جا سکے۔ یہی وجہ تھی کہ سرحد میں حالانکہ ہندو اور سکھ صرف ۴-۵ فی صدی تھے، لیکن وہ پنجاب کے بجائے سرحد میں زیادہ حفاظت سے رہے۔

اسی زمانے میں سرحد میں اس بات پر ووٹ لئے گئے کہ سرحدی صوبہ ہندستان میں شریک ہونا چاہیئے یا پاکستان میں۔ اس وقت تک کانگریس پاکستان پر اپنی منظوری دے چکی تھی، اس لئے سرحد کے ہندستان میں شریک ہونے کا تو کوئی مطلب ہی نہیں تھا۔ اس موقع پر خدائی خدمتگاروں نے آزاد پٹھانستان کا نعرہ دیا، لیکن انگریز سرکار نے اس بات کے ماننے سے انکار کر دیا۔ اور خان بادشاہ اس سمے بہار میں باپو کے ساتھ دورہ کر رہے تھے۔ ایک بار انھوں نے ووٹنگ میں نہ شامل ہونے کا کارن پوچھنے پر بتایا تھا کہ اگر میں اپنے آدمیوں کو ووٹنگ میں حصہ لینے کے لئے کہوں تو لیگ کے بہکاوے میں آئی ہوئی جنتا وہاں فرقہ وارانہ دنگے شروع کر دے گی اور اگرچہ ہم وہاں لیگ سے کمزور نہیں ہیں پر مجھے ڈر

है कि सरहद की हिन्दू सिख जनता को बहुत नुक़्सान पहुँचेगा. इस तरह .ख़ुदाई ख़िदमतगारों के हिस्सा न लेने से लीग को कामयाबी हासिल हो गई और सरहद पाकिस्तान में शरीक कर लिया गया.

पाकिस्तान में शरीक होने के बाद 'लीग' की तरफ़ से बादशाह ख़ान पर यह जोर डाला गया कि वह भी 'लीग' में शरीक हो जायँ और इसके बदले में उनके सामने ऊँचा से ऊँचा ओहदा पेश किया गया. .ख़ुद मि० जिन्ना ने उनसे इसके लिये बार-बार इसरार किया, लेकिन अहिंसा का यह देवता अपने उसूलों पर अटल रहा. उसने और उसके हजारों साथियों ने हिन्दू और सिक्खों की सेवा में दिन-रात एक कर दिया. जो हिन्दू सिक्ख वहाँ से आये, उनकी हिफ़ाजत के साथ अपनी हद से बाहर तक पहुँचा देना, उनकी छोड़ी हुई जायदाद की हिफ़ाजत करना, उनकी बहिन बेटियों की आबरू की हिफ़ाजत करना और उनके पास खाने पीने का सामान पहुँचाते रहने का काम .ख़ुदाई ख़िदमतगारों ने इस .ख़ूबी से किया कि उसकी कोई दूसरी मिसाल नहीं मिल सकती. शायद उसी का यह असर है कि सरहद से जो हिन्दू .ख़ुदाई ख़िदमतगार हिन्दुस्तान में आये हैं, वह बड़ी सच्चाई के साथ मुसलमानों को फिर से बसाने के काम में जुटे हुए हैं और उन्होंने मुसीबत ज़दा मुसलमानों की दिल खोलकर ख़िदमत की है. इस तरह इस जमाने में भी एकता का सच्चा सबक़ हमको सरहदी पठानों ने ही सिखाया है.

ख़ान बादशाह और उनके साथी आज भी अपनी इस बात पर अडिग हैं कि वह हिन्दू मुसलमानों को दो क़ौम नहीं मानते और एक ही देश के वासी मानते हैं. उनके इस उसूल से पाकि--

ہے کہ سرحد کی ہندو سکھ جنتا کو بہت نقصان پہنچے گا۔ اس طرح خدائی خدمت گاروں کے حصّہ نہ لینے سے لیگ کو کامیابی حاصل ہوگئی اور سرحد پاکستان میں شریک کر لیا گیا۔

پاکستان میں شریک ہونے کے بعد 'لیگ' کی طرف سے بادشاہ خان پر یہ زور ڈالا گیا کہ وہ بھی 'لیگ' میں شریک ہو جائیں اور اس کے بدلے میں ان کے سامنے اونچے سے اونچا عہدہ پیش کیا گیا۔ خود مسٹر جناح نے اُن سے اس کے لئے بار بار اصرار کیا، لیکن اہنسا کا یہ دیوتا اپنے اصولوں پر اٹل رہا۔ اس نے اور اس کے ہزاروں ساتھیوں نے ہندو اور سکھوں کی سیوا میں دن رات ایک کر دیا۔ جو ہندو سکھ وہاں سے آئے، اُن کو حفاظت کے ساتھ اپنی حد سے باہر تک پہنچا دینا، اُن کی چھوڑی ہوئی جائداد کی حفاظت کرنا، اُن کی بہن بیٹیوں کی آبرو کی حفاظت کرنا اور ان کے پاس کھانے پینے کا سامان پہنچاتے رہنے کا کام خدائی خدمت گاروں نے اس خوبی سے کیا کہ اس کی کوئی دوسری مثال نہیں مل سکتی۔ شاید اسی کا یہ اثر ہے کہ سرحد سے جو ہندو خدائی خدمت گار ہندستان میں آئے ہیں، وہ بڑی سچائی کے ساتھ مسلمانوں کو پھر سے بسانے کے کام میں جٹے ہوئے ہیں اور انھوں نے مصیبت زدہ مسلمانوں کی دل کھول کر خدمت کی ہے۔ اس طرح اس زمانے میں بھی ایکتا کا سچا سبق ہم کو سرحدی پٹھانوں نے ہی سکھایا ہے۔

خان بادشاہ اور ان کے ساتھی آج بھی اپنی اس بات پر اٹل ہیں کہ وہ ہندو مسلمانوں کو دو قوم نہیں مانتے اور ایک ہی دیش کے واسی مانتے ہیں۔ اُن کے اس اصول سے پاکستان

की मौजूदा लीगी सरकार बहुत नाराज़ है और उसी के नतीजे में आज खान बादशाह का पूरा खानदान जेल में है. उनकी लाखों रुपये की जायदाद ज़ब्त कर ली गई है और उनके सैकड़ों साथी गोलियों से भून दिये गये हैं. सरहद की जेलें आज खुदाई खिदमतगारों से भरी हुई हैं और बहुत से देशभक्त पठान काबुल व क़बाइली इलाक़े में जलावतनी की ज़िन्दगी गुज़ार रहे हैं. भला कौन ऐसा है जो उनकी इस क़ुरबानी के आगे सर न झुकाये.

इस तरह तमाम हिन्दुस्तान में आज़ादी की लड़ाई ख़त्म हो चुकी है और उसके साथ ही आज़ादी के सिपाहियों की मुसीबतें भी ख़त्म हो चुकी हैं. अब उनके राज करने के दिन आये हैं, लेकिन सरहद के कांग्रेसी पठान भाइयों को आज भी एक कड़ी जद्दो-जेहद से गुज़रना पड़ रहा है और अपनी सचाई के लिये उनको वह तकलीफ़ें उठानी पड़ रही हैं, जो शायद उनको ब्रिटिश हुकूमत में भी नहीं मिलीं. एक लड़ाई में जीतने के बाद उन्हें दूसरी लड़ाई शुरू करनी पड़ रही है. और कौन कह सकता है कि वह आज न सही तो एक दिन ज़रूर अपनों पर भी अपनी सच्चाई का वैसा ही असर डाल देंगे जैसा उन्होंने ग़ैरों पर डाला था.

کی موجودہ لیگی سرکار بہت ناراض ہے اور اسی کے نتیجے میں آج خان بادشاہ کا پورا خاندان جیل میں ہے۔ ان کی لاکھوں روپئے کی جائداد ضبط کرلی گئی ہے اور ان کے سیکڑوں ساتھی گولیوں سے بھون دئے گئے ہیں۔ سرحد کی جیلیں آج خدائی خدمت گاروں سے بھری ہوئی ہیں اور بہت سے دیش بھکت پٹھان کابل و قبائلی علاقے میں جلاوطنی کی زندگی گذار رہے ہیں۔ بھلا کون ایسا ہے جو ان کی اس قربانی کے آگے سر نہ جھکائے۔

اس طرح تمام ہندستان میں آزادی کی لڑائی ختم ہوچکی ہے اور اس کے ساتھ ہی آزادی کے سپاہیوں کی مصیبتیں بھی ختم ہوچکی ہیں۔ اب ان کے راج کرنے کے دن آئے ہیں، لیکن سرحد کے کانگریسی پٹھان بھائیوں کو آج بھی ایک کڑی جدوجہد سے گذرنا پڑ رہا ہے اور اپنی سچائی کے لئے ان کو وہ تکلیفیں اٹھانی پڑ رہی ہیں، جو شاید ان کو برٹش حکومت میں بھی نہیں ملیں۔ ایک لڑائی میں جیتنے کے بعد انھیں دوسری لڑائی شروع کرنی پڑ رہی ہے۔ اور کون کہہ سکتا ہے کہ وہ آج نہ سہی تو ایک دن ضرور اپنوں پر بھی اپنی سچائی کا ویسا ہی اثر ڈال دیں گے جیسا انھوں نے غیروں پر ڈالا تھا۔

अज़ीज़न

(एक ऐतिहासिक एकांकी)

(सेठ गोविन्द दास)

मुख्य पात्र

अज़ीज़न—एक गणिका

उस्ताद जी—उसका गुरु

मुन्शी जी—उसका कारिन्दा

स्थान—कानपुर

उपक्रम

स्थान—अज़ीज़न के मकान का बैठकखाना

समय—सन् १८५६ की एक रात

[बैठकखाना किसी भी राजा या नवाब के बैठकखाने से कम नहीं दिखता. दिवालों और छत पर सुन्दर चित्रकारी है और जगह-जगह पर बड़े-बड़े शीशे लगे हुए हैं. दरवाज़े यद्यपि उस ज़माने के दरवाज़ों के समान छोटे-छोटे हैं, लेकिन उनकी चौखटों और किवाड़ों पर खुदाव का काम होने के कारण बहुत खूब सूरत दिखाई पड़ते हैं. दरवाज़ों पर कमख्वाब के महराबदार परदे पड़े हुए हैं, जो दरवाज़ों के दोनों ओर कलाबत्तू की मोटी-मोटी डोरियों से बँधे गये हैं. छत से काँच के झाड़ लटक रहे हैं, जिनके हर एक फ़ानूस में मोमबत्ती जल रही है. इन सैकड़ों मोमबत्तियों की वजह

एकांकी = एक ऐक्ट. गणिका = गाने वाली तवायफ़. उपक्रम = तमहीद.

عزیزن

(ایک اتہاسک ایکانکی)

(سیٹھ گووند داس)

(مکھ پاتر)

عزیزن - ایک گنیکا

استاد جی - اس کا گرو

منشی جی - اس کا کارندہ

استھان - کانپور

اپکرم

استھان - عزیزن کے مکان کا بیٹھک خانہ

سمے - ۱۸۵۶ کی ایک رات

[بیٹھک خانہ کسی بھی راجا یا نواب کے بیٹھک خانے سے کم نہیں دکھتا۔ دیواروں اور چھت پر سندر چترکاری ہے اور جگہ جگہ پر بڑے بڑے شیشے لگے ہوئے ہیں۔ دروازے یدیپی اس زمانے کے دروازوں کے سمان چھوٹے چھوٹے ہیں، لیکن ان کی چوکھٹوں اور کواڑوں پر کھداؤ کا کام ہونے کے کارن بہت خوب صورت دکھائی پڑتے ہیں۔ دروازوں پر کمخواب کے محراب دار پردے پڑے ہوئے ہیں، جو دروازوں کے دونوں اور کلابتو کی موٹی موٹی ڈوریوں سے باندھے گئے ہیں۔ چھت سے کانچ کے جھاڑ لٹک رہے ہیں، جن کے ہر ایک فانوس میں موم بتی جل رہی ہے۔ ان سیکڑوں موم بتیوں کی وجہ

ایکانکی = ایک ایکٹ۔ گنیکا = گانے والی طوائف۔ اپکرم = تمہید
یدیپی = حالانکہ۔

के कमरे में अच्छी रोशनी फैली हुई है. कमरे की ज़मीन पर मोटा रंगीन क़ालीन है और इस पर बहुत बड़ी गद्दी तथा गद्दी पर कई मसनद हैं. गद्दी और मसनद कमख़ाब के हैं. इन पर सफ़ेद ढाके की मलमल की चादर और खोलियाँ हैं, जिनसे इनके अन्दर का कमख़ाब चमक रहा है. गद्दी के सामने चाँदी की चौकियों पर सोने के पान-दान, गुलाब पाश, हुक़्क़ा, पीकदान इत्यादि रखे हैं. कमरे में अकेली अज़ीज़न इधर उधर घूमती हुई गा रही है. अज़ीज़न की उम्र २३,२४ वर्ष के क़रीब जान पड़ती है. वह गोरे रंग की कुछ ऊँची ढले हुए से शरीर की अत्यन्त सुन्दर स्त्री है. मूल्यवान कमख़ाब का पेशवाज़ पहने हुए है. उसके अंग प्रत्यंगों में बेश क़ीमती जड़ाऊ ज़ेवर हैं. रोशनी के सबब इन आभूषणों के नगीनों में से किरण सी निकल रही है.]

गान

कोई मुझे सताये क्यों ?
  कोई मुझे रुलाये क्यों ?
मैंने किसी का क्या किया,
  कोई मुझे दुखाये क्यों ?
मेरी जवान ज़िन्दगी,
  मेरी जवान हसरतें ?
मेरे हसीन ख़्वाब को,
  ठोकर कोई लगाई क्यों ?

इत्यादि = वग़ैरा. आभूषण = ज़ेवर.

سے کمرے میں اچھی روشنی پھیلی ہوئی ہے۔ کمرے کی زمین پر موٹا رنگین قالین ہے اور اس پر بہت بڑی گدی تھا گدی پر کئی مسند ہیں۔ گدی اور مسند کمخواب کے ہیں۔ ان پر سفید ڈھاکے کی ململ کی چادر اور کھولیاں ہیں، جن سے ان کے اندر کا کمخواب چمک رہا ہے۔ گدی کے سامنے چاندی کی چوکیوں پر سونے کے پاندان، گلاب پاش، حقہ، پیکدان اتیادی رکھے ہیں۔ کمرے میں اکیلی عزیزن ادھر ادھر گھومتی ہوئی گا رہی ہے۔ عزیزن کی عمر ۲۳، ۲۴ ورش کے قریب جان پڑتی ہے۔ وہ گورے رنگ کی کچھ اونچی ڈھلے ہوئے سے شریر کی اتینت سندر استری ہے۔ مولیوان کمخواب کا پیشواز پہنے ہوئے ہے۔ اس کے انگ پر تینگوں میں بیش قیمتی جڑاؤ زیور ہیں۔ روشنی کے سبب ان آبھوشنوں کے نگینوں میں سے کرن سی نکل رہی ہے۔]

گان

کوئی مجھے ستائے کیوں ؟
  کوئی مجھے رلائے کیوں ؟
میں نے کسی کا کیا کیا ،
  کوئی مجھے دکھائے کیوں ؟
میری جوان زندگی ،
  میری جوان حسرتیں !
میرے حسین خواب کو ،
  ٹھوکر کوئی لگائے کیوں ؟

اتیادی = وغیرہ۔ آبھوشن = زیور

मेरी ख़ुशी का बाग़ अब,
फूला फला गमक रहा,
उससे जले कोई, मगर,
कोई उसे जलाये क्यों?
(श्री कृष्ण दास)

[गाना पूरा होते होते अज़ीज़न एक शीशे के सामने जाकर खड़ी हो जाती है. कुछ देर निस्तब्धता.]

अज़ीज़न—(शीशे में अपने को देखते हुए अपने को ही संबोधन कर) तो........तो आज........आज तू चौबीस साल की होकर पच्चीसवें साल में क़दम रख रही है. लेकिन.........लेकिन दर असल दुनिया में आई थी क़रीब पच्चीस साल पहले. दस महीने माँ के पेट में रही और फिर इतने सालों से बाहर. (कुछ रुक कर) किसकी मेहरबानी से माँ के पेट में आई?.....पता नहीं...न इस सवाल का कोई जवाब मिला और.........और न कभी मिल सकता.........फिर.........फिर भी हर वक़्त यही सवाल दिल में उठा करता है,....एक ख़ास तरह की तड़प के साथ उठा करता है,.........और.........और शायद हमेशा इसी...हाँ इसी तरह उठा करेगा.....किस.....किस तवायफ़ की लड़की के बाप का ठीक पता रहता है? और किस माँ को पता रहता है,.........वह.....वह भी तवायफ़...किसी फ़ख़्र की चीज़ नहीं. (कुछ रुक कर) लेकिन.........लेकिन, अज़ीज़न, इस ख़ूबसूरती (चारों तरफ़ देख कर फिर शीशे में देखते हुए) इस शानो शौकत से ज़्यादा फ़ख़्र की दुनिया में और कोई चीज़ है भी?...कानपुर और कानपुर ही क्या दूर-दूर तक ऐ अज़ीज़न, कौन

میری خوشی کا باغ اب،
پھولا پھلا گمک رہا،
اس سے جلے کوئی مگر،
کوئی اُسے جلائے کیوں؟
(شری کرشن داس)

[گانا پورا ہوتے ہوتے عزیزن ایک شیشے کے سامنے جاکر کھڑی ہو جاتی ہے۔ کچھ دیر نستبدھتا۔]

عزیزن۔ (شیشے میں اپنے کو دیکھتے ہوئے اپنے کو ہی سنبودھن کر) تو...... تو آج...... آج تو چوبیس سال کی ہوکر پچیسویں سال میں قدم رکھ رہی ہے۔ لیکن...... لیکن دراصل دنیا میں آئی تھی قریب پچیس سال پہلے۔ دس مہینے ماں کے پیٹ میں رہی اور پھر اتنے سالوں سے باہر۔ (کچھ رک کر) کس کی مہربانی سے ماں کے پیٹ میں آئی؟.... پتہ نہیں... نہ اس سوال کا کوئی جواب ملا اور...... اور نہ کبھی مل سکتا ہے...... پھر.... پھر بھی ہر وقت یہی سوال دل میں اٹھا کرتا ہے،.... ایک خاص طرح کی تڑپ کے ساتھ اٹھا کرتا ہے...... اور.... اور شاید ہمیشہ اسی... ہاں اسی طرح اٹھا کرے گا.... کس.... طوائف کی لڑکی کے باپ کا ٹھیک پتہ رہتا ہے؟ اور جس ماں کو پتہ رہتا ہے،.... وہ .... وہ بھی طوائف...... کسی فخر کی چیز نہیں۔ (کچھ رک کر) لیکن..... لیکن، عزیزن، اس خوبصورتی (چاروں طرف دیکھ کر پھر شیشے میں دیکھتے ہوئے) اس شان و شوکت سے زیادہ فخر کی دنیا میں اور کوئی چیز ہے بھی؟.... کانپور اور کانپور ہی کیا دور دور تک اے عزیزن، کون

तेरी खूबसूरती, कौन तेरी नजाकत, कौन तेरी दौलत, कौन तेरी शान और कौन तेरी ताक़त का मुक़ाबला कर सकता है ?..... राजाओं और नवाबों की ड्योढ़ी पर भी इतने लोग क़दमबोसी के लिये हाजिर न होते होंगे, जितने इस दरवाजे पर आते हैं....अरे, जिन राजाओं और नवाबों के यहाँ दूसरे सलाम बजाते हैं, वह राजा नवाब भी यहाँ चक्कर लगाते हैं...और...और राजा नवाब ही नहीं, दुनिया में जितने भी ओहदों की इज़्ज़त आबरू है, वह तमाम—महन्त और गुसाईं, सेठ और साहूकार हर तरह के दौलतमन्द और अहलकार....आज.....आज तेरी साल गिरह है. आज यहाँ हर तरह के लोगों की एक नुमायश सी हो जायगी और........और यह हज़रात तेरे लिये जो सौग़ातें लायेंगे उनकी भी नुमायश....फिर...फिर यह सारे के सारे तेरी आँखों के इशारे पर जैसा तू चाहे वैसा नाच नाचने को तैयार, जो तू चाहे वह करने को तैयार....अरे. तू क्या चाहती है, यह...यह तेरी निगाहों से भाँपने की कोशिश किया करते हैं....किस...किस में इतनी ताक़त है, जितनी तुझ में ? जो...जो काम बड़ी-बड़ी फ़ौजें नहीं कर सकतीं वह.....वह कर सकती हैं तेरी आँखें ! (कुछ रुक कर) पर........पर जिस...जिस ड्योढ़ी पर इतने इज़्ज़त-आबरू वाले चक्कर काटा करते हैं, ख़ाक छाना करते हैं, जहाँ का हुक्म बजाने को सिर आँखों पर तैयार रहते हैं, उसे...उसे दुनिया इज़्ज़त की नज़र से नहीं देखती, बल्कि नीची...कितनी नीची निगाह से देखी जाती है वह ?...तवायफ़ का घर !...रंडी का कोठा ! ..इन इज़्ज़त दारों की आबरू यहाँ आने से नहीं घटती और यहाँ की आबरू

تیری خوبصورتی، کون تیری نزاکت، کون تیری دولت، کون تیری شان اور کون تیری طاقت کا مقابلہ کرسکتا ہے؟ ..... راجاؤں اور نوابوں کی ڈیوڑھی پر بھی اتنے لوگ قدمبوسی کے لئے حاضر نہ ہوتے ہوں گے، جتنے اس دروازے پر آتے ہیں..... ارے، جن راجاؤں اور نوابوں کے یہاں دوسرے سلام بجاتے ہیں، وہ راجا نواب بھی یہاں چکر لگاتے ہیں..... اور..... اور راجا نواب ہی نہیں، دنیا میں جتنے بھی عہدوں کی عزت آبرو ہے، وہ تمام — مہنت اور گسائیں، سیٹھ اور ساہوکار ہر طرح کے دولت مند اور اہلکار..... آج ..... آج تیری سالگرہ ہے۔ آج یہاں ہر طرح کے لوگوں کی ایک نمائش سی ہو جائے گی اور...... اور یہ حضرات تیرے لئے جو سوغات لائیں گے اُن کی بھی نمائش ..... پھر ..... پھر یہ سارے کے سارے تیری آنکھوں کے اشارے پر جیسا تو چاہے ویسا ناچ ناچنے کو تیار، جو تو چاہے وہ کرنے کو تیار..... ارے۔ تو کیا چاہتی ہے، یہ ..... یہ تیری نگاہوں سے بھانپنے کی کوشش کیا کرتے ہیں..... کس..... کس میں اتنی طاقت ہے، جتنی تجھ میں؟ جو ..... جو کام بڑی فوجیں نہیں کرسکتیں وہ ..... وہ کرسکتی ہیں تیری آنکھیں! (کچھ رک کر) پر..... پر جس ..... جس ڈیوڑھی پر اتنے عزت آبرو والے چکر کاٹا کرتے ہیں، خاک چھانا کرتے ہیں، جہاں کا حکم بجانے کو سر آنکھوں پر تیار رہتے ہیں، اُسے ..... اُسے دنیا عزت کی نظر سے نہیں دیکھتی، بلکہ نیچی ..... کتنی نیچی نگاہ سے دیکھی جاتی ہے وہ؟ ..... طوائف کا گھر! ..... رنڈی کا کوٹھا! ... ان عزت داروں کی آبرو یہاں آنے سے نہیں گھٹتی اور یہاں کی آبرو

इनके आने से नहीं बढ़ती. (कुछ रुक कर) उफ़ ! (उसका मुख एक दम उतर जाता है. फिर कुछ रुककर, अब इधर उधर टहलते हुए लंबी साँस लेकर) जब यह याद आता है, तब...तब भूल जाती हूँ इस सारी ख़ूबसूरती को, भूल जाती हूँ इस तमाम दौलत को. भूल जाती हूँ सब शानोशौकत और ताक़त को......और...और जब याद आता है कि (फिर शीशे के सामने खड़े होकर) चार दिनों की चाँदनी के बाद उम्र ढलते ही यह सब भी ख़त्म हो जायगा, तब .. तब तो दिल पर साँप सा लोट जाता है.........और. ....और आज ....आज भी तो (उँगली को शीशे में अपने सिर से पैर तक घुमाते हुए) इसे...इसे बेच करही (चारों तरफ़ दृष्टि घुमाकर) यह सब क़ायम रखा जा रहा है......कैसा...कैसा रोज़गार है यह ! (फिर घूमते हुए)........अनाज का नहीं, कपड़े का नहीं, सोने-चाँदी का नहीं, हीरे मोती का नहीं, किसी बेजान चीज़ का नहीं, गाय, बैल, बकरी, घोड़े जानदार चीज़ों का नहीं—जब ग़ुलाम और बाँदियाँ थीं, तब ....तब इन्सान के जिस्मों की ख़रीद बिक्री का ही रोज़गार होता था, पर.........पर वह होता था दूसरे के जिस्मों का, अपने ख़ुद के जिस्म का नहीं.........शायद ...शायद तवायफ़ के सिवा अपने ख़ुद के जिस्म को रोज़गार की चीज़ किसी भी रोज़गारी को नहीं बनाना पड़ती और.........और फिर इस रोज़गार में रोज़गारी चीज़ की ख़रीद तो होती ही नहीं, बिक्री.........लगातार बिक्री ही जारी रहती है. क्या क्या करके ख़रीदारों को ललचाना पड़ता है....और सबसे बड़ी.........सबसे तकलीफ़देह बात जो करनी पड़ती है वह है—जिसके लिये दिल में सख़्त से सख़्त नफ़रत होती है, उसके

ان کے آنے سے نہیں بڑھتی۔ (کچھ رک کر) اُف ! (اس کا مکھ ایک دم اُتر جاتا ہے۔ پھر کچھ رک کر، اب اِدھر اُدھر ٹہلتے ہوئے لمبی سانس لیکر) جب یہ یاد آتا ہے، تب.... تب بھول جاتی ہوں اس ساری خوبصورتی کو، بھول جاتی ہوں اس تمام دولت کو، بھول جاتی ہوں سب شان و شوکت اور طاقت کو.... اور.... اور جب یاد آتا ہے کہ (پھر شیشے کے سامنے کھڑے ہوکر) چار دنوں کی چاندنی کے بعد عمر ڈھلتے ہی یہ سب بھی ختم ہو جائے گا، تب.... تب تو دل پر سانپ سا لوٹ جاتا ہے.... اور.... اور آج.... آج بھی تو (اُنگلی کو شیشے میں اپنے سر سے پیر تک گھماتے ہوئے) اسے.... اسے بیچ کر ہی (چاروں طرف دِشٹی گھما کر) یہ سب قائم رکھا جا رہا ہے.... کیسا.... کیسا روزگار ہے یہ ؟ (پھر گھومتے ہوئے).... اناج کا نہیں، کپڑے کا نہیں، سونے چاندی کا نہیں، ہیرے موتی کا نہیں، کسی بے جان چیز کا نہیں، گائے، بیل، بکری، گھوڑے جاندار چیزوں کا نہیں — جب غلام اور باندیاں تھیں، تب.... تب انسان کے جسموں کی خرید بکری کا ہی روزگار ہوتا تھا، پر.... پر وہ ہوتا تھا دوسرے کے جسموں کا، اپنے خود کے جسم کا نہیں.... شاید.... شاید طوائف کے سوا اپنے خود کے جسم کو روزگار کی چیز کسی بھی روزگاری کو نہیں بنانا پڑتی اور.... اور پھر اس روزگار میں روزگاری چیز کی خرید تو ہوتی ہی نہیں، بکری.... لگاتار بکری ہی جاری رہتی ہے۔ کیا کیا کرکے خریداروں کو للچانا پڑتا ہے.... اور سب سے بڑی.... سب سے تکلیف دہ بات جو کرنی پڑتی ہے وہ ہے — جس کے لئے دل میں سخت سے سخت نفرت ہوتی ہے، اس کے

लिये भी मुहब्बत.........अज़हद मुहब्बत का दिखावा. उफ़ कैसी बदक़िस्मत हूँ मैं...... कैसा.........कैसा बुरा है यह पेशा. (कुछ रुक कर)......कितनी.........कितनी कोशिश करती हूँ (फिर शीशे के सामने खड़े होकर) तुझे....तुझे देख कर यह सब भूलने की, (चारों तरफ़ देख कर) कितनी.........कितनी कोशिश करती हूँ, इस सब में खो जाने की, लेकिन.........लेकिन इन सब ख़यालात की दिल में ऐसी खिचड़ी पका करती है कि चैन ही मिलना दुश्वार है. (कुछ रुक कर) चैन !.........हाँ, चैन तभी.........तभी मिल सकता है, जब (चारों तरफ़ देख कर) यह सब कुछ और.....और (उँगली को शीशे में अपने सिर से पैर तक घुमाते हुए) यह सब कुछ उस्ताद जी के कहने के मुताबिक़ किसी ऐसे काम के काम आ जाय जिस काम को दुनिया इज़्ज़त की नज़र से देखती है, जिसे तारीख़ इज़्ज़त का काम कहती है. (कुछ रुककर) और.........और उस्तादजी तो कहते थे,.........सुनती.........सुनती है न अज़ीजन. शायद वह दिन दूर नहीं है जब ऐसा मौक़ा आ जायगा. (फिर कुछ रुक कर) इतना.........इतना ही नहीं कि उस वक़्त तू (चारों तरफ़ देख कर) इस सबको और (फिर उसी तरह अपने सिर से पैर तक उँगली घुमाकर) इस सब को उस काम में लगा सकेगी. लेकिन ....लेकिन अपने तमाम मेहरबानों.....नहीं...नहीं ख़रीदारों को भी उस काम के लिये काम में ले सकेगी. और उस दिन तू...तू अपने को बदक़िस्मत समझेगी व ख़ुशक़िस्मत ? ....उस दिन...उस दिन क्या तू यह न समझेगी कि बुरे पेशे से कमाई हुई दौलत भी अच्छे काम में लगाई जा सकती है (कुछ रुक कर इधर-उधर घूमते हुए फिर गाने लगती है.)

لئے بھی محبت .... ازحد محبت کا دکھاوا۔ اُف کیسی بدقسمت ہوں میں..... کیسا..... کیسا بُرا ہے یہ پیشہ۔ (کچھ رک کر)...... کتنی..... کتنی کوشش کرتی ہوں (پھر شیشے کے سامنے کھڑے ہوکر) تجھے ..... تجھے دیکھ کر یہ سب بھولنے کی، (چاروں طرف دیکھ کر) کتنی... کتنی کوشش کرتی ہوں، اس سب میں کھو جانے کی، لیکن..... لیکن ان سب خیالات کی دل میں ایسی کھچڑی پکا کرتی ہے کہ چین ہی ملنا دشوار ہے۔ (کچھ رک کر) چین !......... ہاں، چین تبھی...... تبھی مل سکتا ہے، جب (چاروں طرف دیکھ کر) یہ سب کچھ اور...... اور (انگلی کو شیشے میں اپنے سر سے پیر تک گھماتے ہوئے) یہ سب کچھ اُستاد جی کے کہنے کے مطابق کسی ایسے کام کے کام آجائے جس کام کو دنیا عزت کی نظر سے دیکھتی ہے، جسے تاریخ عزت کا کام کہتی ہے۔ (کچھ رک کر) اور..... اور اُستاد جی تو کہتے تھے،...... سنتی..... سنتی ہے نہ عزیزن، شاید وہ دن دور نہیں ہے جب ایسا موقعہ آجائے گا۔ (پھر کچھ رک کر) اتنا...... اتنا ہی نہیں کہ اس وقت تو (چاروں طرف دیکھکر) اس سب کو اور (پھر اسی طرح اپنے سر سے پیر تک اُنگلی گھما کر) اس سب کو اُس کام میں لگا سکے گی۔ لیکن......... لیکن اپنے تمام مہربانوں...... نہیں...... نہیں خریداروں کو بھی اس کام کے لئے کام میں لے سکے گی۔ اور اُس دن تو..... تو اپنے کو بدقسمت سمجھے گی و خوش قسمت ؟ ...... اس دن..... اس دن کیا تو یہ نہ سمجھے گی کہ بُرے پیشے سے کمائی دولت بھی اچھے کام میں لگائی جاسکتی ہے (کچھ رک کر ادھر اُدھر گھومتے ہوئے پھر گانے لگتی ہے)

गान

जफ़ाकारियाँ हैं, सितमगारियाँ हैं,
मज़ालिम की हर सिम्त तैयारियाँ हैं.
वफ़ा की अदायें ग़ज़ब कर रही हैं
लुटे जाते हैं इश्क़ के चाँद तारे!
वहाँ मय है, मीना है, रंगीनियाँ हैं,
यहाँ अश्के बाराँ है, ग़मगीनियाँ हैं.
वहाँ शोख़ लहरें हैं, है चुलबुलाहट
चली जा रही हूँ किनारे-किनारे!
यह सच है कि लुटती है दुनिया हमारी,
करूँ कैसे तुमसे शिकायत तुम्हारी.
हमारा तुम्हारा ख़ुदा ही है हाफ़िज़,
नहीं बस की है यह हमारे, तुम्हारे!

(श्री कृष्ण दास)

[गान पूरा होते-होते उस्ताद जी का प्रवेश! उस्ताद जी की उम्र उनकी लंबी सफ़ेद दाढ़ी, बड़ी-बड़ी सफ़ेद मूछों और बालों के सफ़ेद पट्टों के कारण क़रीब ६० वर्ष की मालूम होती है. उस्ताद जी गेहुएँ रंग का ऊँचा, पूरा, मोटा ताज़ा आदमी है. चपकन और पाजमा पहने हुए है. सिर पर साफ़ा है. पर कान के पास बालों के पट्टे दिखाई पड़ते हैं. उस्ताद जी के आने की आहट पाकर अज़ीज़न उसकी तरफ़ देखती है. उस्ताद जी को देख कर उसकी ओर वह आदाब बजाती है.]

प्रवेश=दाख़िला. मज़ालिम=अत्याचारों. मय=शराब. मीना=

جفاکاریاں ہیں، ستمگاریاں ہیں
مظالم کی ہر سمت تیاریاں ہیں
وفا کی ادائیں غضب کر رہی ہیں
لٹے جاتے ہیں عشق کے چاند تارے!
وہاں مے ہے، مینا ہے، رنگینیاں ہیں،
یہاں اشک باراں ہے، غمگینیاں ہیں۔
وہاں شوخ لہریں ہیں، ہے چلبلاہٹ
چلی جا رہی ہوں کنارے کنارے!
یہ سچ ہے کہ لٹتی ہے دنیا ہماری،
کروں کیسے تم سے شکایت تمہاری۔
ہمارا تمہارا خدا ہی ہے حافظ،
نہیں بس کی ہے یہ ہمارے، تمہارے!

(شری کرشن داس)

[گانا پورا ہوتے ہوتے استاد جی کا پرویش! استاد جی کی عمر ان کی لمبی سفید داڑھی، بڑی بڑی سفید مونچھوں اور بالوں کے سفید پٹوں کے کارن قریب ۶۰ برس کی معلوم ہوتی ہے۔ استاد جی گیہوئیں رنگ کا اونچا، پورا، موٹا تازہ آدمی ہے۔ چپکن اور پائجامہ پہنے ہوئے ہے۔ سر پر صافہ ہے۔ پر کان کے پاس بالوں کے پٹے دکھائی پڑتے ہیں۔ استاد جی کے آنے کی آہٹ پاکر عزیزن اس کی طرف دیکھتی ہے۔ استاد جی کو دیکھ کر اس کی اور وہ آداب بجاتی ہے۔]

پرویش = داخلہ۔ مظالم = اتیاچاروں۔ مے = شراب۔ مینا = صراحی۔ اشک باراں = برستے آنسو۔ حافظ = رکشک۔

उस्ताद जी—(तसलीम करते हुए) मुबारक हो, मुबारक हो, यह पच्चीसवीं सालगिरह.

अज़ीज़न—(मुस्कराकर) शुक्रिया के सिवा और क्या कहूँ. तशरीफ़ रखिये.

[दोनों क़ालीन पर बैठ जाते हैं.]

उस्ताद जी—(चपकन के अन्दर से एक कटार निकाल कर) इस सालगिरह पर यह सौग़ात है. (कटार अज़ीज़न को देता है)

अज़ीज़न—(कटार लेकर उसे देखते हुए) अच्छा, इस सालगिरह पर तो आपने अजीब सौग़ात दी.

उस्ताद जी—मुल्क की इस वक़्त की हालत देखते हुए शायद यही सौग़ात सबसे ज़्यादा काम में आने वाली चीज़ होगी. अज़ीज़न, हम लोगों की तैयारी पूरी-पूरी हो चुकी है. हमारे अवध के बादशाह वाजिदअली शाह को तो इन बदज़ात अंग्रेज़ों ने कलकत्ते भेज दिया लेकिन दिल्ली के शहंशाह बहादुरशाह हमारे साथ हो गये. किस मेहनत और तन्देही से नाना साहब और दूसरे कई शख़्सों ने सारी तैयारी की है. दिल्ली की बादशाहत के झन्डे के नीचे एक दफ़ा फिर सारे हिन्दू और मुसलमान इत्तफ़ाक़ के साथ एक ही तारीख़ को आज़ादी की इस लड़ाई को शुरू करेंगे. अरे ! इन मुट्ठी भर समन्दर पार से आये हुए लुटेरों का पता न लगेगा, पता. कितने लोग अपना सब कुछ निसार करने को तैयार हुए हैं. इन अंग्रेज़ों की हिन्दुस्तानी पल्टन तक इनके साथ नहीं है. कौन इन शैतानों के साथ रह सकता है. (चारों तरफ़ देख कर) अज़ीज़न तुम भी अपना सब कुछ तो इस काम के लिये निसार कर देना तब

اُستاد جی۔(تسلیم کرتے ہوئے) مبارک ہو، مبارک ہو، یہ پچیسویں سال گرہ۔

عزیزن۔(مسکرا کر) شکریہ کے سوا اور کیا کہوں۔ تشریف رکھیئے۔

[دونوں قالین پر بیٹھ جاتے ہیں]

اُستاد جی۔(چپکن کے اندر سے ایک کٹار نکال کر) اس سال گرہ پر یہ سوغات ہے۔(کٹار عزیزن کو دیتا ہے)

عزیزن۔(کٹار لے کر اُسے دیکھتے ہوئے) اچھا، اس سال گرہ پر تو آپ نے عجیب سوغات دی۔

اُستاد جی۔ ملک کی اس وقت کی حالت دیکھتے ہوئے شاید یہی سوغات سب سے زیادہ کام میں آنے والی چیز ہوگی۔ عزیزن، ہم لوگوں کی تیاری پوری پوری ہو چکی ہے۔ ہمارے اودھ کے بادشاہ واجد علی شاہ کو تو ان بدذات انگریزوں نے کلکتہ بھیج دیا لیکن دلّی کے شہنشاہ بہادر شاہ ہمارے ساتھ ہو گئے۔ کس محنت اور تندہی سے نانا صاحب اور دوسرے کئی شخصوں نے ساری تیاری کی ہے۔ دلّی کی بادشاہت کے جھنڈے کے نیچے ایک دفعہ پھر سارے ہندو اور مسلمان اتفاق کے ساتھ ایک ہی تاریخ کو آزادی کی اس لڑائی کو شروع کریں گے۔ ارے! ان مٹھی بھر سمندر پار سے آئے ہوئے لٹیروں کا پتہ نہ لگے گا، پتہ۔ کتنے لوگ اپنا سب کچھ نثار کرنے کو تیار ہوئے ہیں۔ ان انگریزوں کی ہندوستانی پلٹن تک ان کے ساتھ نہیں ہے۔ کون ان شیطانوں کے ساتھ رہ سکتا ہے۔(چاروں طرف دیکھ کر) عزیزن تم بھی اپنا سب کچھ تو اس کام کے لئے نثار کر دینا

कर ही चुकी हो, अपने यहाँ आने वाले खास खास मेहमानों से भी वादे ले लिये हैं कि जिस काम में तुम चाहोगी वह तुम्हें मदद देंगे. लेकिन इस कटार से तुम ख़ुद भी अगर मुल्क के किसी दुश्मन का काम तमाम कर सको...(चुप हो जाता है.)

अज़ीज़न—(प्रसन्नता से) उस्ताद जी, आपने मुझे बचपन में खिलाया है, आपने मुझे तालीम दी है, आपने ही मुझे गन्दे से गन्दा पेशा करते हुए भी वक़्त पर अपना फ़र्ज़ अदा करने के लिये तैयार किया है, और आज...आज आप मेरी सालगिरह पर यह सौग़ात देकर मुझमें जो हिम्मत भर रहे हैं.........क्या.........क्या कहूँ मैं.

(आँखों में आँसू भर आते हैं.)

[तबलची और सारंगी बजाने वाले तबला और सारंगियाँ लेकर आते हैं. तबला और सारंगियाँ क़ालीन पर रखकर सब अज़ीज़न को मुबारक बादियाँ दे देकर एक-एक अशरफ़ी नज़र करते हैं. तबला और सारंगियों का मिलाया जाना आरंभ होता है. अब तो आने वालों का ताँता सा लग जाता है. इन में राजा, नवाब, अपने-अपने मुसाहिबों के साथ, सेठ साहूकार और अनेक प्रतिष्ठित-प्रतिष्ठित व्यक्ति हैं. एक महन्त भी है. कौन राजा कौन नवाब और कौन क्या है, यह अज़ीज़न के बार-बार खड़े हो होकर इनके स्वागत और सलाम कर उसके द्वारा किये गये सम्बोधन से मालूम होता है. सभी लोग बहुमूल्य जेवर, कपड़ों आदि के बड़े-बड़े उपहार लाये हैं. सब लोग गद्दी पर बैठते हैं. सौग़ातें एक ओर रखी जाती हैं. सचमुच मनुष्यों और वस्तुओं की एक नुमाइश सी हो जाती है. सब

کر ہی چکی ہو، اپنے یہاں آنے والے خاص خاص مہمانوں سے بھی وعدے لے لئے ہیں کہ جس کام میں تم چاہوگی وہ تمہیں مدد دیں گے۔ لیکن اس کٹار سے تم خود بھی اگر ملک کے کسی دشمن کا کام تمام کر سکو.....

(چپ ہو جاتا ہے)

عزیزن ۔ (پرسنتا سے) اُستاد جی، آپ نے مجھے بچپن میں کھلایا ہے، آپ نے مجھے تعلیم دی ہے، آپ نے ہی مجھے گندے سے گندا پیشہ کرتے ہوئے بھی وقت پر اپنا فرض ادا کرنے کے لئے تیار کیا ہے، اور آج.... آج آپ میری سالگرہ پر یہ سوغات دیکر مجھ میں جو ہمت بھر رہے ہیں.... کیا..... کیا کہوں میں۔

(آنکھوں میں آنسو بھر آتے ہیں)

[طبلچی اور سارنگی بجانے والے طبلہ اور سارنگیاں لیکر آتے ہیں۔ طبلہ اور سارنگیاں قالین پر رکھ کر سب عزیزن کو مبارک بادیاں دیدیکر ایک ایک اشرفی نظر کرتے ہیں۔ طبلہ اور سارنگیوں کا ملایا جانا آرمبھ ہوتا ہے۔ اب تو آنے والوں کا تانتا سا لگ جاتا ہے۔ ان میں راجا، نواب، اپنے اپنے مصاحبوں کے ساتھ، سیٹھ ساہوکار اور انیک پرتشٹھت پرتشٹھت ویکتی ہیں۔ ایک مہنت بھی ہے۔ کون راجا کون نواب اور کون کیا ہے، یہ عزیزن کے بار بار کھڑے ہو ہو کر ان کے سواگت اور سلام کر اس کے دوارا کئے گئے سمبودھن سے معلوم ہوتا ہے۔ سبھی لوگ بہومولیہ زیور، کپڑوں آدی کے بڑے بڑے اپہار لائے ہیں۔ سب لوگ گدی پر بیٹھتے ہیں۔ سوغاتیں ایک اور رکھی جاتی ہیں۔ واقعی منشیوں اور وستوؤں کی ایک نمائش سی ہو جاتی ہے۔ سب

پرتشٹھت = عزت دار۔

अज़ीज़न को जन्म गांठ की बधाइयाँ देते हैं. अब अज़ीज़न का नाच और गाना शुरू होता है.]

गान

नई जवानी, नई उमंगें,
नये नये सब काम रे!
नया सवेरा दम-दम दमके,
चम-चम चमके शाम रे!
सोने के दिन बने हमारे,
औ चांदी की रात रे!
मस्त जवानी मुझको देती,
ख़ुशियों के सौग़ात रे!
नई रागिनी, नये तराने,
नये सुरीले गीत रे!
गाती रहूँ ज़िन्दगी भर मैं,
मधुर प्रेम-संगीत रे! [श्री कृष्ण दास]

[यवनिका]

पहला दृश्य

स्थान—अज़ीज़न के मकान का बैठकख़ाना.

समय—सन् १८५७ का एक प्रातः काल.

[दृश्य वही है जो उपक्रम में था, लेकिन दिन होने के कारण झाड़ों में मोम बत्तियाँ नहीं जल रही हैं. उपक्रम में चाँदी की चौकियों पर सोने का जो सामान सजा हुआ था वह भी नहीं है, अज़ीज़न

यवनिका = परदा. प्रातःकाल = सुबह. दृश्य = सीन.

عزیزن کو جنم گانٹھ کی بدھائیاں دیتے ہیں. اب عزیزن کا ناچ اور گانا شروع ہوتا ہے.]

گان

نئی جوانی، نئی امنگیں
نئے نئے سب کام رے!
نیا سویرا دم دم دمکے،
چم چم چمکے شام رے!
سونے کے دن بنے ہمارے،
اَو چاندی کی رات رے!
مست جوانی مجھکو دیتی،
خوشیوں کے سوغات رے!
نئی راگنی، نئے ترانے
نئے سریلے گیت رے!
گاتی رہوں زندگی بھر میں،
مدھر پریم سنگیت رے! (شری کرشن داس)

[یونیکا]

پہلا درشیہ

استھان - عزیزن کے مکان کا بیٹھک خانہ.

سمے - ۱۸۵۷ کا ایک پراتہ کال.

[درشیہ وہی ہے جو اپکرم میں تھا، لیکن دن ہونے کے کارن جھاڑوں میں موم بتیاں نہیں جل رہی ہیں. اپکرم میں چاندی کی چوکیوں پر سونے کا جو سامان سجا ہوا تھا وہ بھی نہیں ہے، عزیزن

یونیکا = پردہ. پراتہ کال = صبح. درشیہ = سین.

इधर उधर घूमती हुई गा रही है. आज वह पेशवाज़ नहीं पहने है, रेशमी साड़ी और सलूका पहने हुए है. उसके अंगों में भारी जड़ाऊ ज़ेवर भी न होकर मोतियों का हलका गहना है.]

गान

बरसो आँसू सहज सलोने !
  आओ, मेरी आँखों के तारे !
बरसो खुलकर बरसो प्यारे,
  आओ, अनमोल जिगर के टुकड़ो !
निकलो दुख के तार पिरोने,
  बरसो आँसू सहज सलोने !
अपना सब कुछ छोड़ चुकी हूँ,
  सबसे नाता तोड़ चुकी हूँ,
मैं, अपनी भूली राहों पर
  निकली खुद ही दिया सँजोने !
बरसो आँसू सहज सलोने !   [श्री कृष्ण दास]

अज़ीज़न—(गान पूरा होने पर एक शीशे के सामने खड़े होकर) तो.........तो आने वाला वक़्त आ ही जाता है, क्यों ?.........उस्ताद जी का बताया हुआ वक़्त आ ही गया...आज़ादी की प्यासी हिन्दू मुसलमान फ़ौजें आगे बढ़ती हुई कानपुर भी पहुँच ही गईं.........और.......और कितनी ख़ुशी हो रही है मुझे इन फ़ौजों का सारा इन्तज़ाम करने में. (कुछ रुककर) कभी.....कभी मुझे इतनी ख़ुशी [illegible] ? (फिर [illegible] रुककर) जब जब, हाँ, जब जब किसी तरह की

ادھر ادھر گھومتی ہوئی گا رہی ہے۔ آج وہ پیشواز نہیں پہنے ہے، ریشمی ساڑی اور سلوکا پہنے ہوئے ہے۔ اس کے انگوں میں بھاری جڑاؤ زیور بھی نہ ہو کر موتیوں کا ہلکا گہنا ہے۔]

گان

برسو آنسو سہج سلونے!
  آؤ، میری آنکھوں کے تارے!
برسو کھل کر برسو پیارے،
  آؤ، انمول جگر کے ٹکڑو!
نکلو دکھ کے تار پرونے،
  برسو آنسو سہج سلونے!
اپنا سب کچھ چھوڑ چکی ہوں،
  سب سے ناتا توڑ چکی ہوں:
میں اپنی بھولی راہوں پر
  نکلی خود ہی دیا سنجونے!
برسو آنسو سہج سلونے!   [شری کرشن داس]

عزیزن — (گانا پورا ہونے پر ایک شیشے کے سامنے کھڑے ہو کر) تو.... تو آنے والا وقت آ ہی جاتا ہے، کیوں؟.... استاد جی کا بتایا ہوا وقت آ ہی گیا... آزادی کی پیاسی ہندو مسلمان فوجیں آگے بڑھتی ہوئی کانپور بھی پہنچ ہی گئیں.... اور.... اور کتنی خوشی ہو رہی ہے مجھے ان فوجوں کا سارا انتظام کرنے میں۔ (کچھ رک کر) کبھی..... کبھی مجھے اتنی خوشی ہوئی تھی؟ (پھر کچھ رک رک کر) جب جب، ہاں، جب جب کسی طرح کی

कोई ख़ुशी होती थी, कुछ मिलने पर, कोई अच्छी चीज़ पाने पर, तब-तब.........हाँ तब-तब उसी के पीछे लगा हुआ ग़म.........एक छटपटा देने वाला सदमा भी होता था.........ज्यों ही याद आता था उस चीज़ के हासिल होने का सबब, त्योंही वह ग़म.........वह सदमा उस ख़ुशी को दबोच लेता था.........उफ़. (घूमते हुए) लेकिन......... लेकिन बरसों में पैदा की हुई यह दौलत दिनों में ख़र्च करने में जो ख़ुशी.........बिना ग़म.........बिना किसी सदमे के जो ख़ालिस ख़ुशी ....एकदम जो ख़ालिस ख़ुशी हो रही है, वह.........वह कभी न हुई थी. (कुछ रुककर फिर शीशे के सामने खड़ी हो) तो.........तो सच्ची ख़ुशी लेने.........हाँ, लेने में न होकर देने में होती है, क्यों ? (फिर कुछ रुककर) पर.........पर उस वक़्त जो पाती थी, उसके लिये भी तो कुछ न कुछ देना पड़ता था, वह.........वह तो मिलने वाली चीज़ से कहीं बड़ी चीज़ होती थी.........उस वक़्त तो लेने और देने दोनों में ही ग़म था, पर आज...आज ? (फिर घूमते हुए) दे रही हूँ, दोनों हाथों से दे रही हूँ, अरे दे क्या रही हूँ, उलीच रही हूँ, बहा रही हूँ. और.........और जितना ज़्यादा देती हूँ, जितनी तेज़ रफ़्तार से उलीचती हूँ, उतनी ही ज़्यादा देने की, उतनी ही तेज़ रफ़्तार से बहाने की तबीयत होती है. (कुछ रुककर, खड़े हो सामने की तरफ़ देखते हुए) पर.........पर सुनती तो यह थी कि यह कमाने के वक़्त होता है.........इन्सान जितना ज़्यादा कमाता है उतना ही ज़्यादा कमाने का लालच बढ़ता आता है. (फिर घूमते हुए) यहाँ......... यहाँ तो उल्टी बात हो रही है. जितना ख़र्च कर रही हूँ उतना ही ज़्यादा ख़र्च करने का लालच बढ़ रहा है. (फिर शीशे के सामने खड़ी

کوئی خوشی ہوتی تھی، کچھ ملنے پر، کوئی اچھی چیز پانے پر، تب تب ...... ہاں تب تب اسی کے پیچھے لگا ہوا غم...... ایک چھٹپٹا دینے والا صدمہ بھی ہوتا تھا...... جیوں ہی یاد آتا تھا اس چیز کے حاصل ہونے کا سبب، تیوں ہی وہ غم...... وہ صدمہ اس خوشی کو دبوچ لیتا تھا......اُف. (گھومتے ہوئے) لیکن...... لیکن برسوں میں پیدا کی ہوئی یہ دولت دنوں میں خرچ کرنے میں جو خوشی...... بنا غم...... بنا کسی صدمے کے جو خالص خوشی...... ایکدم جو خالص خوشی ہو رہی ہے، وہ......وہ کبھی نہ ہوئی تھی. (کچھ رک کر پھر شیشے کے سامنے کھڑی ہو) تو......تو سچی خوشی لینے...... ہاں، لینے میں نہ ہو کر دینے میں ہوتی ہے، (۲۲۲)
کیوں؟ (پھر کچھ رک کر) پر...... پر اس وقت جو پاتی تھی، اس کے لئے بھی تو کچھ نہ کچھ دینا پڑتا تھا، وہ...... وہ تو ملنے والی چیز سے کہیں بڑی چیز ہوتی تھی...... اس وقت تو لینے اور دینے دونوں میں ہی غم تھا، پر آج...... آج؟ (پھر گھومتے ہوئے) دے رہی ہوں، دونوں ہاتھوں سے دے رہی ہوں، ارے دے کیا رہی ہوں، اُلیچ رہی ہوں، بہا رہی ہوں. اور...... اور جتنا زیادہ دیتی ہوں، جتنی تیز رفتار سے اُلیچتی ہوں، اتنی ہی زیادہ دینے کی، اتنی ہی تیز رفتار سے بہانے کی طبیعت ہوتی ہے. (کچھ رک کر، کھڑے ہو سامنے کی طرف دیکھتے ہوئے) پر...... پر سنتی تو یہ تھی کہ یہ کمانے کے وقت ہوتا ہے...... انسان جتنا زیادہ کماتا ہے اتنا ہی زیادہ کمانے کا لالچ بڑھتا جاتا ہے. (پھر گھومتے ہوئے) یہاں...... یہاں تو الٹی بات ہو رہی ہے. جتنا خرچ کر رہی ہوں اتنا ہی زیادہ خرچ کرنے کا لالچ بڑھ رہا ہے. (پھر شیشے کے سامنے کھڑے

होकर) लेकिन.........लेकिन, अज़ीज़न, मेरा खज़ाना आख़िर क़ारून का खज़ाना थोड़े ही है ? ख़त्म होने को आ रहा है वह.........आज ....आज क्या अभी अभी जो अनाज, घी, तेल, कपड़े वग़ैरह के सौदे होने वाले हैं, उनमें नक़द.........नक़द तो सारा का सारा ख़त्म हो जायगा; शायद पूरा भी न होगा.........पर.........पर क्या मुज़ायक़ा है ? मुल्क की आज़ादी की लड़ाई है. कब.........कब किस-किस ख़ुशक़िस्मत को ऐसा मौक़ा मिलता है ?.........उन राजा, नवाबों, सेठ, साहूकारों से इस काम के लिये अभी तक एक पैसा नहीं लिया.........किसी काम के लिये कभी मदद चाहूँगी तो देना पड़ेगा, यह भर कहा है और.........और सबने कितने जोश के साथ मदद देने के वादे किये हैं. किस.........किस काम में मदद की ज़रूरत है, यह उन्हें आज मुंशी जी ने बताया होगा और...और काम का नाम सुनते ही कितना.......कितना जोश बढ़ गया होगा उनके दिलों में. वह.......वह कभी सोच भी न सकते थे कि अज़ीज़न उनसे ऐसे हाँ, ऐसे काम के लिये मदद चाहेगी, (कुछ रुककर) एक तरफ़ अगर सामानों के ढेर लग जायँगे तो दूसरी तरफ़ सिक्कों के. (फिर कुछ रुककर) अज़ीज़न,.....अज़ीज़न, तू बदक़िस्मत.....बदक़िस्मत नहीं.

(घूमते हुए फिर गाने लगती है)

गान

यहाँ कुछ न हक़ है, यहाँ कुछ न बातिल,
हक़ीक़त को बस जलवागर देखना है.
यह है अपना मक़सद, यह है अपनी मंज़िल,
हमें राह को राह पर देखना है!

ہوکر) لیکن...... لیکن، عزیزن، میرا خزانہ آخر قارون کا خزانہ تھوڑے ہی ہے؟ ختم ہونے کو آرہا ہے وہ...... آج...... آج کیا ابھی ابھی جو اناج، گھی، تیل، کپڑے وغیرہ کے سودے ہونے والے ہیں، ان میں نقد ......نقد تو سارا کا سارا ختم ہو جائے گا؛ شاید پورا بھی نہ ہوگا...... پر ......پر کیا مضائقہ ہے؟ ملک کی آزادی کی لڑائی ہے. کب.... کب کس کس خوش قسمت کو ایسا موقعہ ملتا ہے؟...... ان راجا، نوابوں، سیٹھ، ساہوکاروں سے اس کام کے لئے ابھی تک ایک پیسہ نہیں لیا...... کسی کام کے لئے کبھی مدد چاہوں گی تو دینا پڑے گا، یہ بھر کہا ہے اور...... اور سب نے کتنے جوش کے ساتھ مدد دینے کے وعدے کئے ہیں. کس...... کس کام میں مدد کی ضرورت ہے، یہ انھیں آج منشی جی نے بتایا ہوگا اور.... اور کام کا نام سنتے ہی کتنا.... کتنا جوش بڑھ گیا ہوگا ان کے دلوں میں. وہ...... وہ کبھی سوچ بھی نہ سکتے تھے کہ عزیزن ان سے ایسے ہاں، ایسے کام کے لئے مدد چاہے گی، (کچھ رک کر) ایک طرف اگر سامانوں کے ڈھیر لگ جائیں گے تو دوسری طرف سکوں کے. (پھر کچھ رک کر) عزیزن،.... عزیزن، تو بد قسمت..... بد قسمت نہیں.

(گھومتے ہوئے پھر گانے لگتی ہے)

گان

یہاں کچھ نہ حق ہے، یہاں کچھ نہ باطل،
حقیقت کو بس جلوہ گر دیکھنا ہے.
یہ ہے اپنا مقصد، یہ ہے اپنی منزل،
ہمیں راہ کو راہ پر دیکھنا ہے!

जला उनका ख़िरमन, लुटा आशियाना,
कहाँ अब बसायेंगे घर, देखना है.
ख़बरदार ऐ होश वालो ! ख़बरदार,
तुम्हें राह एक पुर ख़तर देखना है.

(श्री कृष्ण दास)

[उस्ताद जी का प्रवेश]

अज़ीज़न—(उस्ताद जी के आने की आहट पाकर, गान बन्द कर, उस ओर बढ़ते हुए) कहिये, क्या हुआ सौदों का ?

उस्ताद जी—कुछ सौदागरों को यहीं ले आया हूँ. हर चीज़ के इतने दर बढ़ा दिये हैं, जिसका ठिकाना नहीं. इस वक़्त भी कम-बख़्त रोज़गार करना चाहते हैं, फ़ायदा उठाना चाहते हैं.

अज़ीज़न—(बे परवाही से) लेकिन क्या मुज़ायक़ा है ? जिस चीज़ की ज़रूरत हो और जो जिस दर से मिले ख़रीद लीजिये.

उस्ताद जी—लेकिन तुम कितना ख़र्च कर चुकी हो, अज़ीज़न ?

अज़ीज़न—(और भी लापरवाही से) आप इसकी क्यों पर-वाह करते हैं ? काम कितना बड़ा है, उस तरफ़ नज़र रखिये. फिर मेरे पास अभी न जाने कितना है. और मेरे मेहरबानों के वादे...

[मुंशी जी का प्रवेश. यह अधेड़ अवस्था का एक गुण्डा सा मालूम होता है.]

अज़ीज़न—अच्छा, सौदागरों को मेरे पास लाने की ज़रूरत नहीं. अब उनसे सब तय कीजिये. मुंशी जी को मैंने अपने चार पाँच मेहर-बानों के पास भेजा था, वह लौट आये हैं, मैं इनसे बात कर लेती हूँ.

उस्ताद जी—(जाते हुए) अच्छी बात है. (जाता है)

ख़िरमन = घोंसला. पुर ख़तर = ख़तरे से भरी.

جلا اُن کا خرمن، لُٹا آشیانہ،
کہاں اب بسائیں گے گھر دیکھنا ہے۔
خبردار اے ہوش والے! خبردار،
تمہیں راہ ایک پُر خطر دیکھنا ہے۔

(شری کرشن داس)

[اُستاد جی کا پرویش]

عزیزن۔ (اُستاد جی کے آنے کی آہٹ پا کر، گان بند کر، اُس اور بڑھتے ہوئے) کہیئے، کیا ہوا سودوں کا؟

اُستاد جی۔ کچھ سوداگروں کو یہیں لے آیا ہوں۔ ہر چیز کے اتنے در بڑھا دئے ہیں، جس کا ٹھکانا نہیں۔ اس وقت بھی کم بخت روزگار کرنا چاہتے ہیں، فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔

عزیزن۔ (بے پرواہی سے) لیکن کیا مضائقہ ہے؟ جس چیز کی ضرورت ہو اور جو جس در سے ملے خرید لیجئے۔

اُستاد جی۔ لیکن تم کتنا خرچ کر چکی ہو، عزیزن؟

عزیزن۔ (اور بھی لاپرواہی سے) آپ اس کی کیوں پرواہ کرتے ہیں؟ کام کتنا بڑا ہے، اس طرف نظر رکھیئے۔ پھر میرے پاس ابھی نہ جانے کتنا ہے۔ اور میرے مہربانوں کے وعدے.....

[منشی جی کا پرویش۔ یہ اُدھیڑ اوستھا کا ایک گنڈا سا معلوم ہوتا ہے۔]

عزیزن۔ اچھا، سوداگروں کو میرے پاس لانے کی ضرورت نہیں۔ اب ان سے سب طے کیجئے۔ منشی جی کو میں نے اپنے چار پانچ مہربانوں کے پاس بھیجا تھا، وہ لوٹ آئے ہیں، میں ان سے بات کر لیتی ہوں۔

اُستاد جی۔ (جاتے ہوئے) اچھی بات ہے۔ (جاتا ہے)

خرمن = گھونسلہ۔ پُر خطر = خطرے سے بھری۔

अजीजन—(गद्दी पर बैठते हुए) अच्छा, बैठ जाइये मुन्शी जी, और बतलाइये कि कहाँ से कितना लाये ?

मुन्शी जी—(क़ालीन पर बैठते हुए) कहीं से कुछ नहीं मिला, बाई जी.

अजीजन—(अत्यन्त अचरज से) कहीं से कुछ नहीं मिला ? क्या कह रहे हैं आप ?

मुंशी जी—जी हाँ, कहीं से कुछ नहीं मिला.

अजीजन—(उसी प्रकार अचरज से) यह कैसे ?...यह कैसे ? आप कहाँ कहाँ गये थे, कुछ हाल बताइए तो ?

मुंशी जी—सबसे पहले मैं राजा रिपुदमन सिंह जी के राज-भवन को गया.

अजीजन—अच्छा.

मुन्शी जी—मुख़्तसर में ही सब बताता हूँ.

अजीजन—हाँ, हाँ, बहुत मुख़्तसर में.

मुन्शी जी—उन्होंने कहा कि मौजूदा सरकार के ख़िलाफ़ वह किसी तरह की मदद नहीं दे सकते.

अजीजन—ऐसा ?...अच्छा फिर ?

मुन्शी जी—उसके बाद मैं नवाब जंग बहादुर ख़ाँ के महल को गया.

अजीजन—उन्होंने क्या कहा ?

मुन्शी जी—वह बोले कि उनके पास जो कुछ था, वह सब वक़्त-

عزیزن۔(گدی پر بیٹھتے ہوئے) اچھا، بیٹھ جائیے منشی جی، اور بتلائیے کہ کہاں سے کتنا لائے؟

منشی جی۔(قالین پر بیٹھتے ہوئے) کہیں سے کچھ نہیں ملا، بائی جی۔

عزیزن۔(اینت اچرج سے) کہیں سے کچھ نہیں ملا؟ کیا کہہ رہے ہیں آپ؟

منشی جی۔جی ہاں، کہیں سے کچھ نہیں ملا۔

عزیزن۔(اسی پرکار اچرج سے) یہ کیسے؟..... یہ کیسے؟ آپ کہاں کہاں گئے تھے، کچھ حال بتائیے تو؟

منشی جی۔سب سے پہلے میں راجا رپدمن سنگھ جی کے راج بھون کو گیا۔

عزیزن۔ اچھا۔

منشی جی۔ مختصر میں ہی سب بتاتا ہوں۔

عزیزن۔ ہاں، ہاں، بہت مختصر میں۔

منشی جی۔ انھوں نے کہا کہ موجودہ سرکار کے خلاف وہ کسی طرح کی مدد نہیں دے سکتے۔

عزیزن۔ ایسا؟..... اچھا پھر؟

منشی جی۔ اس کے بعد میں نواب جنگ بہادر خاں کے محل کو گیا۔

عزیزن۔ انھوں نے کیا کہا؟

منشی جی۔ وہ بولے کہ ان کے پاس جو کچھ تھا، وہ سب وقت وقت پر آپ کو دے چکے ہیں، ان کے پاس دینے کو اب کچھ بھی نہیں ہے۔

अजीजन—ऐसा ? शायद मुझे सबसे कम इसी शख्स से मिला है. खैर.

मुन्शी जी—इसके बाद मैं सेठ दानमल की कोठी पर पहुँचा.

अजीजन—अच्छा.

मुन्शी जी—वहाँ तो एक तमाशा ही हो गया.

अजीजन—कैसा ?

मुन्शी जी—सेठ साहब दूकान पर ही तशरीफ़ रखते थे, उनके पास राजा रिपुदमन सिंह का अहलकार बैठा हुआ था. मुझे देखते ही उस अहलकार को छोड़ कर सेठ साहब इस फ़ुर्ती से घर के अन्दर घुसे जैसे बिल्ली को देखकर चूहा बिल में घुस जाता है. जब तक उनसे अपने आने का मक़सद कहलाऊँ तब तक उन्हीं का एक आदमी पहुंच गया और बोला कि मैं फ़ौरन उनकी कोठी छोड़कर चला आऊँ, क्योंकि राजद्रोहियों को उनके यहाँ बैठने भी नहीं दिया जा सकता.

अजीजन—ऐसी बात. (कुछ रुककर) शायद राजा रिपुदमन सिंह का अहलकार सेठ साहब के यहाँ आपके जाने का सारा हाल कहने को ही पहुँचा होगा.

मुन्शी जी—हाँ, यही मालूम होता है.

अजीजन—अच्छा, आगे.

मुन्शी जी—बस, एक ही जगह रह गई. महन्त लक्ष्मी गिर का मठ.

अजीजन—हाँ, वहाँ क्या हुआ, यह और बता दीजिये.

मुन्शी जी—वहाँ तो और भी बड़ा तमाशा हुआ.

عزیزن ۔ ایسا؟ شاید مجھے سب سے کم اسی شخص سے ملا ہے۔ خیر۔

منشی جی ۔ اس کے بعد میں سیٹھ دان مل کی کوٹھی پر پہنچا۔

عزیزن ۔ اچھا۔

منشی جی ۔ وہاں تو ایک تماشہ ہی ہوگیا۔

عزیزن ۔ کیسا؟

न होता या इस तरह से लोग घर से बेघर न किये जाते तो आप और कांग्रेस हिन्दुओं और सिक्खों में बेअसर नहीं हो सकते थे. अंग्रेज़ को इस बात का बहुत दुख है कि उसको हिन्दुस्तान की हुकूमत अपने दुश्मनों के हाथ में देनी पड़ी. हमारी भूल यह है कि हमने भी अंगरेज़ के दोस्तों को हुकूमत में शामिल कर लिया और वह हुकूमत मंज़ूर कर ली जिसकी सारी मशीनरी अंगरेज़ की बनाई हुई है. इसलिये हिन्दुस्तान और पाकिस्तान में जो कुछ हुआ है उसको मैं हिन्दू मुस्लिम फ़साद नहीं कहता." महात्मा जी ने मेरी यह बातचीत बड़े ध्यान से सुनी और कहा—'मौलाना साहब, आप इस तरह से सोचते हैं, और इतनी मुसीबत के बाद भी इतना ठंडा सोचते हैं."

इसके बाद मैंने कहा कि आप कांग्रेस को नये ढंग से बनाइये. पुरानी मेम्बरी की शर्तें सब हटा दें. बल्कि उन सब लोगों को कांग्रेस में शामिल करें जिन्होंने इन फ़सादों में अपनी जान पर खेलकर दोनों तरफ़ के लोगों की जान और आबरू को बचाया है. उन्होंने पूछा—"ऐसे कितने आदमी हैं ?" मैंने कहा—"दोनों तरफ़ हज़ारों की तादाद में ऐसे आदमी हैं."

इस पर महात्मा जी ने हैरान होकर मेरी तरफ़ देखा और कहा—"यह ठीक है ?" मैंने कहा—"बिलकुल ठीक है."

उनके शहीद होने से पहले उनसे छै मुलाक़ातें मैंने और कीं.

जिस दिन महात्मा जी ने ब्रत का ऐलान किया, उससे एक दिन पहले मैं उनकी ख़िदमत में हाज़िर हुआ था और कहा था—"मुझे बाल बच्चों समेत इंगलिस्तान जाने दीजिये।" उन्होंने

نہ ہوتا یا اس طرح سے لوگ گھر سے بے گھر نہ کئے جاتے تو آپ اور کانگریس ہندوؤں اور سکھوں میں بے اثر نہیں ہو سکتے تھے۔ انگریز کو اس بات کا بہت دُکھ ہے کہ اس کو ہندستان کی حکومت اپنے دشمنوں کے ہاتھ میں دینی پڑی۔ ہماری بھول یہ ہے کہ ہم نے بھی انگریز کے دوستوں کو حکومت میں شامل کر لیا اور وہ حکومت منظور کر لی جس کی ساری مشینری انگریز کی بنائی ہوئی ہے۔ اس لئے ہندستان اور پاکستان میں جو کچھ ہوا ہے اس کو میں ہندو مسلم فساد نہیں کہتا۔" مہاتما جی نے میری یہ بات چیت بڑے دھیان سے سنی اور کہا۔ "مولانا صاحب، آپ اس طرح سے سوچتے ہیں، اور اتنی مصیبت کے بعد بھی اتنا ٹھنڈا سوچتے ہیں۔"

اس کے بعد میں نے کہا کہ آپ کانگریس کو نئے ڈھنگ سے بنائیے۔ پرانی ممبری کی شرط سب ہٹا دیں۔ بلکہ ان سب لوگوں کو کانگریس میں شامل کریں جنھوں نے ان فسادوں میں اپنی جان پر کھیل کر دونوں طرف کے لوگوں کی جان اور آبرو کو بچایا ہے۔ انھوں نے پوچھا۔ "ایسے کتنے آدمی ہیں؟" میں نے کہا۔ "دونوں طرف ہزاروں کی تعداد میں ایسے آدمی ہیں۔" (۲۵۰)

اس پر مہاتما جی نے حیران ہو کر میری طرف دیکھا اور کہا۔ "یہ ٹھیک ہے؟" میں نے کہا۔ "بالکل ٹھیک ہے۔"

ان کے شہید ہونے سے پہلے ان سے چھ ملاقاتیں میں نے اور کیں۔

جس دن مہاتما جی نے برت کا اعلان کیا، اس سے ایک دن پہلے میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تھا اور کہا تھا۔ "مجھے بال بچوں سمیت انگلستان جانے دیجئے۔" انھوں نے

पूछा—"क्यों ?" तो मैंने कहा—"इसलिये कि हिन्दुस्तान में मैं मुसलमान समझा जाता हूँ, मेरे चलने फिरने की कोई जगह नहीं. और पाकिस्तान में मुझे कांग्रेस का जासूस कहते हैं." मैंने यह बात हँसी में कही थी पर महात्मा जी को इससे बड़ा दुख पहुँचा. रात को उन्होंने व्रत का एलान कर दिया. अगले दिन मैं उनसे मिला. उन्होंने मुझसे पूछा—"अब भी इंगलिस्तान जाओगे ?" मैंने कहा—"मुझे दुख है कि आपको मेरी बात से तकलीफ़ पहुँची."

महात्मा जी को लोगों ने समझने में बड़ी ग़लतियाँ की हैं. महात्मा जी को समझना कोई आसान काम नहीं था. जिन्होंने महात्मा जी को नहीं समझा उनसे ही मुल्क को नुक़सान पहुँचा.

उन दिनों में उनसे बातें करके मुझे ऐसा लगता था कि अब पाकिस्तान वालों के लिये इससे अच्छी कोई बात नहीं कि वह अपना सारा मामला महात्मा जी के हाथ में सौंप दें. तभी दोनों देशों में अमन शांति हो सकती है.

महात्मा जी सिर्फ़ पीड़ित यानी मज़लूम की हिमायत करते थे, चाहे कोई क्यों न हो. उन्हें हमेशा सच्चाई की तलाश थी. सबसे बड़ा दुख उनको यह था कि जिन लोगों को उन्होंने सब कुछ बनाया वही उनकी बात नहीं सुनते थे. वह पूरबी पंजाब के मुसलमानों और पच्छिमी पंजाब के हिन्दू सिक्खों को बेहद बुज़दिल समझते थे और बार-बार कहते थे कि उनको अपने घरों में मरना चाहिये था पर निकलना नहीं चाहिये था.

दिल्ली के मुसलमानों के बारे में मुझसे कई बार महात्मा जी

پوچھا "کیوں؟" تو میں نے کہا "اس لئے کہ ہندستان میں میں مسلمان سمجھا جاتا ہوں، میرے چلنے پھرنے کی کوئی جگہ نہیں۔ اور پاکستان میں مجھے کانگریس کا جاسوس کہتے ہیں۔" میں نے یہ بات ہنسی میں کہی تھی پر مہاتماجی کو اس سے بڑا دکھ پہنچا۔ رات کو انھوں نے برت کا اعلان کر دیا۔ اگلے دن میں اُن سے ملا۔ انھوں نے مجھے پوچھا "اب بھی انگلستان جاؤ گے؟" میں نے کہا "مجھے دکھ ہے کہ آپ کو میری بات سے تکلیف پہنچی۔"

مہاتماجی کو لوگوں نے سمجھنے میں بڑی غلطیاں کی ہیں۔ مہاتما جی کو سمجھنا کوئی آسان کام نہیں تھا۔ جنھوں نے مہاتما جی کو نہیں سمجھا اُن سے ہی ملک کو نقصان پہنچا۔

اُن دنوں میں ان سے باتیں کر کے مجھے ایسا لگتا تھا کہ اب پاکستان والوں کے لئے اس سے اچھی کوئی بات نہیں کہ وہ اپنا سارا معاملہ مہاتماجی کے ہاتھ میں سونپ دیں۔ تبھی دونوں دیشوں میں امن شانتی ہو سکتی ہے۔

مہاتماجی صرف پیڑت یعنی مظلوم کی حمایت کرتے تھے، چاہے کوئی کیوں نہ ہو۔ انھیں ہمیشہ سچائی کی تلاش تھی۔ سب سے بڑا دکھ ان کو یہ تھا کہ جن لوگوں کو انھوں نے سب کچھ بنایا وہی ان کی بات نہیں مانتے تھے۔ وہ پوربی پنجاب کے مسلمانوں اور پچھمی پنجاب کے ہندو سکھوں کو بے حد بزدل سمجھتے تھے اور بار بار کہتے تھے کہ ان کو اپنے گھروں میں مرنا چاہیے تھا پر نکلنا نہیں چاہیے تھا۔

دلی کے مسلمانوں کے بارے میں مجھسے کئی بار مہاتما جی

ने कहा कि आप उनसे कहिये कि मुसलमान अपने ख़ुदा पर भरोसा रक्खें. अपने अपने घरों में बेशक बैठकर मर जायँ पर शर्त यह है कि उनके दिलों में बदले का ख़याल न हो और ख़ुदा पर भरोसा हो.

एक बात चीत में यह भी कहा कि मैं हैरान हूँ कि मुसलमान तो हमेशा ख़ुदा पर भरोसा करते थे, आज उनको क्या हो गया है कि फ़ौज और पुलिस का भरोसा ढूँढते हैं. जिन लोगों को शहादत पर विश्वास है वह क्यों डरते हैं और क्यों भागते हैं.

३० जनवरी की शाम को मैंने अचानक यह बात सुनी कि महात्मा जी शहीद कर दिये गये. इस ख़बर ने मेरे पैरों के नीचे से ज़मीन निकाल दी और मैं हैरान होकर खड़ा सोचता रहा. इसलिये नहीं कि महात्मा जी चल बसे. आख़िर हर इन्सान को जाना है. उन्हें भी जाना था. बल्कि मैं उस रात को यह सोचता रहा कि हमारा तमाम दुनिया में मुँह काला हो गया. किसको क़त्ल किया और किसने क़त्ल किया. जो हमेशा दुशमनों की भी भलाई चाहता रहा, जिसने इस अभागे देश को ज़िल्लत से निकालकर इज़्ज़त की ऊँची जगह पर पहुँचा दिया. अछूतों को हिन्दुस्तान का वज़ीर बना दिया और पाकिस्तान बना तो वह भी उन्हीं के सदक़े में. अंग्रेज़ अगर न निकलते तो यह कुछ भी न होता और अंगरेज़ों को निकालने में महात्मा गांधी की कोशिशें ही कामयाब हुईं.

दुनिया की तारीख़ बताती है कि इस तरह के बेगुनाहों का क़त्ल मुल्कों और क़ौमों की तबाही का कारन हो जाता है.

نے کہا کہ آپ ان سے کہیئے کہ مسلمان اپنے خدا پر بھروسہ رکھیں۔ اپنے اپنے گھروں میں بے شک بیٹھکر مر جائیں پر شرط یہ ہے کہ ان کے دلوں میں بدلے کا خیال نہ ہو اور خدا پر بھروسہ ہو۔

ایک بات چیت میں یہ بھی کہا کہ میں حیران ہوں کہ مسلمان تو ہمیشہ خدا پر بھروسہ کرتے تھے، آج ان کو کیا ہو گیا ہے کہ فوج اور پولیس کا بھروسہ ڈھونڈتے ہیں۔ جن لوگوں کو شہادت پر وشواس ہے وہ کیوں ڈرتے ہیں اور کیوں بھاگتے ہیں۔

۳۰ جنوری کی شام کو میں نے اچانک یہ بات سُنی کہ مہاتما جی شہید کر دیے گئے۔ اس خبر نے میرے پیروں کے نیچے سے زمین نکال دی اور میں حیران ہو کر کھڑا سوچتا رہا۔ اس لئے نہیں کہ مہاتما جی چل بسے۔ آخر ہر انسان کو جانا ہے۔ انھیں بھی جانا تھا۔ بلکہ میں اس رات کو یہ سوچتا رہا کہ ہمارا تمام دنیا میں منہ کالا ہو گیا۔ کس کو قتل کیا اور کس نے قتل کیا۔ جو ہمیشہ دشمنوں کی بھی بھلائی چاہتا رہا، جس نے اس ابھاگے دیش کو ذلت سے نکال کر عزت کی اونچی جگہ پر پہنچا دیا۔ اچھوتوں کو ہندستان کا وزیر بنا دیا اور پاکستان بنا تو وہ بھی انھیں کے صدقے میں۔ انگریز اگر نہ نکلتے تو یہ کچھ بھی نہ ہوتا اور انگریزوں کو نکالنے میں مہاتما گاندھی کی کوششیں ہی کامیاب ہوئیں۔

دنیا کی تاریخ بتاتی ہے کہ اس طرح کے بے گناہوں کا قتل ملکوں اور قوموں کی تباہی کا کارن ہو جاتا ہے۔

इतिहास बताता है कि हज़रत उसमान, जो इस्लाम में तीसरे ख़लीफ़ा थे, उनकी बेबसी और मज़लूमी की शहादत ने तमाम इस्लाम का शीराज़ा बिखेर दिया. अगरचे उस वक़्त मुसलमानों में बहुत बड़े बड़े और असर वाले लोग मौजूद थे पर हज़रत उसमान के बेगुनाह ख़ून का असर आज तक दुनिया को नहीं बचा सका और मुसलमान उसका प्रायश्चित नहीं कर सका.

मैं महात्मा जी के मज़लूम ख़ून के नतीजों से काँप उठता हूँ. सोचता हूँ कि हिन्दुस्तान को इस ख़ून की क़ीमत कितनी और कब तक अदा करनी होगी.

३० जनवरी १९४८ की शाम को महात्मा गांधी हमसे ज़बरदस्ती जुदा कर दिये गये. दुनिया की हर चीज़ ने हम पर मलामत की और सदा दुनिया हमारी निंदा करती रहेगी कि हमने उस आदमी की क़द्र न की जिसने अपनी सच्ची कोशिशों और क़ुरबानियों से हमको इन्सान बनाने की कोशिश की. उनकी क़ुरबानी और शहादत ने हर हिन्दुस्तानी और पाकिस्तानी को यह सोचने के लिये मजबूर कर दिया कि वह क्या कर रहा है.

महात्मा जी ने हिन्दुस्तान की आज़ादी के लिये जो प्रोग्राम रक्खा था वह तामीरी भी था और तख़रीबी भी. यानी रचनात्मक भी और नाशात्मक भी.

तामीरी

(१) अछूत उद्धार यानी सब इन्सानों को एक जैसा समझो.

(२) खादी का इस्तेमाल.

(३) चर्ख़ा कातना.

اتہاس بتاتا ہے کہ حضرت عثمان، جو اسلام میں تیسرے خلیفہ تھے، ان کی بے بسی اور مظلومی کی شہادت نے تمام اسلام کا شیرازہ بکھیر دیا۔ اگرچہ اس وقت مسلمانوں میں بہت بڑے بڑے اور اثر والے لوگ موجود تھے پر حضرت عثمان کے بیگناہ خون کا اثر آج تک دنیا کو نہیں بچا سکا اور مسلمان اس کا پرایشچت نہیں کر سکا۔

میں مہاتما جی کے مظلوم خون کے نتیجوں سے کانپ اٹھتا ہوں۔ سوچتا ہوں کہ ہندستان کو اس خون کی قیمت کتنی اور کب تک ادا کرنی ہوگی۔

۳۰ جنوری ۱۹۴۸ کی شام کو مہاتما گاندھی ہم سے زبردستی جدا کر دئے گئے۔ دنیا کی ہر چیز نے ہم پر ملامت کی اور سدا دنیا ہماری نندا کرتی رہے گی کہ ہم نے اس آدمی کی قدر نہ کی جس نے اپنی سچی کوششوں اور قربانیوں سے ہم کو انسان بنانے کی کوشش کی۔ اُن کی قربانی اور شہادت نے ہر ہندستانی اور پاکستانی کو یہ سوچنے کے لئے مجبور کر دیا کہ وہ کیا کر رہا ہے۔

مہاتما جی نے ہندستان کی آزادی کے لئے جو پروگرام رکھا تھا وہ تعمیری بھی تھا اور تخریبی بھی۔ یعنی رچناتمک بھی اور ناشاتمک بھی۔

تعمیری

(۱) اچھوت اُدّھار یعنی سب انسانوں کو ایک جیسا سمجھو۔

(۲) کھادی کا استعمال۔

(۳) چرخہ کاتنا۔

इस तामीरी प्रोग्राम ने मुल्क में एक ऐसी जमात बना दी जो सारे हिन्दुस्तान में इज्ज़त की निगाह से देखी जाने लगी. इसमें अछूत, हिन्दू, मुसलमान, सिक्ख, ईसाई, पारसी वग़ैरा सब शरीक हुए. इस तामीरी प्रोग्राम ने मुल्क में एकता और काम करने की आदत पैदा कर दी.

तख़रीबी (नाशात्मक)

हिन्दुस्तान को आज़ाद कराने के लिये असहयोग और अहिंसा के ज़रिये अंग्रेज़ी हुकूमत को मजबूर किया जाय कि वह हिन्दुस्तान को छोड़ दे.

दुनिया ने देख लिया कि इस छोटे से प्रोग्राम ने अंग्रेज़ जैसी मज़बूत हुकूमत को हिन्दुस्तान से निकलने पर मजबूर कर दिया. आज भी दुनिया में तब ही अमन और शांति पैदा होगी जब महात्मा जी के इस प्रोग्राम पर सारी दुनिया अमल करे.

हमको आपस में दोस्त या इन्सान बनने के लिये पिछली सदियों की तारीख़ें तलाश नहीं करनी चाहियें. केवल छत्तीस बरस पीछे हटकर देखें कि हम किस तरह भाई भाई थे. मुसलमान आलिम और दरवेश मंदिरों और गुरुद्वारों में जाते थे और तक़रीरें करते थे. स्वामी श्रद्धानन्द को हमने देहली की मशहूर जामे मसजिद में तक़रीर करते देखा था और हमको उनके यह शब्द याद होने चाहिये कि 'हम' शब्द से मतलब हिन्दू मुसलमान हैं. हम की हे ( ) इसीलिये छोटी है कि हिन्दू सिर्फ़ हिन्दुस्तान में हैं और 'हम' की मीम ( ) इसीलिये लम्बी है कि मुसलमान तमाम

اس تعمیری پروگرام نے ملک میں ایک ایسی جماعت بنا دی جو سارے ہندوستان میں عزت کی نگاہ سے دیکھی جانے لگی۔ اس میں اچھوت، ہندو، مسلمان، سکھ، عیسائی، پارسی وغیرہ سب شریک ہوئے۔ اس تعمیری پروگرام نے ملک میں ایکتا اور کام کرنے کی عادت پیدا کر دی۔

تخریبی (ناشاتمک)

ہندستان کو آزاد کرنے کے لئے اسہیوگ اور اہنسا کے ذریعے انگریزی حکومت کو مجبور کیا جائے کہ وہ ہندستان کو چھوڑ دے۔

دنیا نے دیکھ لیا کہ اس چھوٹے سے پروگرام نے انگریز جیسی مضبوط حکومت کو ہندستان سے نکلنے پر مجبور کر دیا۔ آج بھی دنیا میں تب ہی امن اور شانتی پیدا ہوگی جب مہاتما جی کے اس پروگرام پر ساری دنیا عمل کرے۔

ہم کو آپس میں دوست یا انسان بننے کے لئے پچھلی صدیوں کی تاریخیں تلاش نہیں کرنی چاہئیں۔ کیول چھتیس برس پیچھے ہٹ کر دیکھیں کہ ہم کس طرح بھائی بھائی تھے۔ مسلمان عالم اور درویش مندروں اور گردواروں میں جاتے تھے اور تقریریں کرتے تھے۔ سوامی شردھانند کو ہم نے دہلی کی مشہور جامع مسجد میں تقریر کرتے دیکھا تھا اور ہم کو ان کے یہ شبد یاد ہونے چاہئیں کہ 'ہم' شبد سے مطلب ہندو مسلمان ہیں۔ ہم کی ہے (ہ) اسی لئے چھوٹی ہے کہ ہندو صرف ہندستان میں ہیں اور 'ہم' کی میم (م) اسی لئے لمبی ہے کہ مسلمان تمام دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں۔

मेरी आँखों ने यह भी देखा कि जब अकाली गुरुद्वारों के लिये लड़ रहे थे तो मुसलमान मर्द-औरत उनके जत्थों का स्वागत करते, गलों में फूलों का हार डालते और खाने और पानी का भी इन्तज़ाम करते. सैकड़ों मुसलमान इस तहरीक में अकालियों के साथ क़ैद भी हो गये. अनगिनत मुसलमानों ने अकालियों के साथ मिलकर पुलीस की लाठियाँ भी खाईं. जैसे हर गुरुद्वारे की इज़्ज़त करना हर मुसलमान ने अपना फ़र्ज़ समझ लिया था.

अली भाईयों की माँ बी अम्माँ मरहूमा ने अकालियों की गुरुद्वारा तहरीक को कामयाब बनाने के लिये मुल्क का दौरा किया. वह कहा करती थीं कि मुझे सिक्ख बहुत ही प्यारे लगते हैं. यही मुल्क को आज़ाद करायँगे.

गुरुद्वारा दरबार साहब अमृतसर के तालाब की सफ़ाई का हुक्म पंथ ने दिया तो उसकी सफ़ाई करने के लिये अमृतसर के कई सौ मुसलमान और मौलवी खिलाफ़त कमेटी अमृतसर की तरफ़ से दरबार साहब की सफ़ाई के लिये काम करते थे.

जुमे का दिन था. जब जुमे की नमाज़ का वक़्त हुआ तो मुसलमानों ने कहा कि हम जुमे की नमाज़ पढ़ आएँ. उस वक़्त अकालियों ने कहा कि नमाज़ यहीं दरबार साहब में पढ़ो. और दरबार साहब अमृतसर में बाक़ायदा जुमे की नमाज़ हुई. अकाली मर्द औरत दोनों तरफ़ पहरा दे रहे थे कि नमाज़ियों के आगे से कोई जावे नहीं.

कांग्रेस के सिलसिले में मुझे कई बार गुरुद्वारों में ठहरने का इत्तिफ़ाक़ हुआ. एक बार लुधियाना में अकालियों का बहुत बड़ा

میری آنکھوں نے یہ بھی دیکھا کہ جب اکالی گردواروں کے لئے لڑ رہے تھے تو مسلمان مرد عورت ان کے جتھوں کا سواگت کرتے، گلوں میں پھولوں کا ہار ڈالتے اور کھانے اور پانی کا بھی انتظام کرتے۔ سیکڑوں مسلمان اس تحریک میں اکالیوں کے ساتھ قید بھی ہو گئے۔ ان گنت مسلمانوں نے اکالیوں کے ساتھ ملکر پولیس کی لاٹھیاں بھی کھائیں۔ جیسے ہر گردوارے کی عزت کرنا ہر مسلمان نے اپنا فرض سمجھ لیا تھا۔

علی بھائیوں کی ماں بی اماں مرحومہ نے اکالیوں کی گردوارہ تحریک کو کامیاب بنانے کے لئے ملک کا دورہ کیا۔ وہ کہا کرتی تھیں کہ مجھے سکھ بہت ہی پیارے لگتے ہیں۔ یہی ملک کو آزاد کرائیں گے۔

گردوارہ دربار صاحب امرتسر کے تالاب کی صفائی کا حکم پنتھ نے دیا تو اس کی صفائی کرنے کے لئے امرتسر کے کئی سو مسلمان اور مولوی خلافت کمیٹی امرتسر کی طرف سے دربار صاحب کی صفائی کے لئے کام کرتے تھے۔

جمعہ کا دن تھا۔ جب جمعہ کی نماز کا وقت ہوا تو مسلمانوں نے کہا کہ ہم جمعہ کی نماز پڑھ آئیں۔ اس وقت اکالیوں نے کہا کہ نماز یہیں دربار صاحب میں پڑھو۔ اور دربار صاحب امرتسر میں باقاعدہ جمعہ کی نماز ہوئی۔ اکالی مرد عورت دونوں طرف پہرہ دے رہے تھے کہ نمازیوں کے آگے سے کوئی جاوے نہیں۔

کانگریس کے سلسلے میں مجھے کئی بار گردواروں میں ٹھہرنے کا اتفاق ہوا۔ ایک بار لدھیانہ میں اکالیوں کا بہت بڑا

जलसा था. सर्दी के कारन शहर में सोने के लिये जगह की कमी थी. मैंने अपनी बड़ी मसजिद में कई सौ अकालियों को रात में सोने की जगह दी. रात को वह मसजिद में पाठ भी करते रहे. किसी मुसलमान ने इस पर एतराज़ नहीं किया. इससे बड़ी बात सुनिये.

१९२१ में एक लड़का प्रीतम सिंह, जो होशियारपुर जिले का था और जिसकी उम्र १८ साल की थी, उसने जमियतुल उलमा का वह फ़तवा, जिसमें पुलीस और फ़ौज की नौकरी को हराम कहा गया था, अपने क़लम से नक़ल करके फुलोर, ज़िला जालंधर के उस क़िले पर लगा दिया जिसमें सारे पंजाब की पुलीस इम्तिहान देने आती थीं और ट्रेन्ड की जाती थी. प्रीतम सिंह को उसी वक़्त गिरफ़्तार कर लिया गया. सेशन जज जालंधर के सामने उसका मुक़दमा पेश हुआ. जज अंग्रेज़ था. उसने पूछा कि क्या तुम मुसलमान हो? प्रीतम सिंह ने कहा—"नहीं मैं सिक्ख हूँ मगर मैं सब मज़हबों की इज़्ज़त करता हूँ और जमियतुल उलमा का फ़तवा सच्चा है. तुम यहाँ से निकल जाओ." उसके इस बयान पर उसको सात साल की सज़ा हुई.

प्रीतम सिंह को मैंने म्यानवाली जेल में देखा. उसे मैंने गले लगा लिया और रोने लगा. उसने पूछा कि रोते क्यों हो तो मैंने कहा—"इसलिये कि मोमिन (ईमानवाला) तू है मैं नहीं."

१९२१ और १९२२ की हज़ारों घटनाओं में मोहब्बत और इन्सानियत की यह कुछ घटनाएँ हैं. इनको पढ़िये और सोचिये कि उन्तीस बरस पहिले हम क्या थे और आज क्या हैं.

महात्मा जी की तालीम के यह नतीजे थे जो उन्होंने हिन्दुस्तान

جلسہ تھا۔ سردی کے کارن شہر میں سونے کے لئے جگہ کی کمی تھی۔ میں نے اپنی بڑی مسجد میں کئی سو اکالیوں کو رات میں سونے کی جگہ دی۔ رات کو وہ مسجد میں پاٹھ بھی کرتے رہے۔ کسی مسلمان نے اس پر اعتراض نہیں کیا۔ اس سے بڑی بات سنئے۔

۱۹۲۱ میں ایک لڑکا پریتم سنگھ، جو ہوشیارپور ضلع کا تھا اور جس کی عمر ۱۸ سال کی تھی، اس نے جمیعتہ العلما کا وہ فتوا، جس میں پولیس اور فوج کی نوکری کو حرام کہا گیا تھا، اپنے قلم سے نقل کر کے پھلور، ضلع جالندھر کے اس قلعہ پر لگا دیا جس میں سارے پنجاب کی پولیس امتحان دینے آتی تھی اور ٹرینڈ کی جاتی تھی۔ پریتم سنگھ کو اسی وقت گرفتار کر لیا گیا۔ سیشن جج جالندھر کے سامنے اس کا مقدمہ پیش ہوا۔ جج انگریز تھا۔ اس نے پوچھا کہ کیا تم مسلمان ہو؟ پریتم سنگھ نے کہا۔ "نہیں میں سکھ ہوں مگر میں سب مذہبوں کی عزت کرتا ہوں اور جمیعتہ العلما کا فتوا سچا ہے۔ تم یہاں سے نکل جاؤ۔" اس کے اس بیان پر اس کو سات سال کی سزا ہوئی۔

پریتم سنگھ کو میں نے میانوالی جیل میں دیکھا۔ اسے میں نے گلے لگایا اور رونے لگا۔ اس نے پوچھا روتے کیوں ہو تو میں نے کہا۔ "اس لئے کہ مومن (ایمان والا) تو ہے میں نہیں۔"

۱۹۲۱ اور ۱۹۲۲ کی ہزاروں گھٹناؤں میں محبت اور انسانیت کی یہ کچھ گھٹنائیں ہیں۔ ان کو پڑھئے اور سوچئے کہ انتیس برس پہلے ہم کیا تھے اور آج کیا ہیں۔

مہاتما جی کی تعلیم کے یہ نتیجے تھے جو انھوں نے ہندستان

के लोगों में पैदा कर दिये थे. १९२२ में अंग्रेज़ की सियासी चाल ने सब से पहले मुलतान में फ़साद कराया जिसके नतीजे अभी तक हिन्दुस्तान में भुगते जा रहे हैं. अगर हमें आज़ाद रहना और रूस, इंगिलस्तान और अमरीका के असर से बचे रहना है तो हिन्दुस्तान और पाकिस्तान की सरकारें और रहने वाले सच्चे दिल से महात्मा गांधी की उस सच्ची तालीम पर अमल करें जिसने १९२० और १९२२ में मोहब्बत के दरिया बहा दिये थे. तभी हम आज़ाद और इज़्ज़तदार रहेंगे नहीं तो ज़ुल्म, फूट और धोके से कोई क़ौम न ज़िन्दा रही है और न तरक़्क़ी कर सकती है.

हम महात्मा जी के ख़ून का प्रायश्चित तभी कर सकते हैं कि हममें से बहुत से आदमी पावर पालेटिक्स से अलग होकर सच्चे दिल से इन्सानी हमदर्दी का सच्चा भाव पैदा करें. और हमारी सियासत में मज़हब की सच्चाई दाख़िल की जाय. यानी हुकूमत का हर ढंग, हर तरीक़ा इन्साफ़ और न्याय पर क़ायम हो. हिन्दुस्तान तभी तरक़्क़ी करेगा और तभी उसका बड़प्पन दुनिया मानेगी जब वहाँ का हर बाप अपने बेटे के जुर्म छिपाने से इन्कार कर दे. पत्नी पति के जुर्म को न छिपाये और भाई भाई के जुर्म पर परदा न डाले.

अपराधी अगर समझाने से बाज़ न आये तो उसके रिश्तेदार और दोस्त उसके ख़िलाफ़ सच्ची गवाही देकर उसको सज़ा दिलवाएँ. जुर्म का छिपाना और मुजरिम की हिमायत करना ही क़ौम और मुल्क को तबाह कर देता है.

मेरे नज़दीक फ़िरक़ापरस्ती यह नहीं कि आप हिन्दू, मुसलमान,

کے لوگوں میں پیدا کر دئے تھے۔ ۱۹۲۲ میں انگریز کی سیاسی چال نے سب سے پہلے ملتان میں فساد کرایا جس کے نتیجے ابھی تک ہندستان میں بھگتے جا رہے ہیں۔ اگر ہمیں آزاد رہنا اور روس، انگلستان اور امریکہ کے اثر سے بچے رہنا ہے تو ہندستان اور پاکستان کی سرکاریں اور رہنے والے سچے دل سے مہاتما گاندھی کی اس سچی تعلیم پر عمل کریں جس نے ۱۹۲۰ اور ۱۹۲۲ میں محبت کے دریا بہا دئے تھے۔ تبھی ہم آزاد اور عزت دار رہیں گے نہیں تو ظلم، پھوٹ اور دھوکے سے کوئی قوم نہ زندہ رہی ہے اور نہ ترقی کر سکتی ہے۔

ہم مہاتما جی کے خون کا پرائشچت تبھی کر سکتے ہیں کہ ہم میں سے بہت سے آدمی پاور پالیٹکس سے الگ ہو کر سچے دل سے انسانی ہمدردی کا سچا بھاؤ پیدا کریں اور ہماری سیاست میں مذہب کی سچائی داخل کی جائے۔ یعنی حکومت کا ہر ڈھنگ، ہر طریقہ انصاف اور نیائے پر قائم ہو۔ ہندستان تبھی ترقی کرے گا اور تبھی اس کا بڑپن دنیا مانے گی جب یہاں کا ہر باپ اپنے بیٹے کے جرم چھپانے سے انکار کر دے۔ پتنی پتی کے جرم کو نہ چھپائے اور بھائی بھائی کے جرم پر پردہ نہ ڈالے۔

اپرادھی اگر سمجھانے سے باز نہ آئے تو اس کے رشتے دار اور دوست اس کے خلاف سچی گواہی دے کر اس کو سزا دلوائیں۔ جرم کا چھپانا اور مجرم کی حمایت کرنا ہی قوم اور ملک کو تباہ کر دیتا ہے۔

میرے نزدیک فرقہ پرستی یہ نہیں کہ آپ ہندو، مسلمان،

सिक्ख या ईसाई हैं. बल्कि फ़िरक़ापरस्ती यह है कि आप अपने किसी निजी सबंन्ध, रिश्ता, दोस्ती या मजहब की बिना पर जालिम की हिमायत करें और जिस पर जुल्म हो उसकी मदद न करें. हर मजहब के लोग हर तरह से जिन्दा रह सकते हैं, प्रेम से रह सकते हैं. शर्त यही है कि वह इस बात का फ़ैसला कर लें कि वह पीड़ित यानी मजलूम का साथ देंगे. चाहे कोई भी क्यों न हो और जालिम का विरोध करेंगे चाहे वह कोई भी क्यों न हो. (अपने मजहब का हो या रिश्तेदार) मजहब और खुदा की हुकूमत के यह मानी हैं कि जिन्दगी के हर हिस्से और हर कोने में इन्साफ हो. लोग यह कहते हैं कि मजहब को सियासत से अलग कर दो और मैं यह कहता हूँ कि सियासत को मजहब से अलग कर दो. क्योंकि आज-कल की सियासत बददयानती और बेईमानी से चल रही है. महात्मा जी सियासत में नेकी और ईमानदारी को दाखिल करना चाहते थे. वह चाहते थे कि खुदा परसती, नेकी और न्याय के साथ दुनिया में राज हो जिससे जुल्म और बेन्साफी खत्म हो जाय.

हिन्दुस्तान की तारीख में हिन्दू मुसलमान को कभी दो कौमें नहीं कहा गया था और न यहाँ कम गिनत और बहू गिनत शब्दों का इस्तेमाल हुआ था. क़ौम और कम गिनत का शब्द अंग्रेजों की यादगार है. उसने इन दोनों शब्दों से हिन्दुस्तान में ऐसी फूट पैदा कर दी जिसके मिटाने के लिये बहुत बड़ी हिम्मत की जरूरत है. मेरी यह दिली ख़ाहिश है कि हिन्दुस्तान में हमारे भाई सिक्खने

سکھ یا عیسائی ہیں. بلکہ فرقہ پرستی یہ ہے کہ آپ اپنے کسی نجی سبندھ، رشتہ، دوستی یا مذہب کی بنا پر ظالم کی حمایت کریں اور جس پر ظلم ہو اس کی مدد نہ کریں. ہر مذہب کے لوگ ہر طرح سے زندہ رہ سکتے ہیں، پریم سے رہ سکتے ہیں. شرط یہی ہے کہ وہ اس بات کا فیصلہ کر لیں کہ وہ پیڑت یعنی مظلوم کا ساتھ دیں گے. چاہے کوئی بھی کیوں نہ ہو اور ظالم کا ورودھ کریں گے چاہے وہ کوئی بھی کیوں نہ ہو. (اپنے مذہب کا ہو یا رشتہ دار) مذہب اور خدا کی حکومت کے یہ معنی ہیں کہ زندگی کے ہر حصے اور ہر کونے میں انصاف ہو. لوگ یہ کہتے ہیں کہ مذہب کو سیاست سے الگ کر دو اور میں یہ کہتا ہوں کہ سیاست کو مذہب سے الگ کر دو. کیوں کہ آج کل کی سیاست بددیانتی اور بے ایمانی سے چل رہی ہے. مہاتما جی سیاست میں نیکی اور ایمانداری کو داخل کرنا چاہتے تھے. وہ چاہتے تھے کہ خدا پرستی، نیکی اور نیائے کے ساتھ دنیا میں راج ہو جس سے ظلم اور بے انصافی ختم ہو جائے.

ہندوستان کی تاریخ میں ہندو مسلمان کو کبھی دو قومیں نہیں کہا گیا تھا اور نہ یہاں کم گنت اور بہو گنت شبدوں کا استعمال ہوا تھا. قوم اور کم گنت کا شبد انگریزوں کی یادگار ہے. اس نے ان دونوں شبدوں سے ہندوستان میں ایسی پھوٹ پیدا کر دی جس کے مٹانے کے لئے بہت بڑی ہمت کی ضرورت ہے. میری یہ دلی خواہش ہے کہ ہندوستان میں ہمارے

न कोई अलग क़ौम है न कोई कम गिनत फ़िरक़ा. मेरा आख़िरी संदेशा यही है कि फ़िरक़ापरस्ती को मिटा दो यानी फूट और ज़ुल्म को मिटा दो. ख़ुदा की पूजा बंदगी करो और सबको अपना भाई समझो.

महात्मा गांधी ज़िन्दाबाद.

आज के शहीद

(सम्पादक श्री० रतन लाल बसंल)

आज के शहीद में उन बहादुरों की कहानियाँ हैं जिन्होंने बिदेशी हाकिमों की फैलाई फूट की आग में इन्सानियत को भस्म होते देख एक छन की भी देर न की और उसे बुझाने के लिये अपनी जान क़ुरबान कर दी, उन वीरों की कहानियाँ हैं जिन्होंने फूट और नफ़रत के अंधेरे में रोशनी बनकर दूसरों को रास्ता दिखाया.

आज के शहीद में देश पिता महात्मा गांधी के साथ-साथ स्वर्गीय गणेश शंकर विद्यार्थी, श्री लाल मोहन सेन, श्री बसन्त राव हेंगिष्टे जनाब रज्जब अली, श्री शचीन्द्रनाथ मित्र, मीर मक़बूल शेरवानी, श्री स्मृतीश बनर्जी और जनाब शोएबुल्ला ख़ाँ वग़ैरा के जीवन और बलिदान की कहानियाँ पढ़कर आप सोचने के लिये मजबूर हो जायँगे कि धर्म के सच्चे सेवक यह शहीद थे या वह फ़िरक़ा परस्त नेता जो बात-बात में धर्म और दीन का नाम लेकर इन्सानों को इन्सानों से नफ़रत करना सिखाते हैं.

हर एकता प्रेमी के पढ़ने की किताब.

सुन्दर जिल्द और आर्ट पेपर पर छपी आठ तस्वीरों के साथ इस किताब का दाम सिर्फ़ ढाई रुपया रक्खा गया है. किताब उर्दू और नागरी दोनों लिखावटों में मिल सकती है.

मैनेजर 'नया हिन्द' ४८, बाई का बाग़ इलाहाबाद.

نہ کوئی الگ قوم ہے نہ کوئی کم گنت فرقہ۔ میرا آخری سندیشہ یہی ہے کہ فرقہ پرستی کو مٹا دو یعنی پھوٹ اور ظلم کو مٹا دو۔ خدا کی پوجا بندگی کرو اور سب کو اپنا بھائی سمجھو۔

مہاتما گاندھی زندہ باد

آج کے شہید

(سمپادک شری رتن لال بنسل)

آج کے شہید میں اُن بہادروں کی کہانیاں ہیں جنہوں نے ودیشی حاکموں کی پھیلائی پھوٹ کی آگ میں انسانیت کو بھسم ہوتے دیکھ ایک چھن کی بھی دیر نہ کی اور اُسے بجھانے کے لئے اپنی جان قربان کر دی، اُن ویروں کی کہانیاں ہیں جنہوں نے پھوٹ اور نفرت کے اندھیرے میں روشنی بنکر دوسروں کو راستہ دکھایا۔

آج کے شہید میں دیش پتا مہاتما گاندھی کے ساتھ ساتھ سورگیہ گنیش شنکر ودیارتھی، شری لال موہن سین، شری بسنت راؤ ہنگشٹے جناب رجب علی، شری شچیندر ناتھ مِتر، میر مقبول شیروانی، شری سمرتیش بنرجی اور جناب شعیب اللہ خاں وغیرہ کے جیون اور بلیدان کی کہانیاں پڑھکر آپ سوچنے کے لئے مجبور ہو جائیں گے کہ دھرم کے سچے سیوک یہ شہید تھے یا وہ فرقہ پرست نیتا جو بات بات میں دھرم اور دین کا نام لے کر انسانوں کو انسانوں سے نفرت کرنا سکھاتے ہیں۔ ہر ایکتا پریمی کے پڑھنے کی کتاب۔ سُندر جلد اور آرٹ پیپر پر چھپی آٹھ تصویروں کے ساتھ اس کتاب کا دام صرف ڈھائی روپیہ رکھا گیا ہے۔ کتاب اُردو اور ناگری دونوں لکھاوٹوں میں مل سکتی ہے۔

مینیجر نیا ہند، ۴۸، بائی کا باغ الہ آباد۔

दुनिया का हाल

(भाई इशरत अली सिद्दीक़ी)

रूस का वार, अमरीका का जवाब

जैसा डर था वैसा ही हुआ. अमरीका के प्रेसिडेन्ट ट्रूमेन ने रूस के प्रधान मंत्री स्टालिन से मिलने से इनकार कर दिया. याद होगा कि स्टालिन ने एक बयान में कहा था कि वह ट्रूमेन से मिलने और उनके साथ एक अमन और शान्ति के समझौते पर दस्तख़त करने के लिये तैयार हैं. आशा थी कि इस मुलाक़ात से दुनिया के इन दोनों बड़े मुल्कों की तनातनी बहुत कुछ कम हो जायगी और बहुत से मसले सुलझ जायँगे. लेकिन शायद अमरीका ने रूस के इस सुझाव को उसकी एक चाल समझा और यह सोचा कि इस तरह रूस पच्छिमी यूनियन में अड़ंगा लगाना चाहता है. यह बात खोलकर तो नहीं कही गई और अमरीका के विदेश मंत्री डीन एच० सन के बयान की ख़ास ख़ास बातें यह थीं—यू० एन० ओ० के चार्टर पर दस्तख़त करने वाले सभी मुल्क, जिनमें अमरीका और रूस दोनों शामिल हैं, एक दूसरे के ख़िलाफ़ लड़ाई न छेड़ने का वायदा पहले ही से कर चुके हैं और इसी वायदे को दोहराने के लिये अमरीका का प्रेसिडेन्ट चौथी बार आधी दुनिया का सफ़र करके स्टालन से मिलने नहीं जायगा. जहाँ तक दूसरे मसलों, जैसे

دُنیا کا حال

(بھائی عشرت علی صدیقی)

روس کا وار، امریکہ کا جواب

جیسا ڈر تھا ویسا ہی ہوا۔ امریکہ کے پریذیڈنٹ ٹرومین نے روس کے پردھان منتری اسٹالن سے ملنے سے انکار کر دیا۔ یاد ہوگا کہ اسٹالن نے ایک بیان میں کہا تھا کہ وہ ٹرومین سے ملنے اور اُن کے ساتھ ایک امن اور شانتی کے سمجھوتے پر دستخط کرنے کے لئے تیار ہیں۔ آشا تھی کہ اس ملاقات سے دنیا کے ان دونوں بڑے ملکوں کی تناتنی بہت کچھ کم ہو جائے گی اور بہت سے مسئلے سُلجھ جائیں گے۔ لیکن شاید امریکہ نے روس کے اس سُجھاؤ کو اس کی ایک چال سمجھا اور یہ سوچا کہ اس طرح روس پچھمی یونین میں اڑنگا لگانا چاہتا ہے۔ یہ بات کھول کر تو نہیں کہی گئی اور امریکہ کے ودیش منتری ڈین ایچ سن کے بیان کی خاص باتیں یہ تھیں—یو۔ این۔ او۔ کے چارٹر پر دستخط کرنے والے سبھی ملک، جن میں امریکہ اور روس دونوں شامل ہیں، ایک دوسرے کے خلاف لڑائی نہ چھیڑنے کا وعدہ پہلے ہی سے کر چکے ہیں اور اسی وعدے کو دہرانے کے لئے امریکہ کا پریذیڈنٹ چوتھی بار آدھی دنیا کا سفر کر کے اسٹالن سے ملنے نہیں جائے گا۔ جہاں تک دوسرے مسئلوں، جیسے

कि बर्लिन, जर्मनी और हथियारों में कमी करने का सम्बंध है, इन मसलों के अभी तक न सुलझ सकने की वजह रूस का रुख है. इसके अलावा अमरीका किसी ऐसे सवाल पर, जिसका दूसरे मुल्कों से भी सम्बन्ध हो, उस वक़्त तक कोई बात चीत नहीं करेगा, जब तक कि यह दूसरे मुल्क भी इस बात चीत में शरीक न हों.

यह बातें गले से नहीं उतरतीं इसलिये कि यू० एन० ओ० चार्टर के होते हुए भी दुनिया के बड़े बड़े मुल्क लड़ने की तैयारियाँ, फ़ौजी भरती और हथियार बन्दी कर रहे हैं. दूसरी बात यह है कि अगर किसी मसले पर अमरीका और रूस में समझौता हो जाता है तो यह दोनों क्योंकि अपनी अपनी टोली के सरदार हैं, इसलिये इस समझौते को ज़्यादातर मुल्क मंज़ूर कर लेंगे.

फिर भी अमरीका का यह शक बे बुनियाद नहीं था कि रूस पच्छिमी यूनियन में अड़ंगा लगाना चाहता है. इसलिये कि स्टालिन ने बर्लिन की नाका बन्दी ख़तम करने के लिये यह शर्त रक्खी थी कि पच्छिमी ताक़तें पच्छिमी जर्मनी की अलग हुकूमत बनाने की कोशिश न करें और पच्छिमी जर्मनी के बग़ैर पच्छिमी यूनियन आर्थिक एतबार से बेजान होती. इस निगाह से देखा जाय तो स्टालिन का सुझाव अमरीका की साख पर ही नहीं बल्कि उसके हाथों होने वाली जत्था बन्दी पर भी एक भरपूर वार था.

नार्वे पर दबाव

ट्रूमेन ने मुलाक़ात से इनकार करके अपनी साख को तो थोड़ा बहुत नुक़सान पहुँच जाने दिया पर अपनी जत्था बन्दी पर

کہ برلن، جرمنی اور ہتھیاروں میں کمی کرنے کا سمبندھ ہے، ان مسئلوں کے ابھی تک نہ سلجھ سکنے کی وجہ روس کا رُخ ہے۔ اس کے علاوہ امریکہ کسی ایسے سوال پر، جس کا دوسرے ملکوں سے بھی سمبندھ ہو، اس وقت تک کوئی بات چیت نہیں کرے گا، جب تک کہ یہ دوسرے ملک بھی اس بات چیت میں شریک نہ ہوں۔

یہ باتیں گلے سے نہیں اترتیں اس لئے کہ یو این او چارٹر کے ہوتے ہوئے بھی دنیا کے بڑے بڑے ملک لڑنے کی تیاریاں، فوجی بھرتی اور ہتھیار بندی کر رہے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ اگر کسی مسئلے پر امریکہ اور روس میں سمجھوتہ ہو جاتا ہے تو یہ دونوں کیونکہ اپنی اپنی ٹولی کے سردار ہیں، اس لئے اس سمجھوتے کو زیادہ تر ملک منظور کر لیں گے۔

پھر بھی امریکہ کا یہ شک بے بنیاد نہیں تھا کہ روس پچھمی یونین میں اڑنگا لگانا چاہتا ہے۔ اس لئے کہ اسٹالن نے برلن کی ناکہ بندی ختم کرنے کے لئے یہ شرط رکھی تھی کہ پچھمی طاقتیں پچھمی جرمنی کی الگ حکومت بنانے کی کوشش نہ کریں اور پچھمی جرمنی کے بغیر پچھمی یونین آرتھک اعتبار سے بے جان ہوتی۔ اس نگاہ سے دیکھا جائے تو اسٹالن کا سجھاؤ امریکہ کی ساکھ پر ہی نہیں بلکہ اس کے ہاتھوں ہونے والی جتھا بندی پر بھی ایک بھرپور وار تھا۔

ناروے پر دباؤ

ٹرومین نے ملاقات سے انکار کر کے اپنی ساکھ کو تو تھوڑا بہت نقصان پہنچ جانے دیا پر اپنی جتھا بندی پر

कोई आँच नहीं आने दी. और एक क़दम आगे बढ़ाकर इस जत्था बन्दी को पच्छिमी यूरप के देशों के अलावा एटलान्टिक सागर के किनारे वाले मुल्कों तक फैलाने की कोशिशें शुरू कर दीं. अमरीका ने एटलान्टिक के समझौते में रूस के पड़ोसी नार्वे को भी शरीक करना चाहा और उसकी इस चाल का तोड़ करने के लिये रूस ने नार्वे को यह याद दिलाया कि उसकी सरहद रूस से मिली हुई है और एटलान्टिक समझौता बचाव के लिये नहीं बल्कि हमले के लिये है. मतलब यह था कि अगर नार्वे इस जत्थे में शरीक हो गया तो रूस इस कारवाई को अपने खिलाफ़ समझेगा. एटलान्टिक समझौते पर रूस के इस वार के साथ ही साथ खुद अमरीका में भी इस पर नुक्ता चीनी शुरू हो गई. इस समझौते की एक खास शर्त यह थी कि अगर इसमें शरीक होने वाले किसी एक देश पर हमला हो तो सब देश अपनी फ़ौज से उसकी मदद करेंगे. लेकिन अमरीका के विधान में लड़ाई का एलान वहाँ की क़ानून सभा (कांग्रेस) की मंजूरी के बग़ैर नहीं हो सकता और इसीलिये कांग्रेस के कुछ मेम्बरों के एतराज़ पर यह शर्त हलकी कर दी गई है. मगर समझौते के मसौदे की इस तब्दीली का असर उसके मक़सद और मतलब पर नहीं पड़ेगा और दो ही एक हफ़्ते में यह समझौता एक ठोस शकल में सामने आ जायगा. नार्वे ने अभी इसमें शरीक होने का एलान नहीं किया है लेकिन उसने एक तरफ़ नातरफ़दारी को नामुमकिन बात कहा है और दूसरी तरफ़ रूस के साथ समझौते पर दस्तख़त करने से इनकार कर दिया है.

کوئی آنچ نہیں آنے دی۔ اور ایک قدم آگے بڑھا کر اس جتھابندی کو پچھمی یورپ کے دیشوں کے علاوہ اٹلانٹک ساگر کے کنارے والے ملکوں تک پھیلانے کی کوششیں شروع کر دیں۔ امریکہ نے اٹلانٹک کے سمجھوتے میں روس کے پڑوسی ناروے کو بھی شریک کرنا چاہا اور اس کی اس چال کا توڑ کرنے کے لئے روس نے ناروے کو یہ یاد دلایا کہ اس کی سرحد روس سے ملی ہوئی ہے اور اٹلانٹک سمجھوتہ بچاؤ کے لئے نہیں بلکہ حملے کے لئے ہے۔ مطلب یہ تھا کہ اگر ناروے اس جتھے میں شریک ہو گیا تو روس اس کارروائی کو اپنے خلاف سمجھے گا۔ اٹلانٹک سمجھوتے پر روس کے اس وار کے ساتھ ہی ساتھ خود امریکہ میں بھی اس پر نکتہ چینی شروع ہو گئی۔ اس سمجھوتے کی ایک خاص شرط یہ تھی کہ اگر اس میں شریک ہونے والے کسی ایک دیش پر حملہ ہو تو سب دیش اپنی فوج سے اس کی مدد کریں گے۔ لیکن امریکہ کے ودھان میں لڑائی کا اعلان وہاں کی قانون سبھا (کانگریس) کی منظوری کے بغیر نہیں ہو سکتا اور اسی لئے کانگریس کے کچھ ممبروں کے اعتراض پر یہ شرط ہلکی کر دی گئی ہے۔ مگر سمجھوتے کے مسودے کی اس تبدیلی کا اثر اس کے مقصد اور مطلب پر نہیں پڑے گا اور دو ہی ایک ہفتے میں یہ سمجھوتہ ایک ٹھوس شکل میں سامنے آ جائے گا۔ ناروے نے ابھی اس میں شریک ہونے کا اعلان نہیں کیا ہے لیکن اس نے ایک طرف ناطرفداری کو ناممکن بات کہا ہے اور دوسری طرف روس کے ساتھ سمجھوتے پر دستخط کرنے سے انکار کر دیا ہے۔

एक और यूनियन

अब अगर नार्वे एटलान्टिक समझौते में शामिल होने के बजाय अपने पड़ोसियों, डेनमार्क और स्वेडन के साथ मिलकर स्कैन्डीनेविया की यूनियन बनाले तब भी उसका झुकाव अमरीका ही की तरफ़ रहेगा. और वही हाल रूम सागर की उस यूनियन का होगा, जिसके लिये टर्की के विदेश मंत्री ने पिछले महीने लन्दन आकर ब्रिटिश मन्त्री मंडल से बात-चीत की है. दर असल जो पोजीशन उत्तर पच्छिमी यूरप में नार्वे की है वही दक्खिन पूरबी यूरप में टर्की की है. नार्वे के ज़रिये अमरीका उत्तरी सागर पर अपना असर जमाना चाहता है और टर्की को वह रूम सागर की चौकी की तरह इस्तेमाल करना चाहता है. इन दोनों चौकियों का मक़सद रूस की नाका बन्दी है और इसीलिये रूस पच्छिमी ताक़तों की इन चालों को चुपचाप देखता नहीं रहेगा. टर्की ख़िलाफ़त के ख़ातमे के बाद से अपना नाता यूरप से जोड़ता रहा है और इसी कारन वह पच्छिमी यूनियन की बनाई हुई यूरपी कौंसिल में शरीक होना चाहता है. पर साथ ही साथ मिस्र के कुछ अख़बारों ने ख़बर दी है कि टर्की का एक डेलीगेशन अरब देशों के दौरे पर जाने वाला है, जहाँ वह बीच पूरब में कम्यूनिज़्म की रोक थाम के लिये बातचीत करेगा. इस तरह टर्की एक बार फिर पूरब और पच्छिम के बीच की कड़ी बनता जा रहा है. पर यह काम वह अपनी मर्ज़ी और अपने बल पर नहीं बल्कि अमरीका के बल और बरतानिया की मर्ज़ी से कर रहा है.

ایک اور یونین

اب اگر ناروے اٹلانٹک سمجھوتے میں شامل ہونے کے بجائے اپنے پڑوسیوں، ڈنمارک اور سویڈن کے ساتھ ملکر اسکینڈینیویا کی یونین بنالے تب بھی اس کا جھکاؤ امریکہ ہی کی طرف ہوگا۔ اور یہی حال روم ساگر کی اس یونین کا ہوگا، جس کے لئے ٹرکی کے ودیش منتری نے پچھلے مہینے لندن جاکر برٹش منتری منڈل سے بات چیت کی ہے۔ دراصل جو پوزیشن اتر پچھمی یورپ میں ناروے کی ہے وہی دکھن پوربی یورپ میں ٹرکی کی ہے۔ ناروے کے ذریعے امریکہ اتری ساگر پر اپنا اثر جمانا چاہتا ہے اور ٹرکی کو وہ روم ساگر کی چوکی کی طرح استعمال کرنا چاہتا ہے۔ ان دو چوکیوں کا مقصد روس کی ناکہ بندی ہے اور اسی لئے روس پچھمی طاقتوں کی ان چالوں کو چپ چاپ دیکھتا نہیں رہے گا۔ ٹرکی خلافت کے خاتمے کے بعد سے اپنا ناتا یورپ سے جوڑتا رہا ہے اور اسی کارن وہ پچھمی یونین کی بنائی ہوئی یورپی کونسل میں شریک ہونا چاہتا ہے۔ پر ساتھ ہی ساتھ مصر کے کچھ اخباروں نے خبر دی ہے کہ ٹرکی کا ایک ڈیلیگیشن عرب دیشوں کے دورے پر جانے والا ہے، جہاں وہ بیچ پورب میں کمیونزم کی روک تھام کے لئے بات چیت کرے گا۔ اس طرح ٹرکی ایک بار پھر پورب اور پچھم کے بیچ کی کڑی بنتا جا رہا ہے۔ پر یہ کام وہ اپنی مرضی اور اپنے بل پر نہیں بلکہ امریکہ کے بل اور برطانیہ کی مرضی سے کر رہا ہے۔

फ़िलस्तीन—समझौता या हार

इन्हीं दोनों ताक़तों के दबाव ने फ़िलस्तीन में मिस्र को हथियार डालने पर मजबूर कर दिया है अगरचे इस हार को समझौते का नाम दिया गया है और इस कारवाइ में बरतानिया और अमरीका के बजाय यू० एन० ओ० के मुक़र्रर किये हुए पंच को आगे रक्खा गया है. यह समझौता यहूदियों के बारह आने मुआफ़िक़ और अरबों के सोलह आने ख़िलाफ़ है. इसलिये कि इसमें फ़िलस्तीन के बँटवारे और इसके एक हिस्से में यहूदियों की इसराईली सरकार को मान लिया गया है. इस हिस्से में नग़ीब का वह इलाक़ा भी शामिल है जो यू० एन० ओ० के पहले फ़ैसले में अरबों को दिया गया था लेकिन जिस पर इसराईली फ़ौज ने क़ब्ज़ा कर लिया था. फ़िलस्तीन का यह समझौता यहूदियों की ताक़त और अरबों की फूट के अलावा रूस और पच्छिमी ताक़तों की लाग डांट का नतीजा है. अमरीका यहूदियों का साथ तो बहुत दिनों से दे रहा था लेकिन शायद वह यू० एन० ओ० के फ़ैसले का विरोध आसानी से बरदाश्त न करता, अगर रूस इसराईली हुकूमत को मान कर उसकी मदद न शुरू कर देता. रूस के इस व्यवहार से अमरीका को ख़याल हुआ कि कहीं इसराईली सरकार रूस की गोद में न जा बैठे. और शायद इसी ख़याल से वह यरोशलम पर भी यहूदियों का अधिकार मान लेगा, जिसके लिये यू० एन० ओ० के फ़ैसले में अन्तरराष्ट्रीय बन्दोबस्त तजवीज़ किया गया है. बरतानिया की सरकार का झुकाव बहुत दिनों तक तो अरबों की तरफ़ रहा [illegible] अपने [illegible] दबाव

(२०)

فلسطین ـ سمجھوتہ یا ہار

انھیں دونوں طاقتوں کے دباؤ نے فلسطین میں مصر کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کر دیا ہے اگرچہ اس ہار کو سمجھوتے کا نام دیا گیا ہے اور اس کارروائی میں برطانیہ اور امریکہ کے بجائے یو۔این۔او۔ کے مقرر کئے ہوئے پنچ کو آگے رکھا گیا ہے۔ یہ سمجھوتہ یہودیوں کے بارہ آنے موافق اور عربوں کے سولہ آنے خلاف ہے۔ اس لئے کہ اس میں فلسطین کے بنٹوارے اور اس کے ایک حصے میں یہودیوں کی اسرائیلی سرکار کو مان لیا گیا ہے۔ اس حصے میں نغیب کا وہ علاقہ بھی شامل ہے جو یو۔این۔او۔ کے پہلے فیصلے میں عربوں کو دیا گیا تھا لیکن جس پر اسرائیلی فوج نے قبضہ کر لیا تھا۔ فلسطین کا یہ سمجھوتہ یہودیوں کی طاقت اور عربوں کی پھوٹ کے علاوہ روس اور پچھمی طاقتوں کی لاگ ڈانٹ کا نتیجہ ہے۔ امریکہ یہودیوں کا ساتھ تو بہت دنوں سے دے رہا تھا لیکن شاید وہ یو۔این۔او۔ کے فیصلے کا ورودھ آسانی سے برداشت نہ کرتا، اگر روس اسرائیلی حکومت کو مان کر اس کی مدد نہ شروع کر دیتا۔ روس کے اس بیوہار سے امریکہ کو خیال ہوا کہ کہیں اسرائیلی سرکار روس کی گود میں نہ جا بیٹھے۔ اور شاید اسی خیال سے وہ یروشلم پر بھی یہودیوں کا ادھیکار مان لے گا، جس کے لئے یو۔این۔او کے فیصلے میں انتر راشٹریہ بندوبست تجویز کیا گیا ہے۔ برطانیہ کی سرکار کا جھکاؤ بہت دنوں تک تو عربوں کی طرف رہا پر امریکہ اور خود اپنے دیش کے بہت سے لوگوں کے دباؤ

(۲۰)

कारन उसने आख़िर इसराईली सरकार को मान लिया और मिस्र का साथ छोड़ दिया. लेकिन इसका मतलब यह नहीं है कि उसने अरबों से नाता तोड़ लिया. दरअसल वह अपनी पुरानी पालिसी की तरफ़ वापस जा रहा है और इस पालिसी को पूरा करने में वह शाह अब्दुल्ला से मदद ले रहा है. बरतानिया की एक पुरानी तजवीज और अब्दुल्ला की एक बड़ी तमन्ना यह थी कि फ़िलस्तीन का अरब इलाक़ा ट्रान्स जार्डन में मिला दिया जाय. इस रास्ते का अगला क़दम यह था कि पड़ोस के दूसरे मुल्क भी ट्रान्स जार्डन में शामिल हो जायँ. अब इसके लिये मैदान तैयार किया जा रहा है और शाम व लबनान में अब्दुल्ला के कारिन्दे काम कर रहे हैं.

शाह ईरान पर हमला

बीच पूरब में पिछले महीने की एक और अहम घटना ईरान के बादशाह को क़त्ल करने की कोशिश है. यह कोशिश सफल तो नहीं हुई लेकिन कहा जाता है कि हमला करने वाले के पास जो काग़ज़ात मिले हैं उनसे एक साज़िश का पता चलता है. और यह साज़िश मुहम्मद रज़ा शाह पहलवी के ख़िलाफ़ नहीं बल्कि ईरान के ख़िलाफ़ थी. इस हमले के बारे में ईरानी पार्लियामेण्ट में जो बयान दिया गया उससे रूस पर कुछ छींटें पड़ती थीं. पर रूस के एतराज़ को ईरानी सरकार ने बेबुनियाद कह दिया. फिर भी ईरान अमरीका की तरफ़ झुक रहा है और अपने कारख़ानों,

کے کارن اس نے آخر اسرائیلی سرکار کو مان لیا اور مصر کا ساتھ چھوڑ دیا۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اس نے عربوں سے ناتا توڑ لیا۔ دراصل وہ اپنی پرانی پالیسی کی طرف واپس جا رہا ہے اور اس پالیسی کو پورا کرنے میں وہ شاہ عبداللہ سے مدد لے رہا ہے۔ برطانیہ کی ایک پرانی تجویز اور عبداللہ کی ایک بڑی تمنا یہ تھی کہ فلسطین کا عرب علاقہ ٹرانس جارڈن میں ملا دیا جائے۔ اس راستے کا اگلا قدم یہ تھا کہ پڑوس کے دوسرے ملک بھی ٹرانس جارڈن میں شامل ہو جائیں۔ اب اس کے لئے میدان تیار کیا جا رہا ہے اور شام و لبنان میں عبداللہ کے کارندے کام کر رہے ہیں۔

شاہ ایران پر حملہ

بیچ پورب میں پچھلے مہینے کی ایک اور اہم گھٹنا ایران کے بادشاہ کے قتل کرنے کی کوشش ہے۔ یہ کوشش سپھل تو نہیں ہوئی لیکن کہا جاتا ہے کہ حملہ کرنے والے کے پاس جو کاغذات ملے ہیں اُن سے ایک سازش کا پتہ چلتا ہے۔ اور یہ سازش محمد رضا شاہ پہلوی کے خلاف نہیں بلکہ ایران کے خلاف تھی۔ اس حملے کے بارے میں ایرانی پارلیمنٹ میں جو بیان دیا گیا اس سے روس پر کچھ چھینٹیں پڑتی تھیں۔ پر روس کے اعتراض کو ایرانی سرکار نے بے بنیاد کہہ دیا۔ پھر بھی ایران اب امریکہ کی طرف جھک رہا ہے اور اپنے کارخانوں، فوج

ले रहा है और बरतानिया व अमरीका को तेल निकालने का जो हक़ दे रहा है, उससे रूस का चौकन्ना होना कोई ताज्जुब की बात नहीं है. और ईरानी सरकार बेज़मीन किसानों को. जिनकी तादाद दो तिहाई के क़रीब है, जमीन देने से जो बेपरवाही और ज़बान बन्दी के कामों में जो सरगर्मी दिखा रही है, उसे देखते हुए ईरानी जनता में विरोध का भाव पैदा होना एक कुदरती बात है. मुमकिन है जनता के आंदोलन को रूस के दोस्त अपने ढङ्ग पर चलाने की कोशिश कर रहे हों, जैसा कि वह दो साल पहले ईरान के उत्तरी प्रांत आज़र बाई जान में कर चुके हैं.

चीन में सुलह की आशा

ईरान ही जैसी हालत दूर पूरब के कई मुल्कों में भी पाई जाती है. इनमें चीन सबसे आगे है. वहाँ सरकार के निकम्मेपन और आर्थिक संकट ने कम्यूनिस्टों की मदद की और उनकी ताक़त इतनी बढ़ चुकी है कि अब वह क़रीब क़रीब आधे चीन पर राज कर रहे हैं. बाक़ी आधे हिस्से में अभी पुरानी सरकार क़ायम है. मगर उसकी ताक़त दिन पर दिन घटती जा रही है और वहाँ के लोग इस बात पर जोर दे रहे हैं कि कम्यूनिस्टों से समझौता कर लिया जाय. इस बात पर चीन के प्रेसीडेन्ट जनरल ली और प्रधान मंत्री डाक्टर सन फ़ो में मतभेद पैदा हो गया है. इस मतभेद के कारन प्रधान मंत्री ने इस्तीफ़ा दे दिया. अब जनरल ली के लिये मैदान साफ़ हो गया है. दूसरी तरफ़ कम्यूनिस्टों ने एक ग़ैर सरकारी डेलीगेशन से सुलह की बातचीत की और ख़याल किया जाता

لے رہا ہے اور برطانیہ و امریکہ کو تیل نکالنے کا جو حق دے رہا ہے۔ اس سے روس کا چوکنا ہونا کوئی تعجب کی بات نہیں ہے۔ اور ایرانی سرکار بے زمین کسانوں کو، جن کی تعداد دو تہائی کے قریب ہے، زمین دینے سے جو بے پرواہی اور زبان بندی کے کاموں میں جو سرگرمی دکھا رہی ہے، اسے دیکھتے ہوئے ایرانی جنتا میں ورودھ کا بھاؤ پیدا ہونا ایک قدرتی بات ہے۔ ممکن ہے جنتا کے اندولن کو روس کے دوست اپنے ڈھنگ پر چلانے کی کوشش کر رہے ہوں، جیسا کہ وہ دو سال پہلے ایران کے اُتری پرانت آذر بائی جان میں کر چکے ہیں۔

چین میں صلح کی آشا

ایران ہی جیسی حالت دور پورب کے کئی ملکوں میں بھی پائی جاتی ہے۔ ان میں چین سب سے آگے ہے۔ وہاں سرکار کے نکمے پن اور آرتھک سنکٹ نے کمیونسٹوں کی مدد کی اور ان کی طاقت اتنی بڑھ چکی ہے کہ اب وہ قریب قریب آدھے چین پر راج کر رہے ہیں۔ باقی آدھے حصے میں ابھی پرانی سرکار قائم ہے۔ مگر اس کی طاقت دن پر دن گھٹتی جا رہی ہے اور وہاں کے لوگ اس بات پر زور دے رہے ہیں کہ کمیونسٹوں سے سمجھوتہ کر لیا جائے۔ اس بات پر چین کے پریزیڈنٹ جنرل لی اور پردھان منتری ڈاکٹر سن فو میں مت بھید پیدا ہو گیا ہے۔ اس مت بھید کے کارن پردھان منتری نے استعفا دے دیا۔ اب جنرل لی کے لئے میدان صاف ہو گیا ہے۔ دوسری طرف کمیونسٹوں نے ایک غیر سرکاری ڈیلیگیشن

(۲۶۸)

है कि सरकारी तौर पर बातचीत के लिये तारीख़ और जगह तय हो गई है. कहा जाता है कम्यूनिस्टों ने शुरू में जनरलिस्मो च्यांग-काई शेक और उनकी धर्म पत्नी व कुछ दूसरे लोगों पर जंगी अपराधी की तरह मुक़दमा चलाने की माँग रक्खी थी उसे उन्होंने कुछ कम कर दिया है. शायद वह यह सोच रहे हैं कि अगर लड़ाई चलती रही तो उनका नुक़सान भी बढ़ता रहेगा और उनको अभी तक जीते हुए इलाक़ों की देख रेख के लिये मौक़ा नहीं मिल सकेगा. एक बात यह भी है कि जब आधा चीन जीतने में इतने दिन लग गये तो पूरे चीन को जीतने में बहुत दिन लग जायँगे. हो सकता है कि इसी ख़याल से कम्यूनिस्टों ने अपनी पालिसी बदल दी हो और अपना मतलब हासिल करने के लिये मैदाने जंग की लाशों के बजाय सुलह की शर्तों को सीढ़ी बना रहे हों.

कम्यूनिज़्म की मदद

चीन में कम्यूनिस्टों की कामयाबी का असर पड़ोस के दूसरे देशों पर भी पड़ रहा है. ख़ास कर हिन्द चीन, स्याम और बर्मा में. स्याम के प्रधान मंत्री मार्शल सोनग्राम ने कहा है कि हिन्द चीन के क़ौमी नेता डाक्टर होची मँह ने चीन के कम्यूनिस्टों से नाता जोड़ रक्खा है. इस बात का कोई पक्का सबूत तो सामने नहीं आया है लेकिन शायद इस बहाने से हिन्द चीन के आज़ादी के आन्दोलन को, जो फ़्रान्स के ख़िलाफ़ चल रहा है, कुचलने की कोशिश की जाय. इस कारवाई से पहले फ़्रान्स ने एक चाल यह चली है कि समझौते का मसविदा तय्यार करके हिन्द चीन के

ہے کہ سرکاری طور پر بات چیت کے لئے تاریخ اور جگہ طے ہو گئی ہے. کہا جاتا ہے کمیونسٹوں نے شروع میں جنرلسیمو چیانگ کائی شیک اور ان کی دھرم پتنی و کچھ دوسرے لوگوں پر جنگی اپرادھی کی طرح مقدمہ چلانے کی مانگ رکھی تھی اسے انھوں نے کچھ کم کر دیا ہے. شاید وہ یہ سوچ رہے ہیں کہ اگر لڑائی چلتی رہی تو ان کا نقصان بھی بڑھتا رہے گا اور ان کو ابھی تک جیتے ہوئے علاقوں کی دیکھ ریکھ کے لئے موقعہ نہیں مل سکے گا۔ ایک بات یہ بھی ہے کہ جب آدھا چین جیتنے میں اتنے دن لگ گئے تو پورے چین کو جیتنے میں بہت دن لگ جائیں گے. ہو سکتا ہے کہ اسی خیال سے کمیونسٹوں نے اپنی پالیسی بدل دی ہو اور اپنا مطلب حاصل کرنے کے لئے میدان جنگ کی لاشوں کے بجائے صلح کی شرطوں کو سیڑھی بنا رہے ہوں۔

کمیونزم کی مدد

چین میں کمیونسٹوں کی کامیابی کا اثر پڑوس کے دوسرے دیشوں پر بھی پڑ رہا ہے۔ خاص کر ہند چین، سیام اور برما میں۔ سیام کے پردھان منتری مارشل سونگرام نے کہا ہے کہ ہند چین کے قومی نیتا ڈاکٹر ہوچی منہ نے چین کے کمیونسٹوں سے ناتا جوڑ رکھا ہے۔ اس بات کا کوئی پکا ثبوت تو سامنے نہیں آیا ہے لیکن شاید اس بہانے سے ہند چین کے آزادی کے آندولن کو، جو فرانس کے خلاف چل رہا ہے، کچلنے کی کوشش کی جائے۔ اس کارروائی سے پہلے فرانس نے ایک چال یہ چلی ہے کہ سمجھوتے کا مسودہ تیار کرکے ہند چین کے

पिछले बादशाह बावडाई से दस्तख़त करा लिये हैं. इस चाल से फ्रान्स दुनिया की आँखों में धूल झोंकना चाहता है. इसलिये कि हिन्द चीन की जनता को, जो एक बार बावडाई को राजगद्दी छोड़ने पर मजबूर कर चुकी है. इस तरह धोका नहीं दिया जा सकता. फ्रान्स की सामराजी कारवाइयों से कम्यूनिज़्म की रोक थाम नहीं बल्कि तरक़्क़ी होगी. यही नतीजा हालैंड की उन हरकतों का होगा जो वह इन्डोनेशिया में कर रहा है. क्योंकि उसका कहना भी यही है कि वह कम्यूनिज़्म को कुचल रहा है. इसीलिये अमरीका और बर्तानिया उसे यू० एन० ओ० की बात मानने पर मजबूर नहीं करते. हालैंड की सरकार ने यू० एन० ओ० के हुक्म को बहुत दिनों तक टालते रहने के बाद आख़िर इन्डोनेशी रिपब्लिक के लीडरों को छोड़ दिया और इन्डोनेशी फ़ेडेरेशन की तमाम सरकारों को अपनी राजधानी हेग में कानफ़रेन्स के लिये बुलाया है. लेकिन रिपब्लिक के इलाक़े पर अभी तक हालैंड का क़ब्ज़ा है और हेग की कानफ़रेन्स में उसी की बनाई हुई सरकारों का बहुमत होगा. इन्हीं कारनों से इन्डोनेशी लीडरों और उनके अलावा यू० एन० ओ० के कमीशन ने भी कानफ़रेन्स में शरीक होने से इन्कार कर दिया है.

बर्मा और हिन्दुस्तान

इन्डोनेशिया हिन्दुस्तान से क़रीब है और इसीलिये हिन्दुस्तान ने जनवरी में इस मसले पर सोच विचार करने के लिये पूरब के १९ मुल्कों की एक कानफ़रेन्स बुलाई थी. ऐसी ही एक कानफ़रेन्स

پچھلے بادشاہ باوڈائی سے دستخط کرا لئے ہیں۔ اس چال سے فرانس دنیا کی آنکھوں میں دھول جھونکنا چاہتا ہے۔ اس لئے کہ ہند چین کی جنتا کو، جو ایک بار باوڈائی کو راج گدی چھوڑنے پر مجبور کر چکی ہے، اس طرح دھوکا نہیں دیا جا سکتا۔ فرانس کی سامراجی کارروائیوں سے کمیونزم کی روک تھام نہیں بلکہ ترقی ہوگی۔ یہی نتیجہ ہالینڈ کی اُن حرکتوں کا ہوگا جو وہ انڈونیشیا میں کر رہا ہے۔ کیوں کہ اس کا کہنا بھی یہی ہے کہ وہ کمیونزم کو کچل رہا ہے۔ اسی لئے امریکہ اور برطانیہ اُسے یو۔ این۔ او۔ کی بات ماننے پر مجبور نہیں کرتے۔ ہالینڈ کی سرکار نے یو۔ این۔ او۔ کے حکم کو بہت دنوں تک ٹالتے رہنے کے بعد آخر انڈونیشی ریپبلک کے لیڈروں کو چھوڑ دیا اور انڈونیشی فیڈریشن کی تمام سرکاروں کو اپنی راجدھانی ہیگ میں کانفرنس کے لئے بلایا ہے۔ لیکن ریپبلک کے علاقے پر ابھی تک ہالینڈ کا قبضہ ہے اور ہیگ کی کانفرنس میں اسی کی بنائی ہوئی سرکاروں کا بہومت ہوگا۔ انھیں کارنوں سے انڈونیشی لیڈروں اور ان کے علاوہ یو۔ این۔ او۔ کے کمیشن نے بھی کانفرنس میں شریک ہونے سے انکار کر دیا ہے۔

برما اور ہندستان

انڈونیشیا ہندستان سے قریب ہے اور اسی لئے ہندستان نے جنوری میں اس مسئلے پر سوچ وچار کرنے کے لئے پورب کے ۱۹ ملکوں کی ایک کانفرنس بلائی تھی۔ ایسی ہی ایک کانفرنس

मार्च के शुरू में बर्मा के सवाल पर भी हुई. हालाँ कि उसकी हैसियत ग़ैर रस्मी थी और उसमें सिर्फ़ बरतानी कामन वेल्थ के मेम्बर शरीक हुए. इस कानफ़रेन्स से पहले यह ख़बर आई थी कि इसका प्रस्ताव बरतानिया की तरफ़ से हुआ था. बर्मा ने उससे क़र्ज़ा माँगा था और उसने बर्मा की यह दरख़ास्त कामन वेल्थ के देशों को भेज दी. लेकिन कानफ़रेन्स के बाद हिन्दुस्तान के प्रधान मंत्री पंडित जवाहर लाल नेहरू ने जो बयान दिया है उसमें उन्होंने सिर्फ़ कामन वेल्थ के देशों के बुलाये जाने का कारन यह बताया है कि दक्खिन पूरवी एशिया के दूसरे देश यानी स्याम, हिन्द चीन और इन्डोनेशिया अपने अपने घरेलू झगड़ों में फँसे हुए हैं. एक और बात उन्होंने यह कही है कि बर्मा में कम्यूनिस्टों की कोई बड़ी ताक़त नहीं है और वहाँ ज़्यादातर झगड़ा बर्मी सरकार और केरन क़बीले का है. लेकिन इसके साथ ही उन्होंने बरतानिया और दूसरी सरकारों के इस डर का भी ज़िक्र किया है कि अगर बर्मा में हलचल मची रही तो मुमकिन है वहाँ ऐसे लोग उभर आएँ जिनको यह सरकारें पसन्द नहीं करतीं. इस बात का इशारा कम्यूनिस्टों की तरफ़ है और इस निगाह से नई देहली की बातचीत कम्यूनिज़्म की रोकथाम की एक कोशिश बन जाती है.

पंडित नेहरू ने अपने बयान में यह बात साफ़ कर दी है कि बर्मा में बाहर से फ़ौज भेजने का कोई सवाल नहीं है और कानफ़रेन्स ने बर्मा सरकार से सिर्फ़ यह पूछा है कि वह उसकी किस तरह मदद कर सकती है. लेकिन आस्ट्रेलिया के विदेश मंत्री डाक्टर हरबर्ट इवट ने नई देहली की बातचीत के बाद बर्मा के

مارچ کے شروع میں برما کے سوال پر بھی ہوئی۔ حالانکہ اس کی حیثیت غیر رسمی تھی اور اس میں صرف برطانی کامن ویلتھ کے ممبر شریک ہوئے۔ اس کانفرنس سے پہلے یہ خبر آئی تھی کہ اس کا پرستاؤ برطانیہ کی طرف سے ہوا تھا۔ برما نے اس سے قرض مانگا تھا اور اس نے برما کی یہ درخواست کامن ویلتھ کے دیشوں کو بھیج دی۔ لیکن کانفرنس کے بعد ہندستان کے پردھان منتری پنڈت جواہر لال نہرو نے جو بیان دیا ہے اس میں انھوں نے صرف کامن ویلتھ کے دیشوں کے بلائے جانے کا کارن یہ بتایا ہے کہ دکھن پوربی ایشیا کے دوسرے دیش یعنی سیام، ہند چین اور انڈونیشیا اپنے اپنے گھریلو جھگڑوں میں پھنسے ہوئے ہیں۔ ایک اور بات انھوں نے یہ کہی ہے کہ برما میں کمیونسٹوں کی کوئی بڑی طاقت نہیں ہے اور وہاں زیادہ تر جھگڑا برما سرکار اور کرن قبیلے کا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی انھوں نے برطانیہ اور دوسری سرکاروں کے اس ڈر کا بھی ذکر کیا ہے کہ اگر برما میں ہلچل مچی رہی تو ممکن ہے وہاں ایسے لوگ ابھر آئیں جنکو یہ سرکاریں پسند نہیں کرتیں۔ اس بات کا اشارہ کمیونسٹوں کی طرف ہے اور اس نگاہ سے نئی دہلی کی بات چیت کمیونزم کی روک تھام کی ایک کوشش بن جاتی ہے۔

پنڈت نہرو نے اپنے بیان میں یہ بات صاف کر دی ہے کہ برما میں باہر سے فوج بھیجنے کا کوئی سوال نہیں ہے اور کانفرنس نے برما سرکار سے صرف یہ پوچھا ہے کہ وہ اسکی کس طرح مدد کر سکتی ہے۔ لیکن آسٹریلیا کے ودیش منتری ڈاکٹر ہربرٹ ایوٹ نے نئی دہلی کی بات چیت کے بعد برما کے

कामन वेल्थ से अलग हो जाने पर जो अफ़सोस और दोबारा शामिल होने की जो आशा ज़ाहिर की है उसमें यह शक पैदा होता है कि कहीं बरतानिया या उसके साथी बर्मा की इस मुसीबत से कोई नाजायज़ फ़ायदा उठाने की कोशिश न करें और बर्मा को कम्यूनिज़्म से बचाने की कोशिश कहीं उसको गुलाम बनाने की कोशिश न बन जाय. ऐसा हुआ तो कम्यूनिज़्म की रोक थाम होने के बजाय उसे और ताक़त मिल जायगी. इस तरह हिन्दुस्तान को भी फ़ायदे की जगह नुक़्सान पहुँच जायगा क्योंकि उसके पड़ोस में सामराज का अड्डा बन जायगा और उसे भी यही नीति अपनाने पर मजबूर किया जायगा.

दोहरा ख़तरा

हिन्दुस्तान को दर असल कम्यूनिज़्म से दोहरा ख़तरा है. एक यह कि उसे रोकने की कोशिश में कहीं वह पच्छिमी ताक़तों के जाल में न फँस जाय और दूसरे यह कि कम्यूनिज़्म की तरक़्क़ी से कहीं वह हलचल, ख़ून ख़राबी और डिक्टेटरी का शिकार न हो जाय. इस दूसरे ख़तरे की एक हलकी सी झलक कलकत्ता के पास एक हवाई अड्डे, एक गोला बारूद के कारख़ाने और एक पुलीस के थाने पर इन्क़लाबी कम्यूनिस्ट पार्टी के हथियार बन्द हमले से मिलती है. यह पार्टी हालाँकि कम्यूनिस्ट पार्टी से अलग है लेकिन आजकल जगह जगह उससे मिल कर काम कर रही है. कम्यूनिस्ट पार्टी के आदमी भी हैदराबाद और दक्खिनी हिन्द के कुछ इलाक़ों [illegible]

کامن ویلتھ سے الگ ہو جانے پر جو افسوس اور دوبارہ شامل ہونے کی جو آشا ظاہر کی ہے اس سے یہ شک پیدا ہوتا ہے کہ کہیں برطانیہ یا اس کے ساتھی برما کی اس مصیبت سے کوئی ناجائز فائدہ اٹھانے کی کوشش نہ کریں اور برما کو کمیونزم سے بچنے کی کوشش کہیں اس کو غلام بنانے کی کوشش نہ بن جائے. ایسا ہوا تو کمیونزم کی روک تھام ہونے کے بجائے اسے اور طاقت مل جائے گی. اس طرح ہندستان کو بھی فائدے کی جگہ نقصان پہنچ جائے گا کیوں کہ اس کے پڑوس میں سامراج کا اڈا بن جائے گا اور اسے بھی یہی نیتی اپنانے پر مجبور کیا جائے گا.

(۲۰۶)

دُہرا خطرہ

ہندستان کو دراصل کمیونزم سے دُہرا خطرہ ہے. ایک یہ کہ اُسے روکنے کی کوشش میں کہیں وہ پچھمی طاقتوں کے جال میں نہ پھنس جائے اور دوسرے یہ کہ کمیونزم کی ترقی سے کہیں وہ ہل چل، خون خرابی اور ڈکٹیٹری کا شکار نہ ہو جائے. اس دوسرے خطرے کی ایک ہلکی سی جھلک کلکتہ کے پاس ایک ہوائی اڈّے، ایک گولہ بارود کے کارخانے اور ایک پولیس کے تھانے پر انقلابی کمیونسٹ پارٹی کے ہتھیار بند حملے سے ملتی ہے. یہ پارٹی حالانکہ کمیونسٹ پارٹی سے الگ ہے لیکن آج کل جگہ جگہ اس سے مل کر کام کر رہی ہے. کمیونسٹ پارٹی کے آدمی بھی حیدرآباد اور دکھنی ہند کے کچھ علاقوں میں مار دھاڑ اور کارخانوں میں جا اور بے جا ہڑتال کرانے کی

कोशिश कर रहे हैं. इस कोशिश में उनको मुल्क की आर्थिक हालत, मँहगाई और ग़रीबी वग़ैरा से मदद मिल रही है. और जब वह इन बुराइयों को बढ़ा चढ़ा कर बयान करते हैं और उनको दूर करने के लिये बड़े बड़े वायदे करते हैं तो लोग यह भूल जाते हैं कि हिन्दुस्तान में अगर आज रेलवे और डाक तार की हड़ताल के कारन हलचल और अराजकता पैदा होगी तो सरकार सुधार की जो कोशिश कर रही है वह भी ख़तम हो जायगी और अगर इस हल्ले में यह सरकार भी ख़तम हो गई तो इसके बाद जो सरकार बनेगी वह इससे अच्छी नहीं बल्कि बुरी होगी.

असल इलाज

जिस तरह देश में आज़ादी का आन्दोलन होने से दूसरे मुल्क की जनता की हिम्मत बढ़ती है, उसी तरह चीन में कम्यूनिस्टों की सफलता से बर्मा के कम्यूनिस्टों का और बर्मा में कम्यूनिस्टों की ताक़त से हिन्दुस्तान के कम्यूनिस्टों का हौसला बढ़ना एक क़ुदरती चीज़ है. मुमकिन है इनको इसमें एक दूसरे से सलाह भी मिल जाती हो. यह बात भी सही है कि कम्यूनिस्ट क्योंकि रूस को सबसे अच्छा मुल्क समझते हैं इसीलिये अपने मुल्क को उसका दुम छल्ला बना देना चाहते हैं. लेकिन इन बातों को उछालकर कम्यूनिज़्म को जनता की निगाह में गिराया नहीं जा सकता. इसकी सिर्फ़ एक सूरत है कि आर्थिक और सामाजिक हालात को सुधारा जाय, जनता के लिये रोटी कपड़े का बन्दोबस्त किया जाय, मिल मालिकों के मुनाफ़े को हद से आगे न बढ़ने दिया जाय और इस बात को

کوشش کر رہے ہیں۔ اس کوشش میں اُن کو ملک کی آرتھک حالت، مہنگائی اور غریبی وغیرہ سے مدد مل رہی ہے۔ اور جب وہ ان بُرائیوں کو بڑھا چڑھا کر بیان کرتے ہیں اور ان کو دور کرنے کے لئے بڑے بڑے وعدے کرتے ہیں تو لوگ یہ بھول جاتے ہیں کہ ہندوستان میں اگر آج ریلوے اور ڈاک تار کی ہڑتال کے کارن ہلچل اور اراجکتا پیدا ہوگی تو سرکار سدھار کی جو کوشش کر رہی ہے وہ بھی ختم ہو جائے گی اور اگر اس ہلے میں یہ سرکار بھی ختم ہو گئی تو اس کے بعد جو سرکار بنے گی وہ اس سے اچھی نہیں بلکہ بری ہوگی۔

اصل علاج

بھی بڑی الجھن میں پڑ جاوینگے۔ سبھی جانتے ہیں کہ کاکوری کیس میں پھانسی پر لٹکنے والے شری رام پرساد 'بسمل' اردو کے شاعر تھے۔ ہندستان کی آزادی کے لئے غیر ملکوں میں اپنی زندگی گذار دینے والے شری امبا پرساد صوفی ہندی کا پھوٹا اکشر نہیں جانتے تھے اور اردو، فارسی کے پنڈت تھے۔ سردار اجیت سنگھ جی کی بھی کسی حد تک یہی حالت تھی۔ یہ تو صرف کچھ مثالیں ہیں، ورنہ ہمارے ہزاروں دیش بھگت شہید ایسے ہیں، جو ہندی قطعی نہیں جانتے تھے، یا صرف اردو ہی جانتے تھے۔ ہزاروں ایسی مثالیں بھی ہیں جب سنسکرت اور ہندی کے ان پنڈتوں نے ملک کے ساتھ غداری کی تب کیا ہم صرف اردو جاننے والے شہیدوں کو غیر وفادار اور ہندی سنسکرت کے ان پنڈتوں کو دیش بھگت مانیں گے؟

ہاں، ایک بات یہ بھی کہی جاتی ہے کہ اردو کی کویتا میں جو اپمائیں دی جاتی ہیں، وہ سب فارس اور عرب کی ہوتی ہیں، ہندستان کی نہیں ہوتیں۔ کسی حد تک بات ٹھیک ہے، لیکن اس کا کارن یہ نہیں ہے جیسا کہ سمجھا اور کہا جاتا ہے کہ اردو کے شاعروں کو ہندستان کی دھرتی سے پریم نہیں تھا، کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو اردو کے شری برج نارائن چکبست جیسے شاعر، جن کی نظمیں آج بھی مردہ دلوں میں جان پیدا کر دیتی ہیں، اور جوش ملیح آبادی، جو ہندستان کی آزادی کے لئے جوش پیدا کرنے والی نظموں کو لکھنے کے جرم میں کافی تکلیفیں اٹھا چکے ہیں [illegible] یا ڈاکٹر اقبال گائتری کا ترجمہ کیوں کرتے؟ حقیقت تو یہ ہے کہ اردو کو بنانے فارسی کے ڈھرے کو جو اپنایا تو اسے وہ چھوڑ نہ سکے۔ ٹھیک اسی طرح جیسے کہ

आज हिन्दी साहित्य में अंग्रेजी साहित्य के बीसियों मुहावरे और कहावतें चल रही हैं और उनको हिन्दी के लेखक छोड़ नहीं पा रहे हैं या छोड़ना जरूरी नहीं समझते. पर यह न भूल जाना चाहिये कि उर्दू की सैकड़ों या हजारों नज़्में गजलें ऐसी हैं जिनमें सौ फ़ीसदी हिन्दुस्तानी माहौल है. कृष्ण की बंसी, जमना का किनारा, लखनऊ की शाम, बनारस की सुबह, संगम, रामचन्द्र जी का बनवास और इस तरह के उन सभी मजमूनों पर, जो किसी शायर को अपील कर सकते हैं, उर्दू में नज़्में गजलें कही गई हैं और मुसलमान शायरों ने कही हैं. इनके अलावा हजारों लाखों क़ौमी नज़्में हैं जिन्होंने हमारी आजादी की लड़ाई को उत्साह और जोश दिया है. काकोरी के शहीद श्रीरामप्रसाद 'बिस्मिल' अक्सर अदालत आते-जाते वक्त 'सर फ़रोशी की तमन्ना अब हमारे दिल में है' गाया करते थे. सरदार भगतसिंह भी जब फाँसी के तख्ते पर झूलने जा रहे थे, तब अपने साथियों के साथ 'मेरी मिट्टी से भी ख़ुशबूए वतन आयेगी' गाते जा रहे थे. काकोरी के एक दूसरे शहीद डा० रोशनसिंह जी जब फाँसी पर झूल गये, तब उनकी कोठरी की दीवाल पर बहुत से उर्दू के शेर लिखे मिले थे. तो क्या आज हम कुफ्र और वफादारी के इन नये ठेकेदारों के कहने सुनने पर या डराने धमकाने पर अपने शहीदों की इन यादगारों को भी खत्म कर देंगे ?

कहा यह भी जाता है कि उर्दू शायरी की जो बहरें हैं, वह विदेशी हैं. जो लोग यह कहते हैं, उनको मेहरबानी करके हिन्दी के मशहूर कवि पं० हरिशंकर शर्मा कविरत्न का वह लेख पढ़ना चाहिये, जिसमें उन्होंने बड़ी आसानी से साबित कर

آج ہندی ساہتیہ میں انگریزی ساہتیہ کے بیسیوں محاورے اور کہاوتیں چل رہی ہیں اور اُن کو ہندی کے لیکھک چھوڑ نہیں پا رہے ہیں یا چھوڑنا ضروری نہیں سمجھتے. پر یہ نہ بھول جانا چاہیے کہ اُردو کی سینکڑوں یا ہزاروں نظمیں غزلیں ایسی ہیں جن میں سو فیصدی ہندستانی ماحول ہے. کرشن کی بنسی، جمنا کا کنارا، لکھنؤ کی شام، بنارس کی صبح، سنگم، رام چندر جی کا بنواس اور اس طرح کے ان سبھی مضمونوں پر، جو کسی شاعر کو اپیل کر سکتے ہیں، اردو میں نظمیں غزلیں کہی گئی ہیں اور مسلمان شاعروں نے کہی ہیں. ان کے علاوہ ہزاروں لاکھوں قومی نظمیں ہیں جنھوں نے ہماری آزادی کی لڑائی کو اُتساہ اور جوش دیا ہے. کاکوری کے شہید شری رام پرساد 'بسمل' اکثر عدالت آتے جاتے وقت 'سرفروشی کی تمنا اب ہمارے دل میں ہے' گایا کرتے تھے. سردار بھگت سنگھ بھی جب پھانسی کے تختے پر جھولنے جا رہے تھے، تب اپنے ساتھیوں کے ساتھ 'میری مٹی سے بھی خوشبوئے وطن آئے گی' گاتے جا رہے تھے. کاکوری کے ایک دوسرے شہید ڈاکٹر روشن سنگھ جی جب پھانسی پر جھول گئے، تب ان کی کوٹھری کی دیوال پر بہت سے اُردو کے شعر لکھے ملے تھے. تو کیا آج ہم کفر اور وفاداری کے ان نئے ٹھیکیداروں کے کہنے سننے پر یا ڈرانے دھمکانے پر اپنے شہیدوں کی ان یادگاروں کو بھی ختم کر دیں گے؟

کہا یہ بھی جاتا ہے کہ اُردو شاعری کی جو بحریں ہیں، وہ ودیشی ہیں. جو لوگ یہ کہتے ہیں، اُن کو مہربانی کرکے ہندی کے مشہور کوی پنڈت ہری شنکر شرما کوی رتن کا وہ لیکھ پڑھنا چاہیے، جس میں انھوں نے بڑی آسانی سے ثابت کر

दिया है कि उर्दू की हर एक बहर ज्यों का त्यों हिन्दी का छन्द है. फिर हमें यह भी सोचना चाहिये कि जब हिन्दी में 'सानेट' लिखे जा सकते हैं, तो फ़ारसी की बहर को ही इस्तेमाल कर लेना क्या जुर्म हो गया ? और यह जो आज हिन्दी में ब्लैंकवर्स (अतुकान्त) कविता की धूम है, वह कौन स्वदेशी है ?

यहाँ मैं जान बूझकर इस हक़ीक़त पर रोशनी नहीं डालना चाहता कि मुसलमानों का हिन्दी संस्कृत साहित्य के बारे में क्या रवय्या रहा है और उन्होंने इन भाषाओं की कितनी बड़ी ख़िदमत की है. पर मैं इतना ज़रूर कहूँगा कि महमूद ग़ज़नवी जैसे कट्टर मुसलमान के सिक्कों पर भी हमको संस्कृत की इबारत मिलती है. इससे साबित होता है कि महमूद ग़ज़नवी के दिल में संस्कृत के लिये प्रेम था और इज़्ज़त थी. फिर भी कोई भी सच्चा हिन्दुस्तानी महमूद ग़ज़नवी को या उस जैसे किसी दूसरे आदमी को अपने देश का वफ़ादार नहीं मानेगा ! इससे साबित होता जा रहा है कि आज जो लोग उर्दू को हिन्दुस्तानी कल्चर का दुश्मन बताते हैं या भाषा के सवाल की रोशनी में वफ़ादारी और ग़ैर वफ़ादारी की परख करने चले हैं, वह कितनी बड़ी भूल कर रहे हैं.

دیا ہے کہ اُردو کی ہر ایک بحر جیوں کا تیوں ہندی کا چھند ہے۔ پھر ہمیں یہ بھی سوچنا چاہیے کہ جب ہندی میں 'سانیٹ' لکھے جا سکتے ہیں، تو فارسی کی بحر کو ہی استعمال کر لینا کیا جرم ہو گیا؟ اور یہ جو آج ہندی میں بلینک ورس (اتوکانت) کویتا کی دھوم ہے، یہ کون سودیشی ہے؟

یہاں میں جان بوجھ کر اس حقیقت پر روشنی نہیں ڈالنا چاہتا کہ مسلمانوں کا ہندی سنسکرت ساہتیہ کے بارے میں کیا رویہ رہا ہے اور انھوں نے ان بھاشاؤں کی کتنی بڑی خدمت کی ہے۔ پر میں اتنا ضرور کہوں گا کہ محمود غزنوی جیسے کٹر مسلمان کے سکوں پر بھی ہم کو سنسکرت کی عبارت ملتی ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ محمود غزنوی کے دل میں سنسکرت کے لئے پریم تھا اور عزت تھی۔ پھر بھی کوئی بھی سچا ہندستانی محمود غزنوی کو یا اس جیسے کسی دوسرے آدمی کو اپنے دیش کا وفادار نہیں مانے گا! اس سے ثابت ہوتا جا رہا ہے کہ آج جو لوگ اُردو کو ہندستانی کلچر کا دشمن بتاتے ہیں یا بھاشا کے سوال کی روشنی میں وفاداری اور غیر وفاداری کی پرکھ کرنے چلے ہیں، وہ کتنی بڑی بھول کر رہے ہیں۔

तू अमर है पगले !

(भाई अहमद हमीद)

पगले किसने नहीं देखे. आदमी जब से पैदा हुआ, पगले भी पैदा होने लगे. आदम के एक सियाने बेटे को दूसरे पगले बेटे ने मार डाला था तो आदम ने अपने मन का बोझ हलका करने के लिये इस पागलपन पर संसार की सबसे पहली कविता लिख दी थी. पागलपन की यही घटना हर जमाने में दोहराई गई. आदमी जब जब पागल हुआ तो मानवता यही कविता गाती रही और इसी कविता की मधुर तानों के सहारे जीवन पथ पर संसार का काफला बढ़ता रहा. पागलपन के इसी अंधियारे में सियानेपन का दिया जलाया गया और फिर जब यही छोटा सा दिया बढ़ते बढ़ते बिजली का बड़ा सा हण्डा बन गया तो मानव संसार पर ऐटम बम का उजाला ऐसी घन गरज के साथ बरसा कि हीरोशेमा जलकर राख हो गया. बुद्धि पागलपन से हार गई और आदम के एक सियाने बेटे का दूसरे पगले बेटे ने एक बार फिर गला घोंट दिया. पगले और सियाने के इसी खेल, इसी झगड़े का नाम जीवन है. सियाने की जीत सभ्यता कहलाती है और पगले की जीत बर्बरता. यह भी कहा जा सकता है कि पगले और सियाने का भेद समझने में भी दुनिया अकसर भूल करती है. कभी कभी पगला जीत कर दुनिया से मनवा लेता है कि वह सियाना है और उसका सियाना

تو امر ہے پگلے

(بھائی احمد حمید)

پگلے کس نے نہیں دیکھے۔ آدمی جب سے پیدا ہوا، پگلے بھی پیدا ہونے لگے۔ آدم کے ایک سیانے بیٹے کو دوسرے پگلے بیٹے نے مار ڈالا تو آدم نے اپنے من کا بوجھ ہلکا کرنے کے لئے اس پاگل پن پر سنسار کی سب سے پہلی کویتا لکھ دی تھی۔ پاگل پن کی یہی گھٹنا ہر زمانے میں دوہرائی گئی۔ آدمی جب جب پاگل ہوا تو مانوتا یہی کویتا گاتی رہی اور اسی کویتا کی مدھر تانوں کے سہارے جیون پتھ پر سنسار کا قافلہ بڑھتا رہا۔ پاگل پن کے اسی اندھیارے میں سیانے پن کا دیا جلایا گیا اور پھر جب یہی چھوٹا سا دیا بڑھتے بڑھتے بجلی کا بڑا سا ہنڈا بن گیا تو سنسار پر ایٹم بم کا اجالا ایسی گھن گرج کے ساتھ برسا کہ ہیروشیما جل کر راکھ ہو گیا۔ بدھی پاگل پن سے ہار گئی اور آدم کے ایک سیانے بیٹے کا دوسرے پگلے بیٹے نے ایک بار پھر گلا گھونٹ دیا۔ پگلے اور سیانے کے اسی کھیل، اسی جھگڑے کا نام جیون ہے۔ سیانے کی جیت سبھیتا کہلاتی ہے اور پگلے کی جیت بربرتا۔ یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ پگلے اور سیانے کا بھید سمجھنے میں بھی دنیا اکثر بھول کرتی ہے۔ کبھی کبھی پگلا جیت کر دنیا سے منوا لیتا ہے کہ وہ سیانا ہے اور اس کا سیانا

दुश्मन, जो कमजोर होने के कारन हार गया वह पागल था. बहुत बार दुनिया ने ऐसे पगलों को समझदारी की सनद भी दे दी है.

पर आज मैं आपको एक ऐसी कहानी सुनाऊँगा जिसमें बहुत से [illegible] से लड़ता हुआ, अकेला और कमजोर होते हुए भी एक पगला जीत गया था. आप भी कहानी सुनकर कह उठेंगे कि इस पगले की जीत ही इन्सानियत की जीत है, तहज़ीब की जीत है, शराफ़त की जीत है और नेकी की जीत है.

मेरी कहानी कलकत्ता के एक सड़क पर फिरने वाले पगले की कहानी है, जिसे मैं कई बरस तक एक ही हालत में देखता रहा. टाट का एक टुकड़ा कमर से लपेटे, होठों से हर घड़ी टपकती हुई राल, एक हाथ में पत्थर, दूसरे में कभी कागज, कभी कपड़े की एक पोटली, गाली उसकी भाषा और राह बाट के मरियल कुत्तों को गले लगाना, पुचकारना, प्यार करना, अपना जूठा उनको खिलाना और उनका जूठा आप खाना और कभी कभी गोद में उठाकर माँ बहन की गाली देते हुए उनको धरती पर दे मारना, यही उस पगले का जीवन था.

कलकत्ते जैसा कारबारी शहर. सुबह से शाम तक और शाम से सुबह तक मोटरों, ट्रामों, मिलों, कारखानों, दफ़्तरों और दुकानों के हंगामे में रमी बसी हुई दुनिया. ऐसे में भला उस एक पगले की सुध किसे होती. शहर में जैसे बहुत से नये पुराने [illegible] कपड़े, [illegible] और [illegible] होता था, बहुत से [illegible] आते जाते फिरते, बहुत से नये नये ढंग के पगले घूमा करते थे वैसे ही एक पगला वह भी था. यों तो दो चार पगले

دشمن، جو کمزور ہونے کے کارن ہار گیا وہ پاگل تھا۔ بہت بار دنیا نے ایسے پگلوں کو سمجھداری کی سند بھی دے دی ہے۔

پر آج میں آپ کو ایک ایسی کہانی سناؤں گا جس میں بہت سے [illegible] سے لڑتا ہوا، اکیلا اور کمزور ہوتے ہوئے بھی ایک پگلا جیت گیا تھا۔ آپ بھی کہانی سن کر کہہ اٹھیں گے کہ اس پگلے کی جیت ہی انسانیت کی جیت ہے، تہذیب کی جیت ہے، شرافت کی جیت ہے اور نیکی کی جیت ہے۔

میری کہانی کلکتے کی ایک سڑک پر پھرنے والے پگلے کی کہانی ہے، جسے میں کئی برس تک ایک ہی حالت میں دیکھتا رہا۔ ٹاٹ کا ایک ٹکڑا کمر سے لپیٹے، ہونٹوں سے ہر گھڑی ٹپکتی ہوئی رال، ایک ہاتھ میں پتھر، دوسرے میں کبھی کاغذ، کبھی کپڑے کی ایک پوٹلی، گالی اس کی بھاشا اور راہ باٹ کے مریل کتوں کو گلے لگانا، پچکارنا، پیار کرنا، اپنا جوٹھا ان کو کھلانا اور ان کا جوٹھا آپ کھانا اور کبھی کبھی گود میں اٹھا کر ماں بہن کی گالی دیتے ہوئے ان کو دھرتی پر دے مارنا یہی اس پگلے کا جیون تھا۔

کلکتے جیسا کاروباری شہر۔ صبح سے شام تک اور شام سے صبح تک موٹروں، ٹراموں، ملوں، کارخانوں، دفتروں اور دکانوں کے ہنگامے میں رچی بسی ہوئی دنیا۔ ایسے میں بھلا اس ایک پگلے کی سدھ کسے ہوتی۔ شہر میں جیسے بہت سے نئے [illegible] جیسے بہت سے [illegible] بہت سے نئے نئے ڈھنگ کے پگلے گھوما کرتے تھے ویسے ہی ایک پگلا وہ بھی تھا۔ یوں تو دو چار پگلے

[illegible] और अम्न से काम लेने की बातें करने वाला हिन्दू भी मुसलमान [illegible] था. फ़िरक़ापरस्तों की इन पार्टियों के सामने 'कांग्रेसी [illegible] का नाम सुनना भी कोई पसन्द नहीं करता था. बुराई के [illegible] बुराई करने का जोश बढ़ रहा था. लेकिन उस वक़्त [illegible] कोई व्यक्ति इस बुराई भलाई, इस दीन धर्म, इस हिन्दू [illegible] और हिन्दुस्तान पाकिस्तान को बिलकुल भूल कर अपनी [illegible] में मगन था तो वह वही पगला था.

१५ अगस्त की शाम को जब मैं दफ़्तर से घर लौटा तो मैंने सोचा कि कल सोलह अगस्त है, सारा शहर बन्द रहेगा इस-लिये कल के लिए भी जिस सामान की ज़रूरत है वह आज ही ख़रीद लूँ. और इसी उधेड़ बुन और दौड़ धूप में रात के ग्यारह बज गये. मैं जब अपने घर के पास पहुँचा तो देखा कि वह पगला बड़े ज़ोर से गालियाँ बक रहा था. वह गालियों के बीच बीच हिन्दुस्तान और पाकिस्तान का नाम भी ले रहा था. मैं जब घर पहुँचा तो मालूम हुआ कि अभी थोड़ी देर पहले उस तरफ़ से लीग वालों का जलूस निकला था और तब ही से पगले की आवाज़ तेज़ हो गई थी. पता नहीं पगला कब तक गालियाँ बकता रहा क्योंकि बारह बजते बजते मैं सो गया था.

१६ अगस्त की सुबह आठ बजे का समय था. मेरी बीवी चाय बना रही थी और मैं बैठा शेव कर रहा था. बाहर एकदम सन्नाटा था, ऐसा सन्नाटा और ऐसी ख़ामोशी जो तूफ़ान आने से पहले छा जाती है. और एकाएक तूफ़ान आ गया. बाहर ज़ोर का धमाका हुआ जैसे कोई बम फटा हो. मेरे कोठे के दाहिनी तरफ़ वाली

[illegible] اور امن سے کام لینے کی باتیں کرنے والا ہندو بھی مسلمان سمجھا جاتا تھا. فرقہ پرستوں کی ان پارٹیوں کے سامنے 'کانگریسی غداروں' کی بات سننا بھی کوئی پسند نہیں کرتا تھا. برائی کے بدلے میں دونی برائی کرنے کا جوش بڑھ رہا تھا. لیکن اس وقت بھی اگر کوئی شخص اس برائی بھلائی، اس دین دھرم، اس ہندو مسلمان اور ہندستان پاکستان کو بالکل بھول کر اپنی دیوانگی میں مگن تھا تو وہ وہی پگلا تھا.

۱۵ اگست کی شام کو جب میں دفتر سے گھر لوٹا تو میں نے سوچا کہ کل سولہ اگست ہے، سارا شہر بند رہے گا اس لئے کل کے لئے بھی جس سامان کی ضرورت ہے وہ آج ہی خرید لوں. اور اسی ادھیڑ بن اور دوڑ دھوپ میں رات کے گیارہ بج گئے. میں جب اپنے گھر کے پاس پہنچا تو دیکھا کہ وہ پگلا بڑے زور سے گالیاں بک رہا تھا. وہ گالیوں کے بیچ بیچ ہندستان اور پاکستان کا نام بھی لے رہا تھا. میں جب گھر پہنچا تو معلوم ہوا کہ ابھی تھوڑی دیر پہلے اس طرف سے لیگ والوں کا جلوس نکلا تھا اور تب ہی سے پگلے کی آواز تیز ہو گئی تھی. پتہ نہیں پگلا کب تک گالیاں بکتا رہا کیونکہ بارہ بجتے بجتے میں سو گیا تھا.

۱۶ اگست کی صبح آٹھ بجے کا سمے تھا. میری بیوی چائے بنا رہی تھی اور میں بیٹھا شیو کر رہا تھا. باہر ایکدم سناٹا تھا، ایسا سناٹا اور ایسی خاموشی جو طوفان آنے سے پہلے چھا جاتی ہے. اور ایکایک طوفان آ گیا. باہر زور کا دھماکا ہوا جیسے کوئی بم پھٹا ہو. میرے کوٹھے کے داہنی طرف والی

गली में लोगों की भाग दौड़ सुनाई देने लगी. मैंने जो खिड़की में से देखा तो मेरे होश उड़ गये. लोग भाले, गँड़ासे, लाठियाँ और न जाने क्या क्या हाथों में लिये इधर उधर दौड़ रहे थे. यह मुसलमानों का मजमा था. दूर सड़क पर हिन्दुओं का भी एक मजमा इसी तरह हथियारों से लैस जैसे दुश्मन का मुकाबला करने के लिये तैयार खड़ा था. मज़हब और धर्म के दीवानों की लड़ाई शुरू हो गई थी. मेरी आँखों के नीचे अंधेरा सा छा गया जब मैंने देखा कि आज से कुछ ही दिनों पहले कप्तान रशीद दिन पर जिस बिल्डिंग से विदेशी सरकार की गोलियों का निशाना बनने वाले एक रिक्शा वाले की लाश पर फूलों की बरखा हुई थी वहीं से आज गोलियाँ बरस रही थीं. बीबी के मुँह पर हवाइयाँ उड़ने लगी थीं और मेरा बच्चा इस विचित्र हंगामे से डर डर कर रोने चिल्लाने लगा था. आज उसे हौवे का भी डर नहीं रहा था. हम उसे लाख फुसलाते, डराते थे लेकिन वह चुप होने का नाम ही न लेता था.

आज दिन के दो बज चुके थे और सामने वाली सड़क के इस सिरे से उस सिरे तक कोई २०-२५ लाशें पड़ी दिखाई देने लगी थीं. कोई मुँह के बल, कोई घुटनों के बल, कोई चित, कोई औंधी, कोई सिमटी और कोई फैली पड़ी थी. उन पर गिद्ध और चीलों ने मंडराना शुरू कर दिया था. पुलीस का कहीं पता न था, फौज का कहीं निशान न था. राज सिंहासन डोल रहा था, आदमी भेड़ बकरों की तरह कट रहे थे. छुरे चल रहे थे, कसाई मार रहे थे. मानवता तड़प रही थी और बर्बरता का मृदंग बज रहा था. बड़ी सड़क के नाबदान खोल डाले गये थे और उनमें छोटे छोटे बच्चों की लाशें

گلی میں لوگوں کی بھاگ دوڑ سنائی دینے لگی۔ میں نے جو کھڑکی میں سے دیکھا تو میرے ہوش اڑ گئے۔ لوگ بھالے، گنڈاسے، لاٹھیاں اور نہ جانے کیا کیا ہاتھوں میں لئے ادھر ادھر دوڑ رہے تھے۔ یہ مسلمانوں کا مجمع تھا۔ دور سڑک پر ہندوؤں کا بھی ایک مجمع اسی طرح ہتھیاروں سے لیس جیسے دشمن کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار کھڑا تھا۔ مذہب اور دھرم کے دیوانوں کی لڑائی شروع ہو گئی تھی۔ میری آنکھوں کے نیچے اندھیرا سا چھا گیا جب میں نے دیکھا کہ آج سے کچھ ہی دنوں پہلے کپتان رشید دن پر جس بلڈنگ سے ودیشی سرکار کی گولیوں کا نشانہ بننے والے ایک رکشا والے کی لاش پر پھولوں کی برکھا ہوئی تھی وہیں سے آج گولیاں برس رہی تھیں۔ بیوی کے منہ پر ہوائیاں اڑنے لگی تھیں اور میرا بچہ اس وچتر ہنگامے سے ڈر ڈر کر رونے چلانے لگا تھا۔ آج اسے ہوّے کا بھی ڈر نہیں رہا تھا۔ ہم اسے لاکھ پھسلاتے، ڈراتے تھے لیکن وہ چپ ہونے کا نام ہی نہ لیتا تھا۔

آج دن کے دو بج چکے تھے اور سامنے والی سڑک کے اس سرے سے اس سرے تک کوئی ۲۰-۲۵ لاشیں پڑی دکھائی دینے لگی تھیں۔ کوئی منہ کے بل، کوئی گھٹنوں کے بل، کوئی چت، کوئی اوندھی، کوئی سمٹی اور کوئی پھیلی پڑی تھی۔ ان پر گدھ اور چیلوں نے منڈرانا شروع کر دیا تھا۔ پولیس کا کہیں پتہ نہ تھا، فوج کا کہیں نشان نہ تھا۔ راج سنگھاسن ڈول رہا تھا، آدمی بھیڑ بکروں کی طرح کٹ رہے تھے۔ چھرے چل رہے تھے، قصائی مار رہے تھے۔ انسانیت تڑپ رہی تھی اور بربریت کا مردنگ بج رہا تھا۔ بڑی سڑک کے نابدان کھول ڈالے گئے تھے اور ان میں چھوٹے چھوٹے بچوں کی لاشیں

... रही थी. नालियों के खुल जाने से सड़क पर जैसे पानी का सोता फूट गया था और उस पानी में आदमियों का खून मिल मिल कर ऐसा बह रहा था जैसे बरसात में मेंह के पानी के साथ मिट्टी बहती हो.

आज जब मेरी निगाह छोटी सड़क पर कूड़े के कनस्तर के पास उस पगले पर पड़ी, तो मैंने देखा कि उसके आस पास जितने ईंट पत्थर पड़े रहते थे वह सब साफ़ हैं और उसकी वह ईंट भी वहाँ नहीं है जिसपर सर रखकर वह रातों को सोया करता था. पगले के शरीर में जैसे बिजली भर गई थी. वह कभी इधर दौड़ता था कभी उधर. बेमतलब, बेकार, कम से कम मेरी समझ में तो उस समय उसकी बेचैनी का कारन बिलकुल नहीं आया.

मैं अभी अपनी खिड़की पर यही सब देख रहा था कि अचानक एक दुबला पतला, बिलकुल कमज़ोर, जैसे दिक़ का रोगी हो, एक नौजवान बग़ल वाली गली से दौड़ता हुआ छोटी सड़क पर आ निकला. उसके सर से, माथे से, नाक से और छाती के पास से ख़ून बह रहा था और उसका कुर्ता व धोती उस ख़ून में लाल हो गये थे. उसके पीछे पीछे कुछ लोग और भी दौड़ते हुए आये जो उसे मार पीट रहे थे. वह इतना ज़ख़मी हो चुका था कि अब उसमें भागने की भी ताक़त नहीं रह गई थी. एकाएक पीछे आते हुए एक गुन्डे ने उसके मोंढे पर तलवार का एक भरपूर वार किया और उसका हाथ उसके धड़ से अलग होकर गिर पड़ा. इसके साथ ही वह आप भी धम से धरती पर गिर पड़ा. एकाएक सामने के फ़ुटपाथ से यह कान्ड देख कर पगला मारने वालों की तरफ़ दौड़ी

پھیل رہی تھی۔ نالیوں کے کھل جانے سے سڑک پر جیسے پانی کا سوتا پھوٹ گیا تھا اور اس پانی میں آدمیوں کا خون مل مل کر ایسا بہہ رہا تھا جیسے برسات میں مینہ کے پانی کے ساتھ مٹی بہتی ہو۔

آج جب میری نگاہ چھوٹی سڑک پر کوڑے کے کنستر کے پاس اس پگلے پر پڑی، تو میں نے دیکھا کہ اس کے آس پاس جتنے اینٹ پتھر پڑے رہتے تھے وہ سب صاف ہیں اور اس کی وہ اینٹ بھی وہاں نہیں ہے جس پر سر رکھ کر وہ راتوں کو سویا کرتا تھا۔ پگلے کے شریر میں جیسے بجلی بھر گئی تھی۔ وہ کبھی ادھر دوڑتا تھا کبھی ادھر۔ بے مطلب، بیکار، کم سے کم میری سمجھ میں تو اس سمے اس کی بے چینی کا کارن بالکل نہیں آیا۔

میں ابھی اپنی کھڑکی پر یہی سب دیکھ رہا تھا کہ اچانک ایک دبلا پتلا، بالکل کمزور، جیسے دق کا روگی ہو، ایک نوجوان بغل والی گلی سے دوڑتا ہوا چھوٹی سڑک پر آ نکلا۔ اس کے سر سے، ماتھے سے، ناک سے اور چھاتی کے پاس سے خون بہہ رہا تھا اور اس کا کرتا و دھوتی اس خون میں لال ہو گئے تھے۔ اس کے پیچھے پیچھے کچھ لوگ اور بھی دوڑتے ہوئے آئے جو اسے مار پیٹ رہے تھے۔ وہ اتنا زخمی ہو چکا تھا کہ اب اس میں بھاگنے کی بھی طاقت نہیں رہ گئی تھی۔ یکایک پیچھے آتے ہوئے ایک غنڈے نے اس کے مونڈھے پر تلوار کا ایک بھرپور وار کیا اور اس کا ہاتھ اس کے دھڑ سے الگ ہو کر گر پڑا۔ اس کے ساتھ ہی وہ آپ بھی دھم سے دھرتی پر گر پڑا۔ یکایک سامنے کے فٹ پاتھ سے یہ کانڈ دیکھ کر پگلا مارنے والوں کی طرف تیزی

से दौड़ा. लेकिन मारने वाले अपना काम करके भाग गये. अब पगला उस घायल आदमी की तरफ दौड़ा. उसके पास पहुँच कर गालियाँ बकते हुए पगले ने उस तड़पते, दम तोड़ते नौजवान को दोनों हाथों से पकड़ कर उठाया और घसीटता हुआ उसे उस नाबदान के पास ले आया जहाँ से मैले पानी का सोता फूट रहा था. घायल नौजवान का सर अपनी गोद में रखकर वह उस नाबदान के पास बैठ गया और चुल्लू में पानी ले लेकर उसके मुँह पर, उसके घावों पर और उसके सर पर डालने लगा. घायल ने उसकी गोद में पड़े पड़े पथराई आँखों से पगले को टकटकी लगा कर देखा, कुछ पैर खींचे और दम तोड़ दिया. मैं पगले की इस हरकत को बड़े ध्यान से देख रहा था. मैं समझ रहा था कि सियाने समझदार इन्सानों के पागलपन ने उस पागल को होशियार बना दिया है तभी तो उसने उस घायल नौजवान की मरते समय यह सेवा की. लेकिन उस घायल के दम तोड़ते ही जैसे वह फिर पागल हो गया. वह एकाएक धाड़ें मार कर रोने लगा और मुर्दे को वहीं छोड़ कर खड़ा हो गया. वह रोता जाता था और इधर-उधर लगी आग, आकाश और धरती को देखकर गंदी-गंदी गालियाँ बकता जाता था और रोता जाता था. उसकी दाढ़ी पर, उसके माथे पर, उसकी कमीज़ पर उस नौजवान का खून लगा हुआ था. और [illegible] के पास उस नौजवान की एक हाथ कटी लाश पड़ी थी. [illegible] एक बार फिर बैठ गया और मुर्दे को अपनी गोद में [illegible] उसके होंठ और उसके माथे को बिलकुल

سے دوڑا۔ لیکن مارنے والے اپنا کام کرکے بھاگ گئے۔ اب
پگلا اس گھائل آدمی کی طرف دوڑا۔ اس کے پاس پہنچ کر گالیاں
بکتے ہوئے پگلے نے اس تڑپتے، دم توڑتے نوجوان کو دونوں
ہاتھوں سے پکڑ کر اٹھایا اور گھسیٹتا ہوا اسے اس نابدان کے پاس
لے آیا جہاں سے میلے پانی کا سوتا پھوٹ رہا تھا۔ گھائل نوجوان کا سر
اپنی گود میں رکھ کر وہ اس نابدان کے پاس بیٹھ گیا اور چلو میں پانی
لے لیکر اس کے منہ پر، اس کے گھاؤں پر اور اس کے سر پر ڈالنے
لگا۔ گھائل نے اس کی گود میں پڑے پڑے پتھرائی آنکھوں سے پگلے کو
ٹکٹکی لگا کر دیکھا، ہاتھ پاؤں کھینچے اور دم توڑ دیا۔ میں پگلے کی اس حرکت
کو بڑے دھیان سے دیکھ رہا تھا۔ میں سمجھ رہا تھا کہ سیانے سمجھدار انسانوں
کے پاگل پن نے اس پاگل کو ہوشیار بنا دیا ہے تبھی تو اس نے اس
گھائل نوجوان کی مرتے سمے یہ سیوا کی۔ لیکن اس گھائل کے دم توڑتے
ہی جیسے وہ پھر پاگل ہو گیا۔ وہ ایکایک دھاڑیں مار کر رونے لگا اور
مردے کو وہیں چھوڑ کر کھڑا ہو گیا۔ وہ روتا جاتا تھا اور ادھر ادھر
لگی آگ، آکاش اور دھرتی کو دیکھ کر گندی گندی گالیاں بکتا
جاتا تھا اور روتا جاتا تھا۔ اس کی داڑھی پر، اس کے ماتھے پر،
اس کی قمیص پر اس نوجوان کا خون لگا ہوا تھا۔ اور اس
کے [illegible] پاس اس نوجوان کی ایک ہاتھ کٹی لاش پڑی ہوئی
تھی۔ وہ ایک بار پھر بیٹھ گیا اور مردے کو اپنی گود میں
[illegible] اس کے ہونٹ اور اس کے ماتھے کو بالکل

इकलौते बेटे की लाश को पागल हो होकर प्यार कर रही हो. फिर एकाएक न जाने उस पगले को क्या ख़याल आया कि लाश को धड़ाम से धरती पर पटक कर भागता हुआ फुटपाथ पर गया और ईंटों के दो अद्धे दोनों हाथों में उठा लाया. फिर उसने लाश की तरफ़ ग़ौर से देखा, सीना तान कर खड़ा हुआ चारों तरफ देखकर न जाने किसको गालियाँ दीं और फिर उन ईंटों से अपनी छाती पीटने लगा. वह इतनी ज़ोर ज़ोर से अपनी छाती कूट रहा था कि थोड़ी ही देर में उसकी चौड़ी चकली घने बालों वाली छाती से ख़ून के फ़व्वारे निकलने लगे किन्तु वह उसी तरह छाती पीटता ही रहा. उसकी आँखों में, उसके चेहरे पर और उसके अंग अंग में जैसे मौत और पागलपन की चुड़ैलें नाच रही थीं. मुझमें अब यह भयानक दृश्य देखने की ताब न रही थी. मैंने घबरा कर एक झटके के साथ अपनी खिड़की बन्द कर दी और निढाल होकर अपनी चारपाई पर गिर पड़ा.

दो तीन घंटों के बाद जब बीवी ने बताया कि सामने वाली बिल्डिंग में आग लगा दी गई है तो मैंने उठकर एक बार फिर खिड़की खोली और देखा कि उसी नाबदान के पास पानी में दो लाशें पड़ी अकड़ रही हैं. एक जगह उस नौजवान की लाश, जो इस अपराध में मार डाला गया था कि उसका धर्म उन लोगों के धर्म से अलग था जिन्होंने उसे मारा था, और उससे दो-तीन डग आगे उस पगले की लाश थी जिसने शायद समझदारों का पागल पन देखकर अपने हाथों से अपनी जान का ख़ात्मा कर दिया था.

शाम का धुँधलका छा रहा था और सामने वाली बिल्डिंग से

اکلوتے بیٹے کی لاش کو پاگل ہو ہو کر پیار کر رہی ہو۔ پھر ایکایک نہ جانے اس پگلے کو کیا خیال آیا کہ لاش کو دھڑام سے دھرتی پر پٹک کر بھاگتا ہوا فٹ پاتھ پر گیا اور دو اینٹوں کے آدھے دونوں ہاتھوں میں اٹھا لایا۔ پھر اس نے لاش کی طرف غور سے دیکھا، سینہ تان کر کھڑا ہوا چاروں طرف دیکھ کر نہ جانے کس کو گالیاں دیں اور پھر ان اینٹوں سے اپنی چھاتی پیٹنے لگا۔ وہ اتنی زور زور سے اپنی چھاتی کوٹ رہا تھا کہ تھوڑی ہی دیر میں اس کی چوڑی چکلی گھنے بالوں والی چھاتی سے خون کے فوارے نکلنے لگے کنتو وہ اسی طرح چھاتی پیٹتا ہی رہا۔ اس کی آنکھوں میں، اس کے چہرے پر اور اس کے انگ انگ میں جیسے موت اور پاگل پن کی چڑیلیں ناچ رہی تھیں۔ مجھ میں اب یہ بھیانک منظر دیکھنے کی تاب نہ رہی تھی۔ میں نے گھبرا کر ایک جھٹکے کے ساتھ اپنی کھڑکی بند کر لی اور نڈھال ہو کر اپنی چارپائی پر گر پڑا۔

دو تین گھنٹے کے بعد جب بیوی نے بتایا کہ سامنے والی بلڈنگ میں آگ لگا دی گئی ہے تو میں نے اٹھ کر ایک بار پھر کھڑکی کھولی اور دیکھا کہ اسی نابدان کے پاس پانی میں دو لاشیں پڑی اکڑ رہی ہیں۔ ایک جگہ اس نوجوان کی لاش جو اس اپرادھ میں مار ڈالا گیا تھا کہ اس کا دھرم ان لوگوں کے دھرم سے الگ تھا جنھوں نے اسے مارا تھا، اور اس سے دو تین ڈگ آگے اس پگلے کی لاش تھی جس نے شاید سمجھداروں کا پاگل پن دیکھ کر اپنے ہاتھوں سے اپنی جان کا خاتمہ کر دیا تھا۔

شام کا دھندلکا چھا رہا تھا اور سامنے والی بلڈنگ سے

मकानों की बड़ी बड़ी लपटें उठ रही थीं. यह दृश्य देखकर मेरे मुँह से चीख निकल गई और मेरा जी चाहा कि फूट फूट कर रोने लगूं.

आज भी जब मुझे उस पगले का ख़याल आता है तो मैं सोचने लगता हूँ कि क्या वह पागल उन तमाम सियानों से अच्छा और समझदार नहीं था जो मजहब और धर्म का पाक नाम लेकर अपने ही जैसे इन्सानों का ख़ून बहा रहे थे, जो औरतों की फरियाद सुनकर हँसते थे और मासूम बच्चों की चीखें सुनकर खुश होते थे. क्या वह पगला मुझसे अच्छा नहीं था जिसने एक घायल नौजवान की आख़िरी वक़्त में सेवा की और मैं अपने कोठे पर खड़ा खिड़की से तमाशा ही देखता रह गया.

मेरे दोस्तों ने उस पगले की कहानी सुनकर कहा था कि वह पागल था और इसलिये मुझे उसकी बातों पर अधिक ध्यान न देना चाहिये क्योंकि उसने जो कुछ भी किया, अपने पागलपन में किया और वह इस पागलपन में न जाने और क्या हरकत कर सकता था. लेकिन मैं अब भी यही समझता हूँ कि वह पागल सियानों से बढ़कर था और जब मुझसे कोई कहता है कि साम्प्रदायिकता के तूफ़ान में हिन्दुस्तान का इन्सान मर गया था तो मेरे तन बदन में आग लग जाती है और मेरे जी में आता है कि मैं हिमालय की चोटी पर चढ़कर अपनी पूरी ताक़त से सारे संसार को अपने पगले की कहानी सुना दूँ और मानव को मरा हुआ समझने वालों को बता दूँ कि मेरा पगला अमर है और जब तक मैं उसको अमर समझता हूँ, मेरी नजर में इन्सान

آگ کی بڑی بڑی لپٹیں اٹھ رہی تھیں۔ یہ دیکھ کر میرے منہ سے چیخ نکل گئی اور میرا جی چاہا کہ پھوٹ پھوٹ رونے لگوں۔

آج بھی جب مجھے اس پگلے کا خیال آتا ہے تو میں سوچنے لگتا ہوں کہ کیا وہ پاگل ان تمام سیانوں سے اچھا اور سمجھدار نہیں تھا جو مذہب اور دھرم کا پاک نام لے کر اپنے ہی جیسے انسانوں کا خون بہا رہے تھے، جو عورتوں کی فریاد سن کر ہنستے تھے اور معصوم بچوں کی چیخیں سن کر خوش ہوتے تھے۔ کیا وہ پگلا مجھ سے اچھا نہیں تھا جس نے ایک گھائل نوجوان کی آخری وقت میں سیوا کی اور میں اپنے کوٹھے پر کھڑا کھڑکی سے تماشہ ہی دیکھتا رہ گیا۔

میرے دوستوں نے اس پگلے کی کہانی سن کر کہا تھا کہ وہ پاگل تھا اور اس لئے مجھے اس کی باتوں پر کوئی دھیان نہ دینا چاہئے کیونکہ اس نے جو کچھ کیا اپنے پاگل پن میں کیا اور وہ اس پاگل پن میں نہ جانے اور کیا حرکت کر سکتا تھا۔ لیکن میں اب بھی یہی سمجھتا ہوں کہ وہ پاگل سیانوں سے بڑھ کر تھا اور جب مجھ سے کوئی کہتا ہے کہ سامپردائکتا کے طوفان میں ہندستان کا انسان مر گیا تھا تو میرے تن بدن میں آگ لگ جاتی ہے اور میرے جی میں آتا ہے کہ میں ہمالہ کی چوٹی پر چڑھ کر اپنی پوری طاقت سے سارے سنسار کو اپنے پگلے کی کہانی سنا دوں اور انسان کو مرا ہوا سمجھنے والوں کو بتا دوں کہ میرا پگلا امر ہے اور جب تک میں اس کو امر سمجھتا ہوں، میری نظر میں انسان کبھی نہیں مر سکتا۔

गवर्नर जेनरल और एक गधा चराने वाला

(भाई गु० मं०)

यह अप्रैल सन् १९४८ की एक घटना है. एक दिन दोपहर के वक्त में नई देहली में सरकारी दफ्तरों के सामने से गुजर रहा था. एकाएक मुझे खयाल आया कि जब इतने तक पहुँच गया हूँ तो जरा आगे चलकर गवर्नर जेनरल का आलीशान मकान भी बाहर से ही क्यों न देख लूँ. सो मैं उस तरफ हो लिया.

मगर अभी मुझे गवर्नर जेनरल के मकान की बाहरी सुन्दरता अच्छी तरह से देखने का समय ही नहीं मिला था कि मैंने एक पेड़ के नीचे एक गधा चराने वाले को देखा जो टिकटिकी लगाकर लाट साहब के महल की तरफ देख रहा था. उसने अपना गधा, जिस पर कुछ सामान लदा हुआ था, दरख्त से बाँध दिया था और खुद बड़ी बेफिक्री से महल की दीवारें देख रहा था.

कुछ देर के बाद मैंने उसकी आँखों में आँसू देखे. मगर साथ ही उसके मुँह पर एक क़िस्म की अजीब मुस्कराहट भी थी. ऐसा मालूम होता था बरसात हो रही है और साथ ही सूरज भी चमक रहा है. "तो क्या यह आनन्द के आँसू हैं?" ऐसा मैंने अपने दिल से पूछा—"और अगर यह आनन्द के आँसू हैं तो उस आनन्द का कारण क्या हो सकता है?"

अभी मैं इन सवालों का जवाब अपने अन्दर खोज ही रहा

گورنر جنرل اور ایک گدھا چرانے والا

(بھائی گ۔م)

اپریل ۱۹۴۸ء کی ایک گھٹنا ہے۔ ایک دن دوپہر کے وقت میں نئی دلی میں سرکاری دفتروں کے سامنے سے گذر رہا تھا۔ ایکایک مجھے خیال آیا کہ جب اتنے تک پہنچ گیا ہوں تو ذرا آگے چل کر گورنر جنرل کا عالیشان مکان بھی باہر سے ہی، کیوں نہ دیکھ لوں۔ سو میں اس طرف ہو لیا۔

مگر ابھی مجھے گورنر جنرل کے مکان کی باہری سندرتا اچھی طرح سے دیکھنے کا سمے ہی نہ ملا تھا کہ میں نے ایک پیڑ کے نیچے ایک گدھا چرانے والے کو دیکھا جو ٹکٹکی لگا کر لاٹ صاحب کے محل کی طرف دیکھ رہا تھا۔ اس نے اپنا گدھا، جس پر کچھ سامان لدا ہوا تھا، درخت سے باندھ دیا تھا اور خود بڑی بے فکری سے محل کی دیواریں دیکھ رہا تھا۔

کچھ دیر کے بعد میں نے اس کی آنکھوں میں آنسو دیکھے۔ مگر ساتھ ہی اس کے منہ پر ایک قسم کی عجیب مسکراہٹ بھی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا برسات ہو رہی ہے اور ساتھ ہی سورج بھی چمک رہا ہے۔ "تو کیا یہ آنند کے آنسو ہیں؟" ایسا میں نے اپنے دل سے پوچھا۔ "اور اگر یہ آنند کے آنسو ہیں تو اس آنند کا کارن کیا ہو سکتا ہے؟"

ابھی میں ان سوالوں کا جواب اپنے اندر کھوج ہی رہا

[illegible] था कि जब गधा चराने वाले ने कुछ बोलना शुरू किया. वह क्या कह रहा है यह सुनने के लिये मैं दरख़्त के पीछे खड़ा हो गया. वह ठहर ठहर कर कभी हँसते हुए और कभी ठंडी आह भरते हुए अपने आपसे कह रहा था, अगरचे उसकी आँखें अब भी गवर्नर जेनरल के मकान पर लगी हुई थीं :—

"खुदा का इन्साफ़ खुदा ही जाने. किसी को महल रहने को देता है तो किसी को अपना सर छिपाने की जगह तक भी नहीं देता. किसी को सोने के लिये पलंग देता है तो किसी को ज़मीन पर सोने के लिये भी पूरी जगह नहीं देता. किसी को हर रोज़ हलवा खाने को देता है तो किसी को सारा सारा दिन सिर्फ़ हवा ही खाने को देता है, किसी को दर्जन बच्चे देता है, किसी को एक के लिये भी सारी उम्र तरसाता है. किसी की जेब भरता है तो किसी की जेब में छेद ही छेद कर देता है. किसी को तालीम देता है तो किसी के दिमाग़ पर हमेशा के लिये ताला लगा देता है.

सच बात तो यह है कि खुदा की बातें सिर्फ़ खुदा ही जानता है. तो फिर मुझे अपना सर खपाने की ज़रूरत ही क्या है. जिसमें तू मेरा मालिक, मेरा राज़ी, उसमें मैं भी राज़ी. किसी को अगर तू बादशाह बनाता है तो वह भी तेरा और जिसको तू फ़क़ीर बनाता है वह भी तेरा. सो सब हैं तेरे और तू है सबका."

[illegible] गधा चराने वाला उठा और गधे के गले से रस्सी निकाल कर उस पर सवार होकर पुरानी देहली की तरफ़ चल दिया. चन्द [illegible]

تھا کہ اس گدھا چرانے والے نے کچھ بولنا شروع کیا۔ وہ کیا کہہ رہا ہے
سننے کے لئے میں درخت کے پیچھے کھڑا ہو گیا۔ وہ ٹھہر ٹھہر کر کبھی ہنستے ہوئے
اور کبھی ٹھنڈی آہ بھرتے ہوئے اپنے آپ سے کہہ رہا تھا، اگرچہ اس کی
آنکھیں اب بھی گورنر جنرل کے مکان پر لگی ہوئی تھیں :۔

"خدا کا انصاف خدا ہی جانے۔ کسی کو محل رہنے کو دیتا ہے
تو کسی کو اپنا سر چھپانے کی جگہ تک بھی نہیں دیتا۔ کسی کو سونے کے
لئے پلنگ دیتا ہے تو کسی کو زمین پر سونے کے لئے بھی پوری جگہ نہیں
دیتا۔ کسی کو ہر روز حلوا کھانے کو دیتا ہے تو کسی کو سارا سارا دن صرف
ہوا ہی کھانے کو دیتا ہے، کسی کو درجن بچے دیتا ہے، کسی کو ایک
کے لئے بھی ساری عمر ترساتا ہے۔ کسی کی جیب بھرتا ہے تو کسی کی جیب
میں چھید ہی چھید بھر دیتا ہے۔ کسی کو تعلیم دیتا ہے تو کسی کے دماغ پر
ہمیشہ کے لئے تالا لگا دیتا ہے۔

سچی بات یہ ہے کہ خدا کی باتیں صرف خدا ہی جانتا ہے۔ تو پھر مجھے
اپنا سر کھپانے کی ضرورت ہی کیا ہے۔ جس میں تو میرا
مالک میرا آقا ہی راضی، اس میں میں بھی راضی۔ کسی کو اگر تو
بادشاہ بناتا ہے تو وہ بھی تیرا اور جس کو تو فقیر بناتا ہے
وہ بھی تیرا۔ سو سب ہیں تیرے اور تو ہے سب کا۔"

پھر گدھا چرانے والا اٹھا اور گدھے کے گلے سے رسی نکال
کر اس پر سوار ہو کر پرانی دہلی کی طرف چل دیا۔ چند قدم میں
اس کے پیچھے پیچھے ہو لیا۔ مگر ایک دفعہ اچانک اس نے اپنا

सलाम किया. वह एक सफेद बालों वाले बुजुर्ग थे. मैंने उनसे पूछा —"आप कहाँ रहते हैं ? मैं आपसे एक दिन मिलना चाहता हूँ, [illegible] खोलकर कुछ बातें करना चाहता हूँ."

[illegible] जवाब दिया—"मैं आपको कुछ नहीं जवाब दे सकता. [illegible] हूँ. कल कहाँ रहूँगा यह मैं कैसे आपको बता सकता हूँ ? [illegible] पर सब छोड़ दीजिये. अगर उसकी मर्जी हुई कि हम दुबारा फिर मिलें तो वह ख़ुद ही इसके लिये रास्ता साफ़ कर देगा. फिर मिलेंगे अगर ख़ुदा लाया. ख़ुदा हाफ़िज़ !"

इसके बाद से फिर कभी मैं उनको नहीं मिला. अगर चे मैं देहली एक दो बार हो भी आया हूँ. मगर उनकी याद हमेशा के लिये मेरे दिल में ताज़ा रहेगी. क्योंकि उन्होंने मुझे क़नाअत (संतोष) का बड़ा क़ीमती सबक़ सिखाया. कभी कभी तो मुझे ख़याल आता है कि वह इन्सान की शक्ल में एक फ़रिश्ता तो नहीं थे ?

— —

[illegible] ہیں آج [illegible] کہاں رہوں گا یہ میں کیسے آپ کو بتا سکتا ہوں ! اسلئے اللہ میاں پر سب چھوڑ دیجئے۔ اگر اس کی مرضی ہوئی کہ ہم دوبارہ پھر ملیں تو وہ خود ہی اس کیلئے راستہ صاف کر دے گا۔ پھر ملیں گے اگر خدا لایا۔ خدا حافظ !"

اس کے بعد سے پھر کبھی میں ان کو نہیں ملا۔ اگرچہ میں دلی ایک دو بار ہو بھی آیا ہوں۔ مگر ان کی یاد ہمیشہ کے لئے میرے دل میں تازہ رہے گی۔ کیونکہ انہوں نے مجھے قناعت (سنتوش) کا بے بہا قیمتی سبق سکھایا۔ کبھی کبھی تو مجھے خیال آتا ہے کہ وہ انسان کی شکل میں ایک فرشتہ تو نہیں تھے ؟

दुनिया का हाल

(भाई इशरत अली सिद्दीक़ी)

एटलान्टिक समझौता

जब प्रधान ट्रूमेन ने मार्शल स्टालिन से मिलकर अमन और शान्ति के एक समझौते पर दस्तख़त करने से इन्कार किया तो अमरीका के विदेश मंत्री ने इस इन्कार को सही साबित करने के लिये यह दलील दी कि यू० एन० ओ० के मेम्बर की हैसियत से रूस और अमरीका पहले ही अमन और शान्ति बनाये रखने की जिम्मेवारी ले चुके हैं, अब अगर रूस इस दलील को दोहराकर अमरीका से यह सवाल करे कि जब यू० एन० ओ० अमन और शान्ति की रखवाली का जिम्मा ले चुका है तो फिर एटलान्टिक समझौते की क्या ज़रूरत ? तो अमरीका के पास इसका क्या जवाब होगा ? यह सवाल कोई फ़र्ज़ी नहीं है, रूस ने इसे सरकारी तौर पर उठाया है और अमरीका और उसके साथियों ने बन्द शब्दों में यह मान लिया है कि यू० एन० ओ० ने जो जिम्मेवारी ओढ़ी थी उसे वह पूरा नहीं कर सकता. यह बात सही हो या ग़लत लेकिन इससे इतना पता चलता है कि पिछली बड़ी लड़ाई के बाद दुनिया में यू० एन० ओ० की बुनियाद पर अमन और शान्ति का जो क़िला

دنیا کا حال

(بھائی عشرت علی صدیقی)

اٹلانٹک سمجھوتہ

جب صدر ٹرومین نے مارشل اسٹالن سے مل کر امن اور شانتی کے ایک سمجھوتے پر دستخط کرنے سے انکار کیا تو امریکہ کے ودیش منتری نے اس انکار کو صحیح ثابت کرنے کے لئے یہ دلیل دی کہ یو۔ این۔ او۔ کے ممبر کی حیثیت سے روس اور امریکہ پہلے ہی امن اور شانتی بنائے رکھنے کی ذمہ داری لے چکے ہیں، اب اگر روس اس دلیل کو دہرا کر امریکہ سے یہ سوال کرے کہ جب یو۔ این۔ او۔ امن اور شانتی کی رکھوالی کا ذمہ لے چکا ہے تو پھر اٹلانٹک سمجھوتے کی کیا ضرورت؟ تو امریکہ کے پاس اس کا کیا جواب ہوگا؟ یہ سوال کوئی فرضی نہیں ہے، روس نے اسے سرکاری طور پر اٹھایا ہے اور امریکہ اور اس کے ساتھیوں نے بند لفظوں میں یہ مان لیا ہے کہ یو۔ این۔ او۔ نے جو ذمہ داری سنبھالی تھی اسے وہ پورا نہیں کر سکتا۔ یہ بات صحیح ہو یا غلط لیکن اس سے اتنا پتہ چلتا ہے کہ پچھلی بڑی لڑائی کے بعد دنیا میں یو۔ این۔ او۔ کی بنیاد پر امن اور شانتی کا جو قلعہ بنایا گیا تھا اسے انگریزوں نے کمزور اور بیکار بتا دیا

है. इन्हीं इन्जीनियरों ने वह क़िला बनाया था और वही अब एक नया क़िला बना रहे हैं. बल्कि अब एक की जगह दो क़िले बन रहे हैं. एक अमरीका की निगरानी में और दूसरा रूस की निगरानी में. ये दोनों ताक़तें एक दूसरे पर पुराने क़िले को कमज़ोर करने का इल्ज़ाम लगाती हैं और इनकी बहस को दोहराना अब बेकार है. इस वक़्त देखना यह है कि इस बहस का नतीजा क्या निकला है और इस नतीजे का दुनिया के हाल पर क्या असर पड़ेगा. दूसरे शब्दों में इस सवाल को यों रक्खा जा सकता है कि एटलांटिक समझौते का रुख़ क्या है और इसकी वजह से दुनिया अमन और एकता की तरफ़ जायगी या लड़ाई और फूट की तरफ़.

—और रूस

एटलांटिक समझौते का काग़ज़ी रूप देखा जाय तो वह बचाव के रंग में रंगा हुआ मालूम होता है. और इस रंग को गहरा करने के लिये इसमें यू० एन० ओ० चार्टर के कुछ उसूल जोड़ दिये गये हैं. इसके शुरू में चार्टर की पाबन्दी की प्रतिज्ञा की गई है. बीच में बाहर के हमले का आपस में मिलकर मुक़ाबला करने का वादा किया गया है और आख़िर में कहा गया है कि इस समझौते के दरवाज़े पहली और तीसरी बात के बारे में योरप के सभी मुल्कों के लिये खुले हुए हैं. मगर रूस ने इन तीनों बातों पर एतराज़ किया है. पहली और तीसरी बात के बारे में उसका कहना है कि यू० एन० ओ० चार्टर की बुनियाद पाँच बड़े राष्ट्रों यानी अमरीका, बर्तानिया, फ़्रान्स, रूस और चीन की एकता पर थी, जब कि एटलांटिक समझौते से रूस को अलग रक्खा गया है. इस समझौते के दरवाज़े

ہے۔ انھیں انجینیروں نے وہ قلعہ بنایا تھا اور اب وہی ایک نیا قلعہ بنا رہے ہیں۔ بلکہ اب ایک کی جگہ دو قلعے بن رہے ہیں۔ ایک امریکہ کی نگرانی میں اور دوسرا روس کی نگرانی میں۔ یہ دونوں طاقتیں ایک دوسرے پر پرانے قلعے کو کمزور کرنے کا دوش لگاتی ہیں اور ان کی بحث کو دہرانا اب بیکار ہے۔ اس سمے دیکھنا یہ ہے کہ اس بحث کا نتیجہ کیا نکلا ہے اور اس نتیجے کا دنیا کے حال پر کیا اثر پڑے گا۔ دوسرے شبدوں میں اس سوال کو یوں رکھا جا سکتا ہے کہ اٹلانٹک سمجھوتے کا روپ کیا ہے اور اس کی وجہ سے دنیا امن اور ایکتا کی طرف جائے گی یا لڑائی اور پھوٹ کی طرف۔

—اور روس

اٹلانٹک سمجھوتے کا کاغذی روپ دیکھا جائے تو وہ بچاؤ کے رنگ میں رنگا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ اور رنگ کو گہرا کرنے کے لئے اس میں یو۔ این۔ او۔ چارٹر کے کچھ اصول گھول دئے گئے ہیں۔ اس کے شروع میں چارٹر کی پابندی کی پرتگیا کی گئی ہے۔ بیچ میں باہر کے حملے کا آپس میں مل کر مقابلہ کرنے کا وعدہ کیا گیا ہے اور آخر میں کہا گیا ہے کہ اس سمجھوتے کے دروازے پہلی اور تیسری بات کے بارے میں یورپ کے سبھی ملکوں کے لئے کھلے ہوئے ہیں۔ مگر روس نے ان تینوں باتوں پر اعتراض کیا ہے۔ پہلی اور تیسری بات کے بارے میں اس کا کہنا ہے کہ یو۔ این۔ او۔ چارٹر کی بنیاد پانچ بڑے راشٹروں یعنی امریکہ، برطانیہ، فرانس، روس اور چین کی ایکتا پر تھی، جب کہ اٹلانٹک سمجھوتے سے روس کو الگ رکھا گیا ہے۔ اس سمجھوتے کے دروازے

[illegible] में तो उसके लिये खुले हैं मगर कोई नया राष्ट्र इसमें उस वक्त तक दाखिल नहीं हो सकता जब तक पहले से शामिल हो चुके सभी राष्ट्र एक राय होकर उसे बुलावा न दें. इसके अलावा यू० एन० ओ० के चार्टर में बचाव के लिये जिस तरह के रीजिनल या इलाकेवारी बन्दोबस्त की इजाजत दी गई थी, एटलांटिक समझौता वैसा नहीं है. इसकी हदबन्दी किसी इलाके से नहीं बल्कि एक समुन्दर (एटलांटिक सागर) से की गई है और इसमें कुछ ऐसे मुल्क भी शामिल कर लिये गये हैं जो इस सागर से बहुत दूर हैं. जहाँ तक हमले का ताल्लुक है, यू० एन० ओ० चार्टर ने उसके अकेले या मिलजुल कर मुकाबले की इजाजत जरूर दी है लेकिन सिर्फ उसी वक्त तक कि सुरक्षा समिति कोई मुनासिब कार्रवाई न कर सके. लेकिन एटलांटिक समझौते में इसके बारे में जो कुछ कहा गया है उसका मतलब यह है कि हमले का मुकाबला फौरन ही शुरू कर दिया जाय और सुरक्षा समिति को इसकी इत्तला दे दी जाय. फिर जब वह अमन कायम करने के लिये जरूरी कार्रवाई करे तो जो कार्रवाई पहले शुरू हुई थी वह खतम कर दी जाय.

इस तरह एटलांटिक समझौते के कागजी और कानूनी रूप में भी कुछ [illegible] दिखाई देते हैं. इसके असली पहलू को देखा जाय तो [illegible] और संदेह भी पैदा होते हैं. इसमें हमले की हदें [illegible] दूर तक फैली हुई हैं इसके जरिये समझौते में शरीक होने वाले राष्ट्रों के अपने इलाकों और उनकी फौजों ही की नहीं बल्कि उनके मातहत इलाकों की भी हिफाजत की गई है. अगर फ्रान्स की नौआबादी (उपनिवेश), अल्जीरिया पर कोई

دیکھے ہیں [illegible] سب کے لئے کھلے ہیں مگر کوئی نیا راشٹر اس میں اس وقت تک داخل نہیں ہو سکتا جب تک پہلے سے شامل ہو جانے والے سب راشٹر ایک رائے ہو کر اُسے بلا نہ دیں۔ اس کے علاوہ یو۔ این۔ او۔ کے چارٹر میں بچاؤ کے لئے جس طرح کے ریجنل یا علاقہ واری بندوبست کی اجازت دی گئی تھی، اٹلانٹک سمجھوتا ویسا نہیں ہے۔ اس کی حد بندی کسی علاقے سے نہیں بلکہ ایک سمندر (اٹلانٹک ساگر) سے کی گئی ہے اور اس میں ایسے ملک بھی شامل کر لئے گئے ہیں جو اس ساگر سے بہت دور ہیں۔ جہاں تک حملے کا تعلق ہے یو۔ این۔ او۔ چارٹر نے اس کے اکیلے یا مل جل کر مقابلے کی اجازت ضرور دی ہے لیکن اسی وقت تک کہ سرکشا سمیتی کوئی مناسب کارروائی نہ کر سکے۔ لیکن اٹلانٹک سمجھوتے میں اس کے بارے میں جو کچھ کہا گیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ حملے کا مقابلہ فوراً ہی شروع کر دیا جائے اور سرکشا سمیتی کو اس کی اطلاع دے دی جائے۔ پھر جب وہ امن قائم کرنے کے لئے ضروری کارروائی کرے تو جو کارروائی پہلے شروع ہوئی تھی وہ ختم کر دی جائے۔

اس طرح اٹلانٹک سمجھوتے کے کاغذی اور قانونی روپ میں بھی کچھ [illegible] دکھائی دیتے ہیں۔ اس کے اصلی پہلو کو دیکھا جائے تو کچھ [illegible] اور سندیہ [illegible] ہیں۔ اس میں حملے کی حدیں بہت دور تک پھیلی ہوئی ہیں۔ اس کے ذریعے سمجھوتے میں شریک ہونے والے راشٹروں کے اپنے علاقوں اور ان کی فوجوں ہی کی نہیں [illegible] حفاظت کی گئی [illegible] کی نوآبادی ([illegible]) الجیریا پر کوئی

[illegible] हो तो एटलांटिक समझौता उस पर लागू हो जायगा. [illegible] के विदेश मंत्री ने इस समझौते पर बयान देते हुए कहा [illegible] है कि अगर किसी मुल्क में कोई ऐसा आन्दोलन हो जिसे [illegible] से मदद मिल रही हो तो उस पर भी यह समझौता लागू [illegible]. इसी तरह अगर जर्मनी में रूस और पच्छिमी राष्ट्रों की [illegible] में कोई झगड़ा हो जाय तो वह एक बड़ी लड़ाई का सबब [illegible] सकती है. ऐसी छोटी-छोटी बातें, हो सकता है शुरू शुरू में [illegible] दी जायँ और समझौते में उनको शामिल करने की वजह [illegible] रूस को धमकी देना है फिर भी इससे यह पता जरूर चलता है कि अमरीका और पच्छिमी ताक़तें रूस और कम्युनिज्म का मुक़ाबला करने के लिये जत्थाबन्दी कर रही हैं और पूँजीवाद और साम्राज्यशाही को ज्यूँ का त्यूँ क़ायम रखना चाहती हैं. यह दोनों बातें समझौते में खोल कर नहीं कही गई हैं लेकिन इन मुल्कों के जिम्मेदार लोगों ने समझौते के बारे में जो कुछ कहा है उसमें यह चीज़ साफ़ तौर पर झलकती है कि इस समझौते का रुख़ रूस के खिलाफ़ है. इस मुखालफ़त को वह बचाव के रूप में पेश करते हैं लेकिन रूस इसे हमले की तय्यारी समझता है. जहाँ तक दूसरी बात का सम्बन्ध है, उसका एक सबूत तो समझौते में फ्रान्स की अफ़रीक़ी नव आबादियों का ज़िक्र है और दूसरा सबूत इन्डोनेशिया और इन्डोचीन में हालैंड और फ्रान्स की साम्राजी हरकतें और उनके बारे में एटलांटिक वाली ताक़तों का रवैया है.

—और हिन्दुस्तान

इस तरह एटलांटिक समझौते का असर एटलांटिक सागर

[illegible] ہو جائے گا۔ امریکہ کی کوشش [illegible] کوئی [illegible] ہو [illegible] روس اور [illegible] ہو جائے تو وہ ایک بڑی لڑائی کا سبب بن سکتی ہے۔ ایسی چھوٹی چھوٹی باتیں، ہو سکتا ہے شروع شروع میں ٹال دی جائیں اور سمجھوتے میں ان کو شامل کرنے کی وجہ سے چاہے روس کو دھمکی دینا ہے پھر بھی ان سے یہ پتہ ضرور چلتا ہے کہ امریکہ اور پچھمی طاقتیں روس اور کمیونزم کا مقابلہ کرنے کے لئے جتھا بندی کر رہی ہیں اور پونجی واد اور سامراج شاہی کو جوں کا توں قائم رکھنا چاہتی ہیں۔ یہ دونوں باتیں سمجھوتے میں کھول کر نہیں کہی گئی ہیں لیکن ان ملکوں کے ذمہ دار لوگوں نے سمجھوتے کے بارے میں جو کچھ کہا ہے اس میں یہ چیز صاف طور پر جھلکتی ہے کہ اس سمجھوتے کا رخ روس کے خلاف ہے۔ اس مخالفت کو وہ بچاؤ کے روپ میں پیش کرتے ہیں لیکن روس اسے حملے کی تیاری سمجھتا ہے۔ جہاں تک دوسری بات کا سمبندھ ہے، اس کا ایک ثبوت تو سمجھوتے میں فرانس کی افریقی نوآبادیوں کا ذکر ہے اور دوسرا ثبوت انڈونیشیا اور انڈوچین میں ہالینڈ اور فرانس کی سامراجی حرکتیں اور ان کے بارے میں اٹلانٹک والی طاقتوں کا رویہ ہے۔

— اور ہندستان

اس طرح اٹلانٹک سمجھوتے کا اثر اٹلانٹک ساگر

के बाहर रह जाता है. और हिन्दुस्तान भी उसके असर से बचा नहीं रह सकता. कुछ तो इसलिये कि पच्छिमी ताक़तें रूस के गिर्द अपना घेरा पूरा करने के लिये प्रशान्त सागर के बारे में भी इसी तरह का एक बन्दोबस्त क़ायम करने की बात सोच रही हैं और कुछ इसलिये कि इस समझौते से दुनिया की राजनीति पर असर पड़ेगा और हिन्दुस्तान दुनिया के मामलों से अलग थलग नहीं रह सकता. इसी कारन हिन्द पार्लियामेन्ट में इस समझौते का चरचा हुआ. प्रधान मंत्री पंडित जवाहरलाल नेहरू ने इसके बारे में सवालों का जवाब देते हुए बताया कि हिन्दुस्तान एटलांटिक सागर से बहुत दूर है इसलिये इस समझौते में उसके शरीक होने का कोई सवाल नहीं पैदा होता और कामनवेल्थ का मेम्बर होने के नाते भी इस पर इस समझौते का कोई असर नहीं पड़ेगा. यह बात हिन्दुस्तान की विदेशी पालिसी के मुताबिक़ है. वह किसी बड़ी ताक़त का दुमछल्ला नहीं बनना चाहता और किसी जत्था-बन्दी में शरीक नहीं होना चाहता. अपनी राय में इसी तरह वह अमन की सेवा और जंग की रोक थाम कर सकता है. लेकिन यह रास्ता जितना अच्छा है उतना ही कठिन भी है. जो राष्ट्र एक दूसरे को शक की नज़र से देखते हैं वह तीसरे को भी इसी दृष्टि से देखते, इसलिये बर्तानिया और अमरीका और दूसरे पच्छिमी [illegible] ने बहुत से लोग हिन्दुस्तान के इस रवैये को पसंद नहीं [illegible] उसके इस [illegible] के बारे में [illegible] कर रक्खा है. [illegible] तरह रूस भी नई दिल्ली की [illegible] कामनवेल्थ और [illegible]

کے باہر نکل جاتا ہے. اور ہندستان بھی اس کے اثر سے بچا نہیں رہ سکتا. کچھ تو اس لئے کہ پچھمی طاقتیں روس کے گرد اپنا گھیرا پورا کرنے کے لئے پرشانت ساگر کے بارے میں بھی اسی طرح کا ایک بندوبست قائم کرنے کی بات سوچ رہی ہیں اور کچھ اس لئے کہ اس سمجھوتے سے دنیا کی راج نیت پر اثر پڑے گا اور ہندستان دنیا کے معاملوں سے الگ تھلگ نہیں رہ سکتا. اسی کارن ہند پارلیمنٹ میں اس سمجھوتے کا چرچا ہوا. پردھان منتری پنڈت جواہر لال نہرو نے اس کے بارے میں سوالوں کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ ہندستان اٹلانٹک ساگر سے بہت دور ہے اس لئے اس سمجھوتے میں اس کے شریک ہونے کا کوئی سوال نہیں پیدا ہوتا اور کامن ویلتھ کا ممبر ہونے کے ناطے بھی اس پر اس سمجھوتے کا کوئی اثر نہیں پڑے گا. یہ بات ہندستان کی ودیشی پالیسی کے مطابق ہے. وہ کسی بڑی طاقت کا دم چھلا نہیں بننا چاہتا اور کسی جتھا بندی میں شریک نہیں ہونا چاہتا. اپنی رائے میں اسی طرح وہ امن کی سیوا اور جنگ کی روک تھام کر سکتا ہے. لیکن یہ راستہ جتنا اچھا ہے اتنا ہی کٹھن بھی ہے. جو راشٹر ایک دوسرے کو شک کی نظر سے دیکھتے ہیں وہ تیسرے کو بھی اسی درشٹی [illegible] اور دوسرے پچھمی [illegible] ہندستان کے اس رویے کو پسند [illegible] اختیار کر رکھا ہے. [illegible] کانفرنس اور [illegible] کے معنی پہنا رہا ہے. وہ اٹلانٹک

[illegible] मुआहिदे के बारे में पंडित नेहरू के उस बयान को भी कि वह यू० [illegible] ओ० के ढाँचे के अन्दर एक इलाक़ाई बन्दोबस्त है, पसन्द नहीं किया. अच्छा होता अगर पंडित नेहरू यह बयान न देते [illegible] की दुनिया में, जो दो गिरोहों में बँट गई है, हर मामले पर हर एक को न्यूट्रल रहना मुश्किल है. इसके अलावा इस तरह के मामलों में उस वक़्त तक कोई ज़्यादा हर्ज नहीं है जब तक हिन्दुस्तान अपने आपको ऐसी जत्थाबन्दियों से अलग रखता है और उस पालिसी पर क़ायम रहता है जो पंडित नेहरू ने पिछले डेढ़ महीने में कई बार दोहराई है.

अपने भाषणों में उन्होंने एक बात यह कही है कि हिन्दुस्तान अपनी आज़ादी को क़ायम रक्खेगा और उसका कोई हिस्सा किसी दूसरे के हवाले नहीं करेगा. मतलब यह है कि वह किसी जत्था-बन्दी में शरीक नहीं होगा, और क्योंकि वह दुनिया में एकता चाहता है इसलिये दूसरे देशों से नाते रिश्ते क़ायम रक्खेगा, जो नफ़रत और दुश्मनी के नहीं बल्कि प्रेम और भाई चारे के होंगे. दूसरी बात पंडित नेहरू ने यह कही है कि दुनिया के मामलों में हमारा सबसे बड़ा मक़सद यह है कि अमन क़ायम रहे, तमाम नस्लों और रंगों के लोग हर जगह बराबर समझे जावें और जो लोग साम्राज के पंजे में फँसे हैं वह आज़ाद हो जावें. नस्ली नाबराबरी की मिसाल में उन्होंने दक्खिनी अफ़रीक़ा की सरकार की उन सख़्तियों का ज़िक्र किया है जो वह अपने यहाँ के हिन्दुस्तानियों पर कर रही है और साम्राजी हथकंडों की मिसाल के लिये उन्होंने इण्डोनेशिया पर हालैंड के हमले का हाल बयान किया. जवाहरलाल

[illegible] کے بارے میں پنڈت نہرو کے اس بیان کو بھی کہ یہ یو۔ این۔ او۔ کے ڈھانچے کے اندر ایک علاقائی بندوبست ہے، پسند نہیں کیا۔ اچھا ہوتا اگر پنڈت نہرو یہ بیان نہ دیتے [illegible] کی دنیا میں، جو دو گروہوں میں بٹ گئی ہے، ہر معاملے پر ہر ایک کو نیوٹرل رہنا مشکل ہے۔ اس کے علاوہ اس طرح کے معاملوں میں اس وقت تک کوئی زیادہ حرج نہیں ہے جب تک ہندستان اپنے آپ کو ایسی جتھا بندیوں سے الگ رکھتا ہے اور اس پالیسی پر قائم رہتا ہے جو پنڈت نہرو نے پچھلے ڈیڑھ مہینے میں کئی بار دہرائی ہے۔

اپنے بھاشنوں میں انھوں نے ایک بات یہ بھی کہی ہے کہ ہندستان اپنی آزادی کو قائم رکھے گا اور اس کا کوئی حصہ کسی دوسرے کے حوالے نہیں کرے گا۔ مطلب یہ ہے کہ وہ کسی جتھا بندی میں شریک نہیں ہوگا، اور کیونکہ وہ دنیا میں ایکتا چاہتا ہے اس لئے دوسرے دیشوں سے ناتے رشتے قائم رکھے گا، جو نفرت اور دشمنی کے نہیں بلکہ پریم اور بھائی چارے کے ہوں گے۔ دوسری بات پنڈت نہرو نے یہ کہی ہے کہ دنیا کے معاملوں میں ہمارا سب سے بڑا مقصد یہ ہے کہ امن قائم رہے، تمام نسلوں اور رنگوں کے لوگ ہر جگہ برابر سمجھے جائیں اور جو لوگ سامراج کے چنگل میں پھنسے ہوں وہ آزاد ہو جائیں۔ نسلی نابرابری کی مثال میں انھوں نے دکھنی افریقہ کی سرکار کی اُن سختیوں کا ذکر کیا ہے جو وہ اپنے وہاں کے ہندستانیوں پر کر رہی ہے اور سامراجی ہتھکنڈوں کی مثال کے لئے انھوں نے انڈونیشیا پر ہالینڈ کے حملے کا حال بیان کیا۔ جواہرلال

...जी ने अपनी एक तक़रीर में कहा है कि इण्डोनेशिया के मसले से ज़ाहिर होता है कि एक तरफ़ एशिया और दूसरी तरफ़ यूरप व अमरीका के सोचने के ढंग अलग अलग हैं. यही बात इण्डोचीन, बर्मा, चीन और दक्खिनी अफ़रीका के मसलों के बारे में भी कही जा सकती है और इसी बात से हमें आज की तराज़ू में कामनवेल्थ और हिन्दुस्तान के सवाल को तौलना होगा.

कामनवेल्थ से सम्बन्ध

इस सवाल पर भी पंडित नेहरू ने पार्लियामेन्ट और उसके बाहर बहुत कुछ कहा है. जिसका ख़ुलासा यह है कि हिन्दुस्तान कुछ दिनों में एक आज़ाद रिपब्लिक बन जायगा. वह अपनी किसी बात पर बाहर की कोई पाबन्दी मंज़ूर नहीं करेगा और कामनवेल्थ के साथ अपने सम्बन्ध के सवाल पर वह केवल आज़ाद क़ौमों के सम्बन्धों की तरह से सोच विचार कर सकता है. इस सवाल पर उन्होंने कोई दो टूक बात अभी तक नहीं कही है. लखनऊ में कांग्रेसी कार्यकर्ताओं के एक जलसे में उन्होंने यह भी कहा कि हिन्दुस्तान अपनी आज़ादी पर किसी तरह की पाबन्दी लगाये बिना कामनवेल्थ के साथ किसी तरह का नाता क़ायम कर सकता है. लेकिन यह बात अभी पूरी तरह साफ़ नहीं है और इसके साथ बहुत बड़ी उलझनें लगी हुई हैं. इसे साफ़ करने के लिये लंदन में कामनवेल्थ के प्रधान मंत्रियों की एक कानफ़्रेन्स बुलाई गई है जिसमें जवाहरलाल जी भी शरीक होंगे. कहा जाता है कि बर्तानी सरकार और उसके सलाहकार एक ऐसा फ़ारमूला तय्यार कर रहे हैं जिससे ताज का-

جی نے اپنی ایک تقریر میں کہا ہے کہ انڈونیشیا کے مسئلے سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایک طرف ایشیا اور دوسری طرف یورپ و امریکہ کے سوچنے کے ڈھنگ الگ الگ ہیں۔ یہی بات انڈوچین، برما، چین اور دکھنی افریقہ کے مسئلوں کے بارے میں بھی کہی جا سکتی ہے اور اسی بات سے ہمیں آج کی ترازو میں کامن ویلتھ اور ہندستان کے سوال کو تولنا ہوگا۔

کامن ویلتھ سے سمبندھ

اس سوال پر بھی پنڈت نہرو نے پارلیمنٹ اور اس کے باہر بہت کچھ کہا ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ہندستان کچھ دنوں میں ایک آزاد ریپبلک بن جائے گا۔ وہ اپنی کسی بات پر باہر کی کوئی پابندی منظور نہیں کرے گا اور کامن ویلتھ کے ساتھ اپنے سمبندھ کے سوال پر وہ کیول آزاد قوموں کے سمبندھوں کی طرح سے سوچ وچار کر سکتا ہے۔ اس سوال پر انہوں نے کوئی دو ٹوک بات ابھی تک نہیں کہی ہے۔ لکھنؤ میں کانگریسی کارکرتاؤں کے ایک جلسے میں انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہندستان اپنی آزادی پر کسی طرح کی پابندی لگائے بنا کامن ویلتھ کے ساتھ کسی طرح کا ناتا قائم کر سکتا ہے۔ لیکن یہ بات ابھی پوری طرح صاف نہیں ہے اور اس کے ساتھ بہت بڑی الجھنیں لگی ہوئی ہیں۔ اسے صاف کرنے کے لئے لندن میں کامن ویلتھ کے پردھان منتریوں کی ایک کانفرنس بلائی گئی ہے جس میں جواہر لال جی بھی شریک ہوں گے۔ کہا جاتا ہے کہ برطانی سرکار اور اس کے صلاح کار ایک ایسا فارمولا تیار کر رہے ہیں جس سے تاج کا

[illegible], जो आयरलैंड की तरह हिन्दुस्तान को भी खटक रहा है, ख़तम कर दिया जाय और जिसकी बुनियाद पर हिन्दुस्तान को कामनवेल्थ में शरीक रहने पर राज़ी कर लिया जाय. नये फ़ारमूले की छान बीन इस बात का सबूत है कि कामनवेल्थ की मौजूदा हैसियत पूरी तरह से आज़ाद और बराबर वाली क़ौमों की बिरादरी की नहीं है. इस कमी को कैसे दूर किया जायगा यह अभी नहीं कहा जा सकता. और न अभी यह बात समझ में आती है कि कामनवेल्थ की गोरी और काली क़ौमों के बीच एकतरफ़ा छूत छात, जिसकी मिसाल दक्खिनी अफ़रीक़ा और आस्ट्रेलिया में मिलती है, कैसे दूर हो जायगा. अगर यह दोनों सवाल हल हो जायँ तब भी हिन्दुस्तान को कामनवेल्थ से वैसा दिली लगाव नहीं हो सकता जैसा कि उन डोमीनियनों को है जहाँ बर्तानी और यूरपी नस्ल के लोग बसते हैं. इसके अलावा हिन्दुस्तान की विदेशी नीति वह नहीं हो सकती जो दक्खिनी अफ़रीक़ा, कनाडा, न्यूज़ीलैंड और आस्ट्रेलिया की है. इन राष्ट्रों की पालिसी बर्तानिया और अमरीका के पीछे पीछे चलती है जब कि हिन्दुस्तान पूरी तरह से आज़ाद रहना चाहता है. यही पालिसी बचाव की पालिसी की बुनियाद होती है और इसीलिये कामनवेल्थ के दूसरे सब मेम्बर रूस और कम्युनिज़्म को ख़तरे की चीज़ समझते हैं. लेकिन हिन्दुस्तान की निगाह में असिल ख़तरा ग़रीबी, भूक, बीमारी और साम्राज का है. जहाँ तक आर्थिक लेन देन का सम्बन्ध है वह कामनवेल्थ में शरीक हुए बिना भी बाक़ी रह सकता है. इसलिये कि इस ब्योहार का फ़ायदा दोतरफ़ा होता है. सवाल यह है कि फिर कामनवेल्थ

[illegible] جو آئرلینڈ کی طرح ہندستان کو بھی کھٹک رہا ہے، ختم کر دیا جائے اور جس کی بنیاد پر ہندستان کو کامن ویلتھ میں شریک رہنے پر راضی کر لیا جائے۔ نئے فارمولے کی چھان بین اس بات کا ثبوت ہے کہ کامن ویلتھ کی موجودہ حیثیت پوری طرح سے آزاد اور برابر والی قوموں کی برادری کی نہیں ہے۔ اس کمی کو کیسے دور کیا جائے گا یہ ابھی نہیں کہا جا سکتا۔ اور نہ ابھی یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ کامن ویلتھ کی گوری اور کالی قوموں کے بیچ ایکطرفہ چھوت چھات، جس کی مثال دکھنی افریقہ اور آسٹریلیا میں ملتی ہے، کیسے دور ہو جائے گا۔ اگر یہ دونوں سوال حل ہو جائیں تب بھی ہندستان کو کامن ویلتھ سے ویسا دلی لگاؤ نہیں ہو سکتا جیسا کہ ان ڈومینیوں کو ہے جہاں برطانی اور یوروپی نسل کے لوگ بستے ہیں۔ اس کے علاوہ ہندستان کی ودیشی نیتی وہ نہیں ہو سکتی جو دکھنی افریقہ، کناڈا، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا کی ہے۔ ان راشٹروں کی پالیسی برطانیہ اور امریکہ کے پیچھے پیچھے چلتی ہے جب کہ ہندستان پوری طرح سے آزاد رہنا چاہتا ہے۔ یہی پالیسی بچاؤ کی پالیسی کی بنیاد ہوتی ہے اور اسی لئے کامن ویلتھ کے دوسرے سب ممبر روس اور کمیونزم کو خطرے کی چیز سمجھتے ہیں۔ لیکن ہندستان کی نگاہ میں اصل خطرہ غریبی، بھوک، بیماری اور سامراج کا ہے۔ جہاں تک آرتھک لین دین کا سمبندھ ہے وہ کامن ویلتھ میں شریک ہوئے بنا بھی باقی رہ سکتا ہے۔ اس لئے کہ اس بیوہار کا فائدہ دوطرفہ ہوتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ پھر کامن ویلتھ

में शरीक रहने से हिन्दुस्तान को कौन सा फ़ायदा होगा? इसका जवाब लन्दन कानफ़रेन्स में बर्तानिया और सफ़ेद डोमीनियनों को देना होगा.

पूरब में अमन के आसार

نٹ آلہا اودل کی لڑائی کے گیت گاتے ہیں. اس گیت کو آلہا کہتے ہیں اور اس کی کہانی بڑا جوش پیدا کرنے والی ہے. یاد ہے کہ مہابھارت اور فردوسی کا شاہنامہ پڑھ کر رگوں میں اس طرح خون جوش نہیں مارتا جتنا آلہا سن کر ایک دیہاتی بہادری کے بھاؤ سے بیتاب ہو جاتا ہے. آلہا کا لکھنے والا لکھتا ہے کہ، "گھمسان کی لڑائی ہو رہی ہے، چمک کر تلوار چل رہی ہے، کہیں سر کٹ پڑے ہیں لیکن بے سر کے گھوڑے اور بے سر کے گھوڑسوار، بے سر کے ہاتھی گھوم رہے ہیں اور ناچ رہے ہیں" کتنی

ता है. गाँव की तमाम कुँवारी लड़कियाँ ग़रीब और अमीर, ज़मींदार, किसान, मज़दूर हर जाति और हर तबक़े की लड़कियाँ घर से निकल कर छोटी-छोटी टोलियाँ बना लेती हैं और गाती हुई ईख के खेतों में पहुँच जाती हैं. उनके साथ सिर्फ़ दस बारह बरस तक के लड़के आ सकते हैं. मर्दों को हक़ नहीं है. खेतों में आकर सब लड़कियाँ बीच खेत में दौड़ कर ऊँचा से ऊँचा कूदती हैं और ऊँची कुदाई में वह जितना ऊँचा कूदें, विश्वास किया जाता है कि फ़सल भी उतनी ही ऊँची उगेगी. जी नहीं चाहता कि इस रंगीन और भोले ख़याल के सच या झूठ होने की बहस में पड़ें. यह हमारी समाजी ज़िन्दगी की शायरी है. देहात की ज़िन्दगी दफ़्तरों, कार-ख़ानों, शहरों की आम ज़िन्दगी नहीं होती जिसमें और छुट्टी में हफ़्ते के छै दिन और इतवार में मेल या लगाव न हो. देहात में लोग कारबार ही में छुट्टी मनाने के भाव भी पैदा कर लेते हैं. आप शायरी में अमल की शिक्षा चाहते हैं. देखिये, इन रीत रिवाजों ने शायरी को अमल बना लिया है और अमल को शायरी बना दिया है या नहीं ? खेत कट रहे हैं लेकिन गाना भी गाया जा रहा है. मकान की छत या कुएँ की जगत पीटी जा रही है लेकिन गा गा कर पीटी जा रही है. धोबी कपड़े धो रहा है लेकिन गा गा कर धो रहा है. पासी ताड़ पर ताड़ी उतारने को अपनी जान पर खेलकर चढ़ रहा है लेकिन आस पास के मकानों की बहू बेटियों को पर्दा करने के लिये आवाज़ देता जाता है. उसकी ललकार में एक उमंग है, एक वल-वला है. यह आवाज़ हमें कुछ भयानक भी और कुछ दिल खींचने वाली भी मालूम होती है. मैंने सुना है कि चोर भी चोरी की देवी

بھی تعریف ہے. کیا ہمارے شاعروں کو عمل کا تاج یا عمل کی تڑپ اس طرح کو رکھتے ہیں؟ نٹ کیول بہادری کے گانے نہیں سناتے بلکہ کشتی، کسرت اور کرتب کا پھیری کی گھٹنا بھی دیا تعمل کو دیتے ہیں. ان کے علاوہ شہد بھی نکالتے اور بیچتے ہیں. غرض ہماری سماجی اور کاروباری زندگی میں ہر کام کے لئے گیت ہیں، ریت رواج ہیں اور الگ الگ پوجا ہے. ہر کام، ہر پیشے کا یا خاص دیوتا ہے یا خاص دیوی ہے. ابھی تو نہ جانے کتنے کاربار ہیں جن کا نام تک نہیں آیا. بانس کی اور بینت کی کرسیاں، چک، الماریاں، میزیں، ٹوکریاں بنانے کا کام کرنے والے جن پھوڑ کہلاتے ہیں. سپیرے سانپ پکڑتے اور دکھاتے ہیں. بندر اور بھالو نچانے والوں کو کس نے نہیں دیکھا ہے. ٹھٹھیرے معمولی سے معمولی برتن سے لے کر قیمتی سے قیمتی برتن بناتے ہیں. بنارس میں پیتل کا وہ کام اور وہ نقاشی ہوتی ہے جس کا جواب آج بھی دنیا بھر میں نہیں ہے. مرادآباد کے برتنوں کا کام کرنے والے، سرتی تمباکو بنانے اور بیچنے والے حلوائی ویسے تو سارے دیش میں پھیلے ہوئے ہیں لیکن خاص طور پر بھی کہیں کہیں کی چیزیں مشہور ہیں، جیسے سندیلے کے لڈو، متھرا کے پیڑے، قنوج کا عطر، غازی پور کا گلاب، جونپور کا تیل، بنارس، مئو، ٹانڈا اور مگہر کا کپڑا. اسی مگہر میں کبیر صاحب کی سمادھی ہے. لکھنؤ کی چکن، فرخ آباد کی چھپائی، مظفر نگر کے کمبل، مرزاپور کے قالین اور آگرہ کا قالین اور دریاں یہ سب مشہور ہیں. چنار کے مٹی کے برتن، لکھنؤ کے مٹی اور بنارس کے لکڑی کے

की बड़े ठाट बाट से पूजा करते हैं और चोरी करने या सेंध मारने के पहले देवी देवताओं को मना लेते हैं. ताज्जुब नहीं अगर चोरी के सम्बन्ध में भी उनके खास-खास गाने हों. पिसनहारियों के गाने तो आप के गाँव में भी गाये जाते होंगे. जब अनाज ओखली में कूटा जाता है उस समय भी मूसल की खोखदार पर भर पूर चोट के साथ-साथ पूरे बदन और हाथों के उतार चढ़ाव के साथ-साथ गाने गाये जाते हैं और यह झूटे प्रेम गीत, आशिक़ाना या ग़ैर आशिक़ाना शायरी नहीं है बल्कि समाजी जीवन और कारबारी जीवन की तसवीरें इन गीतों में होती हैं. हमारे सूबे में नटों की एक जाति होती है. उनकी स्त्रियाँ घर घर जाकर औरतों के हाथों पर गोदने गोदती हैं. बरसात के शुरू में यह निकलती हैं, जिसके गोदना गोदा जाता है वह रोती जाती है लेकिन नटनियाँ गोदने गोदती जाती हैं और गाती जाती हैं. यह गीत आपने भी सुना होगा—

"आए सावन के महिनवा, गोरी गुदा ले गोदनवा"

नट आल्हा ऊदल की लड़ाई के गीत भी गाते हैं. इस गीत को आल्हा कहते हैं और इसकी कहानी बड़ा जोश पैदा करने वाली है. याद रहे कि महाभारत और फ़िरदौसी का शाहनामा पढ़कर रगों में इस तरह खून जोश नहीं मारता जितना आल्हा सुनकर एक देहाती बहादुरी के भाव से बेताब हो जाता है. आल्हा का लिखने वाला लिखता है कि, "घमासान की लड़ाई हो रही है, खुल कर तलवार चली है, कई सिर कट चुके हैं लेकिन बेसिर के आदमी और

کھلونے اور ایسی ہی کئی چیزیں۔ فیض آباد کے صندوق، متھرا پوری کے کھڑاؤں، نگینا میں آبنوس کا کام اور بریلی میں شیشم کی چیزیں، ڈوم بھی میلا صاف کرنے کے علاوہ سوپ اور جھاڑو بناتے ہیں اور بیچتے ہیں اور چندر گرہن اور سورج گرہن میں دان بھی پاتے ہیں۔ کیونکہ بنا اُن کے خوش کئے، چاند اور سورج راہو اور کیتو کے چنگل سے چھوٹ نہیں سکتے۔ مسلمان مہتر بھی صفائی کرنے کے علاوہ شادیوں میں اور خوشی کے دوسرے موقعوں پر شہنائی بجاتے ہیں۔ ہر جاتی نے ایک ایک کام اپنے لئے مقرر کر لئے ہیں اور پیڑھیوں سے وہی کام کر رہی ہیں۔ کیا آج جسے ٹریڈ یونین کہتے ہیں اور جسے پہلے یورپ میں ٹریڈ گلڈ کہتے تھے، جاتی کہیں وہی چیز تو نہیں ہے۔ نئی چیزیں بھی کتنی پرانی ہیں۔” یہ دنیا گول ہے، یہ صرف جغرافیہ میں نہیں لکھا ہے بلکہ اتہاس یا سماج کا جیون بھی یہی بتاتا ہے۔

سو برس کے اندر ہندوستان جتنا بدلا ہے اس کا نظارہ شہروں کے کارخانوں میں، ریل میں، موٹر میں، سرکاری دفتروں اور عدالتوں میں، انگریزی اسکولوں، کالجوں، چھاپہ خانوں میں تو نظر آتا ہے۔ حالانکہ عمارتوں، مشینوں، ٹائپ رائٹروں، بجلی کے پنکھوں، روشنیوں، خس کی ٹٹیوں اور دو چار ذرا اچھی یا بہت اچھی تنخواہ پانے والے افسروں کو چھوڑ کر خدا کے بندے یہاں بھی پچھلے زمانوں دکھائی دیں گے۔ مغل زمانے کے ایک منشی جی تھے۔ جلدی میں اپنے بارے میں وہ ایک بار یہاں کہہ گئے کہ، ”منشی خانے کا منشی ہوں“، یہی حال ہمارے دفتروں میں ہر منشی خانے کا ہے اور چھوٹی تنخواہ پر گزارا کرنے والے ”

मुन्शी ख़ाने के मवेशी हैं. लेकिन देहातों और क़स्बों पर तो इस ज़ाहिरी चमक दमक की परछाईं भी नहीं पड़ी, देहात वाले तो यह कह सकते हैं कि—

हुस्न चमक गया तो क्या हुए वफ़ा तो उड़ गई
इस नई रोशनी ने आह दिल का कमल बुझा दिया

—'यगाना'

हिन्दुस्तान के नव्वे फ़ी सदी आदमियों पर अगर कोई परछाईं पड़ी है तो उन्हीं बरबादियों की परछाईं पड़ी है जिनका कुछ हाल हम बयान कर चुके हैं.

इससे ज़्यादा, आज इतवार है, दफ़्तरों का हाल मैं बयान न करूँगा. आज तो "कचहरी बन्द दफ़्तर में मियाँ इतवार बैठे हैं" आज तो दफ़्तर वालों को अपना कारबार भूल लेने दीजिये, माना कि वह कारबार उनका माशूक़ है लेकिन माशूक़ या प्रेमिका की याद भूल जाना वह नेमत है जो मजनू को भी आख़ीर उम्र में मिली, जब उसने लैला को देखकर 'अना लैला' यानी 'मैं लैला' कहा और न मैं उस कारबार का ज़िक्र करूँगा जिसे इस सारे सभ्य और तहज़ीब-याफ़्ता संसार में पीढ़ियों से हमारी बहुत सी अभागिन बहनें करती आई हैं यानी वह कारबार जिसे दुनिया का सबसे पुराना पेशा कहा जाता है.

منشی خانے کے مویشی ہیں۔ لیکن دیہاتوں اور قصبوں پر تو ظاہری چمک دمک کی پرچھائیں بھی نہیں پڑی، دیہات والے تو یہ کہہ سکتے ہیں کہ—

حسن چمک گیا تو کیا ہوئے وفا تو اڑ گئی
اس نئی روشنی میں آہ دل کا کمل بجھا دیا

—یگانہ

ہندستان کے نوّے فیصدی آدمیوں پر اگر کوئی پرچھائیں پڑی ہے تو انھیں بربادیوں کی پرچھائیں پڑی ہے جن کا کچھ حال ہم بیان کر چکے ہیں۔

اس سے زیادہ، آج اتوار ہے، دفتروں کا حال میں بیان نہ کروں گا آج تو "کچہری بند دفتر میں میاں اتوار بیٹھے ہیں" آج تو دفتر والوں کو اپنا کار بار بھول لینے دیا جائے، مانا کہ وہ کار بار ان کا معشوق ہے لیکن معشوق یا پریمی کا کی یاد بھول جانا وہ نعمت ہے جو مجنوں کو بھی آخیر وقت میں ملی، جب اس نے لیلیٰ کو دیکھ کر 'انا لیلیٰ' یعنی 'میں لیلیٰ' کہا اور نہ میں اس کار بار کا ذکر کروں گا جسے اس سارے سبھیہ اور تہذیب یافتہ سنسار میں پیڑھیوں سے ہماری بہت سی ابھاگن بہنیں کرتی آئی ہیں یعنی وہ کار بار جسے دنیا کا سب سے پرانا پیشہ کہا جاتا ہے۔

हिन्दुस्तानी

हिन्दुस्तानी एक बोली है. एक बोली है, इसे हम आगे चलकर
साबित करेंगे. यह हिन्दुस्तानी बोली आदमी की
[हि]न्दुस्तानी आद- बनाई हुई है. हम नहीं मानते कि इस बोली को
मियों की बनाई ईश्वर या ख़ुदा ने बनाया. यह कहना भी बेकार
नहीं है कि दुनिया की सब बोलियों में से कोई
भी ख़ुदा या ईश्वर की बनाई हुई नहीं है. यह बात धर्म की
किताबों से साबित की जा सकती है कि ईश्वर या ख़ुदा
कोई बोली नहीं बनाता, पर हम इसे साबित करना नामुना-
सिब ही नहीं, बहुत बुरा समझते हैं. दो और दो चार होने
के लिये जिस तरह हम किसी धर्म पुस्तक का सहारा नहीं लेते, उसी
तरह हमें बड़ी से बड़ी बात समझने के लिये किसी धर्म पुस्तक का
सहारा नहीं लेना चाहिये. सहारा लेने की आदत आजकल बहुत
बढ़ी चढ़ी है और सबको सुहाती है, पर सुहानी चाहिये नहीं.
क्योंकि यह हमारे आगे बढ़ने में रुकावट बनकर खड़ी हो गई है.
हमारे ख़याल से ऐसा मान लेने में कि हिन्दुस्तानी आदमियों की
बनाई हुई और आदमियों की बोली है, कोई हर्ज नहीं. किसी
बोली को ईश्वर या ख़ुदा की बनाई मान बैठने से हम सिर्फ़ झंझट
में ही नहीं पड़ जाते, कई आफ़तों में भी फँस जाते हैं. और

ہندستانی

ہندستانی ایک بولی ہے. ایک بولی ہے اسے ہم آگے
چل کر ثابت کریں گے. یہ ہندستانی بولی آدمی کی
ہندستانی آدمیوں بنائی ہوئی ہے. ہم نہیں مانتے کہ اس بولی
کی بنائی کو ایشور یا خدا نے بنایا. یہ کہنا بھی بیکار
نہیں ہے کہ دنیا کی سب بولیوں میں سے
کوئی بھی بولی خدا یا ایشور کی بنائی ہوئی نہیں ہے. یہ بات دھرم
کی کتابوں سے ثابت کی جا سکتی ہے کہ ایشور یا خدا کوئی
بولی نہیں بناتا، پر ہم اسے ثابت کرنا نامناسب
ہی نہیں، بہت برا سمجھتے ہیں. دو اور دو چار ہونے
کے لئے جس طرح ہم کسی دھرم پستک کا سہارا نہیں لیتے،
اسی طرح ہمیں بڑی سے بڑی بات سمجھنے کے لئے کسی دھرم
پستک کا سہارا نہیں لینا چاہیے. سہارا لینے کی عادت آجکل
بہت بڑھی چڑھی ہے اور سب کو سہاتی ہے، پر سہانی چاہیے
نہیں. کیونکہ وہ ہمارے آگے بڑھنے میں رکاوٹ بن کر کھڑی ہو گئی ہے.
ہمارے خیال سے ایسا مان لینے میں کہ ہندستانی آدمیوں کی
بنائی ہوئی اور آدمیوں کی بولی ہے، کوئی حرج نہیں. کسی
بولی کو ایشور یا خدا کی بنائی مان بیٹھنے سے ہم صرف جھنجھٹ
میں ہی نہیں پڑ جاتے، کئی آفتوں میں بھی پھنس جاتے ہیں. اور

फिर न उस बोली का भला कर सकते हैं और न उस बोली बोलने वाले मुल्क का.

हिन्दुस्तानी को हम सब हिन्दुस्तानियों की बोली मानते हैं, फिर चाहे सब हिन्दुस्तानी उसे समझते हों या सारे हिन्दुस्तान न समझते हों. हमारी इस बात पर किसी को की हँसी आ सकती है, पर यह बात हँसी की है नहीं. जिनको हमारी बात पर हँसी आयेगी उनको, हमें विश्वास है, यह ज़रूर क़बूल होगा कि हिन्दुस्तान सब हिन्दुस्तानियों का है, फिर चाहे हिन्दुस्तानियों में से बहुत से यह भी न जानते हों कि आसाम कहाँ है और हैदराबाद कहाँ, द्वारका किधर है और जगन्नाथ किधर, किसे बद्रीनाथ कहते हैं और किसे रामेश्वर. बस जिस तरह हिन्दुस्तान सब हिन्दुस्तानियों का, उसी तरह हिन्दुस्तानी सब हिन्दुस्तानियों की.

हिन्दुस्तान के नाते हम हिन्दुस्तान भर में समझी जाने वाली बोली को हिन्दुस्तानी कहते हैं. दूसरी कोई हिन्दुस्तान के नाते वजह नहीं. अगर घर घर में हिन्दुस्तान देश का हिन्दुस्तानी नाम हिन्द बोला जाता तो हम उसकी बोली को हिन्दी कहना पसंद करते और अगर भारत बोला जाता तो उसकी बोली को भारती कहकर पुकारते और अगर आर्यवर्त होता तो उसे आर्यवर्ती मान लेते. हिन्दुस्तानी नाम के साथ हम कोई दीन धर्म की बात नहीं जोड़ रहे. हम गहरे जाना भी मुनासिब नहीं समझते. गहरे जाना यानी

پھر نہ اس بولی کا بھلا کر سکتے ہیں اور نہ اس بولی بولنے والے ملک کا۔

ہندستانی کو ہم سب ہندستانیوں کی بولی مانتے ہیں، پھر چاہے سب ہندستانی اُسے سمجھتے ہوں یا سارے ہندستان نہ سمجھتے ہوں۔ ہماری اس بات پر کسی کو کی ہنسی آسکتی ہے، پر یہ بات ہنسی کی ہے نہیں۔ جن کو ہماری بات پر ہنسی آئے گی اُن کو، ہمیں وشواس ہے، یہ ضرور قبول ہوگا کہ ہندستان سب ہندستانیوں کا ہے، پھر چاہے ہندستانیوں میں سے بہت سے یہ بھی نہ جانتے ہوں کہ آسام کہاں ہے اور حیدرآباد کہاں، دوارکا کدھر ہے اور جگن ناتھ کدھر، کسے بدری ناتھ کہتے ہیں اور کسے رامیشور۔ بس جس طرح ہندستان سب ہندستانیوں کا، اُسی طرح ہندستانی سب ہندستانیوں کی۔

ہندستان کے ناتے ہم ہندستان بھر میں سمجھی جانے والی بولی کو ہندستانی کہتے ہیں۔ دوسری کوئی ہندستان کے ناتے وجہ نہیں۔ اگر گھر گھر میں ہندستان دیش کا ہندستانی نام ہند بولا جاتا تو ہم اس کی بولی کو ہندی کہنا پسند کرتے اور اگر بھارت بولا جاتا تو اس کی بولی کو بھارتی کہہ کر پکارتے اور اگر آریہ ورت ہوتا تو اُسے آریہ ورتی مان لیتے۔ ہندستانی نام کے ساتھ ہم کوئی دین دھرم کی بات نہیں جوڑ رہے، ہم گہرے جانا بھی مناسب نہیں سمجھتے۔ گہرے جانا یعنی

इस बहस में पड़ना कि हमारे देश का नाम कब, क्यों, कैसे हिन्दुस्तान पड़ा ? खुद हिन्दुस्तान शब्द हिन्दुस्तान का है या नहीं ? अगर हिन्दुस्तान का नहीं है तो कहाँ का है ? और इसी तरह की बातें. हिन्दुस्तान इतना पुराना देश है कि इसकी बोली में न जाने किस-किस मुल्क के शब्द समाये हुए हैं. खोजियों का कहना है कि हिन्दुस्तान की सबसे पुरानी, मानी हुई और पूज किताब वेद में भी दूसरे मुल्कों के शब्द मौजूद हैं. फिर अगर हिन्दुस्तान विदेशी शब्द भी हो तो हमारा उससे क्या बिगड़ता है. बात यह है शब्द और विद्या जैसी चीजें विदेशी होती ही नहीं.

हर बोली हिन्दुस्तानी

हम गुजराती, मराठी, तामिल, तेलगु, कन्नड़, उड़िया, आसामी, बंगाली, बिहारी, पंजाबी और राजस्थानी सबको अलग अलग बोलियाँ मानते हैं. पर इन बोलियों में से कोई भी अगर सारे हिन्दुस्तान में समझी जाती होती तो हम उसको भी हिन्दुस्तानी ही कहते. और अगर आज भी दाँव पेच या शरारत से भी कोई बोली सारे हिन्दुस्तान पर लाद दी जाये तो भी हम उसको हिन्दुस्तानी नाम देंगे, क्योंकि आसानी इसी में है.

उर्दू हिन्दी जोड़ ठीक नहीं

हिन्दुस्तानी नाम के साथ उर्दू, हिन्दी या और कुछ जोड़ना हम झगड़े की जड़ समझते हैं. इस तरह के जोड़ में हमें या तो चालबाजी दिखाई देती है या किसी को खुश या नाराज करने की बू आती है.

اس بحث میں پڑنا کہ ہمارے دیش کا نام کب، کیوں، کیسے ہندستان پڑا. خود ہندستان شبد ہندستان کا ہے یا نہیں. اگر ہندستان کا نہیں ہے تو کہاں کا ہے؟ اور اسی طرح کی باتیں. ہندستان اتنا پرانا دیش ہے کہ اس کی بولی میں نہ جانے کس کس ملک کے شبد سمائے ہوئے ہیں. کھوجیوں کا کہنا ہے کہ ہندستان کی سب سے پرانی، مانی ہوئی اور پوج کتاب وید میں بھی دوسرے ملکوں کے شبد موجود ہیں. پھر اگر ہندستان ودیشی شبد بھی ہو تو ہمارا اس سے کیا بگڑتا ہے. بات یہ ہے شبد اور ودیا جیسی چیزیں ودیشی ہوتی ہی نہیں.

ہر بولی ہندستانی

ہم گجراتی، مراٹھی، تامل، تیلگو، کنڑ، اڑیا، آسامی، بنگالی، بہاری، پنجابی اور راجستھانی سب کو الگ الگ بولیاں مانتے ہیں. پر ان بولیوں میں سے کوئی بھی اگر سارے ہندستان میں سمجھی جاتی ہوتی تو ہم اس کو بھی ہندستانی ہی کہتے. اور اگر آج بھی داؤ پیچ یا شرارت سے بھی کوئی بولی سارے ہندستان پر لاد دی جائے تو بھی ہم اس کو ہندستانی نام دیں گے. کیونکہ آسانی اسی میں ہے.

اردو ہندی جوڑ ٹھیک نہیں

ہندستانی نام کے ساتھ اردو، ہندی یا اور کچھ جوڑنا ہم جھگڑے کی جڑ سمجھتے ہیں. اس طرح کے جوڑ میں ہمیں یا تو چال بازی دکھائی دیتی ہے یا کسی کو خوش یا ناراض کرنے کی بو آتی ہے.

हिन्दुस्तानी नाम हमारा दिया हुआ नहीं है, बहुत पुराना है.
कितना पुराना है, यह बताना आसान नहीं पर
हिन्दुस्तानी पुराना इतना मुशकिल भी नहीं कि न बताया जा सके.
नाम है इस वक़्त हम इतना कहना ही ठीक समझते हैं
कि जब अंग्रेज़ या यूरप की और जातियाँ

हिन्दुस्तान में व्योपार करने के लिये आईं तो उनको जो बोली हिन्दुस्तान के सब हिस्सों में समझी जाने वाली मिली वह थी हिन्दुस्तानी. हिन्दुस्तानी नाम उन व्योपारियों का दिया हुआ नहीं था, यह नाम यहाँ पहले से ही जारी था. यहाँ व्योपार करने के नाते उन्हें हिन्दुस्तानी सीखनी पड़ती थी. व्योपार करते करते उन्हें हिन्दुस्तान की राजनीति में टाँग अड़ाने की ज़रूरत मालूम हुई. इसलिये हिन्दुस्तानी सीखना और अपने साथियों को सिखाना ज़रूरी हो गया. वह जुट गये और एक हिन्दुस्तानी अंग्रेज़ी डिक्शनरी तैयार कर डाली. यानी सब हिन्दुस्तानी शब्दों का अंग्रेज़ी में तर्जुमा कर डाला और सब अंग्रेज़ी शब्दों का हिन्दुस्तानी में. वह हिन्दुस्तानी-अंग्रेज़ी और-अंग्रेज़ी-हिन्दुस्तानी डिक्शनरियाँ आज के दिन तक मौजूद हैं और किसी पुरानी लायब्रेरी में देखने को मिल सकती हैं. यूरपी व्योपारियों में से अंग्रेज़ व्योपारी सबसे ज़्यादा चालाक निकले और वह हिन्दुस्तान के कुछ हिस्से पर मुल्की क़ब्ज़ा जमा बैठे. एक क़िला भी बना लिया. उस क़िले में एक कालेज खोल दिया. उसका नाम रक्खा 'कलकत्ता फ़ोर्ट विलियम कालेज' उस कालेज में और मज़मूनों के साथ जो एक मज़मून सिखाया जाता था, उसका नाम था हिन्दुस्तानी. हिन्दी, उर्दू नाम वाले कोई

ہندستانی نام ہمارا دیا ہوا نہیں ہے، بہت پرانا ہے۔
کتنا پرانا ہے یہ بتانا آسان نہیں پر
ہندستانی پرانا اتنا مشکل بھی نہیں کہ نہ بتایا جا سکے۔
نام ہے اس وقت ہم اتنا کہنا ہی ٹھیک سمجھتے ہیں
کہ جب انگریز یا یورپ کی اور جاتیاں

ہندستان میں بیوپار کرنے کے لئے آئیں تو ان کو جو بولی ہندستان کے سب حصوں میں سمجھی جانے والی ملی وہ تھی ہندستانی۔ ہندستانی نام اُن بیوپاریوں کا دیا ہوا نہیں تھا۔ یہ نام یہاں پہلے سے ہی جاری تھا۔ یہاں بیوپار کرنے کے ناطے اُنھیں ہندستانی سیکھنی پڑتی تھی۔ بیوپار کرتے کرتے اُنھیں ہندستان کی راج نیتی میں ٹانگ اڑانے کی ضرورت معلوم ہوئی۔ اس لئے ہندستانی سیکھنا اور اپنے ساتھیوں کو سکھانا ضروری ہوگیا۔ وہ جُٹ گئے اور ایک ہندستانی انگریزی ڈکشنری تیار کر ڈالی۔ یعنی سب ہندستانی شبدوں کا انگریزی میں ترجمہ کر ڈالا اور سب انگریزی شبدوں کا ہندستانی میں۔ وہ ہندستانی انگریزی اور انگریزی ہندستانی ڈکشنریاں آج کے دن تک موجود ہیں اور کسی پرانی لائبریری میں دیکھنے کو مل سکتی ہیں۔ یورپی بیوپاریوں میں سے انگریز بیوپاری سب سے زیادہ چالاک نکلے اور وہ ہندستان کے کچھ حصے پر ملکی قبضہ جما بیٹھے۔ ایک قلعہ بھی بنا لیا۔ اُس قلعے میں ایک کالج کھول دیا۔ اُس کا نام رکھا 'کلکتہ فورٹ ولیم کالج'، اُس کالج میں اور مضمونوں کے ساتھ جو ایک مضمون سکھایا جاتا تھا، اُس کا نام تھا ہندستانی۔ ہندی، اردو نام والے کوئی

मज़मून उस कालेज में नहीं पढ़ाए जाते थे और न हिन्दी-हिन्दुस्तानी और उर्दू-हिन्दुस्तानी नाम वाला कोई मज़मून था. असल में हिन्दुस्तान भर में समझी जाने वाली बोली न हिन्दी थी न उर्दू, न हिन्दी-हिन्दुस्तानी, न उर्दू-हिन्दुस्तानी, जो थी वह थी हिन्दुस्तानी और सिर्फ़ हिन्दुस्तानी. हम खोज बीन करके इसे और भी पुराना साबित कर सकते हैं पर ऐसा करने में हम अपना और दूसरों का वक़्त बरबाद करना समझते हैं. जितना लिखा जा चुका है, वह इस बात के लिये काफ़ी है कि हिन्दुस्तानी हमारा दिया हुआ नाम नहीं है, वह बहुत पुराना नाम है और सब आदमियों के बोलने से वह नाम आज तक क़ायम है. हिन्दुस्तानी नाम जनता जनार्दन का दिया हुआ है. और गवाहों की ज़रूरत नहीं.

हिन्दुस्तानी का विरोध

हिन्दुस्तानी पर इतना लिखने की ज़रूरत क्यों हुई. ज़रूरत यूँ हुई कि समझदार लोगों में से बहुत से इस नाम को नापसन्द करते हैं. वह अपनी नापसन्दी के सिलसिले में जो दलीलें देते हैं वह पोच होते हुए भी मज़बूत हैं. पोच तो यूँ हैं कि वह दलीलें गहरी नहीं हैं. मज़बूत यूँ हैं कि उन दलीलों के रास्ते जनता बहकाई जा सकती है. एक दल है जो हिन्दुस्तानी की जगह हिन्दी नाम चाहता है. वह यह कहकर जनता को बहकाता है कि हिन्दी धर्मी बोली है. तुलसी, सूर ने हिन्दी में अपने ग्रन्थ लिखे न कि हिन्दुस्तानी में. हिन्दी पूज्य किताबों की बोली होने से पूजा की चीज़ है. वह इतना ही कहकर नहीं रह जाते, और आगे बढ़ते हैं और कहते हैं कि हिन्दुस्तानी तो उर्दू का ही दूसरा नाम है.

مضمون اس کالج میں نہیں پڑھائے جاتے تھے اور نہ ہندی ہندستانی اور اردو ہندستانی نام والا کوئی مضمون تھا۔ اصل میں ہندستان بھر میں سمجھی جانے والی بولی نہ ہندی تھی نہ اردو، نہ ہندی ہندستانی، نہ اردو ہندستانی۔ جو تھی وہ تھی ہندستانی اور صرف ہندستانی۔ ہم کھوج بین کرکے اسے اور بھی پرانا ثابت کر سکتے ہیں پر ایسا کرنے میں ہم اپنا اور دوسروں کا وقت برباد کرنا سمجھتے ہیں۔ جتنا لکھا جا چکا ہے وہ اس بات کے لئے کافی ہے کہ ہندستانی ہمارا دیا ہوا نام نہیں ہے۔ یہ بہت پرانا نام ہے اور سب آدمیوں کے بولنے سے یہ نام آج تک قائم ہے۔ ہندستانی نام جنتا جناردن کا دیا ہوا ہے۔ اور گواہیوں کی ضرورت نہیں۔

ہندستانی کا ورودھ

ہندستانی پر اتنا لکھنے کی ضرورت کیوں ہوئی۔ ضرورت یوں ہوئی کہ سمجھدار لوگوں میں سے بہت سے اس نام کو ناپسند کرتے ہیں۔ وہ اپنی ناپسندی کے سلسلے میں جو دلیلیں دیتے ہیں وہ پوچ ہوتے ہوئے بھی مضبوط ہیں۔ پوچ تو یوں ہیں کہ وہ دلیلیں گہری نہیں ہیں۔ مضبوط یوں ہیں کہ ان دلیلوں کے راستے جنتا بہکائی جا سکتی ہے۔ ایک دل ہے جو ہندستانی کی جگہ ہندی نام چاہتا ہے۔ وہ یہ کہکر جنتا کو بہکاتا ہے کہ ہندی دھرمی بولی ہے۔ تلسی، سور نے ہندی میں اپنے گرنتھ لکھے نہ کہ ہندستانی میں۔ ہندی پوجیہ کتابوں کی بولی ہونے سے پوجا کی چیز ہے۔ وہ اتنا ہی کہکر نہیں رہ جاتے اور آگے بڑھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہندستانی تو اردو کا ہی دوسرا نام ہے۔

हिन्दुस्तानी में हिन्दी को कोई जगह नहीं. जो लोग हिन्दुस्तानी की जगह उर्दू चाहते हैं, उनकी दलीलें भी इसी ढंग की हैं. उन्हें हिन्दुस्तानी में, हिन्दी के सिवा और कुछ नज़र नहीं आता. कभी कभी इन दोनों की बहस का यह नतीजा निकलता सा मालूम होता है कि एक दल हिन्दी-हिन्दुस्तानी नाम से राज़ी हो जायगा और दूसरा दल उर्दू-हिन्दुस्तानी नाम से. हिन्दी-हिन्दुस्तानी नाम देने वाले शायद यह समझते हैं कि इस नाम के बूते वह हिन्दुस्तानी को संस्कृत में बदल देंगे और उर्दू-हिन्दुस्तानी नाम पर राज़ी होने वाले शायद यह समझते हैं कि वह इस नाम के बल पर हिन्दुस्तानी को फ़ारसी का जामा पहना देंगे और अरबी के ज़ेवर से लाद देंगे. दोनों की नियतें साफ़ हैं, हमें मानना तो यही चाहिये था. पर हम मजबूर हैं. अगर दोनों दलों की नियतें साफ़ होतीं तो एक दूसरे को समझकर वह हिन्दुस्तानी पर राज़ी हो जाते. हिन्दुस्तानी के साथ हिन्दी या उर्दू जोड़ने वाले हिन्दुस्तानी की भलाई के ख़याल से कुछ नहीं करते. वह जो कुछ करते हैं अपने अपने दलों की हार जीत के ख़याल से करते हैं. हार जीत के अलावा और भी ग़रज़ हो सकती है, पर उतने गहरे जाने से कोई फ़ायदा नहीं.

हिन्दुस्तानी के चाहने वाले

हिन्दुस्तानी नाम पर जो डटे हुए हैं या कुछ की नज़रों में जो अड़े हुए हैं वह जो बात चाहते हैं, वह नाम बदलने पर अगर बनी रहे तो उनको नाम बदलने में कोई रंज न होगा. हिन्दुस्तानी नाम पर ज़ोर देने वाले एक और बात पर भी ज़ोर देते हैं. वह बात है हिन्दुस्तानी का उर्दू और नागरी दो लिखावटों में लिखा जाना.

ہندستانی میں ہندی کو کوئی جگہ نہیں۔ جو لوگ ہندستانی کی جگہ اردو چاہتے ہیں' اُن کی دلیلیں بھی اسی ڈھنگ کی ہیں۔ انھیں ہندستانی میں' ہندی کے سوا اور کچھ نظر نہیں آتا۔ کبھی کبھی ان دونوں کی بحث کا یہ نتیجہ نکلتا سا معلوم ہوتا ہے کہ ایک دل ہندی ہندستانی نام سے راضی ہو جائیگا اور دوسرا دل اردو ہندستانی نام سے۔ ہندی ہندستانی نام دینے والے شاید یہ سمجھتے ہیں کہ اس نام کے بوتے وہ ہندستانی کو سنسکرت میں بدل دیں گے اور اردو ہندستانی نام پر راضی ہونے والے شاید یہ سمجھتے ہیں کہ وہ اس نام کے بل پر ہندستانی کو فارسی کا جامہ پہنا دیں گے اور عربی کے زیور سے لاد دیں گے۔ دونوں کی نیتیں صاف ہیں' ہمیں ماننا تو یہی چاہیے تھا۔ پر ہم مجبور ہیں۔ اگر دونوں دلوں کی نیتیں صاف ہوتیں تو ایک دوسرے کو سمجھکر وہ ہندستانی پر راضی ہو جاتے۔ ہندستانی کے ساتھ ہندی یا اردو جوڑنے والے ہندستانی کی بھلائی کے خیال سے کچھ نہیں کرتے۔ وہ جو کچھ کرتے ہیں اپنے اپنے دلوں کی ہار جیت کے خیال سے کرتے ہیں۔ ہار جیت کے علاوہ اور بھی غرض ہو سکتی ہے' پر اتنے گہرے جانے سے کوئی فائدہ نہیں۔

ہندستانی کے چاہنے والے


ہندستانی نام پر جو ڈٹے ہوئے ہیں یا کچھ کی نظروں میں جو اڑے ہوئے ہیں وہ جو بات چاہتے ہیں' وہ نام بدلنے پر اگر بنی رہے تو اُن کو نام بدلنے میں کوئی رنج نہ ہوگا۔ ہندستانی نام پر زور دینے والے ایک اور بات پر بھی زور دیتے ہیں۔ وہ بات ہے ہندستانی کا اردو اور ناگری دونوں لکھاوٹوں میں لکھا جانا۔

यह दो लिखावटों वाली बात कुछ लोगों को कितनी ही हँसी की और बेतुकी जँचती हो पर वह वैसी है नहीं. कुछ लोगों की नज़रों में वह समझ बूझ की भी जँचती है. दो लिखावटों पर ज़ोर जो लोग देते हैं वह सिर्फ़ इस वजह से नहीं देते कि गांधी जी भी उस पर ज़ोर देते थे. उनकी अपनी वजहें हैं. यह हो सकता है कि यह वजहें वही हों जो गांधी जी की थीं. पर इससे क्या ? गांधी जी सचाई और अहिंसा को बहुत बढ़िया मानते थे. यह उनकी अपनी राय थी. पर यही राय तो उनसे पहले बहुत से ऋषियों की रह चुकी है. इससे क्या वह गांधी जी की राय नहीं मानी जायगी ? इसलिये दो लिखावटों पर ज़ोर देने वालों की राय उनकी अपनी राय है, कोरी माँगे की नहीं. दो लिखावटों पर ज़ोर देना उनकी साफ़ नियती का सबूत है. दो लिखावटों के ज़रिये वह समाज को झंझट में नहीं डालना चाहते. वह तो उसको बड़ी उलझनों और दिक़्क़तों से बचाना चाहते हैं. उन उलझनों और दिक़्क़तों से निकल जाने के बाद दो लिखावटें मिलकर आप एक हो जावेंगी और झंझट मिट जायगी. इस वक़्त जो कुछ वह चाहते हैं वह सिर्फ़ इतना है कि हिन्दुस्तानी ऐसी बोली है, हो और बनी रहे जो आसानी से सब की समझ में आ सके. अगर उनको इस बात की कोई गारंटी कर दे तो वह हिन्दुस्तानी नाम के लिये हरगिज़ नहीं लड़ेंगे. पर जो उनको यह गारंटी देने के लिये तैयार होंगे, वह हिन्दुस्तानी नाम को बदलेंगे ही क्यों ? जब हमारे देश का नाम हिन्दुस्तान तब हमारी बोली का नाम हिन्दुस्तानी और हमारे देश में रहने-वालों का नाम भी हिन्दुस्तानी. हिन्दुस्तानी नाम के चाहने वाले नाम से मोहब्बत करते हैं,

یہ دو لکھاوٹوں والی بات کچھ لوگوں کو کتنی ہی ہنسی کی اور بے تکی جنچتی ہو پر وہ ویسی ہے نہیں. کچھ لوگوں کی نظروں میں وہ سمجھ بوجھ کی بھی جنچتی ہے. دو لکھاوٹوں پر زور جو لوگ دیتے ہیں وہ صرف اس وجہ سے نہیں دیتے کہ گاندھی جی بھی اس پر زور دیتے تھے. اُنکی اپنی وجہیں ہیں. یہ ہو سکتا ہے کہ یہ وجہیں وہی ہوں جو گاندھی جی کی تھیں. پر اس سے کیا؟ گاندھی جی سچائی اور اہنسا کو بہت بڑھیا مانتے تھے. یہ اُن کی اپنی رائے تھی. پر یہی رائے تو اُن سے پہلے بہت سے رشیوں کی رہ چکی ہے. اس سے کیا وہ گاندھی جی کی رائے نہیں مانی جائے گی؟ اس لئے دو لکھاوٹوں پر زور دینے والوں کی رائے اُن کی اپنی رائے ہے. کوری مانگے کی نہیں. دو لکھاوٹوں پر زور دینا اُن کی صاف نیتی کا ثبوت ہے. دو لکھاوٹوں کے ذریعے وہ سماج کو جھنجھٹ میں نہیں ڈالنا چاہتے. وہ تو اس کو بڑی الجھنوں اور دقتوں سے بچانا چاہتے ہیں. اُن الجھنوں اور دقتوں سے نکل جانے کے بعد دو لکھاوٹیں مل کر آپ ایک ہو جائیں گی اور جھنجھٹ مٹ جائے گی. اس وقت جو کچھ وہ چاہتے ہیں وہ صرف اتنا ہے کہ ہندستانی ایسی بولی ہے، ہو اور بنی رہے جو آسانی سے سب کی سمجھ میں آ سکے. مگر اُن کو اس بات کی کوئی گارنٹی کر دے تو وہ ہندستانی نام کے لئے ہرگز نہیں لڑیں گے. پر جو اُن کو یہ گارنٹی دینے کے لئے تیار ہوں گے، وہ ہندستانی نام کو بدلیں گے ہی کیوں؟ جب ہمارے دیش کا نام ہندستان تب ہماری بولی کا نام ہندستانی اور ہمارے دیش میں رہنے والوں کا نام بھی [illegible] نام کے چاہنے والے نام سے محبت کرتے ہیں،

हिन्दुस्तान के नाते. उन्हें तो असली मोहब्बत है बोली की आसानी से, बोली की मिठास और सुरीलेपन से, बोली के जल्दी सीखने की खासियत से. हिन्दुस्तानी के ज़रिये वह तो यही चाहते हैं कि सब विद्यायें सबके लिये आसान हो जायँ.


हिन्दुस्तानी की बेल



खोजियों ने ऊपर लिखी बेल का पता लगाया है. (इसके ठीक

ہندستان کے ناتے. انھیں تو اصلی محبت ہے بولی کی آسانی سے. بولی کی مٹھاس اور سُریلے پن سے، بولی کو جلدی سیکھنے کی خاصیت سے. ہندستانی کے ذریعے وہ تو یہی چاہتے ہیں کہ سب ودیائیں سب کے لئے آسان ہو جائیں.

ہندستانی کی بیل



کھوجیوں نے اوپر لکھی بیل کا پتہ لگایا ہے. (اس کے ٹھیک

न ठीक होने पर बहस करने से कोई फ़ायदा नहीं. यह खोज बिलकुल ग़लत हो, तब भी हमारा कुछ नहीं बनता बिगड़ता. और बिलकुल सही हो तब भी हमारे हाथ कुछ न आयेगा. हमारी भलाई तो इसी में है कि हम यह समझें कि बोलियाँ सबकी सब आदमी की बनाई हुई हैं, कोई बोली कम ज़्यादा पवित्र नहीं होती, न कोई बोली नापाक होती है. जैसे आदमी, आदमी सब एक, वैसे बोली बोली सब एक, जैसे भले आदमी को सब अपनाते हैं, सीधे आदमी को सब प्यार करते हैं वैसे ही भली यानी आसान बोली को सब अपना लेंगे) जो नक़्शा हमने यहाँ दिया है वह सिर्फ़ इस लिये दिया है कि पढ़ने वाले यह समझ लें कि हिन्दुस्तानी की माँ अगर संस्कृत कही जा सकती है तो मौसी ईरानी कही जा सकती है. यह बतलाकर हम यह हरगिज़ नहीं कहना चाहते कि फ़ारसी यानी ईरानी के मुश्किल लफ़्ज़ या फ़ारसी बोली के कोई भी क़ायदे हिन्दुस्तानी में अपनाये जायँ. हम तो संस्कृत से भी नहीं चाहते कि उसके मुश्किल शब्द और उसका व्याकरन अपनाया जाय. ज़िन्दा बोली की लम्बी चौड़ी ग्रामर होनी ही नहीं चाहिये. किसी बोली की ग्रामर उस बोली के बोलने वालों की नहीं होती. ग्रामर होती है उन विदेशियों के लिये जो उस देश में आकर उस बोली को सीखना चाहते हैं. वह ग्रामर जितनी छोटी हो उतनी ही अच्छी. ग्रामर बोली-झाड़ी के ऊपर बड़ा जाल है. जाल के जितने बड़े-बड़े सूराख़ होंगे उतने ही अच्छे. क्योंकि उनमें होकर झाड़ी की शाखें दूर-दूर तक फैल सकेंगी. अगर जाल के सूराख़ बहुत छोटे हुए तो उस बोली के सूख जाने में तो कोई शक ही नहीं, मर जाने का

نہ ٹھیک ہونے پر بحث کرنے سے کوئی فائدہ نہیں۔ یہ کھوج بالکل غلط ہو تب بھی ہمارا کچھ نہیں بنتا بگڑتا۔ اور بالکل صحیح ہو تب بھی ہمارے ہاتھ کچھ نہ آئے گا۔ ہماری بھلائی تو اسی میں ہے کہ ہم یہ سمجھیں کہ بولیاں سب کی سب آدمی کی بنائی ہوئی ہیں، کوئی بولی کم زیادہ پوتر نہیں ہوتی، نہ کوئی بولی ناپاک ہوتی ہے۔ جیسے آدمی، آدمی سب ایک، ویسے بولی بولی سب ایک، جیسے بھلے آدمی کو سب اپناتے ہیں، سیدھے آدمی کو سب پیار کرتے ہیں ویسے ہی بھلی یعنی آسان بولی کو سب اپنا لیں گے) جو نقشہ ہم نے یہاں دیا ہے وہ صرف اس لئے دیا ہے کہ پڑھنے والے یہ سمجھ لیں کہ ہندستانی کی ماں اگر سنسکرت کہی جا سکتی ہے تو موسی ایرانی کہی جا سکتی ہے۔ یہ بتلا کر ہم یہ ہرگز نہیں کہنا چاہتے کہ فارسی یعنی ایرانی کے مشکل لفظ یا فارسی بولی کے کوئی بھی قاعدے ہندستانی میں اپنائے جائیں۔ ہم تو سنسکرت سے بھی یہ نہیں چاہتے کہ اس کے مشکل شبد اور اس کا ویاکرن اپنایا جائے۔ زندہ بولی کی لمبی چوڑی گرامر ہونی ہی نہیں چاہیے۔ کسی بولی کی گرامر اس بولی کے بولنے والوں کیلئے نہیں ہوتی۔ گرامر ہوتی ہے ان ودیشیوں کے لئے جو اس دیش میں آکر اس بولی کو سیکھنا چاہتے ہیں۔ وہ گرامر جتنی چھوٹی ہو اتنی ہی اچھی۔ گرامر بولی جھاڑی کے اوپر بڑا جال ہے۔ جال کے جتنے بڑے بڑے سوراخ ہوں گے اتنے ہی اچھے۔ کیونکہ ان میں ہو کر جھاڑی کی شاخیں دور دور تک پھیل سکیں گی۔ اگر جال کے سوراخ بہت چھوٹے ہوئے تو اس بولی کے سوکھ جانے میں تو کوئی شک ہی نہیں، مر جانے کا

भी डर है. कुछ लोगों का तो यह कहना है कि पाणिनी ने संस्कृत का व्याकरन बनाकर संस्कृत भाषा को सुखा ही दिया और अब वह किस हालत में है, किसी से छिपा नहीं. हिन्दुस्तानी की भी जकड़ी हुई ग्रामर उसे खत्म कर देगी. अगर उसे बढ़ने और फैलने देना है तो यही ठीक होगा कि उसका कोई जकड़बन्द व्याकरन न बनाया जाय और जहाँ तक हो सके बोली को आसान बनाया जाय. यहाँ यह समझ लेना चाहिये कि पाणिनी को आज लोग कुछ भी कहलें, अगर कहने वाले पाणिनी के जमाने में मौजूद होते तो वह हमारी तरह उसकी तारीफ ही करते. उसने संस्कृत का व्याकरन बना कर वेदों की बोली को आसान ही किया था और अपने समय के विदेशियों के लिये वेदों के समझने के लिये रास्ता खोला था. अब अगर हम आज पाणिनी की तरफ दौड़ें तो यह काम इतना मुशकिल तो होगा ही जितना इलाहाबाद से जमना के पानी को धकेल-धकेल कर दिल्ली लाना, पर बेफ़ायदा भी होगा. इससे दिल्ली में बाढ़ आकर दिल्ली के डूब जाने का डर है. आज कल के समझदारों का यही काम होना चाहिये कि हिन्दुस्तानी के लिये वह पाणिनी की तरफ न दौड़ें. वह तो पाणिनी को अपने पास खड़ा समझ कर उसी की तरह आगे-आगे दौड़ कर पाणिनी को खुश करें. आगे दौड़ना है, हिन्दुस्तानी को आसान बनाना और इस क़ाबिल बनाना कि सब तरह के खयाल उसके रास्ते कहे जा सकें और समझे जा सकें. हिन्दुस्तानी में यह क़ाबलियत है. वह अपने ही भंडार से सब तरह के शब्द तैयार कर सकती है. यह बात हम आगे दिखाने की कोशिश करेंगे.

بھی ڈر ہے۔ کچھ لوگوں کا تو یہ کہنا ہے کہ پانِنی نے سنسکرت کا ویاکرن بنا کر سنسکرت بھاشا کو سُکھا ہی دیا اور اب وہ کس حالت میں ہے، کسی سے چھپا نہیں۔ ہندستانی کی بھی جکڑی ہوئی گرامر اُسے ختم کر دے گی۔ اگر اُسے بڑھنے اور پھیلنے دینا ہے تو یہی ٹھیک ہوگا کہ اس کا کوئی جکڑ بند ویاکرن نہ بنایا جائے اور جہاں تک ہو سکے بولی کو آسان بنایا جائے۔ یہاں یہ سمجھ لینا چاہیے کہ پانِنی کو آج لوگ کچھ بھی کہہ لیں، اگر کہنے والے پانِنی کے زمانے میں موجود ہوتے تو وہ ہماری طرح اس کی تعریف ہی کرتے۔ اس نے سنسکرت کا ویاکرن بنا کر ویدوں کی بولی کو آسان ہی کیا تھا اور اپنے سمے کے ودیشیوں کے لئے ویدوں کے سمجھنے کے لئے راستہ کھولا تھا۔ اب اگر ہم آج پانِنی کی طرف دوڑیں تو یہ کام اتنا مشکل تو ہوگا ہی جتنا الہ آباد سے جمنا کے پانی کو دھکیل دھکیل کر دلّی لانا، پر بے فائدہ بھی ہوگا۔ اس سے دلّی میں باڑھ آ کر دلّی کے ڈوب جانے کا ڈر ہے۔ آج کل کے سمجھداروں کا یہی کام ہونا چاہیے کہ ہندستانی کے لئے وہ پانِنی کی طرف نہ دوڑیں۔ وہ تو پانِنی کو اپنے پاس کھڑا سمجھ کر اُسی کی طرح آگے آگے دوڑ کر پانِنی کو خوش کریں۔ آگے دوڑنا ہے، ہندستانی کو آسان بنانا اور اس قابل بنانا کہ سب طرح کے خیال اُس کے راستے کہے جا سکیں اور سمجھے جا سکیں۔ ہندستانی میں یہ قابلیت ہے۔ وہ اپنے ہی بھنڈار سے سب طرح کے شبد تیار کر سکتی ہے۔ یہ بات ہم آگے دکھانے کی کوشش کریں گے۔

हिन्दुस्तानी बोली है

हिन्दुस्तानी बोली है. इस बारे में हम पहले कुछ लिख चुके हैं. वहाँ जो कुछ लिखा है वह काफ़ी न था. इस लिये उसको ज़रा और साफ़ करना है. हिन्दी-वादी कहते हैं हिन्दुस्तानी नाम की कोई भाषा ही नहीं और न कहीं बोली जाती है. उर्दू वादियों का यह दावा है कि हिन्दुस्तानी कोई ज़बान नहीं क्योंकि वह कहीं भी नहीं बोली जाती. दोनों सबूत में पेश करते हैं अपनी अपनी किताबें. एक पेश करते हैं सूर, तुलसी, बिहारी, रसखान, खान खानाँ, देव और फिर पन्त, मैथिलीशरण वग़ैरा. दूसरे पेश करते हैं ग़ालिब, ज़ौक़, दाग़, मोमिन, चकबस्त, हाली वग़ैरा और कहते हैं कि दिखाइये इसमें हिन्दुस्तानी कहाँ है. वह यह दावा पेश करते हुए यह भूल जाते हैं कि वह बोली या वह भाषा और ज़बान, जिसको वह हिन्दी और उर्दू नाम से पुकारते हैं. वह कहाँ बोली जाती है? अगर वह ठंडे दिल से खोज करें तो उन्हें पता लगेगा कि न सूर, तुलसी की भाषा हमारी बेपढ़ी बहनें पूरी तरह समझ पाती हैं और न पन्त और मैथिली शरण की कविता की भाषा वह है जो वह अपने घरों में बोलते हैं. ग़ालिब, ज़ौक़ वग़ैरा की शायरी की ज़बान भी घरेलू बोली नहीं है, ज़िला और सूबे की बोली तो हो ही कैसे सकती है. रास्ते की कीचड़ पार कर फ़ोर्ड की मोटर की तरह ग़ालिब और ज़ौक़ गाँव में पहुँचने की बात सोच भी नहीं सकते. यही हाल चकबस्त और हाली का है. हमारी यह दलील सुनकर हिन्दी, उर्दू वाले आँखें सुर्ख़ कर लेते हैं और लाल पीले होकर हमसे पूछते हैं, तो क्या आप इसको हिन्दुस्तानी नहीं कहते?

ہندستانی بولی ہے

"ہندستانی بولی ہے، اس بارے میں ہم پہلے کچھ لکھ چکے ہیں۔ وہاں جو کچھ لکھا ہے وہ کافی نہ تھا۔ اس لئے اس کو ذرا اور صاف کرنا ہے۔ ہندی وادی کہتے ہیں ہندستانی نام کی کوئی بھاشا ہی نہیں اور نہ کہیں بولی جاتی ہے۔ اردو وادیوں کا یہ دعویٰ ہے کہ ہندستانی کوئی زبان نہیں کیونکہ وہ کہیں بھی نہیں بولی جاتی۔ دونوں ثبوت میں پیش کرتے ہیں اپنی اپنی کتابیں۔ ایک پیش کرتے ہیں سور، تلسی، بہاری، رس کھان، خان خاناں، دیو اور پھر پنت، میتھلی شرن وغیرہ۔ دوسرے پیش کرتے ہیں غالب، ذوق، داغ، مومن، چکبست، حالی وغیرہ اور کہتے ہیں کہ دکھائیے اس میں ہندستانی کہاں ہے۔ وہ یہ دعویٰ پیش کرتے ہوئے یہ بھول جاتے ہیں کہ وہ بولی یا وہ بھاشا اور زبان جس کو وہ ہندی اور اردو نام سے پکارتے ہیں، وہ کہاں بولی جاتی ہے؟ اگر وہ ٹھنڈے دل سے کھوج کریں تو انہیں پتہ لگے گا کہ نہ سور تلسی کی بھاشا ہماری بے پڑھی بہنیں پوری طرح سمجھ پاتی ہیں اور نہ پنت اور میتھلی شرن کی کویتا کی بھاشا وہ ہے جو وہ اپنے گھروں میں بولتے ہیں۔ غالب ذوق وغیرہ کی شاعری کی زبان بھی گھریلو بولی نہیں ہے، ضلع اور صوبے کی بولی تو ہو ہی کیسے سکتی ہے۔ راستے کی کیچڑ پار کر فورڈ کی موٹر کی طرح غالب اور ذوق گاؤں میں پہنچنے کی بات سوچ بھی نہیں سکتے۔ یہی حال چکبست اور حالی کا ہے۔ ہماری یہ دلیل سن کر ہندی، اردو والے آنکھیں سرخ کر لیتے ہیں اور لال پیلے ہو کر ہم سے پوچھتے ہیں، تو کیا آپ اس کو ہندستانی نہیں کہتے؟

हमें यह सवाल सुनकर हँसी आ जाती है. हम हिन्दी वालों से पूछते हैं कि ग़ालिब, ज़ौक़ वग़ैरा हिन्दी हैं या नहीं और उर्दू वालों से पूछते हैं कि तुलसी, सूर वग़ैरा उर्दू हैं या नहीं. हिन्दी वाले झट जवाब दे डालते हैं कि ग़ालिब, ज़ौक़ वग़ैरा हिन्दी नहीं और उर्दू वाले कह बैठते हैं कि तुलसी सूर वग़ैरा उर्दू नहीं. हिन्दी, उर्दू वाले यह जवाब देकर फिर हमसे पूछते हैं—'कहिये! कहिये!! तुलसी और ग़ालिब हिन्दुस्तानी हैं कि नहीं ?' हम यह जवाब देते हैं कि वह हिन्दुस्तानी ज़रूर हैं पर इतने ही हिन्दुस्तानी हैं जितना गंगा जल का वह जल जो हरे, पीले, नीले शीशे वाली गंगा जलियों में भरा हो या लोहे, जस्ते, चाँदी, सोने की गंगा जली में रक्खा हो, या वह जल जो गंगा जी के किनारे कुआँ खोद कर निकाला गया हो. है तो वह गंगा जल ही पर उसका नाम गंगा जली का जल या कुएँ का जल ही रहेगा. वह दवा के काम आ सकता है या दो चार दस की प्यास बुझा सकता है, पर कूद कूद कर नहाने का आनन्द नहीं दे सकता और कुम्भ के अवसर पर जमा हुए लाखों नर नारियों का तो उससे काम ही नहीं चल सकता. बस हिन्दुस्तानी बहती हुई गंगा जी हैं और हिन्दी और उर्दू उसी में से लिये पानी की गंगा जलियाँ हैं. हिन्दुस्तानी में जहाज़ और जहाज दोनों चलते हैं, ग़रीब नवाज़ और गरीब नवाज दोनों साथ साथ खेल कूद लेते हैं. पर रामायण में जहाज और गरीब नवाज ही मिलेगा. ठीक ही है. बहुत से लोग अब अपने लोटों मे गंगा जल भरने लगते हैं तो छान छान कर भरते हैं. ठीक इसी तरह हिन्दुस्तानी में भाषा और भाखा दोनों साथ-साथ बैठ लेते हैं और

ہمیں یہ سوال سن کر ہنسی آجاتی ہے۔ ہم ہندی والوں سے پوچھتے ہیں کہ غالب ذوق وغیرہ ہندی ہیں یا نہیں اور اردو والوں سے پوچھتے ہیں کہ تلسی، سور وغیرہ اردو ہیں یا نہیں۔ ہندی والے جھٹ جواب دے ڈالتے ہیں کہ غالب، ذوق وغیرہ ہندی نہیں اور اردو والے کہہ بیٹھتے ہیں کہ تلسی سور وغیرہ اردو نہیں۔ ہندی، اردو والے یہ جواب دے کر پھر ہم سے پوچھتے ہیں— "کہیے! کہیے!! تلسی اور غالب ہندستانی ہیں کہ نہیں؟" ہم یہ جواب دیتے ہیں کہ وہ ہندستانی ضرور ہیں پر اتنے ہی ہندستانی ہیں جتنا گنگا جل کا وہ جل جو ہرے، پیلے، نیلے شیشے والی گنگا جلیوں میں بھرا ہو یا لوہے، جستے، چاندی سونے کی گنگا جلی میں رکھا ہو، یا وہ جل جو گنگا جی کے کنارے کنواں کھود کر نکالا گیا ہو۔ ہے تو وہ گنگا جل ہی پر اس کا نام گنگا جلی کا جل یا کوئیں کا جل ہی رہے گا۔ وہ دوا کے کام آسکتا ہے یا دو چار دس کی پیاس بجھا سکتا ہے، پر کود کود کر نہانے کا آنند نہیں دے سکتا اور کمبھ کے اوسر پر جمع ہوئے لاکھوں نر ناریوں کا تو اس سے کام ہی نہیں چل سکتا۔ بس ہندستانی بہتی ہوئی گنگا جی ہیں اور ہندی اور اردو اسی میں سے لیے پانی کی گنگا جلیاں ہیں۔ ہندستانی میں جہاز اور جہاج دونوں چلتے ہیں، غریب نواز اور گریب نواج دونوں ساتھ ساتھ کھیل کود لیتے ہیں۔ پر رامائن میں جہاج اور گریب نواج ہی ملے گا۔ ٹھیک ہی ہے۔ بہت سے لوگ جب اپنے لوٹوں میں گنگا جل بھرنے لگتے ہیں تو چھان چھان کر بھرتے ہیں۔ ٹھیک اسی طرح ہندستانی میں بھاشا اور بھاکھا دونوں ساتھ ساتھ بیٹھ لیتے ہیں اور

मातृ और माता साथ-साथ कूद फाँद लेते हैं. पर 'दीवाने ग़ालिब' में भाखा भले ही मिल जाय, भाषा के लिये दरवाज़ा बन्द है, माता भले ही मिल जाय पर मातृ के लिये कोई जगह नहीं मिलेगी. हाँ हिन्दी में मिलेंगे "नैश गगन" "चारु चंचला" "लोक कलाप" जैसे शब्द, जिन्हें गाँव वाले तो क्या शहर वाले भी आसानी से न समझ सकें और कहीं-कहीं तो हिन्दी के प्रोफ़ेसर भी अटक जायँ. ऐसे ही उर्दू में मिलेंगे "क्या रम न करोगे अगर इबराम न होगा." जैसे बेशुमार नमूने, जिन्हें समझने के लिये लुग़त की मदद के बग़ैर काम ही न चले. हिन्दी उर्दू वाले फिर ख़फ़ा होकर कह बैठेंगे तो क्या आप चाहते हैं कि हम भाषा या ज़बान का कोष या लुग़त न बढ़ायें ? हम उनसे पूछते हैं कि क्या आप भरती के लफ़्ज़ भरकर कोष या लुग़त बढ़ाने को बढ़ाना मानते हैं. मठा और दूध पानी डालने से बढ़ तो सकते हैं पर इस तरह की बढ़वारी से क्या फ़ायदा. जहाँ जल, आब, नीर, पानी पहले ही से मौजूद हैं वहाँ ओदक लिखकर आप बोली का बोझ बढ़ा सकते हैं, उसकी क़दर नहीं बढ़ा सकते. एक लड़का जो पानी के चार नाम जानता है और गाड़ी के पहिये के टुकड़ों के नाम नहीं जानता, उस तीन नाम जानने वाले लड़के से ज़्यादा होशियार नहीं समझा जा सकता. जो पानी का तो सिर्फ़ एक नाम जानता है पर गाड़ी के पहिये के 'मुद्रा' और 'आरे' नाम भी जानता है. किसी बोली का शब्द भंडार तभी अच्छा माना जाता है जब उसमें सब ख़याल के लिये शब्द हों. एक ख़याल के लिये

ماتری اور ماتا ساتھ ساتھ کود پھاند لیتے ہیں، پر 'دیوانِ غالب' میں بھاکھا بھلے ہی مل جائے، بھاشا کے لیے دروازہ بند ہے، ماتا بھلے ہی مل جائے پر ماتری کے لیے کوئی جگہ نہیں ملے گی۔ ہاں ہندی میں ملیں گے "نیش گگن" "چارو چنچلا" "لوک کلاپ" جیسے شبد، جنھیں گاؤں والے تو کیا شہر والے بھی آسانی سے نہ سمجھ سکیں۔ اور کہیں کہیں تو ہندی کے پروفیسر بھی اٹک جائیں۔ ایسے ہی اردو میں ملیں گے "کیا رم نہ کروگے اگر ابرام نہ ہوگا۔" جیسے بیشمار نمونے جنھیں سمجھنے کے لیے لغت کی مدد کے بغیر کام ہی نہ چلے۔ ہندی اردو والے پھر خفا ہو کر کہہ بیٹھیں گے تو کیا آپ چاہتے ہیں کہ ہم بھاشا یا زبان کا کوش یا لغت نہ بڑھائیں؟ ہم ان سے پوچھتے ہیں کہ کیا آپ بھرتی کے لفظ بھر کر کوش یا لغت بڑھانے کو بڑھانا مانتے ہیں۔ مٹھا اور دودھ پانی ڈالنے سے بڑھ تو سکتے ہیں پر اس طرح کی بڑھواری سے کیا فائدہ۔ جہاں جل، آب، نیر، پانی پہلے ہی سے موجود ہیں وہاں اودک لکھ کر آپ بولی کا بوجھا بڑھا سکتے ہیں، اس کی قدر نہیں بڑھا سکتے۔ ایک لڑکا جو پانی کے چار نام جانتا ہے اور گاڑی کے پہیے کے ٹکڑوں کے نام نہیں جانتا، اس تین نام جاننے والے لڑکے سے زیادہ ہوشیار نہیں سمجھا جا سکتا، جو پانی کا تو صرف ایک نام جانتا ہے پر گاڑی کے پہیے کے 'مدرا' اور 'آرے' نام بھی جانتا ہے۔ کسی بولی کا شبد بھنڈار تبھی اچھا مانا جاتا

सौ शब्दों का होना बोली—नदी की चौड़ाई को बढ़ा सकता है, गहराई को नहीं. संस्कृत और अरबी के जानकार इसी बात पर फ़ख़्र किया करते हैं. एक कहेंगे हमारे यहाँ भगवान के हज़ार नाम हैं दूसरे कहेंगे हमारे यहाँ अकेले ऊँट के दो सौ नाम हैं. आजकल हिन्दी और उर्दू वाले इसी तरह की कारवाइयों में लगे हुए हैं. अगर वह अपने इस वहम को छोड़ दें तो उनका लिखा हुआ बहुत कुछ हिन्दुस्तानी ही रह जाय. हमारे ख़याल से अब यह बात साफ़ हो गई है कि हिन्दुस्तानी सचमुच बोली है और हिन्दी और उर्दू बोली सी हैं यानी किताबी बोली हैं या पंडित और मौलवियों की बोली हैं या कुछ और आगे बढ़िये तो सफ़ेद पोशों की बोली हैं. यहाँ हमें कबीर की यह बानी याद आ जाती है "संस्कृत है कूप जल भाषा बहता नीर" हिन्दुस्तानी जो सचमुच बोली है उससे हिन्दी उर्दू वालों ने शोर मचा कर यह कहना शुरू कर दिया कि हिन्दुस्तानी कोई बोली ही नहीं और कुछ सफ़ेद पोश तो उनके बहकावे में आकर उसे ऐसा ही ठीक समझने लगे जैसे कहानी वाला ब्राह्मण अपने कंधे पर लदी बकरी को कुत्ता समझने लग गया था और आख़िर उसे फेंक ही दिया था. यह ठीक है कि बाद में वह बहुत पछताया था. पर उस वक़्त तो उसकी तसल्ली ही हुई थी. कहीं इसी तरह थोड़ी सी तसल्ली की ख़ातिर बहके हुए सफ़ेद पोश हिन्दुस्तानी को ठुकरा कर तसल्ली न मान बैठें. बाद में बुरी तरह पछताना पड़ेगा. जैसे ब्राह्मण की बकरी कुत्ता नहीं बनी थी, बकरी ही बनी रही थी वैसे ही हिन्दुस्तानी अबोली न बन कर बोली ही बनी रहेगी पर कुछ सफ़ेद पोशों के

سو شبدوں کا ہونا بولی ندی کی چوڑائی کو بڑھا سکتا ہے، گہرائی کو نہیں۔ سنسکرت اور عربی کے جانکار اسی بات پر فخر کیا کرتے ہیں۔ ایک کہیں گے ہمارے یہاں بھگوان کے ہزار نام ہیں دوسرے کہیں گے ہمارے یہاں اکیلے اونٹ کے دو سو نام ہیں۔ آج کل ہندی اور اردو والے اسی طرح کی کارروائیوں میں لگے ہوئے ہیں۔ اگر وہ اپنے اس وہم کو چھوڑ دیں تو ان کا لکھا ہوا بہت کچھ ہندستانی ہی رہ جائے۔ ہمارے خیال سے اب یہ بات صاف ہو گئی ہے کہ ہندستانی سچ مچ بولی ہے اور ہندی اور اردو بولی سی ہیں یعنی کتابی بولی ہیں یا پنڈت اور مولویوں کی بولی ہیں یا کچھ اور آگے بڑھئے تو سفید پوشوں کی بولی ہیں۔ یہاں ہمیں کبیر کی یہ بانی یاد آ جاتی ہے "سنسکرت ہے کوپ جل بھاشا بہتا نیر" ہندستانی جو سچ مچ بولی ہے اس سے ہندی اردو والوں نے شور مچا کر یہ کہنا شروع کر دیا کہ ہندستانی کوئی بولی ہی نہیں اور کچھ سفید پوش تو ان کے بہکاوے میں آ کر اسے ایسا ہی ٹھیک سمجھنے لگے جیسے کہانی والا برہمن اپنے کندھے پر لدی بکری کو کتا سمجھنے لگ گیا تھا اور آخر اسے پھینک ہی دیا تھا۔ یہ ٹھیک ہے کہ بعد میں وہ بہت پچھتایا تھا۔ پر اس وقت تو اس کی تسلی ہی ہوئی تھی۔ کہیں اسی طرح تھوڑی سی تسلی کی خاطر بہکے ہوئے سفید پوش ہندستانی کو ٹھکرا کر تسلی نہ مان بیٹھیں۔ بعد میں بری طرح پچھتانا پڑے گا۔ جیسے برہمن کی بکری کتا نہیں بنی تھی، بکری ہی بنی رہی تھی ویسے ہی ہندستانی ابولی نہ بن کر بولی ہی بنی رہے گی پر کچھ سفید پوشوں کے

लिये पछतावा छोड़ जायगी. हिन्दुस्तानी वही बोली है जो उत्तर हिन्दुस्तान के बहुत बड़े हिस्से में घर-घर बोली जाती है, मसजिदों में, मंदिरों में, हाट में, बाजार में, गीतों में, गालियों में, खेल कूद में, नाच गानों में, जंगल बियाबान में, तीर्थों में, सिनेमा थेटरों में, सब जगह मिलेगी. और तो और हिन्दी के पंडितों और उर्दू के मौलवियों के घरों में भी मिलेगी. यह हम पहले ही कह चुके हैं कि हिन्दुस्तानी नाम से हमें कोई लगावट नहीं, हिन्दुस्तान के नाते लगावट है. नाम तो नाम ही होता है बाप को बाप कहो तो बाप, पापा कहो तो बाप, डेडी कहो तो बाप पर माँ को बाप कहो तो ठीक नहीं. गंगा को भागीरथी कहिये, गंगा ही समझी जायगी पर जमुना को भागीरथी न कहिये. सीधी, आसान, सुरीली, मीठी हिन्दुस्तानी को आप हिन्दी कहिये हमें मंजूर. सीधी, आसान, सुरीली, मीठी हिन्दुस्तानी को आप उर्दू कहिये हमारे सर माथे. पर आप हिन्दुस्तानी को संस्कृत के शब्दों से लाद कर हिन्दी कहना चाहें तो हमें न जँचेगा. या उसे आप फारसी का लिबास पहिनाकर और अरबी के जेवरों से लाद कर उर्दू कहना चाहें तो हमारे गले न उतर सकेगी. आपकी जबान तो न रोकी जा सकेगी, हाँ यह जरूर कहा जा सकेगा कि आप ऐसे रास्ते जा रहे हैं जो आगे जाकर बंद हो जाता है और यह कि आप ऐसी जगह भटक जायेंगे जहाँ हम जैसों की सूरतें आपको देखने को न मिलेंगी. यह तो आप मानते ही होंगे कि हमारी सूरतें आप से मिलती-जुलती हैं. आपकी सूरतें न लम्बे बाल और लम्बी दाढ़ी वाले ऋषियों से मिलती हैं और न सर पर रुमाल बाँधने वाले बद्दुओं से. हिन्दुस्तानी बोली है और [illegible] रहेगी. ज्यादा कहने की जरूरत नहीं.

لئے پچھتاوا چھوڑ جائے گی۔ ہندستانی وہی بولی ہے جو اُتر ہندستان کے بہت بڑے حصے میں گھر گھر بولی جاتی ہے، مسجدوں میں، مندروں میں، ہاٹ میں، بازار میں، گیتوں میں، گالیوں میں، کھیل کود میں، ناچ گانے میں، جنگل بیابان میں، سینما تھیٹروں میں، سب جگہ ملے گی۔ اور تو اور ہندی کے پنڈتوں اور اردو کے مولویوں کے گھروں میں بھی ملے گی۔ یہ ہم پہلے ہی کہہ چکے ہیں کہ ہندستانی نام سے ہمیں کوئی لگاوٹ نہیں، ہندستان کے ناطے لگاوٹ ہے۔ نام تو نام ہی ہوتا ہے باپ کو باپ کہو تو باپ، پاپا کہو تو باپ، ڈیڈی کہو تو باپ پر ماں کو باپ کہو تو ٹھیک نہیں۔ گنگا کو بھاگی رتھی کہیے، گنگا ہی سمجھی جائے گی پر جمنا کو بھاگی رتھی نہ کہیے، سیدھی، آسان، سُریلی، میٹھی ہندستانی کو آپ ہندی کہیے ہمیں منظور۔ سیدھی، آسان، سُریلی، میٹھی ہندستانی کو آپ اردو کہیے ہمارے سر ماتھے۔ پر آپ ہندستانی کو سنسکرت کے شبدوں سے لاد کر ہندی کہنا چاہیں تو ہمیں نہ جچے گا۔ یا اُسے آپ فارسی کا لباس پہنا کر اور عربی کے زیوروں سے لاد کر اردو کہنا چاہیں تو ہمارے گلے نہ اُتر سکے گا۔ آپ کی زبان تو نہ روکی جا سکے گی، ہاں یہ ضرور کہا جا سکے گا کہ آپ ایسے راستے جا رہے ہیں جو آگے جا کر بند ہو جاتا ہے اور یہ کہ آپ ایسی جگہ بھٹک جائیں گے جہاں ہم جیسوں کی صورتیں آپ کو دیکھنے کو نہ ملیں گی۔ یہ تو آپ مانتے ہی ہوں گے کہ ہماری صورتیں آپ سے ملتی جلتی ہیں۔ آپ کی صورتیں نہ لمبے بال اور لمبی داڑھی والے رشیوں سے ملتی ہیں اور نہ سر پر رومال باندھنے والے بدوؤں سے۔ ہندستانی بولی ہے اور وہ جیتی رہے گی۔ زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں۔

हिन्दुस्तानी किसे कहते हैं

हिन्दुस्तानी कहाँ की बोली है, इस बारे में ऊपर लिखा जा चुका है. अब वह सरकार के ज़रिये सारे हिन्दुस्तान की बोली बन गई है या बनने वाली है इसलिये यह बताना ज़रूरी है कि हम किस बोली को हिन्दुस्तानी कहते हैं. हम उस बोली को हिन्दुस्तानी कहते हैं जो उत्तरी हिन्दुस्तान में ख़ास तौर से और बाक़ी हिन्दुस्तान में आमतौर से समझी और बोली जाती है. यह ख़ूबी इस वक़्त हिन्दुस्तानी में मौजूद है. हम उस बोली को हिन्दुस्तानी कहते हैं जिसमें आजकल भी हिन्दुस्तान के सारे सूबे आपस में थोड़ा बहुत समझ बोल लेते हैं. अंग्रेज़ी को भी किसी दर्जे तक यह रुतबा हासिल है पर अव्वल तो वह हमारे देश की बोली नहीं दूसरे हम पर वह ज़बरदस्ती लादी गई, तीसरे वह 'गुलामी का निशान' चौथे वह हमारी कुदरती बढ़ौती को रोकने वाली, पाँचवें उसका गाँव वालों से कोई मेल-जोल नहीं. इसलिये अंग्रेज़ी की तरफ़ ख़याल ले जाने की भी ज़रूरत नहीं क्योंकि उसमें उन अनपढ़ तीर्थ यात्रियों का काम नहीं चल सकता जो बद्रीनाथ से रामेश्वर तक और द्वारका से जगन्नाथ तक पैदल दौड़ लगाते हैं. हम उस बोली को हिन्दुस्तानी कहते हैं जिसमें अंग्रेज़ी के बाद हमारा सारा व्योपार चल रहा है. हम उस बोली को हिन्दुस्तानी कहते हैं जिसके ज़रिये ऊपर की ख़ूबियों की वजह से हम सारे हिन्द की सरकार का काम चलाने की बात सोच रहे हैं और जिसके ज़रिये एक सूबे की सरकार दूसरे सूबे की सरकार से चिट्ठी पत्री किया करेगी और जिस बोली में अंग्रेज़ी के बदले

ہندستانی کسے کہتے ہیں

ہندستانی کہاں کی بولی ہے، اس بارے میں اوپر لکھا جا چکا ہے۔ اب وہ سرکار کے ذریعے سارے ہندستان کی بولی بن گئی ہے یا بننے والی ہے۔ اس لئے یہ بتانا ضروری ہے کہ ہم کس بولی کو ہندستانی کہتے ہیں۔ ہم اس بولی کو ہندستانی کہتے ہیں جو اُتری ہندستان میں خاص طور سے اور باقی ہندستان میں عام طور سے سمجھی اور بولی جاتی ہے۔ یہ خوبی اس وقت ہندستانی میں موجود ہے۔ ہم اس بولی کو ہندستانی کہتے ہیں جس میں آج کل بھی ہندستان کے سارے صوبے آپس میں تھوڑا بہت سمجھ بول لیتے ہیں۔ انگریزی کو بھی کسی درجے تک یہ رتبہ حاصل ہے پر اوّل تو وہ ہمارے دیش کی بولی نہیں دوسرے ہم پر وہ زبردستی لادی گئی، تیسرے وہ 'غلامی کا نشان' چوتھے وہ ہماری قدرتی بڑھوتی کو روکنے والی، پانچویں اس کا گاؤں والوں سے کوئی میل جول نہیں۔ اس لئے انگریزی کی طرف خیال لے جانے کی بھی ضرورت نہیں کیونکہ اس میں ان اَن پڑھ تیرتھ یاتریوں کا کام نہیں چل سکتا جو بدری ناتھ سے رامیشور تک اور دوارکا سے جگن ناتھ تک پیدل دوڑ لگاتے ہیں۔ ہم اس بولی کو ہندستانی کہتے ہیں جس میں انگریزی کے بعد ہمارا سارا بیوپار چل رہا ہے۔ ہم اس بولی کو ہندستانی کہتے ہیں جس کے ذریعے اوپر کی خوبیوں کی وجہ سے ہم سارے ہند کی سرکار کا کام چلانے کی بات سوچ رہے ہیں اور جس کے ذریعے ایک صوبے کی سرکار دوسرے صوبے کی سرکار سے چٹھی پتری کیا کرے گی اور جس بولی میں انگریزی کے بدلے

जाने के बाद रेल, तार, डाक का काम हुआ करेगा और जिस बोली में हमारे सूबे सूबे के फ़ौजी सिपाही बातचीत किया करेंगे, हँसा बोला करेंगे, सुर अलापा करेंगे और गाया करेंगे. और अगर उस बोली का इतना भाग हुआ तो उसी बोली की आवाज़ों पर खड़े होंगे, चलेंगे, बन्दूक़ उठायेंगे, निशाना साधेंगे और देश को बचाने की ख़ातिर दुशमन को भगायेंगे. हम उस बोली को हिन्दुस्तानी कहते हैं जो गिरती-पड़ती, घरों-घरों घूमती बल इकट्ठा कर रही है और सिर्फ़ इसलिये कि ग़ुलामी के निशान वाली अंगरेज़ी को किसी न किसी तरह हिन्दुस्तानियों के दिल से निकाल दे, और सर पर से उतार दे. वह अंगरेज़ी को पाँव में पड़े रहने से रोकना नहीं चाहती, बग़ल में भी जगह दे सकती है, पीठ पर बैठा सकती है, पर अगर वह दिल में आसन जमाये रहे और सर पर चढ़ी रहे तो इसमें वह अपनी हतक समझती है. हम उस बोली को हिन्दुस्तानी कहते हैं जो दुधमुँहे बच्चे से लेकर अनपढ़ बूढ़ों तक की जीभ पर बैठकर इतनी हलकी-फुलकी मालूम हो कि उन्हें यह पता ही न लगे कि हिन्दुस्तानी बोलकर उन्हें कुछ ज़ोर लगाना पड़ रहा है. बस यही सब कुछ है जिसे हम हिन्दुस्तानी कहते हैं.

हिन्दुस्तानी क्या होगी

हिन्दुस्तानियों ने अगर समझ कर हिन्दुस्तानी को वह रुतबा दे दिया जिसके वह हर तरह लायक़ भी है, तो वह क्या हो जायगी, इस ख़याल को भी हम थोड़ा सा पढ़ने वालों के सामने रक्खे देते हैं.

आज से पाँच दस बरस बाद की हिन्दुस्तानी में सब सूबों के छोटे-छोटे, मीठे, सुरीले और आसान शब्द

جانے کے بعد ریل، تار، ڈاک کا کام ہوا کرے گا اور جس بولی میں ہمارے صوبے صوبے کے فوجی سپاہی بات چیت کیا کریں گے، ہنسا کھیلا کریں گے، سُر الاپا کریں گے اور گایا کریں گے. اور اگر اُس بولی کا اتنا بھاگ ہوا تو اُسی بولی کی آوازوں پر کھڑے ہوں گے، چلیں گے، بندوق اٹھائیں گے، نشانہ سادھیں گے اور دیش کو بچانے کی خاطر دشمن کو بھگائیں گے. ہم اس بولی کو ہندستانی کہتے ہیں جو گرتی پڑتی، گھروں گھروں گھومتی بل اکٹھا کر رہی ہے اور صرف اس لئے کہ غلامی کے نشان والی انگریزی کو کسی نہ کسی طرح ہندستانیوں کے دل سے نکال دے اور سر پر سے اتار دے. وہ انگریزی کو پاؤں میں پڑے رہنے سے روکنا نہیں چاہتی، بغل میں بھی جگہ دے سکتی ہے، پیٹھ پر بٹھا سکتی ہے، پر اگر وہ دل میں آسن جمائے رہے اور سر پر چڑھی رہے تو اس میں وہ اپنی ہتک سمجھتی ہے. ہم اس بولی کو ہندستانی کہتے ہیں جو دودھ مُنہے بچے سے لے کر ان پڑھ بڈھوں تک کی جیبھ پر بیٹھ کر اتنی ہلکی پھلکی معلوم ہو کہ انھیں یہ پتہ ہی نہ لگے کہ ہندستانی بول کر انھیں کچھ زور لگانا پڑ رہا ہے. بس یہی سب کچھ ہے جسے ہم ہندستانی کہتے ہیں.

ہندستانی کیا ہوگی

ہندستانیوں نے اگر سمجھ کر ہندستانی کو وہ رتبہ دے دیا جس کے وہ ہر طرح لائق بھی ہے، تو وہ کیا ہو جائے گی، اس خیال کو بھی ہم تھوڑا سا پڑھنے والوں کے سامنے رکھے دیتے ہیں.

آج سے پانچ دس برس بعد کی ہندستانی میں سب صوبوں کے چھوٹے چھوٹے، میٹھے، سُریلے اور آسان شبد

[illegible]. कोई ख़याल ऐसा न रहेगा जिसके लिये वह अपने भंडार से शब्द न पेश कर सके. छोटे-छोटे, मीठे, सुरीले और आसान शब्द, जो विदेशों से आकर हमारे गाँव-गाँव में पहुँच गये हैं, उन सबको खुले हाथों अपना लिया जायगा, जैसे लालटेन, टिकट, बटन, अरदली, स्टेशन, रेल, हलवा, रोटी, तवा, टोपी और इसी तरह के शब्द. विदेशों से आकर जो शब्द हिन्दुस्तानी में रल-मिल गये हैं और गाँव-गाँव तक पहुँच गये हैं, वह अपने तो हैं ही, उनके ज़रिये नई-नई शक्लें बनाकर उन्हें और भी अपना बनाया जायगा. जिस तरह हिन्दुस्तान में जगह-जगह तरह-तरह की खानें दबी पड़ी हैं और उनको अभी तक न ढूँढा गया था, न छेड़ा गया था. और अब उनको आज़ाद हिन्दुस्तान खोजेगा और उनके ख़ज़ानों को बाहर लाकर हिन्दुस्तान को मालामाल बनायेगा, उसी तरह हिन्दुस्तानी के मुल्क में बेहद खानें छिपी पड़ी हैं. उनकी खोज की जायगी और उनका माल निकाल कर हिन्दुस्तानी को मालामाल बनाया जायगा. मिसाल के तौर पर 'करना' का 'ना' उड़ाकर 'कर' उसकी जड़ मान ली जायगी. और उससे 'करत,' 'कराया,' 'कार,' 'क्रिया,' 'कारी' जैसे बीसियों शब्द तैयार कर लिये जायँगे. कोने में पड़ा 'खेवैया' शब्द हमें 'दिखैया' 'पढ़ैया' शब्द बनाने में मदद देगा. दूसरी तरफ़ से 'झगड़ालू' शब्द हमारे सामने आ डटेगा और ताल ठोक कर कहेगा लाओ मेरे मुक़ाबले के लिये 'रगड़ालू' 'संभालू' जैसे जोड़. हम में रली मिली 'सुन्दरता' देवी 'सौन्दर्य' को बिदाई देने के लिये स्टेशन तक ज़रूर आयँगी और हमारे लिये आगे का रास्ता साफ़ कर देंगी. यह देखकर 'प्रथम' बड़े तपाक के

[illegible] گے. کوئی خیال ایسا نہ رہے گا جس کے لئے وہ اپنے بھنڈار سے شبد نہ پیش کر سکے. چھوٹے چھوٹے، میٹھے، سُریلے اور آسان شبد، جو ودیشوں سے آکر ہمارے گاؤں گاؤں میں پہنچ گئے ہیں، اُن سب کو کھلے ہاتھوں اپنا لیا جائے گا، جیسے لالٹین، ٹکٹ، بٹن، اردلی، سٹیشن، ریل، حلوا، روٹی، توا، ٹوپی اور اسی طرح کے لفظ. ودیشوں سے آکر جو شبد ہندستانی میں رل مل گئے ہیں اور گاؤں گاؤں تک پہنچ گئے ہیں، وہ اپنے تو ہیں ہی، اُن کے ذریعے نئی نئی شکلیں بنا کر اُنھیں اور بھی اپنا بنایا جائے گا. جس طرح ہندستان میں جگہ جگہ طرح طرح کی کھانیں دبی پڑی ہیں اور اُن کو ابھی تک نہ ڈھونڈھا گیا تھا، نہ چھیڑا گیا تھا. اور اب اُن کو آزاد ہندستان کھوجے گا اور اُن کے خزانوں کو باہر لا کر ہندستان کو مالا مال بنائے گا، اسی طرح ہندستانی کے ملک میں بے حد کھانیں چھپی پڑی ہیں. اُن کی کھوج کی جائے گی اور اُن کا مال نکال کر ہندستانی کو مالا مال بنایا جائے گا. مثال کے طور پر 'کرنا' کا 'نا' اُڑا کر 'کر' اس کی جڑ مان لی جائے گی. اور اس سے 'کرت'، 'کراوا'، 'کار'، 'کریا'، 'کاری'، جیسے بیسیوں لفظ تیار کر لئے جائیں گے. کونے میں پڑا 'کھویّا' شبد ہمیں 'دکھیّا' 'پڑھیّا' شبد بنانے میں مدد دے گا. دوسری طرف سے 'جھگڑالو' شبد ہمارے سامنے آ ڈٹے گا اور تال ٹھوک کر کہے گا لاؤ میرے مقابلے کے لئے 'رگڑالو'، 'سنبھالو' جیسے جوڑ. ہم میں رلی ملی 'سندرتا' دیوی 'سوندریہ' کو ودائی دینے کے لئے سٹیشن تک ضرور جائیں گی اور ہمارے لئے آگے کا راستہ صاف کر دیں گی. یہ دیکھ کر 'پرتھم' بڑے تپاک کے

मगर हम इतना कहे बग़ैर नहीं रह सकते कि अगर किसी भाषा को राष्ट्रभाषा बनाना है तो सिर्फ़ उसी भाषा के बोलने, पढ़ने, लिखने वालों को ही नहीं, दीगर भाषाओं वाले लोगों को भी एक साथ मिलकर बैठना होगा और आपस में मिलकर ही यह फ़ैसला करना होगा. अगर ऐसा नहीं होता तो आज की कान्स्टीटुयेन्ट असेम्बली चाहे जिस भाषा को राष्ट्रभाषा घोषित कर दे, आगे वाले ज़माने में उस फ़ैसले के उलट जाने का डर बना रहेगा. जिस तरह जनता की आज़ादी और तरक़्क़ी रोकी नहीं जा सकती, उसी तरह उस जनता की भाषा और राष्ट्रभाषा के बनने और बढ़ने का काम भी रोका नहीं जा सकता.

पं० कमलापति त्रिपाठी ने अपने भाषण में तरक़्क़ी पसन्द लेखकों और कलाकारों को 'शिश्नोदर वादी' (यानी पेट और योनि की पूजा करने वाले) कहकर छोटा साबित करने की कोशिश की है. अगर त्रिपाठी जी तरक़्क़ी पसन्द लेखकों को छोटा साबित कर सकें तो ज़रूर करें. मगर वह इन तरक़्क़ी पसन्द लेखकों की इस प्रजातन्त्रवादी माँग को कैसे ठुकरा सकते हैं कि राष्ट्रभाषा वही हो जिसे कुल हिन्दुस्तान की जनता बिना किसी दबाव के ख़ुद बख़ुद मंज़ूर करे.

मगर दिक़्क़त यह है कि आज हिन्दी और उर्दू दोनों के समर्थक ग़लत दिशाओं में जा रहे हैं. हिन्दी के समर्थक समझते हैं कि उर्दू ने हमेशा हिन्दी को दबाया है. अब मौक़ा आ गया है

میں نہیں ہوا۔ وہ ہوتا بھی کیسے ؟ ہندی کے نقار خانے میں اُنکی طوطی کی آواز کون سنتا !

مگر ہم اِتنا کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ اگر کسی بھاشا کو راشٹر بھاشا بنانا ہے تو صرف اسی بھاشا کے بولنے پڑھنے لکھنے والوں کو ہی نہیں، دیگر بھاشاؤں والے لوگوں کو بھی ایک ساتھ مل کر بیٹھنا ہوگا اور آپس میں مل کر ہی یہ فیصلہ کرنا ہوگا۔ اگر ایسا نہیں ہوتا تو آج کی کانسٹی ٹیوئنٹ اسمبلی چاہے جس بھاشا کو راشٹر بھاشا گھوشت کر دے، آنے والے زمانے میں اس فیصلے کے الٹ جانے کا ڈر بنا رہے گا۔ جس طرح جنتا کی آزادی اور ترقی روکی نہیں جا سکتی، اسی طرح اس جنتا کی بھاشا اور راشٹر بھاشا کے بننے اور بڑھنے کا کام بھی روکا نہیں جا سکتا۔

پنڈت کملا پتی ترپاٹھی نے اپنے بھاشن میں ترقی پسند لیکھکوں اور کلا کاروں کو 'شِشنودر وادی' (یعنی پیٹ اور یونی کی پوجا کرنے والے) کہکر چھوٹا ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ اگر ترپاٹھی جی ترقی پسند لیکھکوں کو چھوٹا ثابت کر سکیں تو ضرور کریں۔ مگر وہ ان ترقی پسند لیکھکوں کی اس پرجاتنتر وادی مانگ کو کیسے ٹھکرا سکتے ہیں کہ راشٹر بھاشا وہی ہو جسے کل ہندستان کی جنتا بنا کسی دباؤ کے خود بخود منظور کرے۔

مگر دقت یہ ہے کہ آج ہندی اور اردو دونوں کے سمرتھک غلط دشاؤں میں جا رہے ہیں۔ ہندی کے سمرتھک سمجھتے ہیں کہ اردو نے ہمیشہ ہندی کو دبایا ہے۔ اب موقع آگیا ہے کہ ہندی اپنا ادھیکار پا لے اور اس کا رنگ سارے ہندستان

में आ जायें. हिन्दुस्तान के बँटवारे के बाद तो ऐसे लोगों का हाथ और भी मजबूत हो गया है. इनका कहना है कि जब पाकिस्तान ने उर्दू के राष्ट्रभाषा होने का एलान कर दिया है तो हम हिन्दी को हिन्द की राष्ट्रभाषा क्यों न घोषित कर दें. साम्प्रदायिकता का चश्मा इन लोगों की आँखों पर इतनी मजबूती से चढ़ गया है कि यह लगातार चीखते-चिल्लाते रहने के बावजूद साम्प्रदायिकता से अपना दामन नहीं बचा पाते. हिन्दी से संस्कृत-निष्ठ हिन्दी और संस्कृत-निष्ठ हिन्दी से संस्कृत की ओर—यही इनका रुख है. यह कितना भयानक रुख है! यह तो इतिहास की उस प्रगति से ही इनकार करना है जो कि उसने पिछले हजारों सालों में की है. पीछे मुड़ने और पीछे चलने की यह जेहनियत हिन्दुस्तानी जनता को किस गढ़े में गिरायेगी! क्या यह उन बुजुर्गों की क़ीमती देन से इनकार करने के बराबर नहीं है जिन्होंने पिछली सदियों में हमारी जबान और हमारे साहित्य को अपने खून से सींचा और सिरजा है!

बहुत से ऐसे भी लोग हैं जो हिन्दी को हमेशा 'देहाती जबान' कहते रहे हैं. वह 'हिन्दुस्तानी' की भी दुश्मनी खुले आम करते रहे हैं. वह उर्दू को ही क़ौमी जबान मानते रहे हैं. यह वह लोग थे जिन्होंने सीगी संगनजरी से ही हमेशा काम लिया है. आज हिन्दुस्तान के बँटवारे के बाद इन्होंने अपना रुख एकदम बदल दिया है. मौक़ा परस्ती के यह अलमबरदार कहीं हिन्दुस्तानी का समर्थन करते हैं, कहीं हिन्दी का. लेकिन यह बात सच है कि कभी इन्होंने जबान पर जबान की हैसियत से गौर नहीं किया है. ऐसे

میں آ جائے۔ ہندستان کے بٹوارے کے بعد تو ایسے لوگوں کا ہاتھ اور بھی مضبوط ہو گیا ہے۔ اِن کا کہنا ہے کہ جب پاکستان نے اردو کے راشٹر بھاشا ہونے کا اعلان کر دیا ہے تو ہم ہندی کو ہند کی راشٹر بھاشا کیوں نہ گھوشت کر دیں۔ ساپمردائکتا کا چشمہ اِن لوگوں کی آنکھوں پر اتنا مضبوطی سے چڑھ گیا ہے کہ یہ لگاتار چیختے چلاتے رہنے کے باوجود ساپمردائکتا سے اپنا دامن نہیں بچا پاتے۔ ہندی سے سنسکرت نشٹھ ہندی اور سنسکرت نشٹھ ہندی سے سنسکرت کی اور — یہی ان کا رُخ ہے۔ یہ کتنا بھیانک رُخ ہے! یہ تو اتہاس کی اس پرگت سے ہی انکار کرنا ہے جو کہ اس نے پچھلے ہزاروں سالوں میں کی ہے۔ پیچھے مڑنے اور پیچھے چلنے کی یہ ذہنیت ہندستانی جنتا کو کس گڑھے میں گرائے گی! کیا یہ اُن بزرگوں کی قیمتی دین سے انکار کرنے کے برابر نہیں ہے جنہوں نے پچھلی صدیوں میں ہماری زبان اور ہمارے ساہتیہ کو اپنے خون سے سینچا اور سرجا ہے!

(۵۷)

بہت سے ایسے بھی لوگ ہیں جو ہندی کو ہمیشہ 'دیہاتی زبان' کہتے رہے ہیں۔ وہ 'ہندستانی' کی بھی دشمنی کھلے عام کرتے رہے ہیں۔ وہ اردو کو ہی قومی زبان مانتے رہے ہیں۔ یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے سیگی تنگ نظری سے ہی ہمیشہ کام لیا ہے۔ آج ہندستان کے بٹوارے کے بعد انہوں نے اپنا رُخ ایک دم بدل دیا ہے۔ موقع پرستی کے یہ علمبردار کہیں ہندستانی کا سمرتھن کرتے ہیں، کہیں ہندی کا۔ لیکن یہ بات سچ ہے کہ کبھی انہوں نے زبان پر زبان کی حیثیت سے غور نہیں کیا ہے۔ ایسے

लोग खतरनाक हैं क्योंकि यह सचाई और जमहूरियत परस्ती के लिये नहीं मौका परस्ती के लिये ऐसा करते हैं. इनमें से बहुत से तो ऐसे हैं जो अब कहने लगे हैं कि "उर्दू भी कोई जबान है ! और उसका रस्मेखत, तोबा, तोबा ! भला आजकल के जमाने में इस रस्मेखत से काम चल सकता है !" जाहिर है कि ऐसा कहने वाले वही लोग हैं जो निहायत आसानी से गालिब और दाग़ की अदबी देन और उर्दू की जरीं तवारीख से ही इनकार करते हैं. सच्ची क़ौमी जबान की हिमायत भला ऐसे लोग कैसे कर सकते हैं.

हिन्दुस्तान की राष्ट्रभाषा पिछले हजार सालों के गौरव पूर्ण इतिहास की चिता पर नहीं बनाई जा सकती. हिन्दुस्तान की राष्ट्रभाषा किसी भी प्रान्तीय भाषा की छाती पर चढ़कर, उसका गला घोंटकर, नहीं बनाई जा सकती. हिन्दुस्तान की राष्ट्रभाषा, जनता—लड़ाकू और तरक़्क़ी पसन्द जनता की रोज मर्रा की जिन्दगी से अलग करके संगमरमरी कमरों में नहीं गढ़ी जा सकती. हिन्दुस्तान की राष्ट्रभाषा बड़े-बड़े और भारी भरकम शब्द कोषों के सहारे भी नहीं बन सकती.

हिन्दुस्तान की राष्ट्रभाषा बनायेगी हिन्दुस्तान की जनता, जो तरक़्क़ी पसन्द है, जो अपने सामाजिक और राजनैतिक अधिकारों के लिये लड़ रही है, और जिसे अपनी भाषा और अपनी संस्कृति के लिये बाहरी और भीतरी दुश्मनों से लोहा लेना है. और ऐसी सरल सीधी सादी भाषा जनता बना भी रही है.

لوگ خطرناک ہیں کیونکہ یہ سچائی اور جمہوریت پرستی کے لئے نہیں موقع پرستی کے لئے ایسا کرتے ہیں۔ ان میں سے بہت سے تو ایسے ہیں جو اب کہنے لگے ہیں کہ "اردو بھی کوئی زبان ہے ! اور اس کا رسم خط، توبہ، توبہ ! بھلا آج کل کے زمانے میں اس رسم خط سے کام چل سکتا ہے !" ظاہر ہے کہ ایسا کہنے والے وہی لوگ ہیں جو نہایت آسانی سے غالب اور داغ کی ادبی دین اور زریں تواریخ سے ہی انکار کرتے ہیں۔ سچی قومی زبان کی حمایت بھلا ایسے لوگ کیسے کر سکتے ہیں۔

ہندستان کی راشٹر بھاشا پچھلے ہزار سالوں کے گورو پورن اتہاس کی چتا پر نہیں بنائی جا سکتی۔ ہندستان کی راشٹر بھاشا کسی بھی پرانتیہ بھاشا کی چھاتی پر چڑھ کر، اس کا گلا گھونٹ کر، نہیں بنائی جا سکتی۔ ہندستان کی راشٹر بھاشا، جنتا— لڑاکو اور ترقی پسند جنتا کی روز مرہ کی زندگی سے الگ کر کے سنگ مرمری کمروں میں نہیں گڑھی جا سکتی۔ ہندستان کی راشٹر بھاشا بڑے بڑے اور بھاری بھرکم شبد کوش کے سہارے بھی نہیں بن سکتی۔

ہندستان کی راشٹر بھاشا بنائے گی ہندستان کی جنتا، جو ترقی پسند ہے، جو اپنے سماجک اور راج نیتک ادھیکاروں کے لئے لڑ رہی ہے، اور جسے اپنی بھاشا اور اپنی سنسکرتی کے لئے باہری اور بھیتری دشمنوں سے لوہا لینا ہے۔ اور ایسی سرل، سیدھی، سادی بھاشا جنتا بنا بھی رہی ہے۔

हमारी राय

कामन वेल्थ

कामन वेल्थ के लिये हिन्दुस्तानी बदल हो सकता है 'जन धनी' 'जन' मानी 'जनता', 'धनी' मानी 'मालिक.' जिस राज की जनता मालिक हो वह जन धनी. जनता की मिलकियत और हुकूमत की जब जनता ही मालिक और हाकिम हो तो वह जन धनी कहलाने लगती है. आक्सफोर्ड डिक्शनरी में कामन वेल्थ के मानी दिये हुए हैं रिपब्लिक. रिपब्लिक को हिन्दुस्तान में कुछ लोग जमहूरियत नाम देते हैं और कुछ उसे लोकराज कह कर पुकारते हैं. कुछ भी सही हर तरह कामन वेल्थ का मतलब होता है जनता पर जनता का राज. इसमें राजा के लिये कहीं कोई जगह नहीं दिखाई देती. किसी सूरत में भी राजा के रहते राज को कामन वेल्थ नाम नहीं दिया जा सकता. हाँ, पढ़, अनपढ़ दोनों को यह अख़्तियार है कि वह किसी शब्द के कुछ मानी ठहरा लें. संस्कृत का 'गो' शब्द गाय के मानी नहीं रखता पर वह गाय के मानों में चल पड़ा है. ठीक इसी तरह कामन वेल्थ के मानी राजावाला राज नहीं होता. हाँ हिन्दुस्तान और इंग्लिस्तान वालों को मिल कर यह हक़ हासिल है कि वह कामन वेल्थ शब्द एम्पायर के लिये काम में लाने लगें. हर साल सैकड़ों लफ़्ज़ बदलते हैं, बनते हैं और बिगड़ते हैं. सन् १९४९ का यह कामन वेल्थ नया लफ़्ज़ सही जिसके मानी यह हुआ करेंगे कि एक ऐसा राज, जिसकी मालिक सचमुच तो जनता है पर नाम के लिये उसका एक राजा भी रहेगा.

ہماری رائے

کامن ویلتھ

کامن ویلتھ کے لئے ہندستانی بدل ہو سکتا ہے 'جن دھنی'، 'جن' معنی 'جنتا'، 'دھنی' معنی 'مالک'. جس راج کی جنتا مالک ہو وہ جن دھنی. جنتا کی ملکیت اور حکومت کی جب جنتا ہی مالک اور حاکم ہو تو وہ جن دھنی کہلانے لگتی ہے. آکسفورڈ ڈکشنری میں کامن ویلتھ کے معنی دئے ہوئے ہیں ریپبلک. ریپبلک کو ہندستان میں کچھ لوگ جمہوریت نام دیتے ہیں اور کچھ اسے لوک راج کہہ کر پکارتے ہیں. کچھ بھی سہی ہر طرح کامن ویلتھ کا مطلب ہوتا ہے جنتا پر جنتا کا راج. اس میں راجا کے لئے کہیں کوئی جگہ نہیں دکھائی دیتی. کسی صورت میں بھی راجا کے رہتے راج کو کامن ویلتھ نام نہیں دیا جا سکتا. ہاں، پڑھے، ان پڑھے دونوں کو یہ اختیار ہے کہ وہ کسی شبد کے کچھ معنی ٹھہرا لیں. سنسکرت کا 'گو' شبد گائے کے معنی نہیں رکھتا پر وہ گائے کے معنوں میں چل پڑا ہے. ٹھیک اسی طرح کامن ویلتھ کے معنی راجا والا راج نہیں ہوتا. ہاں ہندستان اور انگلستان والوں کو ملکر یہ حق حاصل ہے کہ وہ کامن ویلتھ شبد ایمپائر کے لئے کام میں لانے لگیں. ہر سال سیکڑوں لفظ بدلتے ہیں، بنتے ہیں اور بگڑتے ہیں. سنہ ۱۹۴۹ کا یہ کامن ویلتھ نیا لفظ سہی جس کے معنی یہ ہوا کریں گے کہ ایک ایسا راج، جس کی مالک سچ مچ تو جنتا ہے پر نام کے لئے اس کا ایک راجا بھی رہے گا.

कामन वेल्थ मामूली नाम है. उसका मोल इतना ही है जितना लोकराज का या और किसी क़िस्म के राज का. जिस तरह लोकराज का नाम अपने आप में काफ़ी नहीं, उसका फ़्रान्सीसी लोकराज, अमरीकी लोकराज, चीनी लोकराज जैसा रूप देकर ख़ास बनाया जाता है वैसे ही कामन वेल्थ का जब तक कोई नाम न रक्खा जाय तब तक वह बेमानी नाम रहेगा. हिन्दुस्तान के अंगरेज़ी और हिन्दुस्तानी अख़बारों में सिर्फ़ कामन वेल्थ की चरचा है. वह कामन वेल्थ किस नाम से पुकारी जाती है इसका कोई ज़िक्र नहीं. यह सन् ४९ में पैदा होने वाली नई क़िस्म की कामन वेल्थ बरतानी कामन वेल्थ है या हिन्दुस्तानी कामन वेल्थ है या हिन्दु बरतानी कामन वेल्थ है या हिन्द पाकिस्तान, लंका बरतानी कामन वेल्थ है, इसका पता नहीं चलता. नाम न रखने में इस कामन वेल्थ को जन्म देने वालों की क्या मंशा है, यह कौन जानता है. हो सकता है, जिस तरह और कई ज़रूरी बातें तय होने से रह गईं इसी तरह यह नाम भी तय होने से रह गया. सचमुच इसको अगर बरतानी कामन वेल्थ कहा जाय तो हिन्दुस्तान, पाकिस्तान और लंका रूठ जायँ और अगर हिन्दुस्तानी कामन वेल्थ नाम दिया जाय (जो हिन्दुस्तान की आबादी के लिहाज़ से ठीक भी मालूम होता है) तो न जाने कौन कौन रूठ बैठे. कुछ भी सही कामन वेल्थ का नाम देकर बरतानिया बहुत सी झंझटों से बच गया.

कामन वेल्थ यानी सबका सब पर राज. अगर यह बात नहीं है तो कामन वेल्थ बेकार. सबका सब पर राज के नाते हर

کامن ویلتھ معمولی نام ہے۔ اس کا مول اتنا ہی ہے جتنا لوک راج کا یا اور کسی قسم کے راج کا۔ جس طرح لوک راج کا نام اپنے آپ میں کافی نہیں، اس کا فرانسیسی لوک راج، امریکی لوک راج، چینی لوک راج جیسا روپ دے کر خاص بنایا جاتا ہے ویسے ہی کامن ویلتھ کا جب تک کوئی نام نہ رکھا جائے تب تک وہ بے معنی نام رہے گا۔ ہندوستان کے انگریزی اور ہندوستانی اخباروں میں صرف کامن ویلتھ کی چرچا ہے۔ وہ کامن ویلتھ کس نام سے پکاری جاتی ہے اس کا کوئی ذکر نہیں۔ یہ سنہ ۴۹ء میں پیدا ہونے والی نئی قسم کی کامن ویلتھ برطانی کامن ویلتھ ہے یا ہندوستانی کامن ویلتھ ہے یا ہند برطانی کامن ویلتھ ہے یا ہند پاکستان، لنکا برطانی کامن ویلتھ ہے، اس کا پتہ نہیں چلتا۔ نام نہ رکھنے میں اس کامن ویلتھ کو جنم دینے والوں کی کیا منشا ہے، یہ کون جانتا ہے۔ ہو سکتا ہے، جس طرح اور کئی ضروری باتیں طے ہونے سے رہ گئیں اسی طرح یہ نام بھی طے ہونے سے رہ گیا۔ سچ مچ اس کو اگر برطانی کامن ویلتھ کہا جائے تو ہندوستان، پاکستان اور لنکا روٹھ جائیں اور اگر ہندوستانی کامن ویلتھ نام دیا جائے (جو ہندوستان کی آبادی کے لحاظ سے ٹھیک بھی معلوم ہوتا ہے) تو نہ جانے کون کون روٹھ بیٹھے۔ کچھ بھی سہی کامن ویلتھ کا نام دے کر برطانیہ بہت سی جھنجھٹوں سے بچ گیا۔

کامن ویلتھ یعنی سب کا سب پر راج۔ اگر یہ بات نہیں ہے تو کامن ویلتھ بے کار۔ سب کا سب پر راج کے ناتے ہر

हिन्दुस्तानी को यह जानने की ख़ाहिश पैदा होगी कि हिन्दुस्तान का आस्ट्रेलिया, कैनेडा, न्यूज़ीलैंड, अफ़रीक़ा वग़ैरा से क्या नाता रहेगा. क्या हर हिन्दुस्तानी कामन वेल्थ में शामिल सब मुल्कों का शहरी समझा जायगा. अगर जवाब हाँ है तो वह हक़ तो उसे आज नहीं है. अगर जवाब नहीं है तो कामन वेल्थ की वही हालत हो जाती है जो कामन वेल्थ के नाम के राजा या सरदार की है. बे-हुकूमत का हाकिम कैसा और बेशहरियत की कामन वेल्थ कैसी.

एक हिन्दुस्तानी के नाते हम यह जानना चाहेंगे कि इस तरह की कामन वेल्थ की ज़रूरत किसको ज़्यादा थी, बरतानिया को या हिन्दुस्तान को. बरतानिया को थी तो ठीक थी. हिन्दुस्तान से सच्चा झूटा, हलका भारी, दुबला मोटा कैसा भी रिश्ता बनाये रखने में बरतानिया की धाक को इतना धक्का नहीं पहुँचता जितना धक्का बरतानिया को उस वक़्त लगता जब हिन्दुस्तान आयरलैंड की तरह बरतानिया से अपना रिश्ता दो टूक काट लेता. इस फ़ैसले को सुनकर कि हिन्दुस्तान लोक राज रहते हुए भी कामन वेल्थ में रहेगा, बरतानिया वालों को बड़ी ख़ुशी हुई थी और उन्होंने तसल्ली का साँस लिया था. यह दूसरी बात है कि बरतानिया को और भी ज़्यादा ख़ुशी मनाने से वहाँ के राज नेताओं ने खुले खुले रोका था. कुछ भी सही, बरतानिया को इस काग़ज़ी कामन वेल्थ की भी काफ़ी ज़रूरत थी. हिन्दुस्तान भी किसी न किसी वजह से बरतानिया का दोस्त बने रहने में अपनी भलाई मानता है. इस बारे में हम ज़्यादा न लिखकर बर्मा के उस वज़ीर के उन लफ़्ज़ों को याद दिला देना चाहते हैं जिसने इंगलिस्तान से लौटते वक़्त किसी मुलाक़ात

ہندستانی کو یہ جاننے کی خواہش پیدا ہوگی کہ ہندستان کا آسٹریلیا، کینیڈا، نیوزیلینڈ، افریقہ وغیرہ سے کیا ناتا رہے گا۔ کیا ہر ہندستانی کامن ویلتھ میں شامل سب ملکوں کا شہری سمجھا جائے گا۔ اگر جواب ہاں ہے تو یہ حق تو اُسے آج نہیں ہے۔ اگر جواب نہیں ہے تو کامن ویلتھ کی وہی حالت ہو جاتی ہے جو کامن ویلتھ کے نام کے راجا یا سردار کی ہے۔ بے حکومت کا حاکم کیسا اور بے شہریت کی کامن ویلتھ کیسی۔

ایک ہندستانی کے ناتے ہم یہ جاننا چاہیں گے کہ اس طرح کی کامن ویلتھ کی ضرورت کس کو زیادہ تھی، برطانیہ کو یا ہندستان کو۔ برطانیہ کو تھی تو ٹھیک تھی۔ ہندستان سے سچا جھوٹا، ہلکا بھاری، دبلا موٹا کیسا بھی رشتہ بنائے رکھنے میں برطانیہ کی دھاک کو اتنا دھکا نہیں پہنچتا جتنا دھکا برطانیہ کو اس وقت لگتا جب ہندستان آئرلینڈ کی طرح برطانیہ سے اپنا رشتہ دو ٹوک کاٹ لیتا۔ اس فیصلے کو سنکر کہ ہندستان لوک راج رہتے ہوئے بھی کامن ویلتھ میں رہے گا، برطانیہ والوں کو بڑی خوشی ہوئی تھی اور انھوں نے تسلی کا سانس لیا تھا۔ یہ دوسری بات ہے کہ برطانیہ کو اور بھی زیادہ خوشی منانے سے وہاں کے راج نیتاؤں نے کھلے کھلے روکا تھا۔ کچھ بھی سہی، برطانیہ کو اس کاغذی کامن ویلتھ کی بھی کافی ضرورت تھی۔ ہندستان بھی کسی نہ کسی وجہ سے برطانیہ کا دوست بنے رہنے میں اپنی بھلائی مانتا ہے۔ اس بارے میں ہم زیادہ نہ لکھ کر برما کے اس وزیر کے ان لفظوں کو یاد دلا دینا چاہتے ہیں جس نے انگلستان سے لوٹتے وقت کسی ملاقات

के जवाब में वह कहा करते थे—"हमारे लिये तो अंगरेज भी शैतान और जापानी भी शैतान. अंगरेज जाना पहिचाना शैतान है, जापानी बेजाना पहिचाना शैतान है. फिर हम जाने पहिचाने शैतान से दोस्ती छोड़कर बेजाने पहिचाने शैतान से दोस्ती क्यों गाठेंगे." कुछ ऐसी ही हालत हिन्दुस्तान की है. वह भी अपने जाने पहिचानों से दोस्ती बनाये रखने में ही अपना भला समझता है. फिर चाहे उन जान पहिचान वालों ने उसको कितना ही क्यों न सताया हो, कितना ही क्यों न लूटा हो और कितना ही क्यों न काँटों में घसीटा हो. और अगर कहीं उन जान पहचान वालों के हाथ में हमारा रुपया फँसा हो तब तो हिन्दुस्तान क्या सभी मुल्क उससे दोस्ती बनाये रखना अक्ल की सूझ ही मानेंगे.

गांधी जी चलते चलते एक सबक़ दे गये हैं, "जब तुम्हारा मुनीम ग़लत सही कोई सौदा कर आये तो उसके मान लेने में ही मुनीम की और दुकान की भलाई है." इस सीख के बल पर हम तो हिन्दुस्तानियों से यही कहेंगे कि वह कामन वेल्थ में रहते हुए अपने आपको इतना क़ाबिल बनायें कि हिन्दुस्तानी सरकार ऐसे रह सके मानो वह कामन वेल्थ में है ही नहीं और उसका बर्तानियों से कोई रिश्ता ही नहीं है. साफ़ शब्दों में हम यह कहना चाहते हैं कि जिस दिन हिन्दुस्तान के सब दल एक दिल हो जायेंगे उस दिन कामन वेल्थ का जाल हाथ लगाये बिना जलकर राख हो जायगा और उसकी राख हवा में उड़ जायगी.

१२-५-४९ —भगवानदीन

کے جواب میں یہ کہا کرتے تھے "ہمارے لئے تو انگریز بھی شیطان اور جاپانی بھی شیطان۔ انگریز جانا پہچانا شیطان ہے، جاپانی بے جانا پہچانا شیطان ہے۔ پھر ہم جانے پہچانے شیطان سے دوستی چھوڑ کر بے جانے پہچانے شیطان سے دوستی کیوں گانٹھیں گے۔" کچھ ایسی ہی حالت ہندستان کی ہے۔ وہ بھی اپنے جانے پہچانوں سے دوستی بنائے رکھنے میں ہی اپنا بھلا سمجھتا ہے۔ پھر چاہے ان جان پہچان والوں نے اس کو کتنا ہی کیوں نہ ستایا ہو، کتنا ہی کیوں نہ لوٹا ہو اور کتنا ہی کیوں نہ کانٹوں میں گھسیٹا ہو۔ اور اگر کہیں ان جان پہچان والوں کے ہاتھ میں ہمارا روپیہ پھنسا ہو تب تو ہندستان کیا سبھی ملک اس سے دوستی بنائے رکھنا وقت کی سوجھ ہی مانیں گے۔

گاندھی جی چلتے چلتے ایک سبق دے گئے ہیں، "جب تمہارا منیم غلط صحیح کوئی سودا کر آئے تو اس کے مان لینے میں ہی منیم کی اور دکان کی بھلائی ہے۔" اس سیکھ کے بل پر ہم تو ہندستانیوں سے یہی کہیں گے کہ وہ کامن ویلتھ میں رہتے ہوئے اپنے آپ کو اتنا قابل بنائیں کہ ہندستانی سرکار ایسے رہ سکے مانو وہ کامن ویلتھ میں ہے ہی نہیں اور اس کا برطانیہ سے کوئی رشتہ ہی نہیں ہے۔ صاف لفظوں میں ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ جس دن ہندستان کے سب دل ایک دل ہو جائیں گے اس دن کامن ویلتھ کا جال ہاتھ لگائے بنا جل کر راکھ ہو جائے گا۔ اور اس کی راکھ ہوا میں اُڑ جائے گی۔

بھگوان دین ۱۲-۵-۴۹

(१) एक ऐसी हिन्दुस्तानी कल्चर का बढ़ाना, फैलाना और प्रचार करना जिसमें सब हिन्दुस्तानी शामिल हों.

(२) एकता फैलाने के लिये किताबों, अख़बारों, रिसालों वग़ैरह का छापना.

(३) पढ़ाई घरों, किताब घरों, सभाओं, कानफ़रेन्सों, लेक्चरों से सब धर्मों, जातों, बिरादरियों और फ़िर्क़ों में आपस का मेल बढ़ाना.

—•—

सोसाइटी के प्रेसीडेन्ट—सर तेज बहादुर सप्रू; वाइस प्रेसीडेन्ट—डा० भगवानदास और डा० अब्दुल हक़; गवर्निंग बाडी के प्रेसीडेन्ट—डा० भगवानदास; सेक्रेटरी पं० सुन्दरलाल; ख़ज़ान्ची—डा० ताराचन्द.

गवर्निंग बाडी के और मेम्बर

डा० सय्यद महमूद, मि० अब्दुल मजीद ख़्वाजा, मौलवी सय्यद सुलेमान नदवी, मि० मंज़र अली सोख़्ता, श्री बी० जी० खेर, मि० एस० के० रुद्रा, पं० विशम्भर नाथ.

—•—

सोसाइटी की बम्बई शाख़ का दफ़्तर

जहाँगीर वाडिया बिल्डिंग, ५१ महात्मा गान्धी रोड, फ़ोर्ट, बम्बई.

बम्बई शाख़ की मैनेजिंग कमेटी के मेम्बर—

श्री बी० जी० खेर, श्रीमती सोफ़िया वाडिया, प्रिन्सिपल ए० ए० ए० फ़ैज़ी, श्री एम० एच० पकवासा, श्रीमती हंसा मेहता, सय्यद अब्दुल्ला बरेलवी, मि० के० वी० शाह.

क़ायदे के लिए लिखिए.

सुन्दर लाल
सेक्रेटरी हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी
४८ बाई का बाग़, इलाहाबाद.

नोट—सोसाइटी के मेम्बरों को "नया हिन्द" और सोसाइटी की सब किताबें वग़ैरह दो तिहाई दाम पर मिलती हैं.

مقصد

(۱) ایک ایسی ہندستانی کلچر کا بڑھانا، پھیلانا اور پرچار کرنا جس میں سب ہندستانی شامل ہوں۔

(۲) ایکتا پھیلانے کے لئے کتابوں، اخباروں، رسالوں وغیرہ کا چھاپنا۔

(۳) پڑھائی گھروں، کتاب گھروں، سبھاؤں، کانفرنسوں، لکچروں سے سب دھرموں، جاتوں، برادریوں اور فرقوں میں آپس کا میل بڑھانا۔

—:0:—

سوسائٹی کے پریسیڈنٹ — سر تیج بہادر سپرو؛ وائس پریسیڈنٹ—ڈاکٹر بھگوان داس اور ڈاکٹر عبدالحق؛ گورننگ باڈی کے پریسیڈنٹ۔ ڈاکٹر بھگوان داس؛ سکریٹری—پنڈت سندر لال؛ خزانچی—ڈاکٹر تارا چند۔

گورننگ باڈی کے اور ممبر—

ڈاکٹر سید محمود، مسٹر عبدالمجید خواجہ، مولوی سید سلیمان ندوی، مسٹر منظور علی سوختہ، شری بی جی کھیر، مسٹر ایس کے رودرا، پنڈت بشمبھر ناتھ۔

—:0:—

سوسائٹی کی بمبئی شاخ کا دفتر—

جہانگیر واڈیا بلڈنگ، ۵۱ مہاتما گاندھی روڈ، فورٹ بمبئی۔

بمبئی شاخ کی منیجنگ کمیٹی کے ممبر—

شری بی-جی-کھیر، شریمتی صوفیا واڈیا، پرنسپل اے-اے-اے-فیضی، شری ایم-ایچ-پکواسا، شریمتی ہنسا مہتا، سید عبداللہ بریلوی، مسٹر کے-وی-شاہ۔

ممبری کے قاعدوں کے لئے لکھئے۔

سندر لال
سکریٹری ہندستانی کلچر سوسائٹی،
۴۸ بائی کا باغ، الہ آباد۔

نوٹ—سوسائٹی کے ممبروں کو "نیا ہند" اور سوسائٹی کی سب کتابیں وغیرہ دو تہائی دام پر ملتی ہیں۔

Registered No. A 210

“गीताऔर “क़ुरान”

लेखक—पंडित सुन्दरलाल

इस किताब के शुरू में दुनिया के सब बड़े बड़े धर्मों की एकता को दिखलाया गया है और सब धर्मों की किताबों से हवाले देकर मिलती जुलती बुनियादी सचाइयों को बयान किया गया है.

उसके बाद गीता के लिखे जाने के वक़्त की इस देश की हालत, गीता के बड़प्पन और एक एक अध्याय को लेकर गीता की तालीम को बतलाया गया है.

आख़िर में क़ुरान से पहले की अरब की हालत, क़ुरान के बड़प्पन और एक एक बात पर क़ुरान की तालीम को बयान किया गया है. इस में क़ुरान की पांच सौ से ऊपर आयतों का लफ़्ज़ी तरजुमा दिया गया है. यह भी बताया गया है कि क़ुरान में जेहाद, आक़ेबत, आख़ेरत, जन्नत, जहन्नम, काफ़िर वग़ैरा किसे कहा गया है.

जो लोग सब धर्मों की एकता को समझना चाहें या हिन्दू धर्म और इसलाम दोनों की इन दो अमर पुस्तकों की सच्ची जानकारी हासिल करना चाहें उन्हें इस किताब को ज़रूर पढ़ना चाहिये.

किताब आसान हिन्दुस्तानी ज़बान में, नागरी और उर्दू दोनों लिखावटों में अलग अलग मिल सकती है. पौने तीन सौ सफ़े की सुन्दर जिल्द बँधी किताब की क़ीमत सिर्फ़ ढाई रुपए. डाक ख़र्च अलग.

मैनेजर "नया हिन्द"

४८ बाई का बाग इलाहाबाद

”گیتا اور قرآن“

لیکھک - پنڈت سندر لال

اس کتاب کے شروع میں دنیا کے سب بڑے بڑے دھرموں کی ایکتا کو دکھایا گیا ھے اور سب دھرموں کی کتابوں سے حوالے دے دے کر ملتی جلتی بنیادی سچائیوں کو بیان کیا گیا ھے.

اسکے بعد گیتا کے لکھے جانے کے وقت کی اس دیش کی حالت، گیتا کے بڑپن اور ایک ایک ادھیائے کو لیکر گیتا کی تعلیم کو بتلایا گیا ھے.

آخر میں قرآن سے پہلے عرب کی حالت، قرآن کے بڑپن اور ایک ایک بات پر قرآن کی تعلیم کو بیان کیا گیا ھے. اسمیں قرآن کی پانچ سو سے اوپر آیتوں کا لفظی ترجمہ دیا گیا ھے. یہ بھی بتایا گیا ھے کہ قرآن میں جہاد، عاقبت، آخرت، جنت، جہنم، کافر وغیرہ کسے کہا گیا ھے.

جو لوگ سب دھرموں کی ایکتا کو سمجھنا چاھیں یا ھندو دھرم اور اسلام دونوں کی ان دو امر پستکوں کی سچی جانکاری حاصل کرنا چاھیں اُنھیں اس کتاب کو ضرور پڑھنا چاھئیے.

کتاب آسان ھندوستانی زبان میں ناگری اور اُردو دونوں لکھاوٹوں میں الگ الگ مل سکتی ھے. پونے تین سو صفحے کی سندر جلد بندھی کتاب کی قیمت صرف ڈھائی روپیہ - ڈاک خرچ الگ

مینیجر ’نیا ھند‘

۴۸ - بائی کا باغ الہ آباد

नया हिन्द

نیا ہند

जून
सन् १९४९

جون
سنہ ۱۹۴۹ء

"नया हिन्द"

हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी का परचा

एडीटर—

...चन्द, भगवानदीन, मुज़फ्फ़रहसन, विशम्भरनाथ, सुन्दरलाल

जून १९४९

क्या किस से

...ता लेकर गीता की ... स पहले की अरब की हालत, कुरान के.

क़ीमत—हिन्दुस्तान में छै रुपया साल, बाहर दस रुपया साल
एक परचा दस आने

मैनेजर
'नया हिन्द'
४८, बाई का बाग़- इलाहाबाद

"نیا ہند"

ہندستانی کلچر سوسائٹی کا پرچہ

ایڈیٹر—

تارا چند، بھگوان دین، مظفر حسن، بشمبھر ناتھ، سندر لال

جون ۱۹۴۹

کیا کس سے

اس کتاب کے شروع میں ... کی ایکتا کو دکھایا گیا ہے اور سب دھرموں ... دے دے کر ملتی جلتی بنیادی سچائیوں کو بیان کیا ہے۔ اسکے بعد گیتا کے لکھے جانے کے وقت کی اس دیش کی حالت، گیتا کے بڑپن اور ایک ایک ادھیائے کو لیکر گیتا کی تعلیم کو بتلایا گیا ہے۔

آخر میں قرآن سے پہلے عرب کی حالت، قرآن کے بڑپن اور ایک ایک بات پر قرآن کی تعلیم کو دیا... کیا گیا ہے۔

قیمت—ہندستان میں چھ روپیہ سال باہر دس روپیہ سال
ایک پرچہ دس آنے

مینیجر
'نیا ہند'
۴۸ بائی کا باغ الہ آباد

'नया हिन्द' के पाठकों से

१५ अगस्त हमारी आज़ादी का दिन है. इन दो बरस के अन्दर तरह तरह के सवाल देश के सामने आये हैं और बहुत से पुराने सवालों ने नया रूप लिया है. ऐसे अवसर पर हम चाहते हैं कि महात्मा गांधी का वह सन्देश और उनकी वह सलाह जो ३० जनवरी १९४८ के सवेरे उन्हों ने देश को लिखकर दी थी, हम अपने पढ़ने वालों के सामने रखदें. भाई मंज़र अली सोख़्ता ने पूरी तफ़सील के साथ गांधी जी की उस सलाह पर एक बड़ी अच्छी और क़ीमती व्याख्या भी लिखी है. हो सकता है कि वह व्याख्या डेढ़ सौ पन्ने या इस से भी ज़्यादा की हो. अगले नम्बर में हम उसे पूरा देंगे. इस लिये जुलाई और अगस्त का अंक एक मिला जुला अंक होगा जिसे हम १५ अगस्त तक पाठकों की सेवा में पहुँचा देने की कोशिश करेंगे !

— एडीटर

'نیا هند' کے پاٹھکوں سے

۱۵ اگست هماری آزادی کا دن هے - اِن دو برس کے اندر طرح طرح کے نئے سوال دیس کے سامنے آئے هیں اور بہت سے پرانے سوالوں نے نیا روپ لیا هے - ایسے اوسر پر هم چاهتے هیں که مہاتما گاندھی کا وہ سندیش اور اُن کی وہ صلاح جو ۳۰ جنوری ۱۹۴۸ع کے سویرے اُنہوں نے دیش کو لکھکر دی تھی، هم اپنے پاٹھکوں کے سامنے رکھدیں - بھائی منظر علی سوختہ نے پوری تفصیل کے ساتھ گاندھی جی کی اُس صلاح پر ایک بڑی اچھی اور قیمتی ویاکھیا بھی لکھی هے - هو سکتا هے وہ ویاکھیا ڈیڑھ سو پنے کی یا اِس سے بھی زیادہ کی هو - اگلے نمبر میں هم اُسے پورا دینگے - اِس لئے جولائی اور اگست کا انک ایک ملاجلا انک هوگا جسے هم ۱۵ اگست تک پاٹھکوں کی سیوا میں پہنچادینے کی کوشش کرینگے ۔

— ایڈیٹر

नया हिन्द — نیا ہند

जिल्द ६ जून'४९ नम्बर ६

جلد ۶ جون ۴۹ء نمبر ۶

जात आदमी, प्रेम धर्म है. हिन्दुस्तानी बोली.
'नया हिन्द' पहुँचेगा घर घर लिये प्रेम की झोली.

جات آدمی، پریم دھرم ہے، ہندستانی بولی،
'نیا ہند' پہنچے گا گھر گھر لئے پریم کی جھولی۔

मेरी खुशियाँ

(भाई मसऊद हुसैन)

भाग गईं जो मेरी खुशियाँ
बादल के सीने में झमकीं
तारों की आँखों से चमकीं
चाँद के माथे पर वह दमकीं
भाग गईं जो मेरी खुशियाँ

میری خوشیاں

(بھائی مسعود حسین)

بھاگ گئیں جو میری خوشیاں
بادل کے سینے میں جھمکیں
تاروں کی آنکھوں سے چمکیں
چاند کے ماتھے پر وہ دمکیں
بھاگ گئیں جو میری خوشیاں

कलियों के होंठों पर मचलीं,
या उनकी आँखों से छलकीं
पलकों पर नाचीं फिर ढलकीं,
भाग गईं जो मेरी खुशियाँ
चंचल लहरों में वह लहकीं
फूलों के ग़ालों से महकीं
बन नन्हीं चिड़ियाँ वह चहकीं
भाग गईं जो मेरी खुशियाँ

त्याग

(भाई अमजद हैदराबादी)

हर चीज़ का खोना भी बड़ी दौलत है
बेफ़िकरी से सोना भी बड़ी दौलत है
इफ़लास ने सख़्त मौत आसाँ करदी
दौलत का न होना भी बड़ी दौलत है

इफ़लास = ग़रीबी

کلیوں کے ہونٹوں پر جھلکیں،
یا ان کی آنکھوں سے چھلکیں
پلکوں پہ ناچیں پھر ڈھلکیں،
بھاگ گئیں جو میری خوشیاں
چنچل لہروں میں وہ لہکیں
پھولوں کے گالوں سے مہکیں
بن ننھی چڑیاں وہ چہکیں
بھاگ گئیں جو میری خوشیاں

تیاگ

(بھائی امجد حیدرآبادی)

ہر چیز کا کھونا بھی بڑی دولت ہے
بے فکری سے سونا بھی بڑی دولت ہے
افلاس نے سخت موت آساں کر دی
دولت کا نہ ہونا بھی بڑی دولت ہے

افلاس = غریبی

इन्क़लाब क्या होता है ?

(भाई अब्दुलहलीम अन्सारी)

इन्क़लाब, तक़ाज़ा होता है वक़्त का, जो अपने वक़्त पर पूरा हो कर रहता है यानी क्रान्ति वक़्त की शक्ति होती है.

इन्क़लाब, नारा होता है दलित (मज़लूम) का, जो जब बुलन्द होता है, बादल बनकर ऊपर उठता है —और जब गिरता है, बिजली बनकर नीचे गिरता है, चीख़ कर और चमक कर, गरज कर और नारा लगाकर,—जिससे ज़ालिमों के दिल दहल जाते हैं और साम्राजियों के महल गिर जाते हैं.

बिजली की कड़क और चीख़, इन्क़लाब का नारा है—बादल की गरज, इन्क़लाब का गुस्सा और ग़ज़ब है.

चाँद और सूरज की किरन में, सुबह और शाम की पवन में इन्क़लाब का प्रचार है—और फ़ितरत (प्रकृति) ! इन्क़लाब की पालनहार है.

इन्क़लाब ! आकाश के पर्दों को चाक करके बाहर आता है. लमहे लमहे अपना काम और करतब दिखाता है. समय-समय फ़िज़ा बदलता है. समाँ बदलता है, दुनिया का हाल और रंग बदलता है. ज़माने का रूप और ढंग बदलता है.

मौसम की तबदीलियाँ इन्क़लाब की खुली निशानियाँ हैं. दिन की रोशनियाँ और रात की अंधेरियाँ इन्क़लाब की कारगुज़ारियाँ हैं

انقلاب کیا ہوتا ہے

(بھائی عبدالحلیم انصاری)

انقلاب، تقاضہ ہوتا ہے وقت کا، جو اپنے وقت پر پورا ہو کر رہتا ہے یعنی کرانتی وقت کی شکتی ہوتی ہے۔

انقلاب، نعرہ ہوتا ہے دلت (مظلوم) کا، جو جب بلند ہوتا ہے، بادل بنکر اوپر اُٹھتا ہے۔ اور جب گرتا ہے، بجلی بن کر نیچے گرتا ہے، چیخ کر اور چمک کر، گرج کر اور نعرہ لگا کر۔ جس سے ظالموں کے دل دہل جاتے ہیں اور سامراجیوں کے محل گر جاتے ہیں۔

بجلی کی کڑک اور چیخ، انقلاب کا نعرہ ہے۔ بادل کی گرج، انقلاب کا غصہ اور غضب ہے۔

چاند اور سورج کی کرن میں، صبح اور شام کی پون میں انقلاب کا پرچار ہے۔ اور فطرت (پرکرتی)! انقلاب کی پالن ہار ہے۔

انقلاب! آکاش کے پردوں کو چاک کرکے باہر آتا ہے۔ لمحے لمحے اپنا کام اور کرتب دکھاتا ہے۔ سمے سمے فضا بدلتا ہے۔ سماں بدلتا ہے، دنیا کا حال اور رنگ بدلتا ہے۔ زمانے کا روپ اور ڈھنگ بدلتا ہے۔

موسم کی تبدیلیاں انقلاب کی کھلی نشانیاں ہیں۔ دن کی روشنیاں اور رات کی اندھیریاں انقلاب کی کارگزاریاں ہیں

—तख़्त और ताज की उलट पुलट और हुकूमतों की कायापलट में इन्क़लाब की मुस्कराहट देखो—इन बिगड़ी बिगड़ी सूरतों से इन्क़लाब का पैग़ाम लो. इन मिटी-मिटी मूरतों से उनकी बीती सुनो.

ख़ून और संग्राम में इन्क़लाब आबाद है. प्रेम और मोहब्बत में इन्क़लाब की दास्तान है. और यह भी इन्क़लाब का एक राज़ है कि शान्ति में क्रान्ति है और क्रान्ति में ज़िन्दगी है.

इन्क़लाब, एक असर होता है जो वातावरण पर छा कर रहता है.

इन्क़लाब, एक आवाज़ होती है, जो तबदीली को दावत देती है और जो तबदीली लाकर रहती है.

इन्क़लाब, संसार का मेमार होता है और सृष्टि का सुधारक.

इन्क़लाब, प्रकृति का संदेश होता है और संदेश का प्रचारक.

इन्क़लाब, भगवान का बनाया विधान होता है. ख़ुदा का मंशा और फ़रमान होता है, इसलिये हर कस और नाकस हर छोटे बड़े को उसे मानना पड़ता है चाहे दिल के साथ या बे दिली के साथ.

इन्क़लाब का अपना अलग रंग होता है और अपना उसका प्रोग्राम।

रंग ! इन्क़लाबी रंग

प्रोग्राम ! तामीरी प्रोग्राम

इन्क़लाब जहाँ आता है अपना झंडा लहराता है. जहां जाता है अपना मस्ताना नारा लगाता है. वह हर जगह और हर स्थान [illegible] रंग, अपना

— تخت اور تاج کی اُلٹ پلٹ اور حکومتوں کی کایا پلٹ میں انقلاب کی مسکراہٹ دیکھو — ان بگڑی بگڑی صورتوں سے انقلاب کا پیغام لو۔ ان میٹھی میٹھی مورتوں سے ان کی بیتی سنو۔

خون اور سنگرام میں انقلاب آباد ہے۔ پریم اور محبت میں انقلاب کی داستان ہے۔ اور یہ بھی انقلاب کا ایک راز ہے کہ شانتی میں کرانتی ہے اور کرانتی میں زندگی ہے۔

انقلاب، ایک اثر ہوتا ہے جو واتاورن پر چھا کر رہتا ہے۔

انقلاب، ایک آواز ہوتی ہے، جو تبدیلی کو دعوت دیتی ہے اور جو تبدیلی لا کر رہتی ہے۔

انقلاب، سنسار کا معمار ہوتا ہے اور سرشٹی کا سُدھارک۔

انقلاب، پرکرتی کا سندیش ہوتا ہے اور سندیش کا پرچارک۔

انقلاب، بھگوان کا بنایا ودھان ہوتا ہے۔ خدا کا منشا اور فرمان ہوتا ہے، اسی لئے ہر کس اور ناکس ہر چھوٹے بڑے کو اُسے ماننا پڑتا ہے چاہے دل کے ساتھ یا بے دلی کے ساتھ۔

انقلاب کا اپنا الگ رنگ ہوتا ہے اور اپنا اس کا پروگرام!

رنگ! انقلابی رنگ

پروگرام! تعمیری پروگرام

انقلاب جہاں جاتا ہے اپنا جھنڈا لہراتا ہے۔ جہاں جاتا ہے اپنا مستانہ نعرہ لگاتا ہے۔ وہ ہر جگہ اور ہر استھان اپنا رنگ جما کر رہتا ہے۔ وہ ہر دیش اور ہر مقام، اپنا

[redacted]

प्रोग्राम चलाकर रहता है और अपना पैग़ाम फैला कर रहता है.

इन्क़लाब ! बे ख़ौफ़ और निडर होता है. वह अपने मिशन का ख़ुद लीडर होता है और जज़्बाती फ़ौज का कमान्डर !

इन्क़लाब ! वक़्त की पुकार होता है. और पुकार उसकी ललकार होती है.

इन्क़लाब ! इन्तक़ाम की तलवार होती है. लाल जिसकी धार होती है—वह इन्क़लाब ख़ूनी इन्क़लाब कहलाता है.

इन्क़लाब ! जनता का सैलाब होता है. जज़्बात का तूफ़ान होता है. मसावात (बराबरी) का अलमबरदार होता है. और लाल इसका निशान होता है.

इन्क़लाब का जन्म ! ज़ालिम साम्राज साम्राज की ठोकर से ग़रीब के शरीर से जो चिन्गारी निकलती है उसी चिन्गारी से क्रान्ति की लौ आग पकड़ती है यानी इन्क़लाब जन्म लेता है. और मज़लूम की ठंडी आह से इन्क़लाब रूप भरता है—पस मालूम हुआ, इन्क़लाब गर्म आंच से भी जन्म लेता है और ठंडी सांस से भी !

किसी भी ज़ालिम और फूट डालने वाली हुकूमत की सख़्ती और मक्कारी से क्रन्ति को शक्ति मिलती है. ज़ुल्म की ज़्यादती और ना इन्साफ़ी से इन्क़लाब के मिज़ाज को गर्मी पहुँचती है. जिससे उसके दिल में आग लगती है और ख़ून उसका खौलता है. इसी खौलते ख़ून से उसमें ज़िन्दगी की नई लहर दौड़ती है और उसकी रग-रग में नई जान पड़ती है. इसी जानदार तहरीक या आन्दोलन को इन्क़लाब की जान कहते हैं.

پروگرام چلا کر رہتا ہے اور اپنا پیغام پھیلا کر رہتا ہے۔

انقلاب! بے خوف اور نڈر ہوتا ہے۔ وہ اپنے مشن کا خود لیڈر ہوتا ہے اور جذباتی فوج کا کمانڈر!

انقلاب! وقت کی پکار ہوتی ہے۔ اور پکار اس کی للکار ہوتی ہے۔

انقلاب! انتقام کی تلوار ہوتی ہے۔ لال جس کی دھار ہوتی ہے — یہ انقلاب خونی انقلاب کہلاتا ہے۔

انقلاب! جنتا کا سیلاب ہوتا ہے۔ جذبات کا طوفان ہوتا ہے۔ مساوات (برابری) کا علم بردار ہوتا ہے۔ اور لال اس کا نشان ہوتا ہے۔

انقلاب کا جنم! ظالم سامراج کی ٹھوکر سے غریب کے شریر سے جو چنگاری نکلتی ہے اسی چنگاری سے کرانتی کی لو آگ پکڑتی ہے یعنی انقلاب جنم لیتا ہے۔ اور مظلوم کی ٹھنڈی آہ سے انقلاب روپ بھرتا ہے — پس معلوم ہوا، انقلاب گرم آنچ سے بھی جنم لیتا ہے اور ٹھنڈی سانس سے بھی!

کسی بھی ظالم اور پھوٹ ڈالنے والی حکومت کی سختی اور مکاری سے کرانتی کو شکتی ملتی ہے۔ ظلم کی زیادتی اور نا انصافی سے انقلاب کے مزاج کو گرمی پہنچتی ہے۔ جس سے اس کے دل میں آگ لگتی ہے اور خون اس کا کھولتا ہے۔ اسی کھولتے خون سے اس میں زندگی کی نئی لہر دوڑتی ہے اور اس کی رگ رگ میں نئی جان پڑتی ہے۔ اسی جاندار تحریک یا آندولن کو انقلاب کی جان کہتے ہیں۔

जज़्बात के टकराव से जो भाव पैदा होता है वही इन्क़लाब को उत्पन्न करने वाला होता है.

राय के इख़्तलाफ़ से जो जज़्बा उभरता है वही इन्क़लाब का दम भरता है.

इन्क़लाब के नाम से जो शक्ति काम करती है वही इन्क़लाब की तहरीक बनती है. इन्क़लाब की तहरीक ग़रीबों की ईद होती है. सरफ़रोशों का मेला होता है. जिसमें ग़रीबों, कमज़ोरों, दुखियारों और मजबूरों के नाम पर लोगों को दावत दी जाती है घर घर नेवता फिरता है, कुटुम्ब कुटुम्ब इन्क़लाब का ढोल पिटता है. आख़िर यह कि कमज़ोरों की ताक़त और बहावट इन्क़लाब को अपने साथ लेकर आगे चलती है. जिससे अत्याचारों की महफ़िल में हलचल मचती है और उनके ऐश में गड़बड़ पड़ती है.

इन्क़लाब का सम्बन्ध अधिकतर, ग़रीबों और मज़लूमों से होता है. दुखियारों और सितम के मारों से होता है. ग़रीब चूंकि अल्ला से क़रीब होते हैं इसलिये जब इन्क़लाब आता है. आसमान से उसको मदद मिलती है भगवान की उस पर दया होती है. समाज से उसको ताक़त पहुँचती है.

इन्क़लाब एक प्रबन्ध और निज़ाम का नाम है जो पुराने ढाँचों को बदल कर नई तामीर खड़ी करता है,

इन्क़लाब, तामीर और सुधार का कारिन्दा है जो भद्दे-भद्दे नक़्श मिटा कर सुन्दर-सुन्दर चित्र उभारता है, यानी यह कि इन्क़लाब का काम निर्मान और सुधार है—इन्क़लाब चूँकि ज़ात का मेमार (राज) होता है इसलिये कुदाल और परकार उसका औज़ार होता है.

جذبات کے ٹکراؤ سے جو بھاؤ پیدا ہوتا ہے وہی انقلاب کو اتپن کرنے والا ہوتا ہے۔

رائے کے اختلاف سے جو جذبہ ابھرتا ہے وہی انقلاب کا دم بھرتا ہے۔

انقلاب کے نام سے جو شکتی کام کرتی ہے وہی انقلاب کی تحریک بنتی ہے۔ انقلاب کی تحریک غریبوں کی عید ہوتی ہے۔ سرفروشوں کا میلا ہوتا ہے۔ جس میں غریبوں، کمزوروں، دکھیاروں اور مجبوروں کے نام پر لوگوں کو دعوت دی جاتی ہے گھر گھر نیوتا پھرتا ہے، کٹمب کٹمب انقلاب کا ڈھول پٹتا ہے۔ آخر یہ کہ کمزوروں کی طاقت اور بہاوٹ انقلاب کو اپنے ساتھ لے کر آگے چلتی ہے۔ جس سے اتیاچاروں کی محفل میں ہلچل مچتی ہے اور ان کے عیش میں گڑبڑ پڑتی ہے۔

انقلاب کا سمبندھ ادھک تر، غریبوں اور مظلوموں سے ہوتا ہے۔ دکھیاروں اور ستم کے ماروں سے ہوتا ہے۔ غریب چوں کہ اللہ سے قریب ہوتے ہیں اس لئے جب انقلاب آتا ہے۔ آسمان سے اس کو مدد ملتی ہے بھگوان کی اس پر دیا ہوتی ہے۔ سماج سے اس کو طاقت پہنچتی ہے۔

انقلاب ایک پربندھ اور نظام کا نام ہے جو پرانے ڈھانچے کو بدل کر نئی تعمیر کھڑی کرتا ہے،

انقلاب، تعمیر اور سدھار کا کارندہ ہے جو بھدے بھدے نقش مٹا کر سندر سندر چتر ابھارتا ہے، یعنی یہ کہ انقلاب کا کام نرمان اور سدھار ہے۔ انقلاب چوں کہ ذات کا معمار (راج) ہوتا ہے اس لئے کدال اور پرکار اس کا اوزار ہوتا ہے۔

इन्क़लाब ! हुस्न परवर और जिद्दत पसन्द (नवीनता पसन्द) है, इन्क़लाब सुन्दरता का मतवाला और शबाब (जवानी) का प्यासा है. इसलिये वह हर चीज़ में शबाब ही शबाब चाहता है, और जवानी ही जवानी,—वह दुनिया को इन्क़लाब का पैग़ाम देकर बूढ़ी दुनिया में जवानी की नई रूह फूँकना चाहता है और उसके नस नस में शबाब की स्पिट दौड़ा देना चाहता है. यही उसका काम है और इसी लिये वह हर वक़्त जवान है. वह चूँकि जवान है इसलिये जवान उम्मीदों और जवान उमंगों का ज़ख़ीरा वह अपने साथ रखता है—वह समाज को शबाब का जाम पिलाकर और मुस्तक़बिल(भविष्य)की शान बताकर मस्त कर देता है, इन्क़लाब के मस्ताने और मतवाले इसी मस्ती में मस्त होकर और झूम-झूम कर आगे बढ़े चले आते हैं. बड़े-बड़े तूफ़ानों से वह टकराते हैं. बड़े-बड़े शैतानों से वह टकराते हैं. आगों में वह कूद जाते हैं. पानी में वह डूब जाते हैं. और फिर उभर आते हैं. पहाड़ों को वह तराशते हैं. पानी को वह काटते हैं. फ़िज़ा को वह नापते हैं. सितारों को वह तोड़ते हैं. अंगारों को वह झेलते हैं—ग़रज़ बड़े-बड़े काम और जतन इसी धुन और लगन में वह कर जाते हैं. पर हिम्मत नहीं हारते .

(५१७)

इन्क़लाब का मिज़ाज बड़ा गर्म और टेढ़ा होता है और ख़ुद वह बड़ा जोशीला होता है जैसे आग का बगूला !

इन्क़लाब बड़ा तेज़ और फुर्तीला होता है जैसे बिजली—बड़ा हलाकत ख़ेज़ (हत्यारा) होता है जैसे आंधी !

इन्क़लाब बड़ा डरावना और हौलनाक होता है जैसे बादल की गरज या बिजली की कड़क.

انقلاب! حسن پرور اور جدت پسند (نوینتا پسند) ہے، انقلاب سندرتا کا متوالا اور شباب (جوانی) کا پیاسا ہے۔ اس لئے وہ ہر چیز میں شباب ہی شباب چاہتا ہے، اور جوانی ہی جوانی ہے — وہ دنیا کو انقلاب کا پیغام دیکر بوڑھی دنیا میں جوانی کی نئی روح پھونکنا چاہتا ہے اور اس کے نگ نگ میں شباب کی اسپرٹ دوڑا دینا چاہتا ہے۔ یہی اس کا کام ہے اور اسی لئے وہ ہر وقت جوان ہے۔ وہ چونکہ جوان ہے اس لئے جوان امیدوں اور جوان امنگوں کا ذخیرہ وہ اپنے ساتھ رکھتا ہے۔ وہ سماج کو شباب کا جام پلا کر اور مستقبل (بھوشیہ) کی شان بتا کر مست کر دیتا ہے، انقلاب کے مستانے اور متوالے اسی نشے میں مست ہو کر اور جھوم جھوم کر آگے بڑھے چلے جاتے ہیں۔ بڑے بڑے طوفانوں سے وہ ٹکراتے ہیں۔ بڑے بڑے شیطانوں سے وہ ٹکراتے ہیں۔ آگوں میں وہ کود جاتے ہیں۔ پانی میں وہ ڈوب جاتے ہیں۔ اور پھر ابھر آتے ہیں۔ پہاڑوں کو وہ تراشتے ہیں۔ پانی کو وہ کاٹتے ہیں۔ فضا کو وہ ناپتے ہیں۔ ستاروں کو وہ توڑتے ہیں۔ انگاروں کو وہ جھیلتے ہیں — غرض بڑے بڑے کام اور جتن اسی دھن اور لگن میں کر جاتے ہیں۔ پر ہمت نہیں ہارتے۔

انقلاب کا مزاج بڑا گرم اور ٹھنڈا ہوتا ہے اور خود وہ بڑا جوشیلا ہوتا ہے جیسے آگ کا بگولا!

انقلاب بڑا تیز اور پھرتیلا ہوتا ہے جیسے بجلی۔ بڑا ہلاکت خیز (ہتیارا) ہوتا ہے جیسے آندھی!

انقلاب بڑا ڈراونا اور ہولناک ہوتا ہے جیسے بادل کی گرج یا بجلی کی کڑک۔

इन्क़लाब बड़ा ताक़तवर और बे परवाह होता है जैसे तूफ़ान और सैलाब (बाढ़)—इसी लिये उसकी रोकथाम मुशिकिल काम है.

इन्क़लाब, एक तमाशा होता है जो दम के दम में क्या क्या रंग दिखाता है ?

इन्क़लाब, एक तिलिस्म (जादू) होता है जो आनन फ़ानन दुनिया का नक़्शा बदल देता है. राज बदल देता है. बिसात बदल देता है, बिसात के मोहरे चेहरे बदल देता है. शाह और वज़ीर बदल देता है ग़ुलाम और पैदल बदल देता है.

इन्क़लाब का इरादा मज़बूत होता है जैसे फ़ौलाद और हौसला उसका बुलन्द होता है जैसे पर्वत !

इन्क़लाब बड़ा मज़बूत, जीदार और बाहिम्मत होता है. वह अपनी हिम्मत के बूते पर पर्वत से टकराता है और अपने शबाब के घमंड पर आकाश से ऊंची बातें लगाता है. वह कभी कभी हमारी निगाह से ग़ायब भी हो जाता है लेकिन फिर आ जाता है. मालूम हुआ वह जनम पे जनम लेता है और ज़िन्दगी पे ज़िन्दगी पाता है—ठीक है ! इन्क़लाब नाम है शबाब का—और आवागमन दूसरा नाम है इन्क़लाब का.

इन्क़लाब दो क़िस्म का होता है. एक वह जिसका पालन क़ुदरत करती है यानी जिसका प्रबन्ध प्रकृति अपने ज़िम्मे रखती है. उस पर ज़्यादा बातचीत बेकार, क्योंकि वह अटल होता है और क़ुदरत के क़ानून के आधीन.

انقلاب بڑا طاقتور اور بے پرواہ ہوتا ہے جیسے طوفان اور سیلاب (باڑھ)۔ اسی لئے اس کی روک تھام مشکل کام ہے۔

انقلاب، ایک تماشہ ہوتا ہے جو دم کے دم میں کیا کیا رنگ دکھاتا ہے؟

انقلاب، ایک طلسم (جادو) ہوتا ہے جو آناً فاناً دنیا کا نقشہ بدل دیتا ہے۔ راج بدل دیتا ہے۔ بساط بدل دیتا ہے۔ بساط کے مہرے چہرے بدل دیتا ہے۔ شاہ اور وزیر بدل دیتا ہے غلام اور پیدل بدل دیتا ہے۔

انقلاب کا ارادہ مضبوط ہوتا ہے جیسے فولاد اور حوصلہ اس کا بلند ہوتا ہے جیسے پربت!

انقلاب بڑا مضبوط، جی دار اور باہمت ہوتا ہے۔ وہ اپنی ہمت کے بوتے پر پربت سے ٹکراتا ہے اور اپنے شباب کے گھمنڈ پر آکاش سے اونچی باتیں لگاتا ہے۔ وہ کبھی کبھی ہماری نگاہ سے غائب بھی ہو جاتا ہے لیکن پھر آ جاتا ہے۔ معلوم ہوا وہ جنم پہ جنم لیتا ہے اور زندگی پہ زندگی پاتا ہے — ٹھیک ہے! انقلاب نام ہے شباب کا — اور آواگون دوسرا نام ہے انقلاب کا۔

انقلاب دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک وہ جس کا پالن قدرت کرتی ہے یعنی جس کا پربندھ پرکرتی اپنے ذمے رکھتی ہے۔ اس پر زیادہ بات چیت بیکار، کیوں کہ وہ اٹل ہوتا ہے اور قدرت کے قانون کے آدھین۔

दूसरा इन्क़लाब वह होता है जिसको कोई लीडर या डिक्टेटर लेकर चलता है, जनता की भेंट देकर और बड़ी से बड़ी क़ुर्बानी देकर—या अपना मक़सद हासिल करने के लिये वह नया इन्क़लाब लाना चाहता है—ख़ुद ग़रज़ लीडर, इन्क़लाब के झंडे तले जिस क्रान्ति का शोर मचाते हैं और जिस इन्क़लाब के नारे लगाते हैं उसमें अक्सर लोग धोका खा जाते हैं. वजह यह कि जिस तरह सियासत अपना विश्वास जनता के दिल से खो बैठी है इसी तरह इन्क़लाब भी अपनी बात खोटी कर चुका है.

अभी-अभी हमने बहुत से इन्क़लाब देखे और इन्क़लाब के बहुत से लिबास देखे, राजनैतिक भी और सामाजिक भी,————

नतीजा मालूम !

सही और सच्चे इन्क़लाब का काम है घर-घर शांती लाना, घर घर रोशनी पहुँचाना—आराम पहुँचाना—आनन्द पहुँचाना. जीवन जीवन ज़िन्दगी बख़्शना और जीवन में अमृत की धारें दौड़ाना—

समाज के दुख दर्द का इलाज करना और अवाम के रहन-सहन का ठिकाना करना कपड़े लत्ते का इन्तज़ाम करना.रोटी पानी का प्रबन्ध करना —ज़बान की पासदारी रखना और अपनी ज़िम्मेदारी पूरी करना. दिलों की कदूरत (द्वेष) दूर करना, दिमाग़ों का दलिद्दर निकाल फेंकना प्रेम की प्यास बढ़ाना. जीवन में मिठास पैदा करना. हमदर्दी का भाव उभारना, सदाचार में सुन्दरता लाना. अमीर ग़रीब का फ़र्क़ मिटाना. इन्सानियत की सभा सजाना और उस सभा में सब को बराबर बराबर बिठाना यह तमाम चीज़ें इन्क़लाब के लवाज़मात (साज सामान)

دوسرا انقلاب وہ ہوتا ہے جس کو کوئی لیڈر یا ڈکٹیٹر لے کر چلتا ہے، جنتا کی بھینٹ دے کر اور بڑی سے بڑی قربانی دے کر — یا اپنا مقصد حاصل کرنے کے لئے وہ نیا انقلاب لانا چاہتا ہے — خود غرض لیڈر، انقلاب کے جھنڈے تلے جس کرانتی کا شور مچاتے ہیں اور جس انقلاب کے نعرے لگاتے ہیں اس میں اکثر لوگ دھوکا کھا جاتے ہیں! وجہ یہ کہ جس طرح سیاست اپنا وشواس جنتا کے دل سے کھو بیٹھی ہے اسی طرح انقلاب بھی اپنی بات کھوٹی کر چکا ہے۔

ابھی ابھی ہم نے بہت سے انقلاب دیکھے اور انقلاب کے بہت سے لباس دیکھے، راج نیتک بھی اور سماجک بھی، ————

نتیجہ معلوم!

سچے اور سچے انقلاب کا کام ہے گھر گھر شانتی لانا، گھر گھر روشنی پہونچانا — آرام پہونچانا — آنند پہونچانا۔ جیون جیون زندگی بخشنا اور جیون میں امرت کی دھاریں دوڑانا —

سماج کے دکھ درد کا علاج کرنا اور عوام کے رہن سہن کا ٹھکانا کرنا کپڑے لتے کا انتظام کرنا۔ روٹی پانی کا پربندھ کرنا — زبان کی پاس داری رکھنا اور اپنی ذمے داری پوری کرنا دلوں کی کدورت (دویش) دور کرنا، دماغوں کا دلدر نکال پھینکنا پریم کی پیاس بڑھانا۔ جیون میں مٹھاس پیدا کرنا۔ ہمدردی کا بھاؤ ابھارنا سداچار میں سندرتا لانا۔ امیر غریب کا فرق مٹانا۔ انسانیت کی سبھا سجانا اور اس سبھا میں سب کو برابر برابر بیٹھانا یہ تمام چیزیں انقلاب کے لوازمات (ساز سامان)

में आती हैं. मगर इन्क़लाब के नाम के साथ यह सब चीज़ें इन्साफ़ और मसावात के नाम पर पूरी होती हैं तो वह इन्क़लाब कामयाब इन्क़लाब है और ऐसा ही इन्क़लाब, इन्क़लाब की सही तारीफ़ में आता है.

मुस्लिम देशभक्त

[लेखक श्री० रतनलाल बंसल]

इस किताब में कुछ ऐसे मुसलमान देश भक्तों के जीवन का हाल और उनके कारनामे बयान किये गये हैं जिन्होंने अंगरेज़ों के मनहूस क़दम यहाँ जमने के पहले ही इनके राज की बुराइयों का अन्दाज़ा कर लिया था और इनको हिन्दुस्तान से निकाल भगाने में ही हिन्द की भलाई देखी थी.

इस किताब को पढ़कर आपको मालूम होगा कि किस तरह मुसलमान आलिमों ने सन् १८५७ से भी पहले से आज़ादी की लड़ाई शुरू कर रक्खी थी. अपनी जान हथेली पर रखकर उन्होंने हिन्दुस्तान और विदेशों में रहते हुए भी अंग्रेज़ी हुकूमत का मुक़ाबला किया. यह सब हाल पढ़कर आप दंग रह जायँगे.

किताब दोनों लिखावटों में छपी है. क़ीमत १ रुपया १२ आने

—मैनेजर, 'नया हिन्द,'

४८ बाई का बाग़, इलाहाबाद.

میں آتی ہیں۔ مگر انقلاب کے نام کے ساتھ یہ سب چیزیں انصاف اور مساوات کے نام پر پوری ہوتی ہیں تو وہ انقلاب کامیاب انقلاب ہے اور ایسا ہی انقلاب، انقلاب کی صحیح تعریف میں آتا ہے۔

مسلم دیش بھکت

(شری رتن لال بنسل)

اس کتاب میں کچھ ایسے مسلمان دیش بھکتوں کے جیون کا حال اور ان کے کارنامے بیان کئے گئے ہیں جنھوں نے انگریزوں کے منحوس قدم یہاں جمنے کے پہلے ہی ان کے راج کی برائیوں کا اندازہ کر لیا تھا اور ان کو ہندستان سے نکال بھگانے میں ہی ہند کی بھلائی دیکھی تھی۔

اس کتاب کو پڑھ کر آپ کو معلوم ہوگا کہ کس طرح مسلمان عالموں نے ۱۸۵۷ء سے بھی پہلے سے آزادی کی لڑائی شروع کر رکھی تھی۔ اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر انھوں نے ہندستان اور ودیشوں میں رہتے ہوئے بھی انگریزی حکومت کا مقابلہ کیا۔ یہ سب حال پڑھ کر آپ دنگ رہ جائیں گے۔

کتاب دونوں لکھاوٹوں میں چھپی ہے۔ قیمت ایک روپیہ ۱۲ آنہ

— منیجر، 'نیا ہند'،

۴۸ بائی کا باغ الہ آباد

शेरशाह

(सेठ गोविन्द दास)

पात्र—स्थान-समय

मुख्य पात्र—

फ़रीद—बाद में शेरख़ाँ, बाद में शेरशाह

निज़ाम—फ़रीद का छोटा भाई

हसन—फ़रीद का पिता

ब्रह्मादित्य गौड़—फ़रीद का मित्र

रहमान—निज़ाम का नौकर

ईसा ख़ाँ सख़ानी—एक पठान अमीर

लाडबानू—बाद में लाड मलिका, चुनार के सूबेदार ताजा ख़ाँ की बेगम, बाद में शेरशाह की बेगम

नसीम—लाड मलिका की मैना

हुमायूं—मुग़ल सम्राट

स्थान

सहसराम—बिहार प्रान्त में एक क़सबा

जौन पुर

आगरा

बिहार शरीफ़—बिहार प्रान्त की राजधानी

पात्र=नाटक में काम करने वाले. स्थान=जगह.मुख्य पात्र=ख़ास काम करने वाले.

شیر شاہ

(سیٹھ گوبند داس)

پاتر۔ استھان۔ سمے

مکھیہ پاتر

فرید۔ بعد میں شیرخاں، بعد میں شیرشاہ

نظام۔ فرید کا چھوٹا بھائی

حسن۔ فرید کا پتا

برہمادتیہ گوڑ۔ فرید کا متر

رحمان۔ نظام کا نوکر

عیسیٰ خاں سکھانی۔ ایک پٹھان امیر

لاڈ بانو۔ بعد میں لاڈ ملکہ، چنار کے صوبے دار تاجا خاں کی بیگم بعد میں شیرشاہ کی بیگم

نسیم۔ لاڈ ملکہ کی مینا

ہمایوں۔ مغل سمراٹ

استھان

سہسرام۔ بہار پرانت میں ایک قصبہ

جون پور

آگرہ

بہار شریف۔ بہار پرانت کی راج دھانی

پاترہ ناٹک میں کام کرنے والے۔ استھان=جگہ۔ مکھیہ پاترہ خاص کام کرنے والے۔

चुनार

रोहतास गढ़

शाहया } बिहार प्रान्त के दक्षिण में दो गाँव
चौसा }

गौड़—बंगाल की राजधानी

क़न्नौज

दिल्ली

समय

सन् १५११ से १५४१ ईस्वी तक.

पहला अंक

पहला दृश्य

स्थान—सहसराम में हसन के मकान में निज़ाम का कमरा

समय—प्रात: काल

[एक छोटा सा कमरा है. कमरे के तीन ओर की दीवालें दिखती हैं, जो सफ़ेद पुती हुई हैं. दीवालों में कुछ छोटे छोटे दरवाज़े हैं, जिनकी चौखटें और किवाड़ भद्दे से हैं. छत पर कपड़े की चाँदनी है और उससे कुछ काँच की हाँडियाँ लटक रही हैं. ज़मीन पर क़ालीन है, जिसका रंग भदरंग हो गया है. क़ालीन पर सफ़ेद चादर से ढकी हुई गद्दी है और गद्दी पर श्वेत खोलियों से आच्छादित कुछ मसनद.

अंक=ऐक्ट. दृश्य=मंज़र, सीन. प्रात:काल=सुबह का वक़्त.

چنار

رہتاس گڑھ

شاہیا } بہار پرانت کے دکشن میں دو گاؤں
چوسا }

گوڑ— بنگال کی راجدھانی

قنوج

دلی

سمے

سنہ ۱۵۱۱ سے ۱۵۴۱ عیسوی تک.

پہلا انک

پہلا درشیہ

استھان— سہسرام میں حسن کے مکان میں نظام کا کمرا

سمے— پراتہ کال

[ایک چھوٹا سا کمرا ہے. کمرے کے تین اور کی دیواریں دکھتی ہیں، جو سفید پوتی ہوئی ہیں. دیواروں میں کچھ چھوٹے چھوٹے دروازے ہیں، جن کی چوکھٹیں اور کواڑ بھدّے سے ہیں. چھت پر کپڑے کی چاندنی ہے اور اس سے کچھ کانچ کی ہانڈیاں لٹک رہی ہیں. زمین پر قالین ہے، جس کا رنگ بدرنگ ہو گیا ہے. قالین پر سفید چادر سے ڈھکی ہوئی گدّی ہے اور گدّی پر شویت کھولیوں سے آچھادت کچھ مسند.

انک = ایکٹ. درشیہ = منظر، سین. پراتہ کال = صبح کا وقت. شویت = سفید.

दीवारों पर फ़रीद की कई तस्वीरें लगी हुई हैं;यह सब हाथ से बनाई गई हैं और सब में उसकी अवस्था लगभग सोलह वर्ष की होते हुए भी तस्वीरें अलग अलग ढंग की हैं. कुछ चित्र प्राकृतिक दृश्यों के भी लगे हैं. निज़ाम बैठा हुआ फ़रीद का ही एक चित्र और बना रहा है. निज़ाम के निकट कई प्याले रक्खे हैं,जिनमें भिन्न भिन्न प्रकार के रंग घुले हुए हैं और क़लमें पड़ी हुई हैं. निज़ाम की अवस्था सोलह वर्ष के लगभग है. वह गोरे रंग का ऊँचा, पूरा, किन्तु कुछ दुबला, बहुत ही सुन्दर लड़का है; उम्र से वह कुछ ज़्यादा का जान पड़ता है.सिर पर पट्टे हैं और ऊपर के ओठ पर रेख निकल रही है. वह सफ़ेद कुरता और पायजामा पहने हुए है.चित्र बनाते हुए वह गा भी रहा है.]

गीत

संसार में कैसे जीना है
बस प्रेम का प्याला पीना है
जब प्रेम नहीं तो कुछ भी नहीं
यह नियम नहीं तो कुछ भी नहीं
संसार में कैसे जीना है

मैं प्रेम सिखाऊँगा सब को
इस राह पे लाऊँगा सब को
संसार में कैसे जीना है

प्राकृतिक = क़ुदरती.

دیواروں پر فرید کی کئی تصویریں لگی ہوئی ہیں؛ یہ سب ہاتھ سے بنائی گئی ہیں اور سب میں اس کی اوستھا لگ بھگ سولہ ورش کی ہوتے ہوئے بھی تصویریں الگ الگ ڈھنگ کی ہیں. کچھ چتر پراکرتک درشیوں کے بھی لگے ہیں. نظام بیٹھا ہوا فرید کا ہی ایک چتر اور بنا رہا ہے. نظام کے نکٹ کئی پیالے رکھے ہیں، جنہیں بھنّ بھنّ پرکار کے رنگ گھلے ہوئے ہیں اور قلمیں پڑی ہوئی ہیں. نظام کی اوستھا سولہ ورش کے لگ بھگ ہے. وہ گورے رنگ کا اونچا، پورا، کنتو کچھ دبلا، بہت ہی سندر لڑکا ہے؛ عمر سے وہ کچھ زیادہ کا جان پڑتا ہے. سر پہ پٹّے ہیں اور اوپر کے اوٹھ پر ریکھ نکل رہی ہے. وہ سفید کرتا اور پائجامہ پہنے ہوئے ہے. چتر بناتے ہوئے وہ گا بھی رہا ہے.]

گیت

سنسار میں کیسے جینا ہے
بس پریم کا پیالا پینا ہے
جب پریم نہیں تو کچھ بھی نہیں
یہ نیم نہیں تو کچھ بھی نہیں
سنسار میں کیسے جینا ہے

میں پریم سکھاؤں گا سب کو
اس راہ پہ لاؤں گا سب کو
سنسار میں کیسے جینا ہے

پراکرتک = قدرتی.

मैं रंग जमाये आता हूँ
तस्वीर बनाए आता हूँ
संसार में कैसे जीना है

[हसन का प्रवेश. हसन की उम्र क़रीब पचपन साल की है. वह गेहुँए रंग का, ऊँचा-पूरा, मोटा-ताज़ा आदमी है. सर पर पट्टे हैं, चेहरे पर बड़ी बड़ी मूँछें और लम्बी दाढ़ी. बाल यत्र तत्र श्वेत हो चले हैं. वह सफ़ेद रंग का अँगरखा और पायजामा पहने है. सर पर मुसलमानी ढंग की पगड़ी लगाए है. हसन को देखकर निज़ाम गाना और चित्र बनाना बन्द कर खड़ा हो जाता है.]

हसन—जा रहा हूँ, बेटा, और अहद करके जा रहा हूँ कि बिना फ़रीद को लिये वापस न लौटूँगा.

निज़ाम—ख़ुशी की बात है, अब्बा, पर अफ़सोस यही है कि आपको जाते जाते इतना वक़्त लग गया. उन्हें गये दस साल गुज़र गये, अब्बा.

हसन—(लम्बी साँस लेकर) हाँ, मुद्दत दराज़ के बाद जा रहा हूँ इसमें शक नहीं, लेकिन, बेटा, पहले तो उसका पता ही न लगा. जब मुश्किल से पता चला कि वह जौन पुर में है, तब यहां जागीर की इतनी झंझटें बढ़ीं कि निकलना ही न हो सका. पता लगने के बाद ख़त तो न जाने कितने भेजे.

[निज़ाम कोई उत्तर न देकर घृणा से हँस देता है.]

हसन—(ध्यान पूर्वक निज़ाम को देखते हुए) तू समझता है, मैं उससे मुहब्बत नहीं करता ?

प्रवेश=दाख़िल. यत्र तत्र=जहाँ तहाँ. मुद्दत दराज़=लम्बी मुद्दत. घृणा=नफ़रत.

میں رنگ جمائے جاتا ہوں
تصویر بنائے جاتا ہوں
سنسار میں کیسے جینا ہے

[حسن کا پرویش. حسن کی عمر قریب پچپن سال کی ہے. وہ گیہویں رنگ کا، اونچا پورا، موٹا تازہ آدمی ہے. سر پر پٹے ہیں، چہرے پر بڑی بڑی مونچھیں اور لمبی داڑھی. بال یتر تتر شویت ہو چلے ہیں. وہ سفید رنگ کا انگرکھا اور پائجامہ پہنے ہے. سر پر مسلمانی ڈھنگ کی پگڑی لگائے ہے. حسن کو دیکھ کر نظام گانا اور چتر بنانا بند کر کھڑا ہو جاتا ہے.]

حسن— جا رہا ہوں بیٹا، اور عہد کر کے جا رہا ہوں کہ بنا فرید کو لئے واپس نہ لوٹوں گا.

نظام— خوشی کی بات ہے، ابا، پر افسوس یہی ہے کہ آپ کو جاتے جاتے اتنا وقت لگ گیا. انہیں گئے دس سال گذر گئے، ابا.

حسن— (لمبی سانس لے کر) ہاں، مدت دراز کے بعد جا رہا ہوں اس میں شک نہیں، لیکن، بیٹا، پہلے تو اس کا پتہ ہی نہ لگا. جب مشکل سے پتہ چلا کہ وہ جون پور میں ہے، تب یہاں جاگیر کی اتنی جھنجھٹیں بڑھیں کہ نکلنا ہی نہ ہو سکا. پتہ لگنے کے بعد خط تو نہ جانے کتنے بھیجے.

[نظام کوئی اتر نہ دے کر گھرنا سے ہنس دیتا ہے.]

حسن— (دھیان پوروک نظام کو دیکھتے ہوئے) تو سمجھتا ہے، میں اس سے محبت نہیں کرتا؟

پرویش = داخل. یتر تتر = جہاں تہاں. مدت دراز = لمبی مدت. گھرنا = نفرت.

[निज़ाम फिर भी कुछ न कह उसी प्रकार हंस देता है.]

हसन—(निज़ाम की ओर उसी तरह देखते हुए) बाप का दिल तू क्या जाने, निज़ाम? बाप होने पर ही बाप का दिल जाना जा सकता है. रोज़ रोज़ उसकी तसवीरें बनाकर तू समझता है कि तू उसे मुझसे ज्यादा चाहता है? मैं तुझ जैसा मुसव्विर नहीं, न शायर हूँ. लेकिन बेटा, उसकी तसवीर खिंची हुई है मेरे दिल पर, उसके गाने गाया करती है मेरी रूह. इन दस सालों में एक दिन भी मैं चैन से सो नहीं सका हूँ; एक वक़्त भी पेट भर खाना नहीं खा सका हूँ. हाँ इतना ज़रूर है कि मेरे लिये जैसा फ़रीद है वैसा ही तू और तेरे दोनों छोटे भाई. मुझे सबके ही आराम व तकलीफ़ की तरफ़ देखना पड़ता है. जागीर को न देखूं तो तुम सब खाओ क्या, पहनो क्या, रहो कहाँ? गुज़श्ता सालों में जागीर में जो झंझटें रही हैं उनके सबब से इसके पहले सहसराम छोड़ना ही मेरे लिये ग़ैर मुमकिन था.

निज़ाम—मैं तो इतना ही कह सकता हूँ अब्बा, कि अगर आज आप न आते तो मैंने जाना तय कर लिया था.

हसन—(कुछ क्रुद्ध हो) और तू समझता है कि तेरे जाने से वह आ जाता? मेरे ख़त उसे ला न सके और तू उसे ले आता.

निज़ाम—अगर वह न आते तो मैं वहीं रह जाता.

हसन—(और क्रोध से) तू भी वैसा ही गुस्ताख़ होता जा रहा है जैसा कि वह हो गया था. 'वहीं रह जाता' रह जाता तो मालूम होता! उसी को खाने और पहनने के लाले पड़े होंगे; तुझे वह खिलाता पिलाता, वह तनज़ेब और चिकन पहिनाता! तुम्हीं

गुज़श्ता = पिछले. क्रुद्ध = गुस्से की हालत. क्रोध = गुस्सा.

[نظام پھر بھی کچھ نہ کہہ اسی پرکار ہنس دیتا ہے۔]

حسن۔ (نظام کی اور اسی طرح دیکھتے ہوئے) باپ کا دل تو کیا جانے، نظام؟ باپ ہونے پر ہی باپ کا دل جانا جا سکتا ہے۔ روز روز اس کی تصویریں بنا کر تو سمجھتا ہے کہ تو اسے مجھ سے زیادہ چاہتا ہے؟ میں تجھ جیسا مصور نہیں، نہ شاعر ہوں۔ لیکن بیٹا، اس کی تصویر کھنچی ہوئی ہے میرے دل پر، اس کے گانے گایا کرتی ہے میری روح۔ ان دس سالوں میں ایک دن بھی میں چین سے سو نہیں سکا ہوں، ایک وقت بھی پیٹ بھر کھانا نہیں کھا سکا ہوں۔ ہاں اتنا ضرور ہے کہ میرے لئے جیسا فرید ہے ویسا ہی تو اور تیرے دونوں چھوٹے بھائی۔ مجھے سب کے ہی آرام و تکلیف کی طرف دیکھنا پڑتا ہے۔ جاگیر کو نہ دیکھوں تو تم سب کھاؤ کیا، پہنو کیا، رہو کہاں؟ گذشتہ سالوں میں جاگیر میں جو جھنجھٹیں رہی ہیں ان کے سبب سے اس کے پہلے سہسرام چھوڑنا ہی میرے لئے غیر ممکن تھا۔

نظام۔ میں تو اتنا ہی کہہ سکتا ہوں ابا، کہ اگر آج آپ نہ آتے تو میں نے جانا طے کر لیا تھا۔

حسن۔ (کچھ کرودھ ہو) اور تو سمجھتا ہے کہ تیرے جانے سے وہ آ جاتا؟ میرے خط اسے لا نہ سکے اور تو اسے لے آتا۔

نظام۔ اگر وہ نہ آتے تو میں وہیں رہ جاتا۔

حسن۔ (اور کرودھ سے) تو بھی ویسا ہی گستاخ ہوتا جا رہا ہے جیسا کہ وہ ہو گیا تھا۔ 'وہیں رہ جاتا' رہ جاتا تو معلوم ہوتا! اسی کو کھانے اور پہننے کے لالے پڑے ہونگے؛ تجھے وہ کھلاتا پلاتا، یہ تنزیب اور چکن پہناتا! تمہیں

گذشتہ = پچھلے۔ کرودھ = غصے کی حالت۔ کرودھ = غصہ۔

लोगों के लिये दिन रात मरा जा रहा हूँ, कभी तीसरे पहर खाता हूँ तो कभी शाम को, कभी फ़ाक़ा ही हो जाता है; कभी आधी रात को सोता हूँ तो कभी पूरी की पूरी रात जागते-जागते ही गुज़र जाती है, और कैसे एहसान-फ़रामोश निकले तुम दोनों भाई ?

हिन्दुस्तान भी शामिल है. लेकिन इस मदद के बारे में इन दोनों की निगाह एक दूसरे से अलग है. बरतानिया को सिर्फ़ इस बात की चिन्ता है कि बर्मा में कम्युनिज़्म का असर जमने न पाये इसलिये कि फिर मलाया में बरतानी राज का क़ायम रहना नमुमकिन हो जायगा. लेकिन हिंदुस्तान को सबसे पहले इस बात की चिन्ता है कि बर्मा की आज़ादी और शान्ति बनी रहे. हिन्द सरकार अगरचे अपने देश में कम्युनिस्टों की आहिंसा विरोधी हरकतों और तोड़ फोड़ की तरकीबों को पसन्द नहीं करती और कम्युनिज़्म को देश की सारी बीमारियों का इलाज और रूस की छाया में रहने को अपनी राजनीति की बड़ाई नहीं समझती फिर भी वह एशिया में कम्युनिज़्म को इस दृष्टि से नहीं देखती जिससे कि बरतानिया और कामन वेल्थ के दूसरे देश देखते हैं. दुनिया के इस हिस्से में कम्युनिज़्म बड़ी हद तक उस जागृति का एक निशान है जिसकी पण्डित नेहरू ने अपने योरोप के भाषनों में बड़ी चरचा की है. बर्मा और इन्डोनेशिया में कम्युनिस्ट क़ौमी सरकारों के खिलाफ़ जो लड़ाई लड़ रहे हैं उसपर टीका की जा सकती है और उसे सरकार पर जबरदस्ती क़ब्ज़ा करने की कोशिश कहा जा सकता है लेकिन चीन और इन्डोचीन में उन्होंने जो कुछ किया है या कर रहे हैं वह अपनी पार्टी के फ़ायदे के लिये नहीं बल्कि पूरी क़ौम के फ़ायदे के लिये है और इसी लिये उसे शक या डर या विरोध की निगाह से नहीं देखना चाहिये.

—:o:—

ہند کا رویّہ

برما کی مدد کا وعدہ کرنے والے دیشوں میں برطانیہ کے ساتھ ہندستان بھی شامل ہے۔ لیکن اس مدد کے بارے میں ان دونوں کی نگاہ ایک دوسرے سے الگ ہے۔ برطانیہ کو صرف اس بات کی چنتا ہے کہ برما میں کمیونزم کا اثر جمنے نہ پائے اس لئے کہ پھر ملایا میں برطانی راج کا قائم رہنا ناممکن ہو جائے گا۔ لیکن ہندستان کو سب سے پہلے اس بات کی چنتا ہے کہ برما کی آزادی اور شانتی بنی رہے۔ ہند سرکار اگرچہ اپنے دیش میں کمیونسٹوں کی آہنسا ورودھی حرکتوں اور توڑ پھوڑ کی ترکیبوں کو پسند نہیں کرتی اور کمیونزم کو دیش کی ساری بیماریوں کا علاج اور روس کی چھایا میں رہنے کو اپنی راج نیتی کی بڑائی نہیں سمجھتی پھر بھی وہ ایشیا میں کمیونزم کو اس درشٹی سے نہیں دیکھتی جس سے کہ برطانیہ اور کامن ویلتھ کے دوسرے دیش دیکھتے ہیں۔ دنیا کے اس حصے میں کمیونزم بڑی حد تک اس جاگرتی کا ایک نشان ہے جس کی پنڈت نہرو نے اپنے یورپ کے بھاشنوں میں بڑی چرچا کی ہے۔ برما اور انڈونیشیا میں کمیونسٹ قومی سرکاروں کے خلاف جو لڑائی لڑ رہے ہیں اس پر ٹیکا کی جا سکتی ہے اور اسے سرکار پر زبردستی قبضہ کرنے کی کوشش کہا جا سکتا ہے لیکن چین اور انڈوچین میں انھوں نے جو کچھ کیا ہے یا کر رہے ہیں وہ اپنی پارٹی کے فائدے کے لئے نہیں بلکہ پوری قوم کے فائدے کے لئے ہے اور اسی لئے اسے شک یا ڈر یا ورودھ کی نگاہ سے نہیں دیکھنا چاہیے۔

—:o:—

हमारी राय

अफ़ग़ानिस्तान और पाकिस्तान और हम

कुछ दिनों से अफ़ग़ानिस्तान और पाकिस्तान में आपसी अन बन की खबरें आ रही हैं. दोनों के कुछ अखबार और रेडियो भी एक दूसरे के खिलाफ़ प्रोपेगंडा करते रहते हैं. किसकी कितनी बात सच्ची है या किसका कितना दोष है, हम इस बहस में पड़ना नहीं चाहते. हम यही चाहते हैं कि हिन्द, पाकिस्तान, अफ़ग़ानिस्तान और दुनिया के सब मुल्क और सब के रहने वाले एक दूसरे के साथ प्रेम और अमन से रहें—मिलें जुलें और सब फलें फूलें. पर काबुल के एक बड़े और नामी अखबार "अनीस" के १५ मई के परचे में एक लेख छपा है, जिससे पाकिस्तान और अफ़ग़ानिस्तान के आपसी संबंध पर कुछ रोशनी पड़ती है. हम उस लेख के कुछ हिस्से नीचे दे रहे हैं.

"अनीस" ने अपने उस लेख में पाकिस्तान की हुकूमत, वहाँ के अखबारों, खास कर "डान" और पाकिस्तान रेडियो और दिल्ली के अखबार "स्टेट्समैन" को अंग्रेज़ों का अखबार कहा है. "अनीस" ने लीगी अखबार "डान" को भी, जो अब कराची से निकलता है, "अंगरेज़ों का अखबार" कहा है और लिखा है—"डान ने मुस्लिम लीग के नाम से हिन्दुस्तान के बँटवारे की वकालत करके अंगरेज़ों का मतलब पूरा किया. दिल्ली की हुकूमत में मुसलमानों

ہماری رائے

افغانستان اور پاکستان اور ہم

کچھ دنوں سے افغانستان اور پاکستان میں آپسی ان بن کی خبریں آ رہی ہیں۔ دونوں کے کچھ اخبار اور ریڈیو بھی ایک دوسرے کے خلاف پروپیگنڈا کرتے رہتے ہیں۔ کس کی کتنی بات سچی ہے یا کس کا کتنا دوش ہے، ہم اس بحث میں پڑنا نہیں چاہتے۔ ہم یہی چاہتے ہیں کہ ہند، پاکستان، افغانستان اور دنیا کے سب ملک اور سب کے رہنے والے ایک دوسرے کے ساتھ پریم اور امن سے رہیں۔ ملیں جلیں اور سب پھلیں پھولیں۔ پر کابل کے ایک بڑے اور نامی اخبار "انیس" کے ۱۵ مئی کے پرچے میں ایک لیکھ چھپا ہے، جس سے پاکستان اور افغانستان کے آپسی سمبندھ پر کچھ روشنی پڑتی ہے۔ ہم اس لیکھ کے کچھ حصے نیچے دے رہے ہیں۔

"انیس" نے اپنے اس لیکھ میں پاکستان کی حکومت، وہاں کے اخباروں، خاص کر "ڈان" اور پاکستان ریڈیو اور دلّی کے اخبار "اسٹیٹسمین" کو انگریزوں کا اخبار کہا ہے۔ "انیس" نے لیگی اخبار "ڈان" کو بھی، جو اب کراچی سے نکلتا ہے، "انگریزوں کا اخبار" کہا ہے اور لکھا ہے "ڈان نے مسلم لیگ کے نام سے ہندستان کے بٹوارے کی وکالت کر کے انگریزوں کا مطلب پورا کیا۔ دلّی کی [illegible] مسلم ڈان

को जो हिस्सा मिलता वह इस बँटवारे की वजह से उन से छिन गया."

पाकिस्तान रेडियो को "अनीस" ने 'अंगरेज़ों का एक और गुलाम' कहा है और लिखा है—"डेढ़ सौ बरस के अंगरेज़ी राज का यह नतीजा है कि इस मुल्क के लोग अपने ही मुल्क के साथ ग़द्दारी कर रहे हैं. इसी तरह पाकिस्तान के अख़बार रुपया कमाने के पीछे पड़े हुए हैं और कोई भी ऐसा काम करने को तैयार हैं, जिससे उनकी जेबों में रुपया आसके."

"अनीस" मानता है कि पाकिस्तान के असली हाकिम अंगरेज़ हैं; और लिखता है—"हमारी शिकायत ख़ास कर पाकिस्तान के ख़िलाफ़ है और रेडियो पाकिस्तान सिर्फ़ एक मातहत नौकर की तरह वैसे ही अपने मालिक की आवाज़ को दोहरा देता है जैसे ग्रामोफ़ोन का रिकार्ड."

और आगे चल कर "अनीस" लिखता है—"अंगरेज़ों ने पाकिस्तान को नहीं छोड़ा है. पाकिस्तान के ऊपर उनकी पकड़ पहले से ज़्यादा मज़बूत है. पाकिस्तान की आजकल की सरकार अंगरेज़ों के हाथों में एक बड़े काम का खिलौना है. पाकिस्तान सरकार उसी पुरानी पालिसी पर चल रही है. सिर्फ़ दो बातें उसने नई की हैं. एक यह कि सरहद के सूबे में ज़बरदस्ती उलट फेर किये हैं और दूसरे यह कि अफ़ग़ानिस्तान की तरफ़ उसने निगाह बदल ली है. अफ़ग़ानिस्तान, पाकिस्तान की कठपुतली हुकूमत को आज़ाद हुकूमत होने का सर्टीफ़िकेट नहीं दे सकता."

"अनीस' ने यह भी लिखा है—"नक़्शे को देखने से साफ़

کو جو حصہ ملا وہ اس بٹوارے کی وجہ سے ان سے چھن گیا۔"

پاکستان ریڈیو کو "انیس" نے "انگریزوں کا ایک اور غلام" کہا ہے اور لکھا ہے ـ "ڈیڑھ سو برس کے انگریزی راج کا یہ نتیجہ ہے کہ اس ملک کے لوگ اپنے ہی ملک کے ساتھ غداری کر رہے ہیں۔ اسی طرح پاکستان کے اخبار روپیہ کمانے کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں اور کوئی بھی ایسا کام کرنے کو تیار ہیں، جس سے ان کی جیبوں میں روپیہ آسکے!"

"انیس" مانتا ہے کہ پاکستان کے اصلی حاکم انگریز ہیں؛ اور لکھتا ہے ـ "ہماری شکایت خاص کر پاکستان کے خلاف ہے اور ریڈیو پاکستان صرف ایک ماتحت نوکر کی طرح ویسے ہی اپنے مالک کی آواز کو دوہرا دیتا ہے جیسے گراموفون کا ریکارڈ۔"

اور آگے چل کر "انیس" لکھتا ہے ـ "انگریزوں نے پاکستان کو نہیں چھوڑا ہے۔ پاکستان کے اوپر ان کی پکڑ پہلے سے زیادہ مضبوط ہے۔ پاکستان کی آج کل کی سرکار انگریزوں کے ہاتھوں میں ایک بڑے کام کا کھلونا ہے۔ پاکستان سرکار اسی پرانی پالیسی پر چل رہی ہے۔ صرف دو باتیں اس نے نئی کی ہیں۔ ایک یہ کہ سرحد کے صوبے میں زبردستی الٹ پھیر کئے ہیں اور دوسرے یہ کہ افغانستان کی طرف اس نے نگاہ بدل لی ہے۔ افغانستان، پاکستان کی کٹھ پتلی حکومت کو آزاد حکومت ہونے کا سارٹیفکٹ نہیں دے سکتا!"

"انیس" نے یہ بھی لکھا ہے ـ "نقشے کو دیکھنے سے صاف

पता चलता है कि पूरबी पाकिस्तान और पच्छिमी पाकिस्तान की हालत डाँवाडोल है."

पठानिस्तान की बाबत "अनीस" लिखता है—" हम उनसे कहते हैं कि सामने आकर पठानिस्तान या पख्तूनिस्तान की आजादी को मान लें ताकि पठान क़ौम पेशावर को अपना मरकज बनाले.........हम पेशावर को काबुल के राज में मिला लेना नहीं चाहते. हम यही चाहते हैं कि पख्तूनिस्तान का झंडा पेशावर में ऊँचा लहराये.

"पश्तो बोलने वाले पठानों की गिनती पाकिस्तान में बहुत ज्यादा है. हम पाकिस्तान हुकूमत से कहते हैं कि वह इन सत्तर लाख अफ़ग़ानों की जमीन म पाकिस्तान की बुनियाद न रक्खे. यह सत्तर लाख सब पश्तो बोलते हैं. तुम्हें चाहिये कि इस अफ़ग़ान क़ौम की आजादी को उसी तरह मान लो. जिस तरह पाकिस्तान में पाकिस्तानियों की आजादी को मानते हो.........हमें इस बात का फ़ख्र है कि सरहद के हमारे भाई रोशन दिमाग़ और सभ्य हैं. हम यह नहीं देख सकते कि हमारे यह भाई ग़ुलामी की जंजीरों में जकड़े रहें. किसी इतनी सभ्य क़ौम को ग़ुलाम बनाकर रखना आसान नहीं है. और हमें बड़ी ख़ुशी होगी अगर सरहद के इन लोगों को ख़ुद मुख्तारी का हक़ दे दिया जाय.'

"अनीस" ने यह भी कहा है कि पख्तून और पठान दर असल एक ही क़ौम हैं. अफ़ग़ानिस्तान की १६२९ की क्रान्ति में सरहद के क़बीलों ने अफ़ग़ानिस्तान की मदद की थी. "अनीस" लिखता है—"अफ़ग़ानिस्तान का यह एख़लाक़ी (नैतिक) फ़र्ज हो जाता

پتہ چلتا ہے کہ پوربی پاکستان اور پچھمی پاکستان کی حالت ڈانواڈول ہے۔"

پٹھانستان کی بابت "انیس" لکھتا ہے "ہم ان سے کہتے ہیں کہ سامنے آکر پٹھانستان یا پختونستان کی آزادی کو مان لیں تاکہ پٹھان قوم پشاور کو اپنا مرکز بنا لے .... ہم پشاور کو کابل کے راج میں ملا لینا نہیں چاہتے۔ ہم یہی چاہتے ہیں کہ پختونستان کا جھنڈا پشاور میں اونچا لہرائے۔

"پشتو بولنے والے پٹھانوں کی گنتی پاکستان میں بہت زیادہ ہے۔ ہم پاکستان حکومت سے کہتے ہیں کہ وہ ان ستر لاکھ افغانوں کی زمین میں پاکستان کی بنیاد نہ رکھیں۔ یہ ستر لاکھ سب پشتو بولتے ہیں۔ تمھیں چاہیئے کہ اس افغان قوم کی آزادی کو اسی طرح مان لو جس طرح پاکستان میں پاکستانیوں کی آزادی کو مانتے ہو .... ہمیں اس بات کا فخر ہے کہ سرحد کے ہمارے بھائی روشن دماغ اور سبھیہ ہیں۔ ہم یہ نہیں دیکھ سکتے کہ ہمارے یہ بھائی غلامی کی زنجیروں میں جکڑے رہیں۔ کسی اتنی سبھیہ قوم کو غلام بنا کر رکھنا آسان نہیں ہے۔ اور ہمیں بڑی خوشی ہوگی اگر سرحد کے ان لوگوں کو خود مختاری کا حق دے دیا جائے۔"

"انیس" نے یہ بھی کہا ہے کہ پختون اور پٹھان در اصل ایک ہی قوم ہیں۔ افغانستان کی ۱۹۲۹ کی کرانتی میں سرحد کے قبیلوں نے افغانستان کی مدد کی تھی۔ "انیس" لکھتا ہے "افغانستان کا یہ اخلاقی (نیتک) فرض ہو جاتا

है कि जिन क़बीले वालों ने अफ़ग़ानिस्तान के इतिहास के उस संकट के समय में अफ़ग़ानिस्तान की मदद की थी, उन्हें अब पाकिस्तान के ज़ुल्म से बचावे."

खान अब्दुलग़फ़्फ़ार ख़ाँ और उनके खुदाई खिदमतगारों के साथ पाकिस्तान के बरताव का ज़िक्र करते हुए "अनीस" लिखता है—"क्या इन पठानों ने उस हिन्दुस्तान के आज़ाद कराने में पूरा पूरा हिस्सा नहीं लिया जिसका पाकिस्तान भी एक टुकड़ा था? पाकिस्तान ने इन बहादुर लोगों क जेलखानों के सीखचों के पीछे क्यों क़ैद कर रक्खा है? आज़ादी के इन सिपाहियों के ऊपर किस शरा या क़ानून के अनुसार या किस बिना पर खुल्लम खुल्ला ज़ुल्मो सितम किया जा रहा है?"

"अनीस" का कहना है—"पाकिस्तान के इस ज़ुल्म की वजह से सारी अफ़ग़ान क़ौम पाकिस्तान के बुरे इरादों के खिलाफ़ एक ज़बरदस्त शक्ति बन कर खड़ी हो गई है. यह शक्ति पाकिस्तान की आगे बढ़ने की इन चालों को मलियामेट कर देगी."

अफ़ग़ानिस्तान और ईरान के सम्बंध को बयान करते हुए "अनीस" लिखता है—"जहाँ तक हमारे भाई ईरानियों की बात है, हमें उनकी दोस्ती में कोई शक नहीं. अफ़ग़ानिस्तान की तरफ़ से ईरान के दिल में कोई बुरा इरादा नहीं. ईरानी क़ौम इतनी भोली नहीं है कि इस बारे में कुछ ग़रज़ लोगों के बहकावे या चाल में आ जाय."

"अनीस" ने पाकिस्तान और अफ़ग़ानिस्तान का मुक़ाबला करते हुए लिखा है—'कोई भी अफ़ग़ानिस्तान आकर देख सकता

ہے کہ جن قبیلے والوں نے افغانستان کے اتہاس کے اس سنکٹ کے سمے میں افغانستان کی مدد کی تھی، انھیں اب پاکستان کے ظلم سے بچا دے۔"

خان عبدالغفار خاں اور ان کے خدائی خدمتگاروں کے ساتھ پاکستان کے برتاؤ کا ذکر کرتے ہوئے "انیس" لکھتا ہے: "کیا ان پٹھانوں نے اس ہندستان کے آزاد کرانے میں پورا پورا حصہ نہیں لیا جس کا پاکستان بھی ایک ٹکڑا تھا؟ پاکستان نے ان بہادر لوگوں کو جیل خانوں کے سیکھچوں کے پیچھے کیوں قید کر رکھا ہے؟ آزادی کے ان سپاہیوں کے اوپر کس شرع یا قانون کے انوسار یا کس بنا پر کھلم کھلا ظلم و ستم کیا جا رہا ہے؟"

"انیس" کا کہنا ہے: "پاکستان کے اس ظلم کی وجہ سے ساری افغان قوم پاکستان کے برے ارادوں کے خلاف ایک زبردست شکتی بن کر کھڑی ہو گئی ہے۔ یہ شکتی پاکستان کی آگے بڑھنے کی ان چالوں کو ملیامیٹ کر دے گی۔"

افغانستان اور ایران کے سمبندھ کو بیان کرتے ہوئے "انیس" لکھتا ہے: "جہاں تک ہمارے بھائی ایرانیوں کی بات ہے، ہمیں ان کی دوستی میں کوئی شک نہیں۔ افغانستان کی طرف سے ایران کے دل میں کوئی برا ارادہ نہیں۔ ایرانی قوم اتنی بھولی نہیں ہے کہ اس بارے میں خودغرض لوگوں کے بہکاوے یا چال میں آ جائے۔"

"انیس" نے پاکستان اور افغانستان کا مقابلہ کرتے ہوئے لکھا ہے: "کوئی بھی افغانستان آکر دیکھ سکتا

है कि अनाज और खाने की चीज़ें अफ़ग़ानिस्तान में बहुत सस्ती हैं. उसके मुक़ाबले में पाकिस्तान में खाने की चीज़ों का अकाल पड़ा हुआ है.”

पाकिस्तान की फ़ौज के अन्दर असन्तोष का ज़िक्र करते हुए “अनीस” ने लिखा है—“जब कि पाकिस्तान में यह हालत है, अफ़ग़ानिस्तान की फ़ौज बिलकुल संतुष्ट है. अफ़ग़ानिस्तान के सिपाही हमेशा अपने बादशाह और अपने देश के लिये क़ुरबानियाँ करने को तैयार रहते हैं. अफ़ग़ानिस्तान के सिपाही भाड़े के टट्टू नहीं हैं, वह अपनी क़ौम के ख़िदमतगार हैं.”

(१६५) कहते हैं, पाकिस्तान में यह प्रोपेगंडा किया गया था कि अफ़ग़ानिस्तान में पुलीस जहाँ जिसे चाहे पकड़ लेती है. इस पर ‘अनीस’ ने लिखा है—“पर अचरज की बात यह है कि पाकिस्तान के ख़बर देने वाले के सिवा और कोई यह बात नहीं जानता. हम यहाँ पर एलान करते हैं कि अफ़ग़ानिस्तान में एक भी सियासी क़ैदी नहीं है. दूसरी तरफ़ पाकिस्तान में सरहदी सूबे के अभी तक बारह हज़ार आदमी जेलों में हैं, जिन पर न कोई मुक़द्दमा चलाया जा रहा है और न जिनकी क़ैद की कोई मीआद है. हम पूछते हैं कि किस सियासी या एख़लाक़ी क़ानून के अधीन इन लोगों को बन्द किया गया है? हम बता देना चाहते हैं कि हमारे राज में दुश्मन की कोशिशें कामयाब नहीं हो सकीं. इसलिये नहीं कि हमारी पुलीस बहुत चौकन्नी है, बल्कि इसलिये क्योंकि अफ़ग़ान क़ौम में एकता है और वह एक होकर दुश्मन के ख़िलाफ़ लड़ सकता है.........हम हिम्मत के साथ कह सकते हैं कि हमारे मुल्क में “आजेक” और

ہے کہ اناج اور کھانے کی چیزیں افغانستان میں بہت سستی ہیں۔ اس کے مقابلے میں پاکستان میں کھانے کی چیزوں کا کال پڑا ہوا ہے۔

پاکستان کی فوج کے اندر اسنتوش کا ذکر کرتے ہوئے "انیس" نے لکھا ہے جب کہ پاکستان میں یہ حالت ہے افغانستان کی فوج بالکل سنتشٹ ہے۔ افغانستان کے سپاہی ہمیشہ اپنے بادشاہ اور اپنے دیش کے لئے قربانیاں کرنے کو تیار رہتے ہیں۔ افغانستان کے سپاہی بھاڑے کے ٹٹو نہیں ہیں۔ وہ اپنی قوم کے خدمت گار ہیں۔

کہتے ہیں پاکستان میں یہ پروپیگنڈا کیا گیا تھا کہ افغانستان میں پولیس جہاں جسے چاہے پکڑ لیتی ہے۔ اس پر "انیس" نے لکھا ہے پر اچرج کی بات یہ ہے کہ پاکستان کے خبر دینے والے کے سوا اور کوئی یہ بات نہیں جانتا۔ ہم یہاں پر اعلان کرتے ہیں کہ افغانستان میں ایک بھی سیاسی قیدی نہیں ہے۔ دوسری طرف پاکستان میں سرحدی صوبے کے ابھی تک بارہ ہزار آدمی جیلوں میں ہیں۔ جن پر نہ کوئی مقدمہ چلایا جا رہا ہے اور نہ جن کی قید کی کوئی میعاد ہے۔ ہم پوچھتے ہیں کہ کس سیاسی یا اخلاقی قانون کے ادھین ان لوگوں کو بند کیا گیا ہے؟ ہم بتا دینا چاہتے ہیں کہ ہمارے راج میں دشمن کی کوششیں کامیاب نہیں ہو سکیں۔ اس لئے نہیں کہ ہماری پولیس بہت چوکنی ہے بلکہ اس لئے کیوں کہ افغان قوم میں ایکتا ہے اور وہ ایک ہو کر دشمن کے خلاف لڑ سکتی ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ہم ہمت کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ ہمارے ملک میں "جاجیک" اور (۱۶۵)

"उज़बेक" शिया और सुन्नी, बल्कि कहना चाहिये सब लोग एक क़ौमी झंडे के नीचे जमा हैं............यह बात भी ध्यान में रखनी चाहिये कि सरहदी क़बीले के लोगों ने अपने जलसों और जलूसों में न सिर्फ़ पख़्तूनिस्तान का झन्डा ही फहराया बल्कि उनमें से बहुत सों ने अपने सरदारों और बुज़ुर्गों को काबुल भेजा और पाकिस्तान के ख़िलाफ़ उनकी आवाज़ हर रात को काबुल के रेडियो से सुनी जा सकती है."

आख़िर में "अनीस" लिखता है—"हम पाकिस्तान के एजन्टों को सलाह देते हैं कि वह इस बात को जान लें कि इस तरह के प्रोपेगंडा से कोई फ़ायदा नहीं हो सकता. सच यह है कि इस तरह का प्रोपेगंडा हमारे इस पक्के इरादे को और भी मज़बूत कर देता है कि हम पख़्तूनिस्तान और क़बायली सरहदी इलाक़े की आज़ादी माँगें. इस चीज़ ने सारी अफ़ग़ान क़ौम को एक कर दिया है. हमें अपनी क़ौम की आन और उसकी शान को क़ायम रखना है."

हम नहीं कह सकते कि "अनीस" की कौन सी बात कहाँ तक ठीक है. लेकिन "अनीस" एक सचमुच आज़ाद मुल्क का आज़ाद अख़बार है. हमें उसकी बातों पर ध्यान तो देना ही होगा. "डान", पाकिस्तान रेडियो, वहाँ के दूसरे अख़बारों या पाकिस्तान सरकार के ख़िलाफ़ "अनीस" ने जो कुछ कहा है, वह किसी हद तक भी ठीक हो या न हो, हमें दुख के साथ मानना पड़ता है कि जो बात "अनीस" ने रावी के उस पार वाले इलाक़े के लिये कही है वह कुछ न कुछ, थोड़ी या बहुत, रावी के इस पार वाले इलाक़े की

"ازبیک" شیعہ اور سنی بلکہ کہنا چاہیے سب لوگ ایک قومی جھنڈے کے نیچے جمع ہیں........ یہ بات بھی دھیان میں رکھنی چاہیے کہ سرحدی قبیلے کے لوگوں نے اپنے جلسوں اور جلوسوں میں نہ صرف پختونستان کا جھنڈا ہی لہرایا بلکہ ان میں سے بہت سوں نے اپنے سرداروں اور بزرگوں کو کابل بھیجا اور پاکستان کے خلاف ان کی آواز ہر رات کو کابل کے ریڈیو سے سنی جا سکتی ہے۔"

آخر میں "انیس" لکھتا ہے "ہم پاکستان کے ایجنٹوں کو صلاح دیتے ہیں کہ وہ اس بات کو جان لیں کہ اس طرح کے پروپیگنڈے سے کوئی فائدہ نہیں ہو سکتا۔ سچ یہ ہے کہ اس طرح کا پروپیگنڈا ہمارے اس پکے ارادے کو اور بھی مضبوط کر دیتا ہے کہ ہم پختونستان اور قبائلی سرحدی علاقے کی آزادی مانگیں۔ اس چیز نے ساری افغان قوم کو ایک کر دیا ہے۔ ہمیں اپنی قوم کی آن اور اس کی شان کو قائم رکھنا ہے۔"

ہم نہیں کہہ سکتے کہ "انیس" کی کون سی بات کہاں تک ٹھیک ہے۔ لیکن "انیس" ایک سچ مچ آزاد ملک کا آزاد اخبار ہے۔ ہمیں اس کی باتوں پر دھیان تو دینا ہی ہوگا۔ "ڈان"، پاکستان ریڈیو، وہاں کے دوسرے اخباروں یا پاکستان سرکار کے خلاف "انیس" نے جو کچھ کہا ہے وہ کسی حد تک بھی ٹھیک ہو یا نہ ہو، ہمیں دکھ کے ساتھ ماننا پڑتا ہے کہ جو بات "انیس" نے راوی کے اس پار والے علاقے کے لئے کہی ہے وہ کچھ نہ کچھ، تھوڑی یا بہت، راوی کے اس پار والے علاقے کی

बाबत भी कही जा सकती है. डेढ़ सौ बरस की अंगरेजी हुकूमत ने सारे मुल्क पर अपना ज़हरीला असर डाला है, जिससे हम अभी तक पूरी तरह निकल नहीं पाये. खुदग़रज़ी या तंग नज़री का भी ठीका पाकिस्तान में या हिन्द में हिन्दू, मुसलमान या सिक्ख, किसी एक ने नहीं ले रक्खा है. होता यह है कि एक तरफ़ की तंगी या ग़लती दूसरी तरफ़ की तंगी या ग़लती को जन्म देती है और एक शैतानी चक्कर पैदा हो जाता है, जिसमें कम या ज्यादा हम सब फँस जाते हैं, इस समय भी फँसे हुए हैं और जिससे निकलने में फिर देर लगती है.

(७४) लेकिन "अनीस" ने जो बातें कही हैं, वह हमें कुछ और गहरी चीज़ों की तरफ़ ले जाती हैं. "अनीस" ने पाकिस्तान की हुकूमत को खुले शब्दों में अंगरेज़ों की हुकूमत कहा है. इस बात में सचाई का कुछ अंश ज़रूर है. पच्छिमी पंजाब में अंगरेज़ गवर्नर को हटाने के लिये ज़ोरों की खींचा तानी जारी है और सरहद का गवर्नर भी अभी तक अंगरेज़ है. जहाँ तक अंगरेज़ों और अमरीका के राज-काजी और माली या तिजारती असर की बात है. वहाँ तक हम भी अपने को इस बारे में अभी बिलकुल आज़ाद और बेदाग़ नहीं कह सकते. अभी तो इस साल भी हमने इंगलिस्तान के बादशाह का जन्म दिन मनाया है और उस जन्म दिन की खुशी में हमारे यहाँ के चार हिन्दुस्तानी पुलीस अफ़सरों को बादशाह की तरफ़ से खिताब तक मिले हैं. राज-काज में मसलहत भी एक चीज़ होती है और शायद कुछ काम धीरे धीरे ही बनते हैं.

दुनिया के सामने इस समय एक बहुत बड़ा सवाल है. एक

بابت بھی کہی جا سکتی ہے۔ ڈیڑھ سو برس کی انگریزی حکومت نے سارے ملک پر اپنا زہریلا اثر ڈالا ہے۔ جس سے ہم ابھی تک پوری طرح نکل نہیں پائے۔ خود غرضی یا تنگ نظری کا بھی ٹھیکہ پاکستان میں یا ہند میں ہندو، مسلمان یا سکھ کسی ایک نے نہیں لے رکھا ہے۔ ہوتا یہ ہے کہ ایک طرف کی تنگی یا غلطی دوسری طرف کی تنگی یا غلطی کو جنم دیتی ہے اور ایک شیطانی چکر پیدا ہو جاتا ہے، جس میں کم یا زیادہ ہم سب پھنس جاتے ہیں۔ اس سمے بھی پھنسے ہوئے ہیں اور جس سے نکلنے میں پھر دیر لگتی ہے۔

لیکن "انیس" نے جو باتیں کہی ہیں وہ ہمیں کچھ اور گہری چیزوں کی طرف لے جاتی ہیں۔ "انیس" نے پاکستان کی حکومت کو کھلے شبدوں میں انگریزوں کی حکومت کہا ہے۔ (۷۴) اس بات میں سچائی کا کچھ انش ضرور ہے۔ پچھمی پنجاب میں انگریز گورنر کو ہٹانے کے لیے زوروں کی کھینچا تانی جاری ہے اور سرحد کا گورنر بھی ابھی تک انگریز ہے۔ جہاں تک انگریزوں اور امریکہ کے راج کاجی اور مالی یا تجارتی اثر کی بات ہے وہاں تک ہم بھی اپنے کو اس بارے میں ابھی بالکل آزاد اور بیداغ نہیں کہہ سکتے۔ ابھی تو اس سال بھی ہم نے انگلستان کے بادشاہ کا جنم دن منایا ہے اور اس جنم دن کی خوشی میں ہمارے یہاں کے چار ہندستانی پولیس افسروں کو بادشاہ کی طرف سے خطاب تک ملے ہیں۔ راج کاج میں مصلحت بھی ایک چیز ہوتی ہے اور شاید کچھ کام دھیرے دھیرے ہی بنتے ہیں۔

دنیا کے سامنے اس سمے ایک بہت بڑا سوال ہے۔ ایک

तरफ अंगरेज और अमरीका और दूसरी तरफ रूस. यह दो अखाड़े साफ एक दूसरे के ख़िलाफ़ बने हुए हैं. एक एक मुल्क के अन्दर इनमें खुली और छिपी तरह तरह की टक्करें भी बराबर जारी हैं और बढ़ती जा रही हैं. हर मुल्क सोचता है कि हम किधर जाएँ? अफ़ग़ानिस्तान किधर है और अफ़ग़ानिस्तान को पाकिस्तान के बारे में क्या शक है यह भी "अनीस" के लेख से ज़ाहिर है. साफ सवाल उठता है हिन्दुस्तान किधर जाय?

अगली जंग और हम

हम भी अभी काफ़ी ज़ख़्म खाये हुए हैं. हम दुनिया में सब के साथ अमन से रहना चाहते हैं, हम किसी से भी लड़ना नहीं चाहते. अंगरेज भी हमारे दोस्त, अमरीकी भी हमारे दोस्त, रूसी भी हमारे दोस्त. सारी दुनिया को हम अपना दोस्त मानते हैं और सब के साथ दोस्ती से रहना चाहते हैं. हाल में हिन्द और पाकिस्तान दोनों कामन वेल्थ में शामिल हुए हैं. इसका मतलब भी यही है कि जो मुल्क और जो क़ौमें भी दुनिया में अमन क़ायम रखना चाहती हैं और सबके साथ प्रेम और शान्ति के साथ रहना चाहती हैं हम उनके साथ हैं. हमने अहिन्सा से अपनी आज़ादी हासिल की है और चाहते हैं दुनिया में अहिन्सा बढ़े और फले फूले और इन्सानों आदमियों और मुल्कों मुल्कों के बीच की यह मारकाट, जिसे जंग कहा जाता है, हमेशा के लिये बन्द हो.

साथ ही जितनी तरह के तनाव इस समय दुनिया में काम [illegible]

طرف انگریز اور امریکہ اور دوسری طرف روس۔ یہ دو اکھاڑے صاف ایک دوسرے کے خلاف بنے ہوئے ہیں۔ ایک ایک ملک کے اندر ان میں کھلی اور چھپی طرح طرح کی ٹکریں بھی برابر جاری ہیں اور بڑھتی جا رہی ہیں۔ ہر ملک سوچتا ہے کہ ہم کدھر جائیں؟ افغانستان کدھر ہے اور افغانستان کو پاکستان کے بارے میں کیا شک ہے یہ بھی "انیس" کے لیکھ سے ظاہر ہے۔ صاف سوال اٹھتا ہے ہندستان کدھر جائے؟

اگلی جنگ اور ہم

ہم بھی ابھی کافی زخم کھائے ہوئے ہیں۔ ہم دنیا میں سب کے ساتھ امن سے رہنا چاہتے ہیں، ہم کسی سے بھی لڑنا نہیں چاہتے۔ انگریز بھی ہمارے دوست، امریکی بھی ہمارے دوست، روسی بھی ہمارے دوست۔ ساری دنیا کو ہم اپنا دوست مانتے ہیں اور سب کے ساتھ دوستی سے رہنا چاہتے ہیں۔ حال میں ہند اور پاکستان دونوں کامن ویلتھ میں شامل ہوئے ہیں۔ اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ جو ملک اور جو قومیں بھی دنیا میں امن قائم رکھنا چاہتی ہیں اور سب کے ساتھ پریم اور شانتی کے ساتھ رہنا چاہتی ہیں ہم ان کے ساتھ ہیں۔ ہم نے اہنسا سے اپنی آزادی حاصل کی ہے اور چاہتے ہیں دنیا میں اہنسا بڑھے اور پھلے پھولے اور آدمیوں آدمیوں اور ملکوں ملکوں کے بیچ کی یہ مارکاٹ جسے جنگ کہا جاتا ہے ہمیشہ کے لیے بند ہو۔

ساتھ ہی جتنی طرح کے تناؤ اس سمے دنیا میں کام کر رہے ہیں ان سب کو ہمیں شانتی کے ساتھ سمجھنا ہوگا۔ ہم

अंगरेजों और अमरीका वालों के दोस्त हैं. हम उन सब का भला चाहते हैं लेकिन इन दोनों मुल्कों की आजकल की सरमायादारी एक खतरनाक क़िस्म की बीमारी हो गई है. जापान या जापानियों ने कोई भी पाप किया हो या न किया हो, जागी हुई दुनिया की आत्मा अमरीका की सरकार और अमरीकन क़ौम को हीरो शीमा के ऐटम बम के लिये आसानी से माफ़ नहीं कर सकती. आज तक अमरीका के बहुत से होटलों, सिनेमाओं, स्कूलों, कालिजों, रेलों और ट्राम-गाड़ियों के दरवाज़े नेक से नेक और विद्वान से विद्वान काले नीग्रो के लिये बन्द हैं. ब्रिटिश कामन वेल्थ के अन्दर जनरल स्मट्स जैसे नेता खुले खुले अपनी घबराहट ज़ाहिर कर रहे हैं कि काला पीला एशिया जागता और बढ़ता चला आ रहा है. और इंगलिस्तान के बड़े से बड़े नेताओं की तरफ़ से जनरल स्मट्स जैसों का हौसला बढ़ाया जाता है. आज के योरप की तस्वीर और ख़ासकर जर्मनी के चारों हिस्सों की हालत का मुक़ाबला स्मट्स की इस बात को और भी पक्का करता है. इन्डोनेशिया में डच को, पांडीचरी में फ़ान्सीसियों को और गोआ में पुर्तगालियों को जिस तरह उकसाया और बढ़ाया जा रहा है उससे ज़ाहिर है कि अंगरेज़ राजकाजी नेताओं के दिल अभी पूरी तरह नहीं बदले, हमारा दावा है कि बदल भी नहीं सकते जब तक कि वहाँ का राजकाजी. माली और ब्योपारी ढाँचा न बदले.

अब फिर अमरीका की तरफ़ निगाह डालिये. बहुत कम लोग हैं जिन्हें यह मालूम हो कि आज़ादी का हमेशा राग अलापने वाले अमरीका की राजधानी वाशिंगटन में किसी तरह की म्युनिस्पल

(उर्दू)

انگریزوں اور امریکہ والوں کے دوست ہیں۔ ہم ان سب کا بھلا چاہتے ہیں لیکن ان دونوں ملکوں کی آج کل کی سرمایہ داری ایک خطرناک قسم کی بیماری ہو گئی ہے۔ جاپان یا جاپانیوں نے کوئی بھی پاپ کیا ہو یا نہ کیا ہو، جاگی ہوئی دنیا کی آتما امریکہ کی سرکار اور امریکن قوم کو ہیروشیما کے ایٹم بم کے لیے آسانی سے معاف نہیں کر سکتی۔ آج تک امریکہ کے بہت سے ہوٹلوں، سنیماؤں، اسکولوں، کالجوں، ریلوں اور ٹرام گاڑیوں کے دروازے نیک سے نیک اور ودوان سے ودوان کالے نیگرو کے لیے بند ہیں۔ برٹش کامن ویلتھ کے اندر جنرل اسمٹس جیسے نیتا کھلے کھلے اپنی گھبراہٹ ظاہر کر رہے ہیں کہ کالا پیلا ایشیا جاگتا اور بڑھتا چلا آ رہا ہے اور انگلستان کے بڑے سے بڑے نیتاؤں کی طرف سے جنرل اسمٹس جیسوں کا حوصلہ بڑھایا جاتا ہے۔ آج کے یورپ کی تصویر اور خاص کر جرمنی کے چاروں حصوں کی حالت کا مقابلہ اسمٹس کی اس بات کو اور بھی پکا کرتا ہے۔ انڈونیشیا میں ڈچ کو، پانڈیچری میں فرانسیسیوں کو اور گوا میں پرتگالیوں کو جس طرح اکسایا اور بڑھایا جا رہا ہے اس سے ظاہر ہے کہ انگریز راج کاجی نیتاؤں کے دل ابھی پوری طرح نہیں بدلے، ہمارا دعویٰ ہے کہ بدل بھی نہیں سکتے جب تک کہ وہاں کا راج کاجی، مالی اور بیوپاری ڈھانچہ نہ بدلے۔

اب پھر امریکہ کی طرف نگاہ ڈالیے۔ بہت کم لوگ ہیں جنھیں یہ معلوم ہو کہ آزادی کا ہمیشہ راگ الاپنے والے امریکہ کی راجدھانی واشنگٹن میں کسی طرح کی میونسپل

कमेटी नहीं है, कोई चुनाव नहीं. वहाँ की म्युनिसपल्टी का सारा काम प्रेसिडेन्ट के मुक़र्रर किये हुए सरकारी अफ़सरों के ज़रिये होता है. वाशिंगटन के गोरे स्कूलों में किसी काले हब्शी का बच्चा नहीं दाखिल किया जा सकता. हस्पतालों और स्कूलों का इन्तज़ाम कहीं कहीं इतना बुरा है जितना शायद ही किसी दूसरे मुल्क में हो. पिछली जंग के बाद एक फ़ौजी अफ़सर ने जंग से लौटकर अपने लिये एक झोंपड़ा बना लेने की कोशिश की. दो बरस से ऊपर बीत गये, दर दर और दफ़्तर दफ़्तर की ठोकरें खाकर भी उसे मकान बनवाने के लिये थोड़े से सामान के परमिट न मिल सके. उसने दुखी होकर अमरीका के एक अख़बार में एक लेख लिखकर भेजा, "Is this the world we fight for?" यानी, 'क्या यही दुनिया है जिसके लिये हमने लड़ाई लड़ी ?' उसने लिखा है कि जो शिकायत उसे है वही लाखों औरों को भी है. ग़रीब और अमीर के बीच का फ़ासला किसी मुल्क में इतना ज़ियादा नहीं है जितना अमरीका में. चीज़ों की क़ीमत में से जितना हिस्सा माल पैदा करने वाले को मिलता है उसमें और जो क़ीमत ख़रीदने वाले को देनी पड़ती है उसमें जितना फ़रक़ अमरीका में है उतना किसी देश में नहीं. वग़ैरा वग़ैरा.

हम अमरीका या किसी की बुराई के ख़याल से यह बातें नहीं लिख रहे हैं. हम मानते हैं कि अभी हमें अमरीका और इंगलैंड से बहुत सी बातें सीखनी हैं. पर इंगलैंड और अमरीका के राजकाजी, माली, समाजी और व्योपारी ढाँचे पुराने हो चुके. दूसरे मुल्कों को उनसे काफ़ी नुक़सान पहुंचा है और पहुंच रहा

کمیٹی نہیں ہے، کوئی چناؤ نہیں۔ وہاں کی میونسپلٹی کا سارا کام پریسیڈنٹ کے مقرر کئے ہوئے سرکاری افسروں کے ذریعہ ہوتا ہے۔ واشنگٹن کے گورے اسکولوں میں کسی کالے حبشی کا بچہ نہیں داخل کیا جا سکتا۔ ہسپتالوں اور اسکولوں کا انتظام کہیں کہیں اتنا برا ہے جتنا شاید ہی کسی دوسرے ملک میں ہو۔ پچھلی جنگ کے بعد ایک فوجی افسر نے جنگ سے لوٹ کر اپنے لئے ایک جھونپڑا بنا لینے کی کوشش کی۔ دو برس سے اوپر بیت گئے، در در اور دفتر دفتر کی ٹھوکریں کھا کر بھی اسے مکان بنوانے کے لئے تھوڑے سے سامان کے پرمٹ نہ مل سکے۔ اس نے دکھی ہو کر امریکہ کے ایک اخبار میں ایک لیکھ لکھ کر بھیجا، "Is this the world we fight for?" یعنی 'کیا یہی دنیا ہے جس کے لئے ہم نے لڑائی لڑی؟' اس نے لکھا ہے کہ جو شکایت اسے ہے وہی لاکھوں اوروں کو بھی ہے۔ غریب اور امیر کے بیچ کا فاصلہ کسی ملک میں اتنا ادھک نہیں ہے جتنا امریکہ میں۔ چیزوں کی قیمت میں سے جتنا حصہ مال پیدا کرنے والے کو ملتا ہے اس میں اور جو قیمت خریدنے والے کو دینی پڑتی ہے اس میں جتنا فرق امریکہ میں ہے اتنا کسی دیش میں نہیں۔ وغیرہ وغیرہ۔

ہم امریکہ یا کسی کی برائی کے خیال سے یہ باتیں نہیں لکھ رہے ہیں۔ ہم مانتے ہیں کہ ابھی ہمیں امریکہ اور انگلینڈ سے بہت سی باتیں سیکھنی ہیں۔ پر انگلینڈ اور امریکہ کے راج کاجی، مالی، سماجی اور بیوپاری ڈھانچے پرانے ہو چکے دوسرے ملکوں کو ان سے کافی نقصان پہنچا ہے اور پہنچ رہا

है. अपने आगे के रास्ते का फैसला करने के लिये हमें सब तरफ देखना होगा.

रूस के खिलाफ अमरीका ने और अमरीका के खिलाफ रूस ने काफ़ी प्रोपेगंडा किया है, और अब भी कर रहे हैं. राजनीति में झूठ फैलाना योरप वाले अपना हक़ समझते हैं. मंगोलिया में, मंचूरिया में, कोरिया और चीन में जैसे जैसे कम्युनिस्टों का असर फैलता गया वैसे वैसे ही रूस के खिलाफ प्रोपेगंडा भी और गर्माता गया. हम कम्युनिस्ट नहीं हैं. हम ईश्वर अल्लाह और दीन धर्म के मानने वाले हैं और इनके मानने में ही अपना और दुनिया का भला समझते हैं. हम अपने मुल्क को बेदीनी से बचाना चाहते हैं. सन् १९४२ ई० में मुल्क की आज़ादी के संग्राम की तरफ इस मुल्क की
(२४) कम्युनिस्ट पार्टी ने जो रुख लिया उसे भी देश आसानी से माफ़ नहीं कर सकता. कोई मुल्क या कोई सरकार देश में तोड़ फोड़, मारकाट या हिंसा के ज़रिये अपनी पार्टी को बढ़ाने या राज पलटने की कोशिशों को भी चुप बैठकर बर्दाश्त नहीं कर सकती. पर हमें किसी भी मज़हब या विचार के कुछ मानने वालों की ग़लतियों से उस मज़हब या ख़याल के ख़िलाफ़ राय नहीं बना लेनी नहीं चाहिये. दीन या धर्म भी केवल किसी मानता या किसी रीत रिवाज ही का नाम नहीं है.

कम्युनिज़्म के जन्मदाता कार्लमार्क्स और उसके सबसे बड़े अमली प्रचारक लेनिन के किसी विचार या किसी सिद्धान्त को हम मानें या न मानें, हम इससे इनकार नहीं कर सकते कि इन दोनों की आत्मायें दुनिया के ग़रीबों और दुखियों के लिये

ہمیں اپنے آگے کے راستے کا فیصلہ کرنے کے لئے ہمیں سب طرف دیکھنا ہوگا۔

روس کے خلاف امریکہ نے اور امریکہ کے خلاف روس نے کافی پروپگنڈا کیا ہے، اور اب بھی کر رہے ہیں۔ راج نیتی میں جھوٹ پھیلانا یورپ والے اپنا حق سمجھتے ہیں۔ منگولیا میں، منچوریا میں، کوریا اور چین میں جیسے جیسے کمیونسٹوں کا اثر پھیلتا گیا ویسے ویسے ہی روس کے خلاف پروپگنڈا بھی اور گرماتا گیا۔ ہم کمیونسٹ نہیں ہیں۔ ہم ایشور اللہ اور دین دھرم کے ماننے والے ہیں اور ان کے ماننے میں ہی اپنا اور دنیا کا بھلا سمجھتے ہیں۔ ہم اپنے ملک کو بے دینی سے بچانا چاہتے ہیں۔ سنہ ۱۹۴۲ء میں ملک کی آزادی کے سنگرام کی طرف اس ملک کی
کمیونسٹ پارٹی نے جو رخ لیا اسے بھی دیش آسانی سے معاف نہیں کر سکتا۔ کوئی ملک یا کوئی سرکار دیش میں توڑ پھوڑ، مارکاٹ یا ہنسا کے ذریعے اپنی پارٹی کو بڑھانے یا راج پلٹنے کی کوششوں کو بھی چپ بیٹھکر برداشت نہیں کر سکتی۔ پر ہمیں کسی بھی مذہب یا وچار کے کچھ ماننے والوں کی غلطیوں سے اس مذہب یا خیال کے خلاف رائے نہیں بنا لینی چاہیے۔ دین یا دھرم بھی کیول کسی ماننا یا کسی ریت رواج ہی کا نام نہیں ہے۔ (۲۴)

کمیونیزم کے جنم داتا کارل مارکس اور اس کے سب سے بڑے عملی پرچارک لینن کے کسی وچار یا کسی سدھانت کو ہم مانیں یا نہ مانیں، ہم اس سے انکار نہیں کر سکتے کہ ان دونوں کی آتمائیں دنیا کے غریبوں اور دکھیوں کیلئے

तड़पती थीं. हम महात्मा गांधी के जिन्दगी के उसूलों को आदर्श मानते हैं. उन्हीं में हमें दुनिया का भला दिखाई देता है. जिस जिस बात में भी लेनिन और महात्मा गांधी में फ़रक़ था उसमें हम महात्मा गांधी के पैरो हैं, लेनिन के नहीं. लेकिन हमें इस बात के मानने से भी इनकार नहीं कि जहाँ तक सिर्फ़ तपस्या का सवाल है, लेनिन की तपस्या महात्मा गांधी की तपस्या से बढ़कर थी. हमें परमात्मा के इस बाग़ के हर फूल से उसका इत्र लेना है.

जैसे जैसे पूरबी एशिया में कम्युनिस्टों का असर बढ़ता चला गया, वैसे वैसे ही यह बात खुलती चली गई कि जिस तरह कार्लमार्क्स के कम्युनिज़्म, रूस के शुरू के कम्युनिज़्म और आज के रूस के कम्युनिज़्म में फ़रक़ है, वैसे ही रूसी कम्युनिज़्म और मंचूरियन कम्युनिज़्म, और मंचूरियन कम्युनिज़्म और चीनी कम्युनिज़्म में भी फ़रक़ है. रूस के बड़े से बड़े दुश्मनों को भी यह मानना पड़ा है कि जहां जहाँ पूरब में कम्युनिज़्म फैलता गया वहाँ वहाँ आम तौर पर अमन शान्ति और ख़ुशहाली जड़ पकड़ती गई. हाल ही में कम्युनिस्टों के शंघाई पर क़ब्ज़ा कर लेने के बाद यह छोटी बात नहीं है कि हांग कांग के अंगरेज़ औरत और बच्चे, हांग कांग में अपने को इतना महफ़ूज़ नहीं समझते जितना शंघाई में, और जहाज़ों में भर भर कर शंघाई चले गये और जा रहे हैं, जब कि हांगकांग पर अभी तक अंगरेज़ी झंडा फहरा रहा है और शंघाई पर कम्युनिस्टों का राज है. अंगरेज़ और अमरीकी

تڑپتی تھیں۔ ہم مہاتما گاندھی کے زندگی کے اصولوں کو آدرش مانتے ہیں۔ انھیں میں ہمیں دنیا کا بھلا دکھائی دیتا ہے۔ جس جس بات میں لینن اور مہاتما گاندھی میں فرق تھا اس میں ہم مہاتما گاندھی کے پیرو ہیں، لینن کے نہیں۔ لیکن ہمیں اس بات کے ماننے سے بھی انکار نہیں کہ جہاں تک صرف تپسیا کا سوال ہے، لینن کی تپسیا مہاتما گاندھی کی تپسیا سے بڑھکر تھی۔ ہمیں پرماتما کے اس باغ کے ہر پھول سے اسکا عطر لینا ہے۔

جیسے جیسے پوربی ایشیا میں کمیونسٹوں کا اثر بڑھتا چلا گیا، ویسے ویسے ہی یہ بات کھلتی چلی گئی کہ جس طرح کارل مارکس کے کمیونزم، روس کے شروع کے کمیونزم اور آج کے روس کے کمیونزم میں فرق ہے، ویسے ہی روسی کمیونزم اور منچورین کمیونزم، اور منچورین کمیونزم اور چینی کمیونزم میں بھی فرق ہے۔ روس کے بڑے سے بڑے دشمنوں کو بھی یہ ماننا پڑا ہے کہ جہاں جہاں پورب میں کمیونزم پھیلتا گیا وہاں وہاں عام طور پر امن شانتی اور خوشحالی جڑ پکڑتی گئی۔ حال ہی میں کمیونسٹوں کے شنگھائی پر قبضہ کر لینے کے بعد یہ چھوٹی بات نہیں ہے کہ ہانگ کانگ کے انگریز عورت اور بچے، ہانگ کانگ میں اپنے کو اتنا محفوظ نہیں سمجھتے جتنا شنگھائی میں، اور جہازوں میں بھر بھر کر شنگھائی چلے گئے اور جا رہے ہیں، جبکہ ہانگ کانگ میں ابھی تک انگریزی جھنڈا پھہرا رہا ہے اور شنگھائی پر کمیونسٹوں کا راج ہے۔ انگریز اور امریکن مل مالک اور بیوپاریوں کا شنگھائی کے

ज़रा सी भी शिकायत का मौक़ा नहीं मिला. सब काम इतने अमन के साथ चल रहे हैं जितने पिछले चालीस बरस में कभी न चले थे. यहाँ तक कि शंघाई की नई कम्युनिस्ट सरकार ने जहाँ कहीं यह देखा कि मज़दूर कारख़ाने के मालिकों से बेजा फ़ायदा उठाना चाह रहे हैं वहाँ उन्होंने मज़दूरों को दबाया और दोनों के बीच इन्साफ़ क़ायम रक्खा. जिन लोगों ने हमें रूसी हौवा या कम्युनिस्ट हौवे से इतना ज़्यादा डरा रक्खा था और जो अब भी डराते रहते हैं उनकी बातें ग़ैर जानकारी या स्वार्थ से ख़ाली नहीं हैं. जो लोग चीन के हालात को ग़ौर से पढ़ और सुन रहे हैं उन्हें अब साफ़ दिखाई दे गया कि अमरीका और इंगलैंड ने च्याँग काई शेक और उसकी सरकार को लगातार बढ़ावा देकर और ख़ास कर अमरीका ने च्याँग काई शेक को अरबों डालरों की मदद देकर चीन की करोड़ों ग़रीब जन्ता का और दुनिया का बुरा ही किया है.

(५४)

आगे की दुनिया का ढाँचा क्या हो? इसके लिये नये तजरबे आज वाशिंगटन और लन्दन में नहीं हो रहे हैं. इसके लिये नये तजरबे हो रहे हैं मास्को में, जार्जिया में, आज़र बाइजान में, कोरिया में, चीन में, डनमार्क में, सोयडन में और अगर हम अपने अन्दर देख सकें तो अभी बहुत छोटे दरजे तक और अपने ही ढंग पर हिन्दुस्तान में. हमें विश्वास है कि दुनिया को एक नये क़िस्म के रूहानी कम्युनिज़्म या आध्यात्मिक साम्यवाद की तरफ़ बढ़ना है. इस्लाम ख़ुद एक तरह का रूहानी कम्युनिज़्म है. महात्मा गांधी के उसूल भी हमें इसी रास्ते पर ले चलते हैं.

ذرا سی بھی شکایت کا موقع نہیں ملا. سب کام اتنے امن کے ساتھ چل رہے ہیں جتنے پچھلے چالیس برس میں کبھی نہ چلے تھے. یہاں تک کہ شنگھائی کی نئی کمیونسٹ سرکار نے جہاں کہیں یہ دیکھا کہ مزدور کارخانے کے مالکوں سے بیجا فائدہ اٹھانا چاہ رہے ہیں وہاں انھوں نے مزدوروں کو دبایا اور دونوں کے بیچ انصاف قائم رکھا. جن لوگوں نے ہمیں روسی ہوّا یا کمیونسٹ ہوّے سے اتنا زیادہ ڈرا رکھا تھا اور جو اب بھی ڈراتے رہتے ہیں ان کی باتیں غیر جانکاری یا سوارتھ سے خالی نہیں ہیں. جو لوگ چین کے حالات کو غور سے پڑھ اور سن رہے ہیں انھیں اب صاف دکھائی دے گیا کہ امریکہ اور انگلینڈ نے چیانگ کائی شک اور اس کی سرکار کو لگاتار بڑھاوا دے کر اور خاص کر امریکہ نے چیانگ کائی شک کو اربوں ڈالروں کی مدد دے کر چین کی کروڑوں غریب جنتا کا اور دنیا کا برا ہی کیا ہے.

(۵۴)

آگے کی دنیا کا ڈھانچہ کیا ہو؟ اس کے لیے نئے تجربے آج واشنگٹن اور لندن میں نہیں ہو رہے ہیں. اس کے لیے نئے تجربے ہو رہے ہیں ماسکو میں، جارجیا میں، آذر بائیجان میں، کوریا میں، چین میں، ڈنمارک میں، سوئیڈن میں اور اگر ہم اپنے اندر دیکھ سکیں تو ابھی بہت چھوٹے درجے تک اور اپنے ہی ڈھنگ پر ہندستان میں. ہمیں وشواس ہے کہ دنیا کو ایک نئے قسم کے روحانی کمیونزم یا ادھیاتمک سامیہ واد کی طرف بڑھنا ہے. اسلام خود ایک طرح کا روحانی کمیونزم ہے. مہاتما گاندھی کے اصول بھی ہمیں اسی راستے پر لے چلتے ہیں.

पर अभी खुद अपनी तरफ़ तो हमारी निगाह भी नहीं जा रही है. अभी तो अपने घर के जौहरों को पूरी तरह पहिचानने की हमने कोशिश भी नहीं की.

"आनीस" के लेख से मालूम होता है कि अफ़ग़ानिस्तान की आँखें हमारी निस्बत ज़्यादा खुली हुई हैं. अगर तीसरी बड़ी जंग छिड़ ही गई तो हम पूरी तरह इस बात की कोशिश करेंगे कि हम उस जंग में न घिसटें. हमारा पहला काम दुनिया को जंग से रोकने की कोशिश करना होगा. और दूसरा काम अगर जंग छिड़ ही जाय तो अपने आपको बिलकुल पूरी तरह अलग और ग़ैरजानिबदार रखना होगा. पंडित जवाहर लाल जी ने कामनवेल्थ में शामिल होने के मौक़े पर कहा था कि इसका मतलब किसी तरह का जंगी या फ़ौजी समझौता नहीं है. हम समझते हैं कि यही उनका मंशा था. हर सूरत में दुनिया की हालत को पूरी तरह देखते हुए हम पूरी ज़िम्मेदारी के साथ यह कह सकते हैं कि जहाँ तक हमारे मुल्क और उसकी जनता के नफ़ा नुक़सान का सवाल है, अगर कहीं बदक़िस्मती से रूस और एंग्लो अमरीका में लड़ाई छिड़ ही गई और इंगलैंड या अमरीका ने किसी तरह भी हमें इस लड़ाई में घसीटना चाहा तो हम इसे हरगिज़ बरदाश्त न कर सकेंगे और इस मुल्क के किसी सिपाही का एक बूंद ख़ून भी, यहाँ का एक गेहूँ का दाना भी, एक फूटी कौड़ी भी, रूस, चीन या अफ़ग़ानिस्तान किसी पड़ोसी मुल्क के ख़िलाफ़ नहीं इस्तेमाल की जा सकेगी और न की जानी चाहिये. हम चाहते हैं कि पाकिस्तान और अफ़ग़ानिस्तान में मनमुटाव दूर हो

پر ابھی خود اپنی طرف ہماری نگاہ بھی نہیں جا رہی ہے۔ ابھی تو اپنے گھر کے جوہروں کو پوری طرح پہچاننے کی ہم نے کوشش بھی نہیں کی۔

"انیس" کے لیکھ سے معلوم ہوتا ہے کہ افغانستان کی آنکھیں ہماری نسبت زیادہ کھلی ہوئی ہیں۔ اگر تیسری بڑی جنگ چھڑ ہی گئی تو ہم پوری طرح اس بات کی کوشش کریں گے کہ ہم اس جنگ میں نہ گھسٹیں۔ ہمارا پہلا کام دنیا کو جنگ سے روکنے کی کوشش کرنا ہوگا۔ اور دوسرا کام اگر جنگ چھڑ ہی جائے تو اپنے آپ کو بالکل پوری طرح الگ اور غیر جانبدار رکھنا ہوگا۔ پنڈت جواہر لال جی نے کامن ویلتھ میں شامل ہونے کے موقع پر کہا تھا کہ اس کا مطلب کسی طرح کا جنگی یا فوجی سمجھوتہ نہیں ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہی ان کا منشا تھا۔ ہر صورت میں دنیا کی حالت کو پوری طرح دیکھتے ہوئے ہم پوری ذمے داری کے ساتھ یہ کہہ سکتے ہیں کہ جہاں تک ہمارے ملک اور اس کی جنتا کے نفع نقصان کا سوال ہے، اگر کہیں بدقسمتی سے روس اور اینگلو امریکہ میں لڑائی چھڑ ہی گئی اور انگلینڈ یا امریکہ نے کسی طرح بھی ہمیں اس لڑائی میں گھسیٹنا چاہا تو ہم اسے ہرگز برداشت نہ کر سکیں گے اور اس ملک کے کسی سپاہی کا ایک بوند خون بھی، یہاں کا ایک گیہوں کا دانہ بھی، ایک پھوٹی کوڑی بھی، روس، چین یا افغانستان کسی پڑوسی ملک کے خلاف نہیں استعمال کی جا سکے گی اور نہ کی جانی چاہیے۔ ہم چاہتے ہیں کہ پاکستان اور افغانستان میں من موٹاؤ دور ہو

[illegible] दोनों में प्रेम बढ़े. हिन्द और पाकिस्तान में भी प्रेम, मेल मिलाप और आना जाना बढ़े. हम यह भी चाहते हैं कि जिस तरह का प्रेम का नाता हमारा अंगरेज़ों और अमरीका के साथ है, वैसा ही नये चीन और रूस के साथ भी क़ायम हो. एक दूसरे पर शक और एक हुकूमत से दूसरी हुकूमत में आने जाने की सब रुकावटें दूर हों. और हम, पहले अपने मुल्क में, और फिर दुनिया में जहाँ तक बन पड़े वह रूहानी साम्यवाद, वह सच्ची इन्सानी मसावात, वह मानव एकता क़ायम करने में कामियाब हो सकें जिसमें मोहब्बत, रवादारी और इन्साफ़ का साम्राज्य हो और एक दूसरे के साथ जबरदस्ती, एक दूसरे से बेजा फ़ायदा उठाने की आदत और एक दूसरे की हिंसा के दरवाज़े हमेशा के लिये बंद हो जायें.

सुन्दर लाल

पंडित सुन्दर लाल का ख़त सरदार दीवान सिंह 'मफ़्तूँ' एडीटर 'रियासत' दिल्ली के नाम

प्यारे भाई सरदार दीवानसिंह साहब 'मफ़्तूँ' तसलीम !

अभी अभी एक भाई ने ३० मई के "रियासत" में 'मौलवी पंडित सुन्दर लाल की नई फ़ितना परदाज़ी' के उनवान (सुर्ख़ी) से नोट पढ़कर सुनाया. क़ुदरती तौर पर उसे सुन कर मुझे कुछ दुख हुआ. उस नोट में जो गालियाँ मुझे दी गई हैं उन पर मुझे कुछ नहीं कहना. हर लिखने वाले का अपना तर्ज़ होता है. हाँ जो कतरन [illegible] की एक तक़रीर की आपने नक़ल की है उस पर आपको

چاہئے دونوں ملکوں میں پریم بڑھے. ہند اور پاکستان میں بھی پریم، میل ملاپ اور آنا جانا بڑھے. ہم یہ بھی چاہتے ہیں کہ جس طرح کا پریم کا ناتا ہمارا انگریزوں اور امریکہ کے ساتھ ہے، ویسا ہی نئے چین اور روس کے ساتھ بھی قائم ہو. ایک دوسرے پر شک اور ایک حکومت سے دوسری حکومت میں آنے جانے کی سب رکاوٹیں دور ہوں. اور ہم، پہلے اپنے ملک میں، اور پھر دنیا میں جہاں تک بن پڑے وہ روحانی سامیہ واد، وہ سچی انسانی مساوات، وہ مانو ایکتا قائم کرنے میں کامیاب ہو سکیں جس میں محبت، رواداری اور انصاف کا سامراج ہو اور ایک دوسرے کے ساتھ زبردستی، ایک دوسرے سے بیجا فائدہ اٹھانے کی عادت اور ایک دوسرے کی ہنسا کے دروازے ہمیشہ کے لئے بند ہو جائیں.

سندر لال

پنڈت سندر لال کا خط سردار دیوان سنگھ 'مفتوں' ایڈیٹر 'ریاست' دلی کے نام

پیارے بھائی سردار دیوان سنگھ صاحب 'مفتوں' تسلیم!

ابھی ابھی ایک بھائی نے ۳۰ مئی کے 'ریاست' میں 'مولوی پنڈت سندر لال کی نئی فتنہ پردازی' کے عنوان (سرخی) سے نوٹ پڑھ کر سنایا. قدرتی طور پر اسے سن کر مجھے کچھ دکھ ہوا. اس نوٹ میں جو گالیاں مجھے دی گئی ہیں ان پر مجھے کچھ نہیں کہنا. ہر لکھنے والے کا اپنا طرز ہوتا ہے. ہاں جو کترن [illegible] بھائی کی ایک تقریر کی آپ نے نقل کی ہے اس پر آپ کو

गुस्सा आना कुदरती था. मुझे शिकायत सिर्फ़ यह है कि जिस अखबार की वह कतरन आपने नक़ल की है उसने मेरे और मेरी तक़रीर के साथ इन्साफ़ नहीं किया. मैं और बातों को छोड़ रहा हूँ, सिर्फ़ एक चीज़ का ज़िक्र करना चाहता हूँ. यानी वह जिस पर आपको सबसे ज़्यादा गुस्सा आया. मैंने बम्बई की उस तक़रीर में इस मामले पर जो कहा था वह यह था—"मैं ईमानदारी के साथ इस्लाम को सारी दुनिया में फैलाना चाहता हूँ और सारी दुनिया को मुसलमान देखना चाहता हूँ. मैं ईमानदारी के साथ सारी दुनिया में वैदिक धर्म को फैलाना चाहता हूँ और सारी दुनिया को वैदिक धर्म की मानने वाली देखना चाहता हूँ. मैं ईमानदारी के साथ गीता के धर्म को सारी दुनिया में फैलाना चाहता हूँ और सारी दुनिया को गीता धर्म का मानने वाला देखना चाहता हूँ. मुझे इन सब अलग-अलग धर्मों के अन्दर एक ही बुनियादी सच्चाई और एक ही रोशनी दिखाई देती है—वग़ैरा वग़ैरा—"

मैंने इस्लाम, वैदिक धर्म और गीता धर्म तीनों का और तीनों का ठीक एक ही से अलफ़ाज़ में ज़िक्र किया था. शायद आपको मालूम हो कि मैं सब मज़हबों की बुनियादी एकता का मानने वाला हूँ. अलग-अलग मज़हबों की शरअ और कर्म कांड में फ़रक़ भी मानता हूँ. लेकिन चाहता हूँ कि दुनिया बुनियादी सच्चाइयों को ज़्यादा और इन फ़ुरूआत (ऊपरी चीज़ों) को कम अहमियत देना सीखे. मेरा अक़ीदा है—

यक चराग़ अस्त दरीं दह्र व अज़ परतवे आँ
हर कुजा मी निगरम अंजुमने साख़्ता अन्द

غصہ آنا قدرتی تھا۔ مجھے شکایت صرف یہ ہے کہ جس اخبار کی کترن آپ نے نقل کی ہے اس نے میرے اور میری تقریر کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔ میں اور باتوں کو چھوڑ رہا ہوں، صرف ایک چیز کا ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ یعنی وہ جس پر آپ کو سب سے زیادہ غصہ آیا۔ میں نے بمبئی کی اس تقریر میں اس معاملے پر جو کہا تھا وہ یہ تھا—"میں ایمانداری کے ساتھ اسلام کو ساری دنیا میں پھیلانا چاہتا ہوں اور ساری دنیا کو مسلمان دیکھنا چاہتا ہوں۔ میں ایمانداری کے ساتھ ساری دنیا میں ویدک دھرم کو پھیلانا چاہتا ہوں اور ساری دنیا کو ویدک دھرم کی ماننے والی دیکھنا چاہتا ہوں، میں ایمانداری کے ساتھ گیتا کے دھرم کو ساری دنیا میں پھیلانا چاہتا ہوں اور ساری دنیا کو گیتا دھرم کا ماننے والا دیکھنا چاہتا ہوں۔ مجھے ان سب الگ الگ دھرم کے اندر ایک ہی بنیادی سچائی اور ایک ہی روشنی دکھائی دیتی ہے— وغیرہ، وغیرہ—"

میں نے اسلام، ویدک دھرم اور گیتا دھرم تینوں کا اور تینوں کا ٹھیک ایک ہی سے الفاظ میں ذکر کیا تھا۔ شاید آپ کو معلوم ہو کہ میں سب مذہبوں کی بنیادی ایکتا کا ماننے والا ہوں۔ الگ الگ مذہبوں کی شرع اور کرم کانڈ میں فرق بھی مانتا ہوں۔ لیکن چاہتا ہوں کہ دنیا بنیادی سچائیوں کو زیادہ اور ان فروعات (اوپری چیزیں) کو کم اہمیت دینا سیکھے۔ میرا عقیدہ ہے—

یک چراغ است دریں دہر و از پرتوِ آں
ہر کجا می نگرم انجمنے ساختہ اند

[सारे ज़माने में एक ही चराग़ है और उसी से रोशनी लेकर जहाँ कहीं भी मैं देखता हूँ, लोग अपनी अपनी सभायें सजाये बैठे हैं.]

यही बात उपनिषदों ने चराग़ की जगह रंग बिरंगी गउवों और उनके एक सफ़ेद रंग के दूध की मिसाल देकर समझाई है. ज़्यादा हवाले देकर मैं ख़त को लम्बा नहीं करना चाहता. चूँकि मैं सब मज़हबों की बुनियादी एकता का मानने वाला हूँ, इसीलिये मैं हिन्दू मुस्लिम या फ़िरक़े वाराना इत्तहाद के लिये काम करना भी अपना ख़ास फ़र्ज़ और हक़ समझता हूँ. आपको या किसी भी दूसरे भाई को इसके ख़िलाफ़ राय रखने का हक़ है. मैंने सिर्फ़ एक ग़लत फ़हमी को दूर करना चाहा है.

यह भी क़तई ग़लत है कि मैंने अपनी तक़रीर में या कहीं पर जमीअतुल उलमा को फ़िरक़े वाराना सियासत में हिस्सा लेने की सलाह दी. मैं हर क़िस्म की फ़िरक़े वाराना सियासत को, चाहे वह मुसलमानों की हो, हिन्दुओं की हो, सिक्खों की हो, या किसी की भी, मुल्क के लिये ज़हर और मज़हब के लिहाज़ से गुनाह समझता हूँ और यही चाहता और कहता हूँ कि इन सब मज़हबों के मानने वाले हर क़िस्म की फ़िरक़े वाराना सियासत से उसी तरह दूर रहें, जिस तरह किसी ख़तरनाक बीमारी से दूर रहा जाता है.

इस नोट में और भी ग़लत फ़हमियाँ हैं. पर मैं फ़िलहाल इन दो ग़लत फ़हमियों पर बस करता हूँ, मुझे इस चीज़ का थोड़ा सा रंज है कि इन मामलों में हिन्दू अख़बार या मुस्लिम अख़बार दोनों

(५८६)

[سارے زمانے میں ایک ہی چراغ ہے اور اسی سے روشنی لے کر جہاں کہیں بھی میں دیکھتا ہوں، لوگ اپنی اپنی سبھائیں سجائے بیٹھے ہیں]

یہی بات اپنیشدوں نے چراغ کی جگہ رنگ برنگی گؤوں اور ان کے ایک سفید رنگ کے دودھ کی مثال دے کر سمجھائی ہے. زیادہ حوالے دے کر میں خط کو لمبا نہیں کرنا چاہتا، چونکہ میں سب مذہبوں کی بنیادی ایکتا کا ماننے والا ہوں، اسی لئے میں ہندو مسلم یا فرقہ وارانہ اتحاد کے لئے کام کرنا بھی اپنا خاص فرض اور حق سمجھتا ہوں۔ آپ کو یا کسی بھی دوسرے بھائی کو اس کے خلاف رائے رکھنے کا حق ہے۔ میں نے صرف ایک غلط فہمی کو دور کرنا چاہا ہے۔

یہ بھی قطعی غلط ہے کہ میں نے اپنی تقریر میں یا کہیں پر جمعیۃ العلماء کو فرقہ وارانہ سیاست میں حصہ لینے کی صلاح دی۔ میں ہر قسم کی فرقہ وارانہ سیاست کو، چاہے وہ مسلمانوں کی ہو، ہندوؤں کی ہو، سکھوں کی ہو، یا کسی کی بھی، ملک کے لئے زہر اور مذہب کے لحاظ سے گناہ سمجھتا ہوں اور یہی چاہتا اور کہتا ہوں کہ فرقہ وارانہ سیاست سے اسی طرح دور رہیں، جس طرح کسی خطرناک بیماری سے دور رہا جاتا ہے۔

اس نوٹ میں اور بھی غلط فہمیاں ہیں۔ پر میں فی الحال ان دو غلط فہمیوں پر بس کرتا ہوں، مجھے اس چیز کا تھوڑا سا رنج ہے کہ ان معاملوں میں ہندو اخبار یا مسلم اخبار دونوں

(۵۸۶)

...ही इस्तेमाल करते हैं. मैं ज़्यादा न लिखूँगा. दिलों में गुंजाइश (उदारता) और मुहब्बत की और ज़्यादा ज़रूरत है. मेरा मज़हब अगर मैं एक फ़िक़रे में कह सकूँ तो गुरु नानक का मज़हब है और अपने ऊपर ज़ाहिर किये हुए ख़यालात को फैलाते हुए मैं यह कह सकता हूँ कि मैं चाहता हूँ कि गुरु नानक का असली मज़हब ही सारी दुनिया का मज़हब हो. मैं लिख चुका. यक़ीन कीजिये, इसके बाद मेरे दिल में आपकी तरफ़ से या 'रियासत' अख़बार की तरफ़ से ज़रा सा भी गुस्सा या नाराज़गी नहीं. मेरी दरख़्वास्त है कि इस पूरे ख़त को आप रियासत में शाया करके मुझे शुक्रगुज़ार करें.

आपका भाई

सुन्दर लाल

नई दिल्ली

३१ मई ४९

کم ہی الفاظ کرسکتے ہیں۔ میں زیادہ نہ لکھوں گا۔ دلوں میں وسعت (اُدارتا) اور محبت کی اور زیادہ ضرورت ہے۔ میرا مذہب اگر میں ایک فقرہ میں کہہ سکوں تو گرو نانک کا مذہب ہے اور اپنے اوپر ظاہر کئے ہوئے خیالات کو پھیلاتے ہوئے میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ میں چاہتا ہوں کہ گرو نانک کا اصلی مذہب ہی ساری دنیا کا مذہب ہو۔ میں لکھ چکا۔ یقین کیجئے، اس کے بعد میرے دل میں آپ کی طرف سے یا 'ریاست' اخبار کی طرف سے ذرا سا بھی غصہ یا ناراضگی نہیں۔ میری درخواست ہے کہ اس پورے خط کو آپ ریاست میں شائع کرکے مجھے شکر گزار کریں۔

آپ کا بھائی

سندر لال

نئی دلی

۳۱ مئی ۴۹

मक़सद

(१) एक ऐसी हिन्दुस्तानी कलचर का बढ़ाना, फैलाना और प्रचार करना जिसमें सब हिन्दुस्तानी शामिल हों.

(२) एकता फैलाने के लिये किताबों, अख़बारों, रिसालों वग़ैरह का छापना.

(३) पढ़ाई घरों, किताब घरों, सभाओं, कानफ़रेन्सों, लेक्चरों से सब धर्मों, जातों, बिरादरियों और फ़िर्क़ों में आपस का मेल बढ़ाना.

—•—

सोसाइटी के प्रेसीडेन्ट—सर तेज बहादुर सप्रू ; वाइस प्रेसीडेन्ट—डा० भगवानदास और डा० अब्दुल हक़ ; गवर्निंग बाडी के प्रेसीडेन्ट—डा० भगवानदास; सेक्रेटरी पं० सुन्दरलाल; ख़ज़ान्ची—डा० ताराचन्द.

गवर्निंग बाडी के और मेम्बर

डा० सय्यद महमूद, मि० अब्दुल मजीद ख़्वाजा, मौलवी सय्यद सुलेमान नदवी, मि० मंज़र अली सोख़्ता, श्री बी० जी० खेर, मि० एस० के० रुद्रा, पं० बिशम्भर नाथ.

—•—

सोसाइटी की बम्बई शाख का दफ़्तर

जिहांगीर वाडिया बिल्डिंग, ५१ महात्मा गान्धी रोड, फ़ोर्ट, बम्बई.

[मैनेजिंग] कमेटी के मेम्बर—

श्री बी० जी० खेर, श्रीमती सोफ़िया वाडिया, प्रिन्सपल ए० ए० ए० फ़ैज़ी, श्री एम० एच० [पकवासा], श्रीमती हंसा मेहता, सय्यद अबदुल्ला [बरेलवी, मि० के० वी० शाह.]

[मेम्बरी के क़ायदों के लिये लिखिये.]

सुन्दर लाल

सेक्रेटरी हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी

४८ बाई का बाग़, इलाहाबाद.

नोट—सोसाइटी के मेम्बरों को "नया हिन्द" और सोसाइटी की सब किताबें वग़ैरह को तिहाई दाम पर मिलती हैं

مقصد

(۱) ایک ایسی هندستانی کلچر کا بڑھانا' پھیلانا اور پرچار کرا جس میں سب هندستانی شامل هوں .

(۲) ایکتا پھیلانے کے لئے کتابوں' اخباروں' رسالوں وغیرہ کا [چھاپنا].

(۳) پڑھائی گھروں' کتاب گھروں' سبھاؤں' کانفرنسوں لیکچروں سے سب دھرموں' جاتوں' برادریوں اور فرقوں میں آپس کا میل بڑھانا .

—:o:—

سوسائٹی کے پریسیڈنٹ — سر تیج بہادر سپرو؛ وائس پریسیڈنٹ—ڈاکٹر بھگوان داس اور ڈاکٹر عبدالحق؛ گورننگ باڈی کے پریسیڈنٹ . ڈاکٹر بھگوان داس؛ سکریٹری- پنڈت سندر لال؛ خزانچی—ڈاکٹر تارا چند .

گورننگ باڈی کے اور ممبر—

ڈاکٹر سید محمود' مسٹر عبدالمجید خواجہ' مولوی سید سلیمان ندوی' مسٹر منظور علی سوختہ' شری بی جی کھیر' مسٹر ایس کے' رودرا ' پنڈت بشمبھر ناتھ .

—:o:—

سوسائٹی کی بمبئی شاخ کا دفتر—

جہانگیر واڈیا بلڈنگ' ۵۱ مہاتما گاندھی روڈ' فورٹ بمبئی .

بمبئی شاخ کی منیجنگ کمیٹی کے ممبر—

شری بی - جی - کھیر' شریمتی صوفیاواڈیا' پرنسپل اے - اے - اے فیضی' شری یم - یچ - پکواسا' شریمتی هنسا مہتا' سید عبدالله بریلوی' مسٹر کے - وي - شاہ .

ممبري کے قاعدوں کے لئے لکھئے .

سندر لال

سکریٹری هندستانی کلچر سوسائٹی'

۴۸ باڈی کا باغ' الہ آباد.

نوٹ—سوسائٹی کے ممبروں کو "نیا هند" اور سوسائٹی کی [سب] کتابیں وغیرہ کو تہائی [دام پر ملتی] هیں .

Registered No. A-210

"गीता और "क़ुरान"

लेखक—पंडित सुन्दरलाल

[illegible] के शुरू में दुनिया के सब बड़े बड़े धर्मों की [illegible] है और सब धर्मों की किताबों से हवाले दे [illegible] नी बुनियादी सचाइयों को बयान किया गया है.

[illegible] बाद गीता के लिखे जाने के वक़्त की इस देश की हालत, गीता के बड़प्पन और एक एक अध्याय को लेकर गीता की तालीम को बतलाया गया है.

आख़िर में क़ुरान से पहले की अरब की हालत, क़ुरान के बड़प्पन और एक एक बात पर क़ुरान की तालीम को बयान किया गया है. इस में क़ुरान की पांच सौ से ऊपर आयतों का लफ़्ज़ी तरजुमा दिया गया है. यह भी बताया गया है कि क़ुरान में जेहाद, आक़िबत, आख़ेरत, जन्नत, जहन्नम, काफ़िर वग़ैरा किसे कहा गया है.

जो लोग सब धर्मों की एकता को समझना चाहें या हिन्दू धर्म और इसलाम दोनों की इन दो अमर पुस्तकों की सच्ची जानकारी हासिल करना चाहें उन्हें इस किताब को ज़रूर पढ़ना चाहिये.

[illegible] किताब आसान हिन्दुस्तानी ज़बान में, नागरी और उर्दू दोनों लिप[illegible]यों में अलग अलग मिल सकती है. पौने तीन सौ सफ़े की सुन्दर जिल्द बंधी किताब की क़ीमत सिर्फ़ ढाई रुपए. डाक ख़र्च अलग.

मैनेजर "नया हिन्द"

[illegible] इलाहाबाद

"گیتا اور قرآن"

لیکھک - پنڈت سندر لال

اس کتاب کے شروع میں دنیا کے سب بڑے بڑے دھرموں کی ایکتا کو دکھایا گیا ہے اور سب دھرموں کی کتابوں کے حوالے دے دے کر ملتی جلتی بنیادی سچائیوں کو بیان کیا گیا ہے.

اس کے بعد گیتا کے لکھے جانے کے وقت کی اس دیش کی حالت، گیتا کے بڑپن اور ایک ایک ادھیائے کو لیکر گیتا کی تعلیم کو بتلایا گیا ہے.

آخر میں قرآن سے پہلے عرب کی حالت، قرآن کے بڑپن اور ایک ایک بات پر قرآن کی تعلیم کو بیان کیا گیا ہے. اس میں قرآن کی پانچ سو سے اوپر آیتوں کا لفظی ترجمہ دیا گیا ہے. یہ بھی بتایا گیا ہے کہ قرآن میں جہاد، عاقبت، آخرت، جنت، جہنم، کافر وغیرہ کسے کہا گیا ہے.

جو لوگ سب دھرموں کی ایکتا کو سمجھنا چاہیں یا ہندو دھرم اور اسلام دونوں کی ان دو امر پستکوں کی سچی جانکاری حاصل کرنا چاہیں انہیں اس کتاب کو ضرور پڑھنا چاہئے.

کتاب آسان ہندوستانی زبان میں ناگری اور اردو دونوں لپیوں میں الگ الگ مل سکتی ہے. پونے تین سو صفحے کی سندر جلد بندھی کتاب کی قیمت صرف ڈھائی روپیہ ـ ڈاک خرچ الگ

مینیجر "نیا ہند"

[illegible] الٰہ آباد